THE BOOK WAS DRENCHED

UNIVERSAL LIBRARY
OU_188577
UNIVERSAL LIBRARY

۸۴۳۲ ۹۲۳۴۲۰
ڈ - ڈ ہنری ڈرڈول
ڈوبے رو رکلاسیکو

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۹۲۳۵۲ Accession No. ۸۴۳۲

Author ہنری ڈارڈول ڈ ۔ ڈ

Title زوے اور کلاریسو

This book should be returned on or before the date last marked below.

سلسلۂ نصابات علمیۂ جامعۂ عثمانیہ

ڈوپلے اور کلائیو

تصنیف

ہنری ڈادول ایم۔اے۔(آکسن)، ایف۔آر ہسٹ۔ایس۔

ترجمہ

مولوی مسعود علی صاحب بی۔اے (علیگ)

سابق سشن جج علاقۂ سرکار عالی، حال رکن سررشتۂ تالیف و ترجمہ جامعۂ عثمانیہ
سرکار عالی

سنہ ۱۳۴۶ھ سنہ ۱۳۳۷ف م سنہ ۱۹۲۷ء

دارالطبع جامعۂ عثمانیہ سرکار عالی حیدرآباد دکن

تیغ ۲۳۴۷۸

مہ

1965

فہرست مضامین

ڈوپلے وکلائیو

نمبر شمار			از صفحہ تا صفحہ
۱	دیباچہ		۱ تا ۵
۲	فصل اول	جنگ توریث ملک آسٹریا۔	۱ تا ۳۹
۳	فصل دوم	ڈوپلے کی کامیابیاں۔	۴۰ تا ۷۱
۴	فصل سوم	ڈوپلے کی ناکامیابیاں۔	۷۲ تا ۱۱۳
۵	فصل چہارم	بسی دکن میں۔	۱۱۴ تا ۱۴۰
۶	فصل پنجم	ڈوپلے کی حکمت عملی۔	۱۴۱ تا ۱۵۴
۷	تمت		״

دیباچہ

میرا مقصد اس کتاب میں اُن دو نامور مگر ایک دوسرے سے بالکل مختلف مشاہیر کی ذاتی تاریخ لکھنے کا نہیں ہے جن کے نام سے میں نے اس کتاب کے سرورق کو مزین کیا ہے بلکہ میں اُن خیالات اور حالات کی تاریخ کا خاکہ کھینچنا چاہتا ہوں جنھوں نے اُن کے ذریعے سے نشو ونما پاکر انگلستان کی ایک کمپنی کو ہندوستان کی اہم ترین طاقت بنا دیا۔ اور یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس معاملے میں انگریز کہاں تک فرانسیسیوں کے ممنون احسان تھے۔ ان احسانات کے اظہار میں عام طور سے انگریزی مورخوں نے تفریط اور فرانسیسیوں نے افراط سے کام لیا ہے۔ اس مضمون پر سب سے آخر قابل لحاظ مورخ کرنل میلیسن ہیں جنھوں نے بہت سی صریح غلطیاں کیں۔ اور بے بنیاد نتائج مستخرج کئے ہیں۔ وہ قدیم مرسومہ اور غیر صحیح آرا کو اختیار کئے ہوئے ہیں مثلاً یہ کہ جنگ ادھیار پہلی لڑائی تھی جس نے اہل یورپ کے فوجی غلبے کو ثابت کر دیا یا یہ کہ جس قدر مدد ساندرس کو لندن کی کمپنی سے ملی اُتنی مدد ڈوپلے کو پیرس کی کمپنی سے نہیں ملی۔ یا یہ کہ لیلے کا بسی کو دکن سے بلا لینا فرانسیسیوں کی تباہی کا باعث ہوا۔ جب یہ خیالات واقعات کے مقابلے میں لائے جاتے ہیں تو وہ بالکل غلط ثابت ہوتے ہیں۔

ہمارا مضمون دو ایسے حصوں پر منقسم ہوتا ہے جو بظاہر علیحدہ مگر باہم ایک دوسرے سے متعلق اور پیوستہ ہیں۔ پہلا حصہ ڈوپلے کی اُن تجویزوں سے متعلق ہے جو جنگ توریث ملک آسٹریا کی کشمکش میں اختیار کی گئیں۔ جنگ مذکور کے آثار چڑھاؤ نے

ڈوپلے کو نواب کرناٹک سے لڑا کر ایسے وقت میں اُس کی فوجی قوت میں اضافہ کرا دیا جبکہ اتفاق و بخت سے اُس کے ہاتھ چندا صاحب سا رفیق لگ گیا جو کہ نواب کرناٹک کا حریف تھا۔ نواب لڑائی میں شہید ہوئے اور چندا صاحب باضابطہ طور سے آرکاٹ کی مسند پر بٹھا دئے گئے جنھوں نے نہایت فیاضی سے اپنے مددگاروں کو جاگیریں عطا کیں۔ انگریزوں نے چند روزہ تردد کے بعد نواب شہید کے فرزند محمد علی خاں کی طرف سے تلوار اُٹھائی اس خوف سے کہ کہیں اُن کی نوآبادیاں فرانسیسی جاگیروں سے نہ گھر جائیں اور ان کی تجارت فرانسیسی محصولوں سے تباہ نہ ہو جائے۔ اس بنا پر ایک سخت کشمکش شروع ہوئی جس میں ابتداءً تمام کامیابی فرانسیسیوں کے ہاتھ رہی۔ نواب ناصر جنگ کو بحیثیت صوبہ دار دکن کے کرناٹک کی سیادت پہنچتی تھی وہ فرانسیسی نواب کو تخت سے اُتارنے کے لئے بڑھے مگر فریب سے خود شہید کر دئے گئے اور اس مہم کا نتیجہ یہ ہوا کہ نہ صرف نواب کرناٹک بلکہ صوبہ دار دکن بھی فرانسیسیوں کے ساختہ و پرداختہ ہو گئے۔

لیکن یہی کامیابی ڈوپلے کی تباہی کا پیش خیمہ بن گئی۔ اُس نے جو جال ڈالا تھا وہ ضرورت سے زیادہ وسیع تھا۔ اُس کی فوجیں متفرق ہو گئی تھیں۔ بسی جو اُس کے تمام افسروں میں حقیقی قابلیت کا شخص تھا ایسے وقت میں اورنگ آباد بھیج دیا گیا تھا جبکہ ترچنا پلی میں اُس کی حاضری کی بیحد ضرورت تھی۔ ڈوپلے کی یہ ایسی غلطی تھی جس کا تدارک پھر کبھی نہ ہو سکا اگر بسی اور اُس کی فوجیں ہوتیں تو جنوب میں جنگ کا پلہ کبھی انگریزوں کی طرف نہ جھکنے پاتا۔ مگر بجائے اس کے لارنس اور کلائیو نے ایسے نام و نمود کے فتوحات حاصل کئے کہ فرانسیسی کمپنی نے غیر متناہی لڑائیوں سے تنگ آکر جن کے وجوہ اور مقاصد سے وہ کبھی مطلع نہیں کی گئی تھی۔ ڈوپلے کو واپس بلا لیا۔ اس کشمکش کے اثنا میں ڈوپلے نے ایک کامل حکمت عملی تیار اور مطمح نظر کر لی تھی۔ آغاز تو اس سے ہوا تھا کہ ایک دعویدار ریاست کو کرائے پر فوجیں دی جائیں مگر خاتمہ اس کا یہ تھا کہ وہ ملک کے اُس حصے پر جو دریائے کرشنا کے جنوب میں واقع ہے حکومت کا دعویٰ کرنے لگا تھا۔ مگر یہ بھی ویسی ہی غلطی تھی جیسے فوجوں کا متفرق کر دینا یہ کس طرح توقع کی جا سکتی تھی کہ انگریز فرانسیسیوں کے ہاتھ میں ایسی قوت رہنے دیں گے جبتک کہ

ساحل کرومنڈل پر اُن کا تھوڑا سا بھی عمل و دخل باقی رہیگا؟ اس طور سے ڈوپلے کو شکست ہوگئی کچھ تو اس وجہ سے کہ اُس نے قبل از قبل اس کا اندازہ نہیں کیا کہ اسکی حکمت عملی کا آخری نتیجہ کیا ہوگا اور کچھ اس وجہ سے کہ اُس نے ایسے کھلے ہوئے اقتدار کو اپنے ہاتھ میں لینا چاہا جس کے اندیشہ ناک نتائج سے انگریز کسی طرح چشم پوشی نہیں کر سکتے تھے۔ اس اثنا میں بسی نے دکن میں اپنا غلبہ قائم رکھا اور بیشمار دولت جمع کر لی۔ اس طور سے ان دو اشخاص نے یہ بتا دیا کہ دیسی ریاستوں کے ساتھ معاملات کرنے میں کیا کرنا اور کیا نہ کرنا چاہئیے۔

فرانسیسیوں کے تجربات سے ایک اور سبق بھی ملا جو افسر دکن میں اور جو افسر اور سول عہدہ دار کرناٹک میں مقرر تھے ان کو دولت جمع کرنے کے لئے ایسے مواقع حاصل تھے جو ہندوستان میں کبھی یورپ والوں کو نہیں ملے تھے ادنیٰ سے لے کر اعلیٰ عہدہ داروں تک کوئی ایسا نہ تھا جس نے ان غیر معمولی موقع سے فائدہ نہ اٹھایا ہو یا اس کی کوشش نہ کی ہو۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ قدیم طریقۂ حکومت کے متزلزل ہو جانے سے دفعتاً فوجی اور غیر فوجی سررشتوں میں خودسری پھیل گئی جس نے حکمرانی کو تقریباً ناممکن کر دیا اور جس سے فرانسیسیوں کی وہ تمام کوششیں جو بعدۂ جنگ ہفت سالہ میں اُس کی اصلاح کے لئے عمل میں لائی گئیں تقریباً غیر موثر اور بیکار ثابت ہوئیں۔

ان سب کارروائیوں کو کلائیو یا تو بچشم تامل ملاحظہ کرتا رہا یا خود اُن میں بڑا حصہ لیتا رہا تھا۔ وہ ڈوپلے سے تقریباً تیس سال چھوٹا تھا۔ ڈوپلے نے جب اس معرکۂ خوف و رجا میں قدم رکھا اُس کی عمر (۵۰) برس کی تھی۔ کلائیو ۱۷۴۴ء میں بحیثیت ایک محرر کے ایسے وقت مدراس آیا تھا جبکہ لڑائی شروع ہونے والی تھی دو سال کے بعد مدراس کی تسخیر نے اُس کو اُس کی خدمت سے علیحدہ کر کے فوج میں داخل ہونے پر مجبور کر دیا۔ ڈوپلے نے قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کی فتح کی جو کوششیں کیں اور اس ضمن میں جو لڑائیاں ہوئیں اُن سب میں کلائیو شریک رہا اور باسکون کے پانڈیچری کے محاصرہ میں بھی اس سے کام لیا گیا صلح ہو جانے کے بعد وہ پھر اپنی سول خدمت پر عود کر آیا مگر دوبارہ جنگ شروع ہو جانے پر وہ نیم فوجی خدمت یعنی انتظام رسد پر مقرر کیا گیا جس نے تین سال کے عرصے میں اُس کو چالیس ہزار پونڈ کی دولت کا مالک بنا دیا۔ مگر اس زمانے کا

تمام آخری حصہ اُس نے میدان کارزار کی فوج میں بسر کیا جس میں اُس کو کپتان کا درجہ دے دیا گیا تھا۔ اسی زمانے میں اُس نے آرکاٹ کو دشمنوں کے ہاتھ سے محفوظ رکھا جو مشہور و معروف ہے اور لارنس کے اُن معرکوں میں مدد کی جن میں فرانسیسی فوج نے ترچناپلی کے سامنے اپنے ہتھیار رکھ دئیے اور جن میں وہ ملک آرکاٹ سے مار کر خارج کر دیئے گئے۔

ان خدمات کو انجام دینے کے بعد وہ انگلستان چلا گیا تاکہ جو دولت اُس نے جمع کی ہے اس سے حظ اُٹھائے مگر اُس کی فیاضی اور فضول خرچی نے اسکو بہت جلد خالی ہاتھ کر دیا۔ ۱۷۵۵ء میں اُس نے پھر بحیثیت افسر دوم سواحل کارومنڈل کا رُخ کیا اس قرارداد کے ساتھ کہ قلعۂ سینٹ جارج کی پریسیڈنسی کی جانشینی کا اُس کو حق ہوگا۔ قلعۂ گیریہ جو سواحل مالابار پر واقع اور لٹیروں کے قبضے میں تھا اُس کی تسخیر کی کارروائی میں شریک رہ کر وہ مدراس چلا گیا۔

اسی عرصے میں صوبیدار بنگال سراج الدولہ سے چھیڑ شروع ہوگئی۔ کلکتے پر سراج الدولہ کا قبضہ ہوگیا اور ۱۲۳ قیدی ایک تیرہ و تنگ کوٹھڑی میں بند کر دئیے جانے سے دم گھٹ کر مر گئے اور کمپنی کو جو قابل لحاظ آمدنی بنگال سے ہوتی تھی وہ دفعتاً مسدود ہوگئی اُس نے کلائیو کے سامنے وہ منظر پیش کر دیا جس میں اُس کو جنگ اور مصالح ملکی کے اُن تجربوں سے کام لینا پڑا جو اُس کو جنوب میں حاصل ہوئے تھے۔

یہاں سے قصے کا دوسرا جزء شروع ہوتا ہے جو اگرچہ پہلے جزء سے اس بنا پر علحدہ ہے کہ مقام واردات کرناٹک سے دور ہے مگر فی الحقیقت یہ پہلے ہی جزء کا فطری نتیجہ تھا اور اسی سے پیدا ہوا تھا۔ اُس کے عامل (ایکٹر) وہی فوج اور افسر تھے جو قبل ازیں مدراس میں جمع کئے گئے تھے اور اُن کے خیالات۔ مسلک اور مقاصد اُس تجربے کے ثمرات تھے جو اُن کو کرناٹک میں حاصل ہوئے تھے۔ اور جو کامیابی کلائیو کو بنگال میں ہوئی وہ کرناٹک کی بعد کی کشمکش میں پورے طور سے موثر ثابت ہوئی۔ یہ تعلقات مختصراً اس طرح بیان کئے جاسکتے ہیں۔ ڈوپلے کی جنگ کی وجہ سے جن افواج کا جمع کرنا لازم ہوگیا تھا وہ بنگال میں انگریزوں کے غلبے کا باعث ہوئیں اور جو دولت اس غلبے کی بنا پر انگریزوں کے ہاتھ لگی اُس کی بدولت مدراس کی فوج قائم رہ سکی جس نے لالی کو

شکست دے کر پانڈیچری کو فتح کر لیا۔ آخر میں ہم کو وہ تدریجی ترقی دکھانی پڑے گی جو انگریزوں نے بنگال میں کی۔ اس کا آغاز اسی قسم کے قومی اثر سے ہوتا ہے جو ڈوپلے کا چند اصاحب اور بسّی کا صلابت جنگ پر تھا۔ یہ بنگال میں کلائیو کی پہلی آمد (۶۰-۱۷۵۶ء) کا نتیجہ تھا لیکن اس حالت کو قائم رکھنے کے لئے مسلسل نگرانی اور ہوشیاری کی ضرورت تھی جس میں کلائیو کے جانشین مطلق کامیاب نہیں رہے انھوں نے نہ صرف نواب کو اپنے ہاتھ سے نکل جانے دیا بلکہ اس سے بدتر جو ہوا وہ یہ تھا کہ خود اُن کے سول اور فوجی افسر اُن کے ہاتھ سے نکل گئے۔ ذاتی مفاد حکومت کے خاص مقاصد سمجھے جانے لگے۔ کونسل اور کمپنی کے احکام تعبیر اور تاویل کر کے اپنے مقاصد کے مطابق کر لئے جاتے تھے یا پس پشت ڈال دئے جاتے تھے ۱۷۶۴ء میں کلکتے کے حکام ویسے ہی بے دست و پا تھے جیسے کہ پانڈیچری کے حکام ۱۷۵۸ء میں۔ دونوں صورتوں میں دولت کی خواہش اور اُس کے حصول کے مواقع نے جو ہندوستان کی سیاسیات میں مداخلت سے پیدا ہو گئے تھے کمپنی کی حکومت کو درہم برہم کر دیا۔ پانڈیچری میں (۶۱-۱۷۵۸ء) لیلی نے اصلاح کی کوشش کی مگر اس میں کامیابی نہ ہوئی کیونکہ ایسی اصلاح جنگ کے موقع پر نہیں ہو سکتی تھی۔ کلکتے میں اپنی دوبارہ حکومت کے زمانہ (۶۷-۱۷۶۵ء) میں کلائیو کو اسی قسم کی اصلاح کا حکم دیا گیا جس کو اُس نے انجام دیا اور اسی کے ساتھ اُس نے انگریزی حکومت کی آئندہ ترقی کی بنیاد قائم کر دی۔ یہ ڈوپلے کے خیالات اور اُس کی حکمت عملی پر اہم اضافہ تھا اور یہ کلائیو کا وہ شخصی اور ذاتی حصہ ہے جو اُس نے مشرق میں یورپین حکومت کے مسئلے کے حل کرنے میں لیا ہے۔ یہی وہ دو قصے مع اُن کی متوازی ترقیات کے ہیں جن کے اہم واقعات میں آئندہ صفحات میں کھول کر بیان کرنا چاہتا ہوں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ڈوپلے و کلائیو

حصہ اوّل

فرانسیسی جدوجہد

فصل اوّل

جنگ توریث ملک اسٹریا

اٹھارویں صدی کے آغاز میں مدراس اور پانڈیچری کے تعلقات بہت دوستانہ تھے فرانسیسیوں کی آبادی کی ابتدا تھی۔ تعداد نفوس کم اور اُن کی قلعہ بندی ہندوستان کے لحاظ سے بھی بہت کمزور حالت میں تھی یہ وہ زمانہ تھا جبکہ اسپین کی توریث کی جنگ میں انگلستان اور ہالینڈ فرانس سے لڑ رہے تھے۔ پانڈیچری کے قائم کرنیوالے اور اُسکے گورنر فرینکاس مارٹن کو اس خوف کا موقع تھا کہ اُس کا کیا کرایا کہیں پھر ضائع نہ ہو جائے جیسا کہ ۱۶۹۳ء میں قوم ڈچ کے ہاتھ سے ہو چکا تھا۔ اسلئے اُس نے مدراس کے گورنر پٹ کو ترغیب دے کر ایک معاہدہ عدم شرکت جنگ کا کرالیا جس میں یہ قرار پایا تھا کہ دونوں آبادیوں کے لوگ اور جہاز ایک دوسرے پر حملہ نہ کریں گے۔ جس وقت مارٹن کو معلوم ہوا کہ ڈچ پانڈیچری کے محاصرے کی تیاریاں کر رہے ہیں تو اُس نے تمام فرانسیسی مال انگریزی آبادی میں حفاظت کے لئے بھیج دیا

فصل اول

اور جس وقت فرانسیسی جہازوں کے ایک بیڑے نے بحر ہند میں آکر انگریزی جہازوں کو گرفتار کرنا شروع کیا اس وقت پانڈیچری کی کونسل نے ان گرفتاریوں کے محاذ و داد نے اور جو انگریزی جہاز گرفتار ہو گئے تھے اُن کو واجبی شرائط پر واپس دلانے میں پوری کوشش کی۔ اور انگریز اس قدر مہربان تھے کہ انھوں نے وہ رقم جو فرانسیسی گرفتار شدہ جہازوں کے معاوضے میں ملی تھی اس غرض سے بنگال بھیج دی کہ فرانسیسی تجارت میں لگا دی جائے[۵۱]۔

مگر بیس سال من ابتدائے ۱۷۲۰ء لغایت ۱۷۴۰ء کے عرصے میں پانڈیچری کی ترقی اور اس کی تجارت کی افزائش سے یہ رنگ بالکل بدل گیا تھا۔ ۱۷۲۱ء میں بھی فرانسیسیوں کو یہ خیال تھا کہ اُن کی جو تجارت نیلا[۵۲] سے ہے اُس کو انگریز رشک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ۱۷۲۵ء میں ماہی اور تانیچری کی انگریزی اور فرانسیسی آبادیوں میں ساحل مالابار پر تقریباً علانیہ جنگ چھڑ گئی تھی۔ ۱۷۳۶ء میں فرانسیسی ہمارے "خوفناک رقیب"[۵۳] ہو گئے تھے۔ دوسرے سال کے ختم پر انگلستان کے ڈائرکٹروں نے یہ حکم دیا کہ "فرانسیسی قومی رقیبوں اور اُن کی تجارت کے متعلق جو خاص اطلاعیں دستیاب ہو سکیں وہ سالانہ ہمارے پاس بھیجی جاتی رہیں[۵۴]"۔ ۱۷۴۴ء میں انگریزوں نے دیسی حکام سے اس غرض سے استمداد کی کہ جو جولاہے اُن کے پاس کام کرتے ہیں اُن کو فرانسیسی پھسلا کر اپنے پاس کپڑا بننے کے لئے نہ لے جا سکیں۔ اس لئے جب یہ معلوم ہوا کہ فرانس اُس لڑائی میں جو انگلستان اور اسپین میں ہو رہی تھی بقیاس غالب شریک ہوگا تو "ایسٹ انڈیز" میں انگریزی اور فرانسیسی تعلقات کا مسئلہ ایک مہتم بالشان مسئلہ بن گیا۔ دونوں ممالک میں وہ لوگ جن کو ہندوستان کی تجارت سے تعلق تھا دو فرقوں میں منقسم تھے۔ ایک طرف یہ کہا جاتا تھا کہ لڑائی سے تکلیف دہ رقیبوں کی تجارت کو تباہ اور برباد کرنے کا موقع

[۵۱] دیکھو روئداد سوپیریر کونسل جلد اصفحہ ۸۔ ۶ و ۵ او ۴۴۔ ۳۶ و ۳۹ و ۱۰۶۔

[۵۲] ایضاً " " ۲۹۱۔ ۳۹۔

[۵۳] ویلر کی کتاب موسومہ "مدراس قدیم زمانے میں" صفحہ ۵۴۹

[۵۴] مراسلہ از انگلستان مورخہ ۳۰ دسمبر ۱۷۳۷ء۔

فصل اول

مل جائیگا جس کی ضرورت ایک زمانے سے محسوس کی جارہی تھی۔ دوسری طرف جس میں زیادہ لوگ شریک تھے یہ کہا جاتا تھا کہ لڑائی میں شرکت سے بجائے کسی فائدے کے نقصان کا زیادہ اندیشہ ہے۔ ان کے قلعے اور فوجیں صرف ہندوستان کے دیسی رؤسا کی دست برد سے حفاظت کے لئے ہیں۔ قومی جنگ میں عدم شرکت ہی اُنکے حق میں مفید ثابت ہوگی۔

موخر الذکر رائے سے اس مبہم حالت کا اظہار ہو جائیگا جو ان کمپنیوں کی تھی یورپ میں وہ محض خانگی جماعتیں تھیں مگر ہندوستان میں اُن کو سیاسی وجود حاصل ہو گیا تھا۔ اور چونکہ اُن کا انتظام یورپ سے ہوتا تھا اس لئے یہ فطری بات تھی کہ اُنکے تجارتی مقاصد کو اُن کی سیاسی کارروائیوں پر ترجیح دی جائے کیونکہ ان کا مقصد صرف اُن اقوام کی دولت میں اضافہ کرنا تھا جنھوں نے اُن کو قائم کیا تھا نہ کہ اُن کے سمندر پار اثر کو قوت دینا اور ممالک کو فتح کرنا۔ جو لوگ لڑائی کے طرفدار تھے وہ بھی بمشکل اپنی رائے کے صحیح تصور سے واقف ہونے کا دعویٰ کر سکتے تھے۔ اصل سوال بحث طلب یہ تھا کہ آیا ایسی لڑائی میں شرکت کی جائے یا نہیں جس سے ہندوستان کے قبضے کا فیصلہ ہو جائیگا۔ مگر یہ کسی کے بھی پیش نظر نہ تھا۔ فرانسیسی جزائر کے گورنر لابورڈانس نے ۱۷۴۱ء میں محکمۂ وزارت فرانس کو اس بارے میں کارروائی کرنے کی طرف توجہ دلائی اسلئے کہ اُس کو گرفتار شدہ جہازوں سے معقول منفعت کی امید تھی۔ انگلستان کے ڈائرکٹروں کی انجمن نے ۱۷۴۴ء میں محکمۂ امیرالبحری سے ایک بیڑا طلب کیا اس لئے کہ وہ اپنے رقیب ملک فرانس کی تجارت کو برباد کرنا اور اُس کے جہازوں کو بحر ہند سے خارج کر دینا چاہتے تھے۔ بہت سے لوگ انگلستان میں اور زیادہ تر فرانس میں غیر جانبداری کے حامی تھے کیونکہ وہ یہ سمجھتے تھے کہ اس کی وجہ سے تجارت درہم برہم نہ ہونے پائیگی اور جو منافعہ اُن کو مل رہا ہے اُس میں کمی نہ واقع ہوگی دونوں کمپنیوں کے وہ ملازم جو مشرق میں موجود تھے اپنی ذاتی تجارتوں میں اس قدر مستغرق تھے کہ وہ کسی ایسی تجویز کو پسند نہیں کر سکتے تھے جس سے اُن کی ذاتی دولت معرض خطر میں پڑ جائے۔ خلاصہ یہ کہ دونوں کمپنیوں میں سے کوئی کمپنی بھی لڑائی میں عملی حصہ نہیں لینا چاہتی تھی۔ مگر انگلستان کی کمپنی کی یہ خواہش تھی کہ شاہی بیڑے کے ذریعے سے

فصل اول

اُس کے حریف کی تجارت کو نقصان پہنچایا جائے اور فرانس میں بھی تقریباً ایسی ہی تجویز کی بحث و بیز ہو چکی تھی۔

۱۷۴۱ء میں لابورڈانس کی پرزور وکالت کا فرانس کے محکمۂ وزارت پر اتنا اثر پڑا کہ وہ ایک بیڑے کے ساتھ فرانسیسی جزائر کو اس حکم کے ساتھ روانہ کر دیا گیا کہ اعلان جنگ کی خبر سننے کے ساتھ ہی انگریزی تجارت پر حملہ کر دے۔ مگر فرانس کی غالب رائے اس کے خلاف تھی۔ ۱۷۲۱ء میں یہ کمپنی بطریق جدید قائم ہوئی تھی اور اُس وقت سے بوجہ کمی سرمایہ بے دست و پا تھی اُس نے سالانہ سامان بھیجنے کے لئے یہ تدبیر نکالی تھی کہ ہر سال کے سامان خریدنے کے لئے ایک سال کے وعدے پر قرض لیا جاتا تھا اور وہ اُسی سال کی فروخت سے ادا کر دیا جاتا تھا۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ اگر ایک سال کے لئے بھی مال کا بھیجنا موقوف کر دیا جاتا تو نہ دیون واجب ادا ہوتے اور نہ جدید قرض ل سکتا اور کل کاروبار تجارت بند ہو جاتا۔ یہ عدم شرکت جنگ کے لئے ایسی قوی حجت تھی کہ لابورڈانس اپنے بیڑے کے ساتھ فوراً واپس طلب کر لیا گیا۔

مگر باوجود اس کے فرانسیسی کمپنی کو بہت کم امید تھی کہ کسی عام غیر جانبداری کا انتظام ممکن ہوگا۔ ہنری لوتھر نامی ایک شخص جو انگریزی کمپنی کا قدیم ملازم تھا اور اس زمانے میں فرانس میں رہتا تھا اُس نے ۱۷۴۲ء میں بغیر انگلستان کے ڈائرکٹروں کی اجازت کے اس معاملے میں فرانسیسی کمپنی سے گفتگو شروع کی اور فرانسیسی ڈائرکٹروں لی نور اور ڈوماس سے ایک تجویز جو تین دفعات پر مشتمل تھی لکھوالی جس میں دونوں کمپنیوں کی طرف سے جنگ میں عدم شرکت کا وعدہ تھا اس کو کارڈینل فلیری اور ٹلنس نے بھی دیکھ کر پسند کر لیا۔ مگر جب اس کی اطلاع لوتھر نے ہنری گاف کو دی جو اُس زمانے میں انگریزی کمپنی کا صدر نشین تھا تو اُس نے یہ جواب دیا کہ ہماری رائے میں اس سے بجز اس کے کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا کہ انگریزی اور فرانسیسی آبادیوں میں ایک معاہدہ ہو جائے جیسا کہ گزشتہ جنگ میں مدراس اور پانڈیچری کے درمیان ہو گیا تھا۔ وہاں جنگی جہازوں کا بھیجنا بہرحال ہمارے لیے مفید ثابت ہوگا . . . . کیونکہ آجکل فرانسیسی جہاز قیمتی سامان سے پُر ہیں۔[۱]

[۱] برٹش میوزیم اے ڈی دی قلمی ۲۰۶ ۔ ۳۵۹ ۔ ایف ایف ۸ ، اوباسکوان کا سفرنامۂ بحری صفحہ ۲۷۳ ، مراسلۂ آکسن صفحہ ۸۳ ۔

فصل اول

اس بنا پر ۱۷۴۴ء میں فرانسیسی کمپنی نے ڈوپلے کو ہدایت کی کہ اگر ممکن ہو تو ایسا مقامی معاہدہ کر لیا جائے جس کی طرف انگلستان کے جواب میں اشارہ پایا جاتا تھا۔ یہ ایسی تجویز تھی جس کو وہ دل سے چاہتا تھا اور جس کی وہ خود فرانس کی کمپنی سے سفارش کر چکا تھا[1] بحیثیت گورنر پانڈیچری وہ اپنی حالت پر نظر کر کے اس رائے کی طرف مائل ہوا تھا۔ پانڈیچری میں کوئی گودی نہ تھی اور نہ وہاں جہازوں کو درست کرنے اور ملاحوں کو بھرتی کرنے کی آسانیاں موجود تھیں اس لئے جنگ کی حالت میں اُس کے تجارتی جہازوں کے گرفتار ہو جانے کا اندیشہ تھا اور اُن کے مالک اس قابل نہ تھے کہ وہ ایسے جہاز مہیا کر سکیں جو دشمن کے جہازوں پر حملہ کر کے اُن کے نقصانات کی تلافی کرا سکیں۔ شرکت جنگ میں اُن کا سراسر نقصان ہی نقصان تھا کسی نفع کی امید نہ تھی[2]۔ اس امر کا لحاظ رکھنا چاہیئے کہ فرانسیسی جزائر کی حالت اس سے بالکل مختلف تھی۔ وہاں اچھی گودیاں موجود تھیں جن میں جہاز تیار اور درست ہو سکتے تھے۔ ملاح قوم 'کرول' اور 'کافری' غلاموں سے جو میڈ اگاسکر سے آتے تھے بھرتی کئے جا سکتے تھے یہ اُن ملاحوں سے مختلف قسم کے لوگ تھے جو سواحل کرومنڈل پر ملاحی کے لئے دستیاب ہو سکتے تھے۔ اس لئے لڑائی سے جزائر کو وہ اندیشہ نہ تھا جو خاص پانڈیچری کو تھا۔ یہی وجہ تھی کہ ڈوپلے غیر جانبداری کا طرفدار تھا اور لابورڈانس اس تجویز کو حقارت آمیز نظر سے دیکھتا تھا۔

اعلان جنگ کی اطلاع مدراس میں ۱۶ر دسمبر ۱۷۴۴ء کو پہنچی۔ ایک رومن کیتھولک نے اس کی خبر فوراً پانڈیچری کو دی[3]۔ اگرچہ ڈوپلے کو کوئی ہدایت ۲۸ر نومبر تک نہیں ملی تھی مگر اُس نے انگریزوں کا عندیہ لینے کے لئے ماہی کی مجلس کو

---

[1] کلتر و ڈوپلے صفحۂ ۱۸۹۔

[2] پانڈیچری بنام کمپنی ۱۱ر فروری ۱۷۴۵ء (پی۔ آر ۶)۔

[3] مدراس پبلک کونسل ۵ر ستمبر ۱۷۴۴ء۔ مدراس کے مراسلات بابت ۱۷۴۴ء۔

نمبرہ ۱۱۵ و پانڈیچری بنام ماہی ۲۲ر ستمبر ۱۷۴۴ء پی۔ آر نمبر ۶۰ الف ۶۲۵

فصل اول

ہدایت کی کہ وہ تلیچری کی مجلس سے ۱۷۲۸ء[1] کے قدیم معاہدے کو برقرار رکھنے کی تحریک کرے اس تحریک کا نہ صرف نہایت خوشی کے ساتھ خیر مقدم کیا گیا بلکہ انگریزوں کے افسر اعلیٰ نے قدیم معاہدے میں توسیع کی رائے دی۔ یہ معلوم کر کے ڈوپلے نے فوراً مدراس میں انگریزوں کو لکھا۔ وہاں سے بلحاظ ضرورت وقت ایک مصلحت آمیز جواب دیدیا گیا کیونکہ یہ ایسا معاملہ تھا جس میں اُن کو بطور خود کوئی اختیار نہ تھا[2]۔ بالآخر جب پیرس سے ڈوپلے کو ہدایت ملی اور اُس نے باضابطہ طور سے انگریزی آبادیوں اور جہازوں کی غیر جانبداری کی تحریک کی تو اُس کو پریسیڈنسی سے یہی جواب ملا کہ وہ ایسا معاہدہ کرنے کی مجاز نہیں ہے[3]۔ اس جواب سے ڈوپلے یقیناً متحیر ہوا ہوگا کیونکہ اُس کو کامل یقین تھا کہ انگریز ضرور اس تجویز پر راضی ہو جائیں گے۔ جس دن اُس نے مدراس کو دوسری تجویز بھیجی اسی دن پانڈیچری کی مجلس نے کمپنی کو یقین دلایا کہ مدراس کے اعلیٰ افسر کی اس سے زیادہ کوئی اور خواہش نہیں ہے[4]۔ اور ڈوپلے نے اسی رنگ میں لابورڈانس کو جزیرۂ ماریشس[5] میں لکھا۔ ڈوپلے فطری طور سے زود باور واقع ہوا تھا وہ نہایت آسانی کے ساتھ وہ امر جس کی اُسے خواہش ہوتی تھی یقین کرنے لگتا تھا۔

اس موقع پر تو اُسے یہ امید کرنے کی کہ اُس کی تجویز انگریز منظور کر لیں گے ایک حد تک معقول وجہ بھی تھی۔ مدراس کی قلعہ بندی نہایت ابتر حالت میں تھی۔ تجارتی کمپنیاں فطری طور سے فوجی اخراجات میں تخفیف چاہتی تھیں اور ان مثالوں کی تقلید کر رہی تھیں جو بصراحت اُن کے پیش نظر تھیں۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی آبادیوں کے مختلف گورنرں

[1] پانڈیچری بنام ماہی ۲۲ ستمبر ۱۷۴۴ء (پی۔ آر نمبر ۶۰ ایف ۶۲۵)۔

[2] تلیچری ابنجی کے ماتحت تھی۔

[3] مدراس، پبلک کونسل ۱۳ و ۲۶ نومبر ۱۷۴۴ء

[4] پانڈیچری بنام کمپنی ۲ دسمبر ۱۷۴۴ء (پی۔ آر ۔۔)۔

[5] یادداشت متعلقہ لابورڈانس۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان خطوط کی بنا پر عجیب عجیب بیانات شائع ہو گئے ہیں کا زمانہ حال کے لکھنے والوں نے بھی اعادہ کیا ہے (ویبر کا تذکرہ جنگ ہندوستان بزبان فرانس صفحہ ۲۴۹ دیکھو خط ط۔

فصل اول

پر آغاز جنگ سے تقریباً دس سال پہلے سے تخفیف مصارف کے لئے بے حد زور ڈالا جا رہا تھا۔ بمبئی کا ایک گورنر محض اس قصور پر موقوف کر دیا گیا تھا کہ اُس نے اپنے شہر کی قلعہ بندی کی جرأت کی تھی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اسی گورنر کے متعلق ایک مشہور ڈائرکٹر نے کہا تھا کہ وہ نہایت ایمان دار آدمی مگر ضرورت سے زیادہ مہنگا گورنر تھا[1]۔ اس طور سے مدراس کی قلعہ بندی کی وہی حالت تھی جو ٹامس پٹ کے زمانے میں تیس سال قبل تھی اس میں کوئی تبدیلی نہ ہوئی تھی اور ہر سمجھدار شخص اس پر متفق تھا کہ سخت حملے کی حالت میں اس کا محفوظ رہنا ناممکن ہے۔ بارنٹ افسر فوج نے ۱۷۴۵ء میں انیسن کو لکھا کہ "اس ساحل کرومنڈل پر نوآبادیوں کے قلعوں کی کمزوری کی یہ حالت ہے کہ اگر جنگی جہاز اُن کی حفاظت کے لئے نہ موجود ہوں اور پانڈیچری کی فوج میں تھوڑی سی امدادی جمعیت کا بھی اضافہ ہو جائے تو دشمن کے لئے اس آبادی اور قلعۂ سنیٹ ڈیوڈ کو لے لینا چند گھنٹوں کا کام ہوگا۔ اس وقت یہاں قلعہ بندی کا مزید کام ہو رہا ہے اور صلح نامے پر دستخط ہونے تک یہ مقام غالباً اچھی حالت میں ہو جائیگا صحیح اور قدیم انگریزی انتظام یہی ہے۔ ڈائرکٹر دربار کی نقل کرتے ہیں اور لڑائی کا اُس وقت تک کوئی انتظام نہیں کرتے جب تک کہ اس کا اعلان نہیں ہو جاتا اور اُس وقت اس کا ٹھیک طور سے انتظام ہونا ظاہر ہے کہ محال ہے[2]"

بارنٹ نے جو مراسلہ ڈائرکٹروں کی خفیہ کمیٹی کے نام بھیجا تھا اُس میں لکھتا ہے کہ قلعہ بندی کا جو کام ہوا ہے اُس میں بہ نسبت کسی تجویز کے اتفاق کو زیادہ تر دخل ہے۔ جس قدر برج بنے ہیں سب خلاف قاعدہ ہیں .... اگر میں گورنر ہوتا تو جنگ فرانس میں کبھی گہری نیند نہیں سو سکتا تھا اگر (۵۰۰) یوربین بھی پانڈیچری میں موجود ہوتے[3]۔

اس حالت کی زیادہ پروانہ کی جاتی اگر وہ فرانسیسیوں سے پوشیدہ ہوتی مگر

---

[1] انسن کا خط صفحہ ۱۱۔

[2] برٹش میوزیم اے ڈی ڈی قلمی ۱۵۹۵۵ ایف ۱۱۳۔

[3] انسن کا خط صفحہ ۴۴۔

فصل اول

ڈوپلے مدراس کی قلعہ بندی کی حالت سے بخوبی واقف تھا اُس کو وقتاً فوقتاً پادری نورنہا سے (جو میڈم ڈوپلے کا رشتہ دار) اور ایک چھوٹے سے گرجے کا مہتمم تھا جواب تک سواد شہر میں قائم ہے[۵۱] تمام اطلاعیں ملتی رہتی تھیں۔ مزید براں فرانسیسوں کا خاص انجنیر پیراڈس مدراس میں آیا تھا اور وہ حملے کا ایک نقشہ تیار کرکے لے گیا تھا[۵۲] ۱۷۴۶ء کی فروری میں ڈوپلے نے لابورڈانس کو لکھا تھا کہ مدراس کا گورنر۔ وہاں کی فوج۔ اُس کی قلعہ بندی۔ سب کی حالت قابل رحم ہے[۵۳] اس تمام علم کی بنا پر اُس کو کامل یقین تھا کہ انگریز عدم شرکت جنگ کو ضرور منظور کرلیں گے کیونکہ بحالت حملہ اُن میں مقابلے کی طاقت نہ تھی۔

لیکن اس رائے کے قائم کرنے میں وہ اس کے اندازہ کرنے سے قاصر رہا کہ انگریزی کمپنی کا مقصد یہ ہے کہ قلعہ بندی کی کمی شاہی بیڑے کے ذریعے سے پوری ہو جائے۔ جنگ توریث اسپین میں جس میں نہ صرف فرانسیسی سرکاری بیڑا بلکہ فرانس کے خانگی جہاز بھی انگریزی جہازوں پر بحر ہند میں چھاپہ مارنے کیلئے تیار کئے گئے تھے جو تجربہ عہدہ داران کمپنی کو ہو چکا تھا وہی اس موقع پر اُن کا ہادی تھا جس وقت جنگ صرف اسپین ہی میں ہو رہی تھی کمپنی نے اپنے سابقہ نقصانات حکومت کو یاد دلائے اور ایسے اختیار کی استدعا کی جس سے وہ خود اپنی حفاظت کرسکے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے جہازوں کو دشمن کے جہازوں پر حملہ کرنے اور لوٹ لینے کی اجازت ہو گئی[۵۴]

جس وقت ۱۷۴۴ء میں فرانس اعلان جنگ کرنے والا تھا یہ قرار پایا کہ فوراً ایسٹ انڈیا کمپنی کو اطلاع دی جائے اور مشرق میں جو آبادیاں انگریزوں کی ہیں

---

۵۱ دی لز چرچ۔

۵۲ کلنر وڈ ڈوپلے صفحہ ۱۹۹۔

۵۳ ڈوپلے بنام لابورڈانس ۲۶ فروری ۱۷۴۶ء۔

۵۴ نائونس اینڈ۔ قلمی (ایچ۔ ایم۔ سی) صفحہ ۱۴۹ و پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری ۱۲ ۳۹ و مراسلہ مول بنام کایرٹ مورخہ ۱۴ جنوری و ۲۴ اکتوبر ۱۷۴۴ء۔

فصل اول

اُن کی حفاظت اور جو فرانسیسیوں کی ہیں اُن پر قابض ہو جانے کی تدابیر پر غور کیا جائے۔[1]

اس سے تین ہفتے کے بعد جو بیڑا ایسٹ انڈیز میں کام کرنے نامزد ہوا تھا اُس کو تیاری کا حکم دیا گیا[2] اور وہ یکم مئی کو کموڈور کرٹس بارنٹ کے زیر حکم روانہ ہو گیا۔ کرٹس بارنٹ ایک قابل اور پُرجوش افسر تھا اور جنگ میں اپنی شجاعت کا ثبوت دے چکا تھا۔

بارنٹ نے بحر ہند میں داخل ہوتے ہی اُس کو فرانسیسی جہازوں سے صاف کر دیا۔ علاوہ کمپنی کے تین جہازوں کی گرفتاری کے جو چین سے قیمتی سامان لا رہے تھے اُس نے فرانسیسیوں کا جہاز تلینا جس میں چار لاکھ ڈالر تھے اور دوسرے جہاز جو سورت۔ بصرہ اور موخا[3] سے واپس آ رہے تھے گرفتار کر لئے۔ موخر الذکر "دیسی جہاز" تھے۔ یہ کشتیاں اسی نام سے موسوم کی جاتی تھیں اور ایسٹ انڈیز میں ایک بندر سے دوسرے بندر میں سامان لے جا کر خرید و فروخت کرتی تھیں۔ اُن کو عام طور سے چند تاجر بلکہ جماعت مشترکہ کے اصول پر صرف ایک سفر کے لئے مہیا کر لیتے تھے۔ اس سفر کے اختتام پر سرمایہ اشخاص متعلقہ میں تقسیم ہو جاتا تھا اور کشتی کسی دوسری اسی قسم کی جماعت کے ہاتھ فروخت کر دی جاتی تھی جس میں ممکن ہے

---

[1] روئداد پریوی کونسل ۲۲ مارچ ۱۷۴۴ء۔ برٹش میوزیم ای دی دی قلمی ۴۳۰۰۰۔

[2] الف ۸۷۔ احکام بنام کپتان مورخہ ۱۷ اپریل ۱۷۴۴ء۔ پی۔ آر۔ او۔ ۲۔ ۱۶۱۔ الف ۱۹۵ غالباً یہ امر قابل بیان سمجھا جائے کہ جہازوں میں "بیر" کا ذخیرہ صرف ایک ماہ کے لئے اور "انگریزی مالٹ اسپرٹ" کا ذخیرہ (۷) ماہ کے لئے مہیا کرنے کا حکم دیا گیا تھا (احکام امیر البحری مورخہ ۷ و ۱۱ اپریل ۱۷۴۴ء امیر البحری ۲۔ ۶۱۔ الف الف۔ ۱۲۲۔ و ۵۷۱) اس بارے میں بارنٹ نے ۹ اکتوبر ۱۷۴۴ء کو امیر البحر کو لکھا کہ جو برانڈی آپکی ہدایت کے مطابق تقسیم ہوتی ہے وہ ملاحوں کی بہت موافق مزاج ہے اگرچہ ابتدا میں وہ لوگ پانی کے امتزاج کی وجہ سے بغاوت کرنے پہ آمادہ ہو گئے تھے مگر اب اس پر رضامند ہو گئے ہیں اور اس سے خوش ہیں اور میرے نزدیک وہ صحت بخش مشروب ہے۔

[3] بارنٹ بنام امیر البحری ۲۸ جنوری ۲۲ فروری ۱۷۴۵ء و ۹ جنوری ۱۷۴۶ء پی آر او امیر البحری او ۱۲۰۔

کہ پہلے مالک شریک ہوں یا نہ ہوں۔ ان جماعتوں میں عام طور سے بڑا حصہ گورنر اور اُسکی کونسل کے لوگوں کا ہوتا تھا اس لئے ان کشتیوں کی گرفتاری نے ڈوپلے اور اُسکی کونسل کے لوگوں کو سخت نقصان میں مبتلا کر دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کارروائی سے ڈوپلے کی اُس ذاتی دولت کا بڑا حصہ ضائع ہو گیا جو اُس نے بیس سال کی تجارت میں پیدا کی تھی اور ساحلِ کرومنڈل پر یک قلم تمام فرانسیسی تجارت کا خاتمہ کر دیا گیا۔ اگرچہ یہ کارروائی شاہی بیڑے کی تھی جس پر اس معاہدے کا کوئی اثر نہیں ہو سکتا جو ڈوپلے نے تجویز کیا تھا اور جس کی تکمیل سے انگریزوں نے انکار کر دیا تھا مگر فرانسیسی گورنر نے فوراً اُن جہازوں کی واپسی کی استدعا کی[۱] یہ امر سمجھنا مشکل ہے کہ اُس نے اپنے دل میں بھی اس استدعا کی معقولیت کے متعلق کیا دلائل قائم کئے تھے۔ انسان ذاتی نقصانات کی پریشانی میں استدلال سے زیادہ کام نہیں لیتا بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُس نے اس عمل کو اپنے حق میں سخت فریب اور دغابازی قرار دیا اور فوراً لابورڈانس کو اپنی مدد کے لئے مع بیڑے کے طلب کیا اور اس عرصہ مدت میں دیسی حکومت کے ذریعے سے انگریزوں کو جس قدر دق اور پریشان کر سکتا تھا دق اور پریشان کرنا شروع کیا۔

موخر الذکر کارروائی کا فوری نتیجہ یہ ہوا کہ مارچ ۱۷۴۵ء میں انگریزوں کے پاس انورالدین خاں نواب کرناٹک کا ایک خط وصول ہوا جس میں یہ ہدایت دی گئی تھی کہ دونوں قوموں کو امن کے ساتھ رہنا چاہئے اور ہندوستان کے سواحل پر دونوں قوموں کے بیڑوں کو جنگ کی ممانعت ہے اور نیز یہ کہ ان کا نتیجہ اچھا نہ ہوگا۔[۲] تین ہفتے کے بعد ایک دوسرا مراسلہ وصول ہوا جو پہلے مراسلے سے زیادہ پریشان کن تھا اس میں درج تھا کہ نواب صاحب نے دیسی رعایا اور نیز پردیسیوں[۳] کو متعلقہ جھنڈے اور اجازت نامے دے دئے ہیں جن جہازوں پر یہ جھنڈے

---

[۱] مدراس پبلک کونسل ۲۸ جنوری ۱۷۴۵ء۔

[۲] مدراس کونسل ۲۴ مارچ ۱۷۴۵ء۔

[۳] مدراس تمام فرانسیسیوں کے۔

فصل اول

اُڑتے ہوں اُن سے کوئی مزاحمت نہ ہونی چاہیئے۔[1] اگر یہ منظور کرلیا جاتا تو فرانسیسی جہازوں کو تجارت کی ویسی ہی آزادی رہتی جیسے انگریزی بیڑے کے آنے سے پہلے تھی لیکن برنٹ اور اُس کے افسر اس خفیف چال کی بناپر گرفتار شدہ جہازوں کے گراں بہا معاوضے کو کس طرح چھوڑ سکتے تھے۔ انگریزوں نے ایک وکیل بھیج کراپنی حالت اور ایسی صورتوں میں یورپ کا جو عملدرآمد ہے اُس کا اظہار کیا۔ اور طویل بحث کے بعد انگریز اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے اور اُنھوں نے لکھا کہ "آخرکار نواب کی سمجھ میں یہ بات آگئی کہ جو نقصان انگریزوں سے بگاڑ لینے میں ہوگا۔[2] اُسکی تلافی فرانسیسیوں کے نذرانوں سے نہیں ہوسکتی"۔ اس معاملے میں تو ڈوپلے کو زک ہوئی مگر اُس کو جو کامیابی ہوئی وہ صرف اس حدتک تھی کہ اُس نے ایک حکم اس مضمون کا حاصل کرلیا کہ پانڈیچری پر انگریز کوئی حملہ نہ کریں۔ اس کا گورنر مدراس نے یہ جواب دیا کہ میں جناب کے حکم کی خلاف ورزی نہ کروں گا بشرطیکہ فرانسیسیوں نے بھی اُس کی اسی طرح وقعت کی۔[3] لیکن جب ڈوپلے نے قریب کے قلعۂ سنیٹ ڈیوڈ کی آبادی پر حملے کی دھمکی دی تو یہ امر انگریزی بیڑے کے پانڈیچری کے محاصرے میں مانع نہ سمجھا گیا۔

اس عرصے میں لابور ڈانس جزائر میں ایسے بیڑے کی تیاری میں مصروف تھا جو انگریزی بیڑے کا کلہ بہ کلہ جواب دے سکے اس کے لئے بیحد جد وجہد کی ضرورت تھی مگر یہ کام ایسا مشکل نہ تھا جیسا کہ سمجھا جاتا تھا۔ وہ آخر کار کمپنی کے آٹھ جہاز اور ایک دیسی کشتی کے جو اُس نے جزائرہی میں بنوائی تھی فراہم کرنے میں کامیاب ہوا۔ فرانسیسی کمپنی کے جہاز زیادہ تر بڑے جہاز ۸۰۰ سے ۹۰۰ ٹن تک کے وزن کے تھے جن میں (۴۰) سے لے کر (۵۰) توپیں تک چڑھ سکتی تھیں۔ (۲۹۰) توپوں میں سے جو اس بیڑے میں تھیں صرف ۴۷-۱۸ پونڈی تھیں۔ اُس نے فرانسیسی بیڑے کو

[1] مدراس کونسل ۲۵ مارچ ۱۷۴۵ء۔

[2] مراسلۂ عام بنام انگلستان ۲۴ ستمبر ۱۷۴۵ء۔

[3] پبلک کونسل مدراس ۱۵ جولائی ۱۷۴۵ء۔

فصل اول

بمقابلہ انگریزی جنگی جہازوں کے بہت کمزور کر دیا جو معمولی طور سے (۱۸) پونڈی توپوں سے مسلح تھے۔ علاوہ اس کے انگریزی جہاز اُن جہازوں سے جو اسباب کے حمل و نقل کے لئے بنائے گئے تھے زیادہ تر سریع الحرکت تھے۔ لابورڈانس نے ان دونوں نقائص کی تلافی ملاحوں کی زیادتی سے کرنی چاہی۔ اس میں انگریز کمزور تھے۔ ان کی پوری تعداد (۱۶۰۰) آدمیوں کی تھی لیکن گرم ممالک اور خرابیٔ خون کی بیماری نے اُن کی تعداد گھٹا کر انکو اور زیادہ کمزور کر دیا تھا اس لئے انگریز بشمول "لشکر" کے صرف (۱۳۰۰) یا (۱۴۰۰) سے زیادہ ملاح لابورڈانس کے (۳۰۰۰) ملاحوں کے مقابلے میں نہیں لا سکتے تھے[1]۔ بہت سی تعویق اور حادثات کے بعد ۲۵ رجون سے ۶ رجولائی تک فرانسیسی جہاز ساحل سے نظر آنے لگے۔ ان کی آمد غیر مترقبہ نہ تھی۔ فروری گزشتہ میں انگریزوں کو خبر پہنچ چکی تھی کہ ایک بیڑا جزائر میں تیار ہو رہا ہے[2]۔ اس عرصے میں کرٹس برنٹ قلعۂ سینٹ ڈیوڈ میں بخار سے بیمار ہو کر فوت ہو چکا تھا اور بیڑا اس کے ایک سینیر کپتان ایڈورڈ پیٹن نامی کے زیر حکم تھا جو ناقابلِ اعتبار اور غیر جری عہدہ دار تھا[3]۔ وہ اپنے بعض جہازوں کی مرمت کے لئے ٹرنکو ملی جا رہا تھا جبکہ صبح کے وقت اُسے فرانسیسی بیڑا ساحل نیگاپٹم پر نظر آیا۔ ہوا دھیمی تھی اس لئے دونوں بیڑے شام کے چار بجے سے پہلے مقابلے میں نہ آسکے مقابلے میں آنے کے بعد لڑائی شروع ہوئی جو شام تک جاری رہی مگر کوئی فیصلہ نہ ہوا۔ دوسرے دن صبح کو پیٹن اپنی ترتیب کو درست کر کے دشمن کیطرف بڑھا مگر فرانسیسی شمال کی طرف ہٹ گئے اسی شام کو ایک جنگی کونسل ہوئی اور انہیں یہ طے ہوا کہ لڑائی میں جہازوں کو جو نقصان پہنچا ہے اسکی درستی ٹرنکو ملی جا کر کرانی چاہیئے[4]۔

---

[1] مجھ کو جون یا جولائی ۱۷۴۶ء کی تعداد نہیں ملی مگر مقابلہ کرو ۲۸ نومبر ۱۷۴۶ء کی تعداد سے (پی۔ آر۔ او امیر البحری ا۔ ۲۲۸) نیز کارگذاری انگریزی بیڑے کی صفحہ ۴۸ - ۴۶۔

[2] پبلک کونسل ۸ فروری ۱۷۴۶ء۔

[3] گریفن بنام انیسن مورخہ ۲ فروری ۴۷-۱۷۴۶ء (برٹش میوزیم ای ڈی ڈی قلمی ۱۵۹۵۵ - الف ۲۸۸)۔

[4] پیٹن بنام کاربٹ ۲۸ نومبر ۱۷۴۶ء (پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری ۲۲۸۸-۱)۔

فصل اول

اس لڑائی میں بہ نسبت انگریزوں کے فرانسیسیوں کو زیادہ تر نقصان پہنچا تھا۔ انگریزوں کے صرف (۱۴) آدمی مارے گئے تھے اور (۴۶) زخمی ہوئے تھے[1] برخلاف اس کے لابورڈانس کے (۲۷) آدمی مارے گئے اور (۱۵۰) زخمی ہوئے تھے۔ اُس کے جہازوں کو بھی گولوں اور زیادہ تر آگ سے نقصان پہنچا تھا[2]۔ اگر کوئی شخص پیٹن سے زیادہ تجربی اور ہوشیار عہدہ دار ہوتا تو فرانسیسی بیڑے کو اس موقع پر بہت زیادہ نقصان پہنچا دیتا قبل اس کے کہ اُسے پانڈیچری کی توپوں کی آڑ میں جاکر پناہ لینے کا موقع ملتا۔

بہرحال لابورڈانس فرانسیسی آبادی میں پہنچ گیا۔ اور تقریباً ایک مہینے تک وہاں مقیم رہکر جو خزانہ وہ لایا تھا اُس کو اُتارتا رہا۔ اپنے جہازوں کو درست کرتا اور مختلف تجاویز پر غور کرتا رہا۔ لابورڈانس اور ڈوپلے ہمیشہ سے ایک دوسرے کو ناپسند کرتے تھے۔ یہ آگ دفعتاً پھر بھڑک اُٹھی۔ لابورڈانس کی سلامی میں صرف (۱۵) توپیں سر کی گئیں۔ ڈوپلے بجائے اس کے کہ گودی پر جاکر اُس کا استقبال کرتا اُس سے سرکاری مکان میں ملا۔ باجے والوں نے اُس کے آنے پر بجائے "اکن چیپ" کے ڈھول سے سلامی اُتاری۔ اس سے لابورڈانس سمجھا کہ ڈوپلے کو اُس سے اعلیٰ تر مرتبے کا دعویٰ ہے اس دعوے کو وہ بحیثیت ایک معاہد بحری افسر کے ایک ملازم کمپنی کے مقابلے میں منظور کرنے کے لئے آمادہ نہ تھا۔ ایک ہفتہ بھی نہ گزرنے پایا تھا کہ ڈوپلے نے اسکو علانیہ ایسے سامعین کے سامنے جو اُس کو سن سکتے تھے بُرا بھلا کہنا شروع کردیا[3]۔

جو تجاویز ان لوگوں کے پیش نظر تھیں اُن کے دو مقاصد تھے اول انگریزی بیڑے کی تباہی دوسرے مدراس کی فتح۔ موخر الذکر لابورڈانس کی قدیم آرزو تھی۔

---

[1] ہردی کی تاریخ بحری جلد ۴ صفحہ ۳۱۴۔

[2] پانڈیچری بنام ماہی ۱۳ جولائی ۱۷۴۶ء (پی۔ آر نمبر ۱۔ الف ۳۳۴) پانڈیچری بنام کمپنی ۳۱ جنوری ۱۷۴۷ء (پی۔ آر نمبر ۷)۔

[3] روزنامچہ آننداررنگاپلے جلد ۲ صفحہ ۱۱۴ و ۱۲۱ و ۱۲۸۔

فصل اول

لیکن اس کے حصول کے لئے پہلے انگریزی بیڑے سے بھگتنا تھا فرانسیسیوں کا بیڑا توپوں کے لحاظ سے بمقابلہ انگریزی بیڑے کے بہت کمزور تھا۔ اس کمی کو حتی الامکان پورا کرنے کے لئے لابورڈانس نے چند (۱۸) پونڈی توپوں کی خواہش کی ڈوپلے صرف تعداد مطلوبہ میں سے ½ دینا اور اس کمی کو اس سے ہلکی توپوں سے پورا کرنا چاہتا تھا۔ جو بشرطیکہ انگریزی بیڑے کا کمانڈر اپنے کام سے واقف ہوتا بالکل بیکار ثابت ہوئیں[1]۔ ان توپوں اور مزید ملاحوں کے ساتھ لابورڈانس نے لنگر اٹھایا تاکہ انگریزی بیڑے سے مقابلہ کرکے اس کو ضائع کردے۔ انگریزی بیڑا اس کو ساحل نیگاپٹم کے شمال میں سفر کرتا ہوا ملا۔ دو دن میں بیڑے ایک دوسرے کے مقابل ہوگئے آخرکار ۸ سے لے کر ۱۹ اگست تک پیٹن موافق ہوا کے ساتھ حملے کے لئے بڑھا۔ قریب پہنچنے پر اس کو معلوم ہوا کہ اکثر فرانسیسی جہازوں پر جدید قطاریں توپوں کی چڑھی ہوئی ہیں یہ دیکھ کر وہ دفعتاً حملے سے رک گیا اور چند روز جنوب میں اس امید پر پھرتا رہا کہ شاید اس کو جدید مدد مل جائے مگر جب مدد نہ پہنچی تو اس نے ۲۲ر اگست سے ۲ر ستمبر تک ساحل پلیکاٹ کا رخ کیا یہاں اسکو یہ خبر ملی کہ فرانسیسی مدراس پر حملہ کرنے والے ہیں۔ وہ ایک دوسری جنگی کونسل کے ذریعے سے اپنے متواتر فرار کا وثیقہ حاصل کرکے بنگال کی طرف چلا گیا[2]۔

اس کا حال نہ ان فرانسیسیوں کو معلوم تھا جو کہ ساحل پر تھے اور نہ انگریزوں کو انگریزوں کی جو امیدیں اس سے وابستہ تھیں وہ سب خاک میں مل گئیں پلیکاٹ پہنچ کر اس نے مدراس کو اطلاع دینے کی زحمت بھی گوارا نہ کی البتہ ایک دیسی انگریزی جہاز جو بٹیویا سے مدراس آرہا تھا اس کی حفاظت کا انتظام کردیا۔ یہ جہاز پیٹن کے پلیکاٹ پہنچنے سے دو دن قبل مدراس پہنچا اور اس نے بیڑے کے قریب آجانے کی اطلاع دی۔ اس پر انگریزی کونسل نے ایک کشتی اس کی تلاش میں

[1] لابورڈانس بنام ڈوپلے ۱۷ر جولائی و جواب ڈوپلے بنام لابورڈانس۔

[2] پیٹن بنام کاربٹ ۲۸ر نومبر ۱۷۴۶ء (حسب حوالۂ سابق)۔

فصل اول

روانہ کی اور مضطربانہ مدد کی استدعا کی مگر پیٹن نے روانگی میں اس قدر عجلت سے کام لیا تھا کہ یہ کشتی اُس کو نہ پا سکی[1]۔

لابورڈانس نے پیٹن کو سمجھدار قرار دے کر جس کا وہ فی الحقیقت مستحق نہ تھا یہ فرض کر لیا تھا کہ وہ اس خیال سے لڑائی سے ہٹ گیا ہے کہ جب فرانسیسی مدراس پر حملہ کریں اور اُن کی نصف بحری فوج خشکی میں کام کر رہی ہو ان کے بیڑے پر دفعتاً حملہ کر دے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بیڑے کی موجودگی میں مدراس پر حملہ نہایت خطرناک کام ہو جاتا۔ پیٹن کے بغیر لڑے ہٹ جانے کے بعد لابورڈانس ۱۲-۲۳ اگسٹ کو پانڈیچری واپس آ گیا۔ اُس کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اب اُس کو کیا طریقۂ کارروائی اختیار کرنا چاہیئے۔ اُس کا دل مدراس کی فتح کے لئے تڑپ رہا تھا لیکن وہ امکانی ناکامی کی ذمہ داری کو اپنے سر لینا نہیں چاہتا تھا۔ اس لئے اُس نے یہ ذمہ داری ڈوپلے اور اُس کی کونسل پر ڈالنی چاہی اور ایسے رزولیوشن کا طالب ہوا جس میں یہ طے کیا جائے کہ ایسی کوشش کمپنی کے مقاصد کے لئے مفید ہے[2]۔ مگر ڈوپلے بھی لابورڈانس کی طرح اس ذمہ داری کو اپنے سر لینا نہیں چاہتا تھا اس لئے اُس نے لابورڈانس سے یہ استدعا کی کہ یا تو بیڑے کا تعاقب یا شہر پر حملہ کیا جائے[3]۔ حالات کا اندازہ کرنے کی غرض سے لابورڈانس نے اپنا بیڑا نمائشی حملے کے لئے مدراس بھیج دیا تاکہ اگر انگریزی بیڑا قرب و جوار میں موجود ہو تو وہ مدد کے لئے نکلے۔ یہ انگریزی کمانڈر کی ناقابلیت کا گویا اعلان تھا کیونکہ یہ واقعہ اُس کے پلیکاٹ پہنچنے سے صرف دو دن قبل کا تھا۔ پس فرانسیسی جہاز بغیر کچھ پتا لگائے پانڈیچری کو واپس آ گئے۔

اس بے دست و پائی نے لابورڈانس کے محاصرۂ مدراس کے ارادے کو مصمم کر دیا۔ وہ لنگر اٹھا کر مدراس کے ساحل پر آ اترا اور ۷-۸ اسر اگسٹ کو بم کی توپوں کی ایک بیٹری سے جو قلعے کے جنوب میں ایک جھنڈ میں چھپی ہوئی تھی گولہ باری

---

[1] برٹش میوزیم اے ڈی ڈی قلمی ۲۳۸۲۵ ایف ایف ۱۰۶ وغیرہ۔

[2] لابورڈانس بنام ڈوپلے ۲۶ اگسٹ ۱۷۴۶ء۔

[3] روئداد کونسل ۲۷ اگسٹ ۱۷۴۶ء۔ (حسب سابق ص ۲۹)۔

فصل اول شروع کردی۔ اسی شام کو اُس نے ایک دوسرے بم کی توپوں کی بیٹری گورنر کے خانہ باغ کے پیچھے سے مغرب کی طرف لگادی[۱]

انگریز اس کارروائی کا انسداد بجز اس کے کچھ نہ کرسکے کہ قلعے کی دیواروں سے بے سرو پا اور غیر موثر طریقے سے جواب دیتے رہے۔ ان کی فوج میں صرف (۳۰۰) سپاہی تھے جن میں سے نصف یورپین اور باقی دوغلے پرتگالی تھے نہ سپاہی پورے طور سے قواعد داں تھے اور نہ اُن کے افسروں کو حقیقی جنگ کا کوئی تجربہ تھا۔ اُن کی تعداد اُس فوج کی تعداد کے مقابلے میں جو لابورڈانس نے اُتاردی تھی ایک تہائی سے بھی کم تھی۔ کونسل کی تمام امیدیں بیرونی مدد پر منحصر تھیں خواہ وہ بیڑے سے ملے یا نواب سے۔

بیٹن نے جیسا کہ ہم کو معلوم ہوچکا ہے بہت آسانی کے ساتھ یہ یقین کرلیا تھا کہ اُس کو مدراس کی حفاظت سے کوئی تعلق نہیں ہے اور وہ پُرامن گنگا میں پناہ لینے کے لئے نہایت تیزی سے بڑھا چلا جاتا تھا مگر نواب صاحب انگریزوں کے طرفدار ہوگئے تھے[۲] قبل اس کے کہ لابورڈانس مدراس کا محاصرہ کرے نواب انورالدین خاں نے اس کو تین مرتبہ نہایت صراحت کے ساتھ مدراس پر حملہ کرنے سے باز رہنے کے لئے لکھا تھا اور یہ دھمکی دی تھی کہ اگر اُنھوں نے ایسا کیا تو وہ پانڈیچری سے نکال دئے جائیں گے۔ ۸۔ ۱۹ ستمبر کو ڈوپلے کے پاس بذریعہ شترسوار کے یہ شدید حکم پہنچا کہ وہ اس مہم سے باز رہے[۳]

---

[۱] لابورڈانس بنام ڈوپلے ۱۵ ستمبر ۱۷۴۶ء (حوالۂ حسب سابق ۳۷) ولیون میگزین ۲۷، صفحات ۲۲۲ وغیرہ برٹش میوزیم قلمی ۲۵ ۳۸۲۳ الیف ۱۵۲۔

[۲] عام روایت جس کو آرمی نے بھی اختیار کرلیا ہے یہ ہے کہ انگریزوں نے استدعائے مدد کے ساتھ کافی نذرانہ نہیں بھیجا تھا اس کی بنیاد صرف قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کی کونسل کے قیاسات ہیں جو اُنھوں نے مدراس کے ہاتھ سے نکل جانے کے زمانے میں قائم کئے تھے۔ مگر یہ واقعات کے خلاف ہے کیونکہ نواب انورالدین خاں نے انگریزوں کی مدد کرنے میں کبھی پس و پیش نہیں کیا۔

[۳] روزنامۂ انندا رنگا پلے جلد ۲ صفحہ ۲۸۵ و ۲۹۱ و ۳۱۱۔

فصل اول

اس نے اس کا جواب دیا اور یہ وعدہ کیا کہ اگر شہر مدراس فتح ہو گیا تو وہ نواب صاحب کے حوالے کر دیا جائیگا[1]

اس حکمت عملی کی بڑی تعریف کی جاتی ہے جس کی وہ فی الحقیقت مستحق نہیں ہے۔ یہ ایک چلتا ہوا فقرہ تھا جس کا مقصد لابورڈانس کو فریب دینا تھا نہ کہ نواب صاحب کو طرفدار بنانا۔ نواب صاحب پر اس کا مطلق کوئی اثر نہیں ہوا اگر ڈوپلے کو یہ کہنے کا موقع مل گیا کہ بعدہ جو لڑائی مسلمانوں سے ہوئی اس کی وجہ یہ تھی کہ اس کے رقیب لابورڈانس نے مدراس کو اپنے قبضے میں رکھا۔ ڈوپلے کا یہ قیاس کہ شہر مدراس نواب صاحب کی امداد آنے سے قبل ہی فتح ہو جائیگا بالکل صحیح ثابت ہوا۔

اس عرصہ مدت میں انگریزوں پر برابر گولہ باری ہوتی رہی جو بہت زیادہ موثر نہ تھی۔ اگرچہ بم کے گولوں سے محفوظ صرف ایک ہی مقام یعنی پرتگالی گرجا تھا جس میں عورتیں اور بچے پہنچا دیئے گئے تھے۔ تمام محاصرے میں صرف (۶) آدمی کام آئے دو انگریز اور چار پرتگالی[2] مگر اتفاقیہ ایک گولہ شراب کے ذخیرے میں پہنچ گیا اور اسکا دروازہ ٹوٹ گیا فوج کے لوگ اس کو پی کر بدمست ہو گئے اور قابو سے نکل گئے دو دن کی گولہ باری کے بعد انگریزوں نے اپنے نمائندے لابورڈانس کے پاس بھیجے لابورڈانس نے بشرط تحویل اُن کے ساتھ رعایت کرنے کا وعدہ کیا اور مقابلے کی صورت اختیار کرنے میں خونریزی اور تباہی کی دھمکی دی[3]۔ اس تجویز کا لابورڈانس نے نہایت خوشی سے خیر مقدم کیا۔ اس کو اسی زمانے میں ڈوپلے سے چار جہازوں کے نظر آنے کی خبر معلوم ہو چکی تھی دونوں کو خوف تھا کہ مبادا یہ جہاز انگریزوں کی جدید فوج لیکر نہ آئے ہوں اور ان کی مدد سے پیٹن اُن کے بیڑے پر حملہ نہ کر دے جسمیں اسوقت صرف نصف ملاح تھے اس لئے دوسرے دن اُس نے مدراس کی تحویل کو اس شرط پر

[1] ڈوپلے بنام لابورڈانس ۱۲ ستمبر ۱۷۴۶ء۔

[2] لوتھ صاحب کی کتاب وسٹیا جز جلد ۳ صفحہ ۴۲۵۔

[3] لابورڈانس بنام اہل اسلام و ڈوپلے ۲۰ ستمبر ۱۷۴۶ء

فصل اول منظور کر لیا کہ معاوضے کی مقدار کا تصفیہ بعد کیا جائیگا - ۲۱ ستمبر کی شام کو وہ دریا کی طرف کے دروازے سے قلعے میں داخل ہوا اور قبضہ اُس کو دیدیا گیا[1]

اس واقعے نے دونوں فرانسیسی عہدہ داروں کی رنجشوں کی آگ کو جو ابتک دبی ہوئی تھی بھڑکا دیا - ان میں سے ہر ایک شخص اس پر مستعد اور خواہشمند تھا کہ مفتوحہ شہر کا تصفیہ اُس کے ہاتھ میں رہے - ہم کو معلوم ہو چکا ہے کہ ڈوپلے نے یہ وعدہ کر کے کہ شہر مدراس نواب کے حوالے کر دیا جائیگا - اپنے رقیب کو بے دست و پا کر دینے کی کس طرح کوشش کی تھی اس خبر کے سننے سے پہلے ہی لابور ڈانس خود مختارانہ کارروائی کا دعویٰ کر چکا تھا جس مراسلے میں اُس نے داخل مدراس ہونے کی اطلاع دی اُس میں اُس نے یہ بھی لکھا کہ اب وہ شمالی ساحل کا بری اور بحری کمانڈر کہلاتا ہے - اس کا تذکرہ اس طرح کیا گیا تھا کہ گویا یہ ایک ضمنی بات تھی - اس سے اگرچہ بصراحت حکومت پانڈیچری خارج کر دی گئی تھی مگر ڈوپلے فوراً مقابلے کے لئے آمادہ ہو گیا اُس نے اور اُس کی کونسل نے ہندوستان کے اُن تمام مقامات پر کامل اختیار کا دعویٰ کیا جہاں فرانسیسی جھنڈا نصب ہو - اور فوراً ایک کونسل مدراس کے انتظامی معاملات کا جائزہ لینے کیلئے مقرر کی[2] - لابور ڈانس نے اُن کے قبول کرنے سے انکار کر دیا - اور حسب ہدایت ڈوپلے اُنھوں نے بجبر قبضہ لینا چاہا تو لابور ڈانس نے پانڈیچری کی فوج کو جس سے ان کو مدد کی امید ہو سکتی تھی جہاز پر بھیج دیا -

اس نزاع کی تفصیل سے بحث کرنا بیکار ہے - فریقین حسب معمول ہر ایک وجہ بجز اس کے جو اصل محرک تھی پیش کرتے تھے - اصل سوال یہ تھا کہ اس سے کس شخص کو منتفع ہونا چاہیئے - لابور ڈانس ان فیاضانہ شرائط سے جس کی اُس نے نہایت چالاکی سے انگریزوں کو امید دلائی تھی ذاتی منفعت حاصل کرنا چاہتا تھا - ڈوپلے لابور ڈانس کی بیدخلی کی صورت میں اُن اجازت ناموں کے ذریعے سے جو مال کو مدراس سے باہر لے جانے کے متعلق دئے جاتے بہت کچھ فائدہ حاصل کرنیکا متوقع تھا[3]

---

[1] لابور ڈانس بنام ڈوپلے ۲۱ ستمبر ۱۷۴۶ء (حوالہ حسب سابق نمبر ۴۹) -

[2] کونسل بنام لابور ڈانس ۲۵ ستمبر ۱۷۴۶ء (حسب سابق نمبر ۶۵) -

[3] روزنامچۂ انند ارنگاپلے جلد ۲ صفحۂ ۳۰۱ - ۳۰۲ -

فصل اول

لابور ڈانس بر سر موقع موجود ہونے کی وجہ سے زور دار تھا۔ بر خلاف اس کے ڈوپلے دور سے بیٹھا ہوا غیظ و غضب کا اظہار کر رہا تھا۔ لابور ڈانس نے نہایت اطمینان سے معاوضے کے متعلق کارروائی شروع کی۔ گفت و شنید کے بعد معاوضہ گیارہ لاکھ پاگوڈا فرانسیسی کمپنی کے لئے اور ایک لاکھ اس کے ذاتی نذرانے کے لئے قرار پایا۔ منجملہ موخر الذکر رقم کے قابل وثوق گواہوں کے بیان سے معلوم ہوا کہ (۸۸۰۰۰) پاگوڈے اُسے سونے اور جواہرات میں ادا کر دیئے گئے تھے۔[۱]

ان لوگوں کے بیانات کو غلط سمجھنے کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی۔ اٹھارویں صدی کے طرز معاشرت کے لحاظ سے ایسے معاملات بعید از قیاس نہ تھے اور نہ معاوضے کی کارروائی ایسی بے اصول ہے جیسی کہ عام طور سے سمجھی جاتی ہے اس معاملے میں جو رائے قائم کی جانی چاہیئے وہ واقعات مابعد پر نظر کر کے نہ قائم کی جانی چاہیئے۔ اُس زمانے تک فرانسیسی اور انگریزوں دونوں کا مقصد ہندوستان کے ممالک پر قبضہ کرنے کا نہ تھا اور نہ ان دونوں قوموں میں سے کسی قوم کو یہ خیال تھا کہ وہ ساحل کرومنڈل پر تجارت کا تنہا حق حاصل کرنے کی دعویدار ہو۔ ہندوستان اور افریقہ کے سواحل پر جو آبادیاں واقع تھیں اُن پر جنگ کے زمانے میں حملہ ہو سکتا تھا مگر اُس زمانے کا طریقہ یہ نہ تھا کہ مفتوحہ قوم سے کلیتہً سمندر پار کی بڑی تجارتی مشاغل سے دستبرداری کی خواہش کیجائے اس کا پتا ۱۷۴۸ء ۱۷۶۳ء اور ۱۷۸۳ء کے معاہدات سے چلتا ہے۔ پہلے نظائر کی بنا پر ۱۷۴۶ء کے دیکھنے والے کو یہ معلوم ہوتا تھا کہ بعد صلح کے بقیاس غالب شہر مدراس انگریزوں کے قبضے میں دیدیا جائیگا۔ پس اصل سوال یہ تھا کہ انگریزی کمپنی کو زیادہ سے زیادہ نقصان پہنچانے کی کیا سبیل ہو سکتی ہے۔ اسکے واسطے دو ہی صورتیں تھیں یا تو معاوضہ وصول کیا جائے یا اُسے تباہ کر دیا جائے۔ لابور ڈانس نے مقدم الذکر تجویز کو پسند کیا۔ ڈوپلے بظاہر اپنے آپ کو دوسری تجویز کا حامی بتاتا تھا۔ اور دونوں تجویزیں مجوزوں کے لئے ذاتی منافع کی امیدیں دلا رہی تھیں۔ اس معاملے سے اُس زمانے کی اس خصوصیت پر کہ لوگ کس طرح ملکی اور ذاتی فوائد کو ساتھ ساتھ

---

[۱] آئی او۔ مقدمہ نمبر ۲۱۔

فصل اول

لے چلنا چاہتے تھے پوری روشنی پڑتی ہے ۔ یہ سمجھنا کہ ڈوپلے یا لابورڈانس اپنے ملک کے خیر خواہ نہ تھے سخت غلطی ہوگی ۔ دونوں اپنے ملک کے ہی خواہ تھے اور اُس زمانے میں بہت کم لوگ ایسے تھے جو اُس کے خلاف سمجھتے تھے ۔

اس معاملے کی گفت وشنید اور ڈوپلے کی بحث کی وجہ سے لابورڈانس کو اتنے دن ٹھہرنا پڑا کہ ماہ اکتوبر کی بارش کا زمانہ قریب آگیا جس زمانے میں کرومنڈل کے بے بند رسواحل پر طوفانوں کا بڑا زور شور ہوتا ہے ڈوپلے اور لابورڈانس دونوں اپنی نزاع کے نتیجے کے متعلق متردد تھے ۔ لابورڈانس جانتا تھا کہ جو صلح وہ کرنا چاہتا ہے اُس کی تکمیل کے لئے ڈوپلے کی تائید ضروری ہے اور ڈوپلے اس سے ڈر رہا تھا کہ مبادا لابورڈانس مدراس انگریزوں کے حوالے کرکے روانہ ہوجائے ۔ اس لئے فریقین دھیمے پڑ گئے ۔ لابورڈانس نے یہ تجویز کی کہ فروری تک کے لئے ایک فرانسیسی جمعیت مدراس میں چھوڑ دی جائے[1] ڈوپلے اس شرط کے ساتھ معاہدے پر راضی ہوگیا[2] ۔ اصل معاہدے میں پانچ شرطیں اور بڑھادی گئیں جن کو بجبر انگریزی کونسل نے منظور کرلیا ۔ وقت مقررہ سے دو دن پہلے برسات شروع ہوگئی اور ایک شدید طوفان نے فرانسیسیوں کے ان جہازوں میں سے جو مدراس کے رستے میں لنگرانداز تھے چار جہازوں کو ڈبو دیا اور چار جہازوں کے مستولوں کو توڑ تاڑ کر بیکار کردیا ۔ دو دن بعد فرانسیسی افسر اپنے بقیہ شکستہ اور خستہ بیڑے کو لیکر پانڈیچری روانہ ہوگیا اور جو فوج وہ اپنے ساتھ فرانسیسی جزائر سے لایا تھا اس میں سے ۱۲۰۰ آدمی مجبوراً اور خلاف مرضی اُس کو چھوڑ دینے پڑے جس سے اس کے رقیب کی جمعیت میں اور اضافہ ہوگیا اور مدراس کا معاملہ ڈوپلے کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ۔

مگر اس سے بھی ان کی باہمی نزاع رفع نہ ہوئی کیونکہ ابھی تک جہازوں کے قیام کا مسئلہ باقی تھا ۔ ابتدا سے ڈوپلے کی یہ خواہش تھی کہ اس معاملے میں اُس کو زیادہ

[1] ڈی امیر منشل بنام لابورڈانس ۹ - اکتوبر ۱۷۴۶ء ۔

[2] ڈوپلے بنام لابورڈانس ۷، ۸، و ۱۱ و ۱۲ - اکتوبر ۱۷۴۶ء (حسب سابق نمبر ۱۲۲ و ۱۳۱ و ۱۳۸ و ۱۴۸) ۔

فصل اول

اختیار رہنا چاہیئے جس کے لئے لابور ڈانس راضی نہ تھا یہ معاملہ یورپ سے تین مزید جہازوں کے آجانے سے اور زیادہ پیچیدہ ہوگیا۔[1] کمپنی نے یہ جہاز ڈوپلے کی تحویل میں دئے تھے مگر وزارت سے وہ لابور ڈانس کے سپرد کر دئے گئے تھے۔[2] اس سے ڈوپلے نے بہت اثر لیا اور اس بارے میں نہایت سختی کے ساتھ لکھا۔ اس واقعے کے دو سال بعد اُس نے اپنے بھائی کو لکھا کہ بظاہر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ لابور ڈانس بیڑے کو فروخت کر دینے جلا دینے تباہ کر دینے اور حوالے کر دینے کا مجاز کر دیا گیا تھا اور میں ہندوستان میں صفر محض تھا۔[3] اس غصے میں وہ ایسے اعمال کا مرتکب ہوا جو تعجب کی نظر سے دیکھے جانے کے قابل ہیں۔[4] لابور ڈانس کو یہ اطلاع دی گئی کہ جو جدید جہاز آئے ہیں وہ جاڑا مرگو میں بسر کریں گے۔ دو دن کے بعد ان کو اچین جانے کا حکم دیا گیا۔ مگر اس سے دو روز قبل ان کے پاس لابور ڈانس کا بصیغۂ ضروری حکم پہنچ چکا تھا کہ وہ فوراً اُس کے پاس آکر بیڑے میں شریک ہو جائیں۔[5] انھوں نے اسی کے مطابق عمل کیا اور ۱۵ اکٹوبر سے ۲۶ تک کل بیڑا پانڈیچری پر لنگر انداز رہا۔ یہاں سے لابور ڈانس نہایت خاموشی کے ساتھ کونسل کی تجاویز کو منظور کر کے اچین کی طرف روانہ ہوگیا اس ارادے سے کہ آئندہ جنوری تک وہ پھر ساحل پر آجائیگا۔ لیکن اُس کے تین جہازوں کو حال کے طوفان نے بیکار کر دیا تھا اور وہ مخالف ہوا میں اچین جانے کے قابل نہ تھے لہذا وہ اُن کو لے کر فرانسیسی جزائر کی طرف چلا گیا اور پھر اُس کو ہندوستان کے سمندروں میں آنا نصیب نہ ہوا۔ باقی جہازوں نے جنھیں وہ چھوڑ گیا تھا اپنا سفر جاری رکھا۔

اس نزاع کو اہم قرار دینے میں بہت کچھ مبالغے سے کام لیا گیا ہے اس سے

---

[1] السن کی تحریر سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ کمپنی نے لابور ڈانس کو ڈوپلے کے ماتحت کر دیا تھا مگر یہ سخت غلطی ہے وزیر نے بیشک احکام جاری کئے تھے یہ فرض کر کے کہ لابور ڈانس مریشس میں ہے۔

[2] مراسلہ مورخہ ۲۶ جنوری ۱۷۴۹ء (نزیلی کی کتاب موسومہ حفاظت پانڈیچری ذریعۂ ڈوپلے صفحہ ۲۵۳)۔

[3] تذکرۂ لابور ڈانس نمبر ۱۸۹ و ۱۹۴۔ واقعات کی تردید ڈوپلے نے نہیں کی۔

[4] حوالہ حسب سابق نمبر ۱۹۵۔ [5] حوالہ حسب سابق نمبر ۱۹۹۔

فصل اول بجائے اہم نتائج پیدا ہونے کے صرف فرانسیسیوں کی بدنظمی کا اظہار ہوتا ہے۔ اگر دونوں افسر مل کر ایک مقصد کے لئے کام کرتے تو لابورڈانس کا بیڑا طوفان سے محفوظ رہتا اور جنوری ہی میں ساحل پر آجاتا اور ممکن تھا کہ وہ انگریزوں کے اس بیڑے سے جسکو مزید مدد پہنچ گئی تھی اور جو ایک قابل عہدہ دار کے تحت میں تھا ایک اور غیر منفصلہ لڑائی لڑ لیتا لیکن اس سے ایلاشپل کے معاہدے میں کوئی تغیر تبدل نہیں ہو سکتا تھا۔ اصل میدان جنگ ہندوستان نہ تھا وہاں کی جنگ کا مقصد فتوحات کرنا نہ تھا بلکہ صرف تجارت کو نقصان پہنچانا تھا اگرچہ وہاں کی لڑائی نے ایسے حالات پیدا کردئے تھے جن کی بنا پر فتوحات ممکن اور مناسب ہو گئے تھے۔ لابورڈانس کی مہم کا اہم ترین نتیجہ یہ تھا کہ اس سے اتفاقیہ طور سے پانڈیچری کی فوج میں (۱۲۰۰) سپاہیوں کا اضافہ ہو گیا اور اُس نے فرانسیسیوں کو نواب سے لڑا دیا۔

ڈوپلے کو اب اس امر کا موقع ملا کہ جو عمل وہ مدراس کے متعلق کرنا چاہتا تھا اُس کو تجربے کے معیار سے جانچے۔ اُس نے معاوضے کے معاہدے کو کالعدم قرار دیا اور انگریزوں کو نہ صرف مدراس بلکہ قرب و جوار کے اُن مقامات سے بھی جہاں اُنھوں نے پناہ لی تھی نکال دیا۔ اور اپنے بہنوئی کو کمانڈنٹ مقرر کر کے یہ کوشش کی کہ تمام تجارت کو مدراس سے پانڈیچری میں منتقل کرلے اس کے لئے آسان تجویز یہ سوجھی کہ تمام دیسی تاجر مع اپنے مال کے پانڈیچری میں منتقل کرلئے جائیں۔ مگر ان لوگوں نے اس طور سے منتقل ہونے سے قطعی انکار کیا البتہ آرمینا کے تاجروں نے بظاہر اس سے اتفاق کیا مگر یہ صرف مال کو کسی دوسری جگہ منتقل کردینے کا بہانہ تھا[1]۔ دیسی تاجروں کو ڈوپلے بہت دھمکاتا رہا مگر اس سے کوئی فائدہ نہ ہوا۔ مارچ ۱۷۴۷ء میں اُس نے یہ حکم دیا کہ دیسی تاجروں کا مال قلعے میں اس غرض سے لایا جائے کہ وہ پانڈیچری بھیج دیا جائے اور خود اُن کو ایک ہفتے کے اندر وہاں پہنچ جانا چاہئے[2]۔ لیکن اسی سال کے آخر پر پانڈیچری کی کونسل نے حسب ذیل رپورٹ پیش کی:—

[1] روزنامچۂ آنندا رنگاپلے جلد سوم صفحہ ۱۰۹ و پانڈیچری بنام کمپنی ۲ فروری ۱۷۴۸ء (پی۔ آر نمبر ۲ ائیز) دیکھو حوالہ جات آخر میں۔

[2] روزنامچۂ متذکرۂ بالا صفحہ ۴۰۳، ۴۰۴ و ۴۰۵۔

فصل اول

"دیسی تاجروں کو یہاں آکر رہنے کے لئے جو طریقے بذریعۂ وعدہ و تحریص و ترغیب و ضبطی کے ہم نے اختیار کئے وہ سب غیر مفید ثابت ہوئے منتقل ہو جانے کی صورت میں اُن سے یہ وعدہ کیا جاتا تھا کہ وہ اپنے کل مال پر قابض رہیں گے اور اُن کی تجارت اور مذہب میں قطعی طور سے کسی قسم کی مداخلت نہیں کیجائیگی .... مگر بجز چند قلاشوں کے جو نہ دولتمند ہیں اور نہ ذی عزت ایک شخص نے بھی اس کو منظور نہیں کیا۔ ان کی اس عدول حکمی سے ہماری سخت بے وقعتی ہوئی"[1]

چند روز بعد احکام ضبطی کا اعادہ کیا گیا[2] مگر اس کا بھی کوئی نتیجہ پہلے سے بہتر نہیں نکلا۔ اگرچہ اس عرصے میں آدھے سے زیادہ "بلیک ٹاؤن" ویران کر دیا گیا تھا۔

ان کوششوں کا اگر کوئی نتیجہ تھا تو وہ صرف اس قدر تھا کہ جو فرانسیسی عہدہ دار مدراس میں تھے وہ دولتمند ہو گئے جب تک شہر لابورڈانس کے تحت میں رہا خوب لوٹ مار ہوتی رہی[3] لیکن جب چند روز کے بعد ایک گونہ امن قائم ہو گیا تو لوٹ مار کے لئے ایک دوسرا ذریعہ پیدا ہو گیا ضبطی کے احکام جاری ہوتے ہی ہر تاجر جس کا مال مدراس میں تھا اُس کو منتقل کرنے میں عاجل ہوا اور اس کے لئے اُس کو اچھی رقم دینی پڑی۔ خود ڈوپلے کمپنی کے اکثر ملازموں کی نسبت شکایت کرتا ہے کہ وہ "اپنے آپ کو بھول جاتے ہیں" لیکن یہ فقرہ اُن عہدہ داروں کی نسبت جو مدراس میں تھے بالکل غیر موزوں تھا۔[4] ایک مقدمہ جو ۱۷۵۸ء میں مدراس کے "میور" (امیر البلدہ) کی عدالت میں پیش ہوا اس سے تفصیلی حالات کا اظہار

[1] پانڈیچری بنام کمپنی ۳۰ نومبر ۱۷۴۶ء (پی آر ٹی)۔

[2] احکام سیول ۱۲ دسمبر ۱۷۴۶ء (پی۔ آر)۔

[3] مقابلہ کرو روزنامچۂ انند رنگا پلے جلد ۳ صفحہ ۱۳۵ سے۔ غالباً یہ اسی وقت کا واقعہ ہے کہ ایک دولتمند ارمنی تاجر کو جا پیٹرس اسکان کا وہ کفن ضائع ہو گیا جو وہ بیت المقدس سے اپنے لئے لایا تھا۔ یہ ایسا نقصان تھا جس کی شکایت اس نے اپنے وصیت نامے میں کی ہے۔ (وصیت ناجات مدراس بابتہ ۱۷۵۶ء)۔

[4] دیکھو ڈوپلے کی رپورٹ کمپنی کے ملازمین کے متعلق بابتہ ۱۷۵۱ء۔

ہوتا ہے[1]۔ ایک آرمنی نے اُس افسر کی خدمات کے معاوضے میں جو اُس کے مکانات پر تعینات ہوا تھا کپڑوں کے تھان اور سونے کی موٹھ لگی ہوئی بید نذر کی۔ کمپنی کے ایک ملازم کو اس غرض سے کہ اُس کا مال پانڈیچری نہ بھیجا جائے ایک ہیرے کی انگوٹھی دی گئی۔ ایک افسر کو پانچسو روپے اس غرض سے دئے گئے کہ اُس کا مال قلعے کے راستے سے پالیکاٹ بھیج دینے کی اجازت دی جائے۔ اس مال کو پہنچانے کے لئے سو روپے سپاہیوں کے بھی نذر کئے گئے تھے۔ ملاباری یا تامل تاجروں نے اپنے مال کا اندازہ نصف قیمت سے کرایا اور اس قیمت پر بیس فیصدی اپنے مال کو لے جانے کے لئے ادا کئے۔ یہ معاملہ اس طور سے ایک مقررہ ضابطہ ہو گیا۔ یہ نہیں معلوم ہوتا کہ مخصوص اشخاص مثلاً ڈی اسپرمینیل وغیرہ کا تعلق ان معاملات سے کس حد تک تھا لیکن عام طور سے یہی سمجھا جاتا تھا کہ وہ لوگ بھی جس قدر مل جائے اس کے لینے کے لئے تیار رہتے تھے۔ واقعات کے لحاظ سے ڈوپلے کی مدراس میں یہ کارروائی کسی طرح اُس تعریف کی مستحق نہیں قرار پا سکتی جو اُس کی کیجاتی ہے۔ اس سے نہ کمپنی کو کوئی فائدہ ہوا اور نہ یہی معلوم ہوتا ہے کہ اُسکے رشتہ داروں نے اس سے کوئی منفعت حاصل کی۔

اسی اثنا میں ڈوپلے کو اُس شکار کے لئے جو اُس نے بمشکل لابورڈانس کے ہاتھ سے چھڑا لیا تھا ایک جنگ کرنی پڑی۔ ہم کو معلوم ہو چکا ہے کہ نواب انورالدین خاں رئیس کرناٹک خشکی پر لڑائی کی ممانعت کر چکے تھے اور وہ اس پر آمادہ نہ تھے کہ اُن کے حکم کی خلاف ورزی بغیر سزا کے چھوڑ دی جائے۔ معمولی تعویق کے بعد اُنھوں نے اپنے فرزند محفوظ خاں کو اس غرض سے بھیجا کہ وہ فرانسیسیوں کو مدراس سے نکال دے۔ محفوظ خاں مدراس اُس وقت پہنچے جبکہ لابورڈانس کو گئے ہوئے زیادہ عرصہ نہ ہوا تھا[2]۔ پہنچنے سے دوسرے ہی دن ایک معرکہ ہوا جس میں مغلئی فوج فرانسیسیوں کی میدانی توپوں کے سامنے نہ ٹھہر سکی۔ یہ غالباً پہلی

---

[1] آمویت ناظر بنام اراتون بیڈرامی (عدالت میئر کے مقدمات ۱۷۵۸ء)۔

[2] اکٹوبر ۱۷-۴۸۔

فصل اول

(۴) پونڈی توپیں تھیں جن میں گراب بھرا ہوا تھا لیکن اس سے وہ محاصرہ نہ ٹوٹ سکا جو اس وقت تک پورے طور سے قائم کر لیا گیا تھا۔ ڈوپلے نے اپنے انجنیر پیراڈس کے زیر حکم جو اس کے افسروں میں قابل ترین افسر تھا (۲۵۰) یورپین او کچھ سپاہی مدد کے لئے روانہ کئے۔ جب وہ مدراس پہنچا تو اس کو معلوم ہوا کہ محفوظ خاں وسیع مگر غیر عمیق دریا ادمیار[۵۱] کے شمالی کنارے پر اس کا راستہ روکے ہوئے پڑا ہے۔ جو لڑائی ہوئی اس میں فرانسیسیوں نے بڑی جرأت سے کام لیا انھوں نے دریا کو عبور کر کے متواتر گولہ باری شروع کر دی جس کے سامنے مغلئی فوج نہ ٹھہر سکی شکست کھا کر بھاگی اور سنیٹ ٹامس کی گلیوں میں جو اس کے عقب میں واقع تھیں جا کر پھنس گئی اس میں اس کے اکثر سپاہی کام آئے۔ آخر بمشکل اس سے نکل کر فرانسیسیوں کی زد سے باہر ہوگئی اور محاصرہ اٹھ گیا[۵۲]۔

فوری نتائج سے قطع نظر کر کے یہ لڑائی ایک اہم لڑائی تھی۔ میرے خیال میں اس کے مورخین نے غلط امور پر زور دیا ہے۔ ارمی لکھتا ہے کہ اس سے مغلوں کی فوقیت کا طلسم ٹوٹ گیا۔ اور یہ سب سے پہلے بڑی کامیابی تھی جو یورپ والوں نے دیسی فوج کے مقابلے میں حاصل کی اور جس کا سلسلہ بعدہٗ ایک صدی سے زیادہ عرصے تک جاری رہا۔ لیکن ہم یہ فرض نہیں کر سکتے کہ کسی وقت بھی اہل یورپ نے

---

۵۱ جو اس زمانے میں "سنیٹ ٹامس ریور" کے نام سے مشہور تھا۔

۵۲ مورخوں نے اس لڑائی کو ایک افسانہ بنا دیا ہے۔ مالیسن کی تاریخ (فیصلہ کن لڑائیاں صفحہ ۱۴۴) کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ پیراڈس اور اس کے سپاہی ایک عمیق اور تیز ندی کو دشمن کی بندوقوں اور توپوں کی متواتر اور مسلسل آتشباری کے مقابلے میں عبور کر کے ندی کے ڈھلواں کنارے پر پہنچے اور آتشباری شروع کی اور بعدہٗ سنگینوں سے حملہ کیا۔ محفوظ خاں کی فوج کی تعداد معلوم نہیں اس کی تعداد بمقابلہ پیراڈس کی فوج کے تقریباً دس گنا ہوگی مغلئی فوج کے وہ سپاہی جو توڑے دار بندوقوں سے مسلح تھے محض بیکار تھے اور فوج بھر میں صرف چار توپیں تھیں جو مطلق کارگر نہ تھیں۔ بندوقوں سے پیراڈس کے صرف دو آدمی زخمی ہوئے۔ ایسے بے دست و پا دشمن کے مقابلے میں پیشقدمی صرف معمولی استقلال کا کام تھا۔ فرانسیسیوں کا دشمن سے دست بدست لڑنا کہیں ظاہر نہیں ہوتا۔

فصل اول

دیسی فوج کی انفرادی اور ذاتی مساوات کو تسلیم کیا تھا۔ رَو نے مغلئی دربار میں بہت سے شہسوار دیکھے تھے مگر اس کو حقیقی سپاہی بہت کم نظر آئے تھے۔ برٹیر کا یہ دعوٰے تھا کہ (جنرل) ٹرنی کی فوج کی ایک رجمنٹ تمام مغلئی فوج کو شکست دینے کے لئے کافی ہے۔

سنہ ۱۷۱۱ء میں انگریزوں نے قلعۂ سینٹ ڈیوڈ میں مسلمانوں کی ایک کثیر جماعت کے مقابلے میں فتح حاصل کی تھی اور خود پیرآڈس تنجور کی ایک فوج کو کاریکل کے سامنے شکست دے چکا تھا۔ انفرادی فوقیت مطلق زیر بحث نہ تھی۔ البتہ دریائے ادھیار کی لڑائی نے اُس ترقی کو جو گزشتہ اسّی (۸۰) سال کے اندر اسلحہ اور فن سپہگری میں ہوئی تھی صاف طریقے سے ظاہر کر دیا۔ ایک مثال سے اس تغیر و تبدل کی کیفیت اچھی طرح سمجھ میں آجائیگی سنہ ۱۶۸۶ء–۸۷ء میں انگریزوں نے جو یورپین بنگال بھیجے ان کی تعداد اُن یورپینوں سے بہت زیادہ تھی جو پلاسی میں کلائیو کے ساتھ تھے۔ اور سترھویں صدی میں ان کی ناکامی اسی طرح نمایاں تھی جیسی اٹھارویں صدی میں ان کی کامیابی سنہ ۱۷۰۳ء میں تقریباً ایک تہائی فوج صرف نیزوں سے مسلح تھی اس کے بعد سے ہر سپاہی کو بندوق اور سنگین دی جانے لگی اس نے پیدل فوج کی قوت میں ایک تہائی سے بھی زیادہ کا اضافہ کر دیا۔ مزید براں سنہ ۱۷۰۸ء میں ہلکے سے ہلکے توپ خانے میں بھدی توپیں ہوتی تھیں جو ایک گھنٹے میں پندرہ فیر کرتی تھیں اب ان کی جگہ میدانی توپیں تھیں جو ایک منٹ میں تقریباً اُتنے ہی فیر کرتی تھیں[۱]۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ جس قدر پیدل کثیر التعداد سواروں کا کامیابی کے ساتھ مقابلہ کر سکتے تھے اُن کی مقدار میں بیحد کمی ہوگئی تھی جس زمانے سے ہم آگے چل کر بحث کریں گے وہ ایسا زمانہ تھا کہ مغلوں کے سوار پیدل فوج کی مسلسل آتش باری کے مقابلے میں ابتر حملہ آور نہیں ہوسکتے تھے سنہ ۱۷۴۶ء تک یہ حالت ہوگئی تھی کہ ان فوجوں میں جو انگریزی اور فرانسیسی کمپنیاں ملازم رکھ سکتی تھیں بلاخوف کثرت تعداد سے دب جانے کے

---

[۱] انگریزوں کی چھوٹی میدانی توپیں جب اُن سے صحیح طریقے سے کام لیا جاتا تھا تو ایک منٹ میں (۱۰) سے لے کر (۱۲) فیر تک کر سکتی تھیں۔ فرانسیسی معاصر اپنی توپوں کی نسبت یہ دعوےٰ کرتے ہیں کہ وہ ایک منٹ میں (۲۰) فیر تک کر سکتی تھیں لیکن میں اس کو مبالغہ آمیز سمجھتا ہوں۔

فصل اول

حملہ آوری کی قابلیت پیدا ہوگئی تھی۔ اس کی تصدیق لاٹور کی اُس مڈبھیڑ سے جو مدراس کے سامنے ہوئی اور پیراڈس کی اُس فتح سے جو ادمیار پر حاصل ہوئی بخوبی ہوتی ہے۔

پیراڈس کی فتح نے نواب کی فوج کو اس قدر ڈرا دیا کہ اُس نے مدراس کے گرد و نواح کو بالکل خالی کر دیا۔ اس پر ڈوپلے نے قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کی تسخیر کا ارادہ کر لیا جس کی قوت اندفاعی مدراس سے زیادہ نہیں تصور کی جاتی تھی اور وہ فی الحقیقت نہایت کمزوری کی حالت میں تھا۔ مدراس کی کچھ فوج اور اکثر عہدہ دار وہاں پہنچ گئے تھے[۱] اس پر بھی یورپین سپاہیوں کی تعداد دو سو سے زیادہ نہ تھی اور خزانہ خالی ہو رہا تھا[۲] مگر ڈوپلے کی عدول حکمی کی وجہ اور نواب کی ناراضی سے انگریزوں کو مدد مل رہی تھی۔ جس طرح نواب صاحب کے بڑے فرزند محفوظ خاں مدراس کے مقابلے میں بھیجے گئے تھے اسی طرح اُن کے چھوٹے فرزند محمد علی دو ہزار پانچ سو سواروں کے ساتھ حدود پانڈیچری کو تباہ کرنے اور قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کی مدد کے لئے بھیجے گئے[۳]

ڈوپلے چاہتا تھا کہ یہ مہم پیراڈس کے سپرد کی جائے جس کو اس نے اسی غرض سے مدراس سے طلب کر لیا تھا مگر پیراڈس انجنیر تھا اور اُس کا فوجی عہدہ کپتانی صرف اعزازی تھا۔ اس بنا پر فرانسیسی افسروں نے اُس کے تحت کام کرنے سے انکار کر دیا۔ یہ براہ مبالغہ ایک سخت عدول حکمی قرار دی گئی حالانکہ یہ عمل مطلق فوجی عملدرآمد کے خلاف

---

[۱] بعض معاہد عہدہ دار جس میں کلائیو بھی شامل تھا یہ سمجھے تھے کہ معاوضے کے معاہدے کی تنسیخ نے اُن کو اپنے عہد عدم شرکت جنگ سے بری کر دیا تھا۔

[۲] کلائیو۔ (ای پی) ارمی قلمی انڈیا۔ ۱ - ۱۰۸ - و قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کونسل ۱۳ ستمبر ۱۷۴۶ء۔

[۳] قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کی کونسل کی روئداد مورخہ ۳ دسمبر ۱۷۴۶ء میں مغلوں کی فوج کی تعداد میں یہاں اور نیز پیراڈس کے معاملے میں بہت مبالغہ کیا گیا ہے۔ محفوظ خاں کے پہنچ جانے کے بعد بھی سواروں کی تعداد صرف چھ ہزار تھی (روئداد کونسل سینٹ ڈیوڈ مورخہ ۲۹ دسمبر ۱۷۴۶ء) برخلاف اس کے فرانسیسی اور نیز کلائیو ان کی تعداد بہت زیادہ یعنی دس پندرہ ہزار بتاتے ہیں۔ (ارمی کی قلمی تاریخ ہند جلد ا صفحہ ۱۰۹)۔

فصل اول

نہ تھا۔ اس پر ڈوپلے نے محاصرے کا اہتمام خود اپنے ذمے لینے کا ارادہ کیا تاکہ وہ پیرا ڈس سے جس طرح کام لینا چاہے لے سکے۔ اسی دوران میں ڈوپلے نے (۹۰) یورپین اور (۴۵۰) سپاہی اور (۶) توپیں اس غرض سے روانہ کیں کہ محمد علی کو خارج کر کے کڈلور پر جو تقریباً بالکل غیر محفوظ حالت میں تھا قبضہ کر لیا جائے۔ کڈلور انگریزی قلعے کے جانب جنوب ایک میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ بیچ میں ایک وسیع ندی حائل تھی جو زیادہ گہری نہ تھی۔

فرانسیسی فوج ۱۸-۹ر دسمبر کو پانڈیچری سے روانہ ہوئی اور دوسرے دن سہ پہر کے وقت انگریزی حدود کے قریب پہنچ گئی۔ انگریزوں نے ہندوستانی پیادے کثیر تعداد میں اس حکم کے ساتھ بھیجے کہ وہ دشمن کو مشغول رکھیں اور رات کو جہاں تک ممکن ہو سکے اُن کو دق اور پریشان کریں۔ مگر یہ دوسرے دن فرانسیسی فوج کی پیشقدمی کو نہ روک سکے اور سات بجے کے قریب دشمن گارڈن ہاوس تک پہنچ گئے جو قلعے سے صرف دو میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ چونکہ محمد علی نے بغیر یورپین فوج کی مدد کے حملہ کرنے سے انکار کر دیا تھا اس لئے قلعے کی قلیل جمعیت میں سے نصف جمعیت اُدھر روانہ کر دی گئی اور اُس کو سمجھا دیا گیا کہ بیحد احتیاط سے کام کرنا چاہیئے۔ تقریباً آدھ گھنٹہ مقابلہ کرنے کے بعد فرانسیسیوں کا گولہ بارود خرچ ہو گیا یا اس خوف سے کہ وہ عنقریب ختم ہو جائیگا اور نیز انگریزی فوج کی اس نقل و حرکت سے ڈر کر جس کا منشا یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ اُن کو گھیر لینا چاہتی ہے وہ اپنا سامان جو "گارڈن ہاوس" میں رکھا گیا تھا چھوڑ کر پیچھے ہٹ گئے[۱]۔

ڈوپلے نے اس معاملے سے یہ نتیجہ نکالا کہ نواب کی فوج انگریزوں کی امداد کے ساتھ اس قدر ہے کہ وہ اُس کا مقابلہ نہیں کر سکتا اور نواب سے صلح کر لینے کی

---

[۱] پانڈیچری بنام کمپنی مورخہ ۶ر فروری ۱۷۴۷ء (پی۔ آر نمبر ۷)۔
[۲] ایک ہزار چھ سو ہاتھی" ونکٹا چلم و مولراج جی بھیجے گئے تھے جو ہماری کالی فوج کے کمانڈنگ افسر تھے
روئداد قلعہ سینٹ ڈیوڈ مورخہ ۸ر دسمبر ۱۷۴۶ء۔
[۳] روئداد قلعۂ سینٹ ڈیوڈ مورخہ ۲۰ر دسمبر ۱۷۴۶ء کا مقابلہ کرو یادداشت لابورڈانس کے ساتھ۔

فصل اول

ذکر میں ہوا یہ ہمیشہ سے ایک طویل کارروائی تھی اور اس کے شرائط ۲ مارچ ۱۷۴۷ء سے قبل طے نہ ہو سکے۔ ڈوپلے کو اپنی نافرمانی کی پاداش میں تقریباً اسی ہزار روپے کے تحفے تحائف پیش کرنے پڑے اور مدراس پر مغلئی جھنڈا ایک ہفتے تک قائم رکھنا ہوا۔[1]

اس وقت قلعۂ سینٹ ڈیوڈ تک راستہ صاف نظر آتا تھا مگر وہ دفعتاً پھر بند ہو گیا۔ ۹ مارچ کو پانڈیچری میں یہ خبر پہنچی کہ انگریزی بیڑا ساحل[2] کی طرف آ رہا ہے۔ اس کے دو دن کے بعد ایک جمعیت پیراڈس کے تحت میں جس کے افسروں کو ڈوپلے نے شرم دلا کر پیراڈس کی ماتحتی میں کام کرنے پر رضامند کر لیا تھا مقابلے کیلئے آموجود ہوئی۔ پورے ایک دن انگریز ورباۓ پینار کی لائن کو بچاتے رہے اگرچہ شام کے وقت ان کو پسپا ہو جانا پڑا تھا۔ دوسرے دن صبح کو انگریزی جنگی جہازوں کا خوش آیند منظر پیش نظر ہو گیا اور پھر فرانسیسیوں کو بعجلت تمام پانڈیچری کی طرف رخ کرنا پڑا۔[3]

بیڑے کا افسر ایک جدید شخص گریفن[4] نامی تھا جو انگریزوں کی مدد کے لیۓ پرل اور پرنسس میری نامی جہازوں کو لے کر ۱۷۴۶ء میں روانہ ہوا تھا اور طویل راستہ اختیار کرنے کی وجہ سے اس سال ساحل تک نہیں پہنچ سکا تھا۔ اور جاڑے آچین میں بسر کر کے دسمبر[5] میں وارد بنگال ہوا تھا۔

بنگال میں بھی اس کو جہاز مڈوے کی مرمت کے لئے ٹھہرنا پڑا اور وہ وہاں سے یکم مارچ سے پہلے نہیں روانہ ہو سکا۔[6] اس کے آتے ہی تمام کارروائیوں میں سکون

---

[1] پانڈیچری بنام کمپنی مورخۂ ۱۱ اکتوبر ۱۷۴۷ء (پی۔ آر۔ نمبر ۷) و روزنامچۂ انندا رنگا پلے جلد ۳ صفحۂ ۵۔۴۔۳۰۔ موخرالذکر شرط کی اطلاع بظاہر یورپ کو نہیں دی گئی۔

[2] روزنامچۂ انندا رنگا پلے جلد ۳ صفحۂ ۱۰۔۱۴۔

[3] روئداد قلعۂ سینٹ ڈیوڈ ۱۰ و ۲ مارچ ۱۷۴۷ء۔

[4] اس شخص کی ۱۷۴۸ء میں بحر احمر کی نائب امیر البحری پر ترقی ہوئی۔

[5] گریفن کا روزنامچہ۔

[6] کارگزاری بیڑۂ انگریزی صفحۂ ۵۸۔

فصل اول

ہوگیا۔ مگر اس کے پاس فوج اس قدر کم تھی کہ پانڈیچری پر حملہ کرنے کا سوال ہی نہیں ہوسکتا تھا۔ زیادہ سے زیادہ وہ جو کچھ کرسکتا تھا وہ یہ تھا کہ فرانسیسی نوآبادی کو محاصرے میں رکھے اور ڈوپلے کو ہاتھ پیر نہ ہلانے دے۔ دوسرے مہینے کے واقعات قابل ذکر میں فرانسیسیوں کے جہاز نیپچون کا جلا دیا جانا ہے جو مدراس کے سواحل پر لنگر انداز تھا اور نیز اُن کشتیوں کی آتش زدگی جو پانڈیچری میں غلہ پہنچانے کے لئے آئی تھیں۔ ۱۷۴۶ء میں وہ برسات بھر قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کی حفاظت کرتا رہا جس کا پُرجوش اعتراف نہ صرف انگریزی کونسل نے کیا بلکہ[51] ڈوپلے کو بھی مجبور ہو کر انگریزی ملاحوں کی ممیز ثابت قدمی کا اقرار کرنا پڑا[52]۔ یہ اقرار اس وجہ سے اور زیادہ قابل لحاظ ہے کہ گریفن ہی وہ شخص تھا جس نے ڈوپلے کو جبکہ وہ ۱۷۴۷ء میں انگریزی قلعے[53] پر حملے کے لئے بڑھ رہا تھا روک دیا تھا۔

اس طرح جو سکون قائم ہوگیا تھا اُس کا ۱۷۴۷ء کے وسط میں خاتمہ ہوگیا۔ انگریز اور فرانسیسی دونوں برابر امدادی جمعیتیں روانہ کر رہے تھے۔ فروری میں گریفن کے پاس اور تین جنگی جہاز آگئے اور یہ اطلاع ملی کہ ایک بڑا بیڑا اور تیار ہو رہا ہے[54]۔ اسی کے ساتھ کمپنی نے اسٹرنجر لارنس نامی ایک شاہی فوج کے وظیفہ یاب کپتان کو قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کی جمعیت کا میجر بنا کر بھیجا۔ اُس کے آنے اور اُس انتظام سے جو اُس نے آتے ہی فوراً شروع کردیا کمپنی کی فوجوں کے جنگ میں کارآمد ثابت ہونے کا زمانہ شروع ہوتا ہے۔

فرانسیسیوں کے پاس جو مدد آئی وہ زیادہ کامیاب نہیں ثابت ہوئی۔ جو بیڑا سینٹ جارج کے زیر حکم چلا تھا وہ پہلے تو ایک طوفان میں آکر واپس ہوگیا اور بعدہٗ وہ

---

[51] گریفن بنام اینسن ۷ فروری ۱۷۴۷ء

[52] ڈوپلے بنام موٹران ۳۰ جنوری ۱۷۴۹ء (نازل صفحہ ۳۹۶) و مراسلہ بنام انگلستان ۱۲ فروری ۱۷۴۸ء۔

[53] روئداد قلعۂ سینٹ ڈیوڈ ۷ جنوری ۱۷۴۸ء و روزنامچہ انندا رنگا پلے جلد ۴ صفحہ ۳۰۲۔

[54] یہ جدید جہاز ایکزیٹر، یارک اور ایلتھام تھے۔ گریفن بنام اینسن مورخہ ۱۷ فروری ۱۷۴۸ء (برٹش میوزیم قلمی نوشتہ جات ۱۵۹۵۵۔ الف ۲۹۱)۔

فصل اول

لا حب انکر جہاز کی حفاظت میں دوبارہ روانہ ہوا تو اصل بیڑا مع اپنے محافظ جہاز کے راس فنسٹر کے کنارے پر انیسن کے ہاتھوں گرفتار یا تباہ ہو گیا۔ تین جہاز طوفان میں غائب ہو گئے تھے جو ۱۷۴۶ء میں فرانسیسی جزائر کو پہنچے۔ دوسرے جہاز وہیں لنگر انداز تھے جو کم وبیش کام کے قابل تھے۔ ان جہازوں کو شامل کر کے سات جہازوں کا ایک بیڑا تیار کر لیا گیا جو بوئے کے زیر حکم اس غرض سے روانہ ہوا کہ پانڈیچری میں روپیہ پہنچائے جس کی وہاں بحد ضرورت تھی[1]۔ اس کو جو ہدایت دی گئی تھی اس میں بصراحت یہ بتا دیا گیا تھا کہ اس مہم کا اصلی مقصد یہی ہے[2]۔

اس لئے ساحل کی طرف رخ کرنے سے پہلے اس کا پہلا کام یہ تھا کہ وہ انگریزی بیڑے کے مقام قیام کا پتا لگائے۔ ۲۱ جون کو اس نے ایک تیز رفتار کشتی آگے روانہ کی اور اس نے واپس ہو کر یہ خبر دی کہ دس جنگی جہاز اور چند سوداگری جہاز سنیٹ ڈیوڈ کے رستے میں لنگر انداز ہیں۔ بوئے نے خود آگے بڑھ کر تقریباً ایک لیگ (۳ میل) کے فاصلے سے دشمن کے بیڑے کا اندازہ کیا اور اپنے سب سے بڑے کپتان سے مشورے کے بعد یہ قرار دیا کہ بجائے لڑائی کے خطرے کو برداشت کرنے کے مناسب یہ ہوگا کہ مدراس کا رخ کیا جائے اور جہاز پر جو خزانہ اور سپاہی ہیں وہ مدراس میں اتار دئے جائیں۔ ۲۲ کو وہ اس کام کو انجام دے کر بعجلت تمام ساحل سے دور ہو گیا[3]۔ ڈوپلے نے اس کی اس عاجلانہ واپسی کی سخت شکایت کی اور کہا کہ اگر بوئے کاریکل میں لنگر انداز ہوتا تو اس کو معلوم ہو جاتا کہ گریفن کے پاس صرف چار جہاز

---

[1] دیکھو لیکیگ کلٹ کی جنگ ہائے بحری عہد لوئی پانزدہم صفحہ ۲۱۵ جو بیڑہ جزائر میں موجود تھا وہ اُن جہازوں سے مرکب تھا جو پانڈیچری سے بماتحتی دارڈیلین آئے تھے اور ان میں دو فرانسیسی یہ لوٹیر بھی شامل تھے۔ اس بیڑے پر ۳۲۸ توپیں چڑھی ہوئی تھیں اور (۲۱۱۰) ملاح تھے۔

[2] ڈیڈو بنام بوئے۔ ۲۴ اپریل ۱۷۴۸ء (نازل صفحہ ۲۹۶)۔

[3] ایضاً (صفحہ ۱۳۹)۔

[4] اُس نے (۶۰۰۰) مارک (۴۷۲۲۵۰) اونس چاندی اور ۴۰۰ آدمی اتارے۔ جنوری ۱۷۴۹ء کے مراسلے کے جواب میں کونسل یہ کہتی ہے کہ وہ ۴۷ سپاہی اور ۴۰ ملاح اور رضاکار اور ۵ صندوق لایا۔

فصل اول

قابل نقل و حرکت تھے ایسے وقت میں اگر ان پر حملہ کر دیا جاتا تو انگریزی بیڑے کا خاتمہ ہوگیا ہوتا۔[۱]

ڈوپلے کی رائے خواہ کچھ ہو مگر اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر بوسے گریفن پر حملہ کرتا تو جس مقصد کے لئے وہ بھیجا گیا تھا وہ ضرور معرض خطر میں پڑ جاتا۔ گریفن اس قدر غیر تیار نہ تھا جیسا کہ ڈوپلے نے بیان کیا تھا۔ اس میں کچھ کلام نہیں کہ جہاز موسومہ برل التہام اس وقت بالکل بیکار رہتے تھے اُن کے پتوار مرمت کے لئے ساحل پر بھیج دئے گئے تھے مگر باوجود اس کے انگریزی بیڑے میں چھ جنگی جہاز ایک فرگیٹ اور دو کمپنی کے جہاز موجود تھے۔ ۲۰ کی شام کے (۹) بجے ایک انگریزی کشتی جو دیدہ بانی کر رہی تھی یہ خبر لائی کہ اُس نے ایک فرانسیسی بیڑا دیکھا ہے۔ دوسرے دن[۲] دو بجے کے قریب بوسے کا بیڑا سامنے آگیا۔ جب دیدہ بان کشتی آئی تھی اُس وقت گریفن ساحل پر تھا مگر وہ دوسری صبح کے (۴) بجے جہاز پر آگیا اور اس میں کچھ کلام نہیں کہ اگر ساحلی ہوا کے ساتھ گریفن چل کھڑا ہوتا تو اُس کا مقابلہ اُسی دن فرانسیسی بیڑے سے ہوگیا ہوتا۔ بجائے اسکے وہ اسی جگہ لنگر انداز رہا یہاں تک کہ (۲) بجے غنیم کا بیڑا مستول کے دیدہ بان سے نظر آنے لگا۔ اُس وقت جنوبی ہوا چلنی شروع ہوگئی تھی۔ گریفن نے اس موقع پر ایک جنگی کونسل جمع کی جو سوائے اس کے کوئی دوسری تجویز نہ کر سکی کہ جہاز موسومہ التہام کے ملاح دوسرے جہازوں میں تقسیم کر دئے جائیں۔ سہ پہر کو جب فرانسیسی بیڑا اور زیادہ قریب آگیا گریفن نے پھر اپنے کپتانوں سے مشورہ کیا اور اُس وقت تک لنگر انداز رہا جب تک کہ ہوا کا زور کم نہیں ہوگیا اس طور سے وہ ۲۲ جون کے ایک بجے سے پہلے اپنے لنگر گاہ کو چھوڑ کر سمندر میں داخل نہ ہو سکا۔[۳]

اس تعویق اور تزلزل کا نتیجہ یہ ہوا جیسا کہ ہم کو معلوم ہے کہ بوسے یہ اطمینان تمام

---

[۱] ڈوپلے بنام کمپنی ۱۵ جنوری ۱۷۴۹ء (ناژل صفحہ ۲۸۹)۔

[۲] روئداد کونسل قلعہ سینٹ ڈیوڈ مورخہ ۹ و ۱۰ جون ۱۷۴۸ء۔

[۳] گریفن کا کورٹ مارشل (پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری ۲ ۵۲۹۴ - ۱)

[۴] گریفن کا جرنل مورخہ ۱۱ جون ۱۷۴۸ (پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری۔ امیر البحری کا جرنل نمبر ۲۵)۔

فصل اول

مدراس پہنچ گیا اور گریفن بیکار پانڈیچری کے سواحل پر چکر لگاتا رہا اور جب انگریزی بیڑا اُسکی تلاش میں شمال کی طرف بڑھا اُس وقت وہ ساحل کے پار ہو چکا تھا۔ گریفن کو خود یہ امر محسوس ہوا کہ اس کا طرزِ عمل اعتراض سے خالی نہ تھا کیونکہ اُس نے اینسن کو لکھا کہ "میں جناب کو بتفصیل تمام اُن امور سے اطلاع دینا ضروری سمجھتا ہوں اس لئے کہ مبادا بعض لوگ غُل مچائیں جیسا کہ لوگوں کی عادت ہے کہ ہر ایسے شخص کو قابل الزام ٹھہراتے ہیں جو فرانسیسی جہازوں کو دیکھتے ہیں اور انکو گرفتار نہیں کر لیتے"[1]۔ اُس نے جو خیال قبل از قبل قائم کیا تھا وہ صحیح نکلا انگلستان واپس جانے کے بعد اُس کا کورٹ مارشل ہوا اور ۲۱ مئی صبح کو نہ روانہ ہو جانے کی بابت اُس پر رائے کی غلطی کا الزام ثابت قرار دیا گیا[2] جو بظاہر بالکل صحیح معلوم ہوتا ہے۔

گریفن کے فضول تعاقب نے قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کو بغیر کسی حفاظت کے چھوڑ دیا تھا قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کی جمعیت بنگال اور بمبئی[3] سے مددل جانے اور یورپ سے جدید بھرتی شدہ سپاہیوں کے آجانے کے بعد بھی بمقابلہ پانڈیچری کی جمعیت کے بہت کمزور تھی۔ اس میں صرف (۴۷۳) یورپین (۴۷۱) توپاسی[4] جو پانچ کمپنیوں میں بتعداد مساوی منقسم تھے اور (۱۰۰۰) ایسے دیسی پیدل تھے جو لڑائی میں قابل اطمینان نہیں سمجھے جاتے تھے۔ اس جمعیت سے لارنس کو نہ صرف قلعہ اور اُس کے بیرونی دمدموں کی حفاظت کرنی تھی بلکہ شہر کڈلور کو بچانا بھی تھا جو ایک میل کے فاصلے پر واقع تھا اور جس کی شکستہ دیواریں دو میل سے زیادہ دور تک پھیلی ہوئی تھیں[5]۔

---

[1] گریفن بنام اینسن ۱۵ اگست ۱۷۴۸ء (برٹش میوزیم قلمی ۱۵۹۵۵ - الیف ۳۰۶)۔

[2] کورٹ مارشل ۳۰ دسمبر ۱۷۵۲ء و رپورٹ بر درخواست گریفن مورخہ ۱۷۵۲ء (پی۔آر۔او امیرالبحری ۱/۵۲۹ - ۱۰ - ۴۸۰ - ۷)۔

[3] ایک سو یورپین گریفن کے بیڑے پر بنگال سے مارچ ۱۷۴۸ء میں آئے۔ اُرمی کی قلمی تاریخ ہند متعلقہ کلائیو آئی۔ الیف ۱۰۸) اور بعدہ مئی میں (۹۸) یورپین (۲۰۰) توپاسی اور (۱۱۵) سپاہی بمبئی سے۔ بمبئی کونسل کی روئداد مورخہ ۲۴ اپریل ۱۷۴۸ء۔

[4] روئداد کونسل قلعۂ سینٹ ڈیوڈ مورخہ ۲۴ جون ۱۷۴۸ء۔

[5] ریکارڈ ۳ متعلقہ مندرجۂ اُرمی کی قلمی تاریخ ہند آئی۔ الیف ۱۰۷۔

فصل اول

۲۷ر جون کی شام کو پانڈیچری سے ایک کثیر جمعیت مینولی کے تحت میں جو کمپنی کی ملازمت میں ایک کپتان تھا روانہ ہوئی[۵۱] اور بجائے اس کے کہ سیدھے قلعے کی طرف بڑھے اس سے دور دور رہی اور ۲۸ کی شام کو انگریزی حدود کی جانب جنوب نمودار ہوئی۔ اس سے اس کا منشا ظاہر ہو گیا اس لئے لارنس نے کڈلور کی جمعیت کی امداد کے لئے سپاہیوں کی ایک جماعت روانہ کی اور بعدہٗ خود بھی وہاں پہنچ گیا۔[۵۲] آٹھ بجے فرانسیسیوں نے شہر کے جنوبی حصے پر حملہ کیا اور چاہا کہ سیڑھیاں لگا کر اوپر چڑھ آئیں اس سمت کی دیواریں نیچی تھیں اور ان پر چڑھ آنا بہ آسانی ممکن تھا لیکن انگریزی فوج باخبر تھی اور فرانسیسی کسی قدر نقصان کے ساتھ پسپا کر دئے گئے۔[۵۳] قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کے متعلق یہ ڈوپلے کی آخری کوشش تھی اور بعض واقعات نے اس ناکامی کو بیحد تلخ کر دیا۔ جس رات کو حملہ ہوا اس کی صبح کو میڈم ڈوپلے کو یہ خبر پہنچی کہ حملہ کامیاب ہو گیا اس کے بعد ہی یہ خبر آئی کہ حملہ ناکام رہا مگر یہ یقین کیا جاتا تھا کہ مینولی عنقریب دوسرا حملہ کرنے والا ہے۔ ایک شخص کی زبانی جو خوف و رجا کی حالت میں اس منظر کو دیکھ رہا تھا یہ بھی معلوم ہوا کہ کڈلور پر دھوئیں کے بادل چھائے ہوئے دیکھے گئے۔ اس امید اور یاس سے پر جوش جذبات میں حقیقت حال کا انکشاف ہوا جس کو سن کر میڈم تو بیخود ہو گئیں اور ڈوپلے اپنی حالت کو چھپانے کے لئے جلسے سے اٹھ گیا۔[۵۴]

---

[۵۱] یادداشت مینولی۔ ۴ر اکتوبر ۱۷۴۸ء۔

[۵۲] کونسل فورٹ سینٹ ڈیوڈ مورخہ ۱۰ر جولائی ۱۷۴۸ء۔

[۵۳] آرمی کی روایت ہے (جو کلائیو سے ماخوذ ہے۔ آرمی کی قلمی تاریخ ہند جلد ا صفحہ ۱۰۴) کہ لارنس نے کڈلور سے جمعیت اور توپیں اس غرض سے اٹھالی تھیں کہ فرانسیسیوں کو اس پر حملہ کرنے کی ترغیب ہو۔ اور ناکلسن نے اس روایت کو قبول کر کے لارنس پر اعتراض کیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ نہ کوئی آدمی وہاں سے اٹھایا گیا اور نہ کوئی توپ۔ کونسل نے دانگلستان کے نام جو مراسلہ بھیجا تھا اس میں) لکھا تھا کہ "ہم نے یہ مشہور کر دیا ہے کہ ہم کڈلور کو چھوڑ دینا چاہتے ہیں" اور یہ امر قرین قیاس ہے کہ اگر قلعے پر سخت حملہ ہوتا تو کڈلور کی جمعیت وہاں سے اٹھا لیجاتی۔ انساٹمن نائید پارک کا بیان ہے کہ چند روز قبل یہ حکم ہو چکا تھا کہ کڈلور کا سامان جنگ قلعے کو بھیج دیا جائے (پارک بنام سمل ۱۰ر جنوری ۱۷۴۹ء۔

[۵۴] روزنامچۂ انندا رنگا پلے جلد ۵ صفحہ ۸۷۔

فصل اول

اس میں شک نہیں کہ ڈوپلے کی جو تمنا لابورڈانس کی کارروائی کے مقابلے میں کارروائی کرنے کی تھی اس کا موقع ہاتھ سے جاتا رہا تھا کیونکہ باسکاون ایسی افواج کے ساتھ قریب پہنچ چکا تھا جس کے مقابلے میں فرانسیسیوں کو بجز مدافعی عمل کے کسی اور کارروائی کی گنجائش نہ تھی جب مدراس کی فتح اور پائیٹن کے بیڑے کی ہزیمت کی خبر انگلستان پہنچی تو کمپنی نے بعجلت تمام مزید کارگر مدد کی استدعا گورنمنٹ میں پیش کی[1]۔ اس درخواست پر چھ جنگی اور سامان کے جہازوں وغیرہ کی تیاری کا حکم دیا گیا[2] اور ساتھ ہی اس کے بارہ آزاد کمپنیوں[3] کی بھرتی کا یہ انتظام کیا گیا کہ نصف تعداد اُن رجمنٹوں سے منتقل کرلی جائے جو آئرلینڈ میں تعینات ہیں اور نصف تعداد اسکاٹ لینڈ میں بھرتی کی جائے۔ اور یہ کام اُن شرفا کے سپرد کیا جائے جن کو اسی شرط سے کپتانی کا عہدہ دیا جائے[4]۔ اسکاٹلینڈ میں بھرتی کامیاب ثابت نہ ہوئی اور کمپنیوں کی تکمیل باغیوں، فوج کے مفرور سپاہیوں اور اُن رہزنوں سے کی گئی جن کو بھرتی ہو جانے کی شرط پر معافیاں دی گئی تھیں[5]۔

اس مہم کا افسر اعلیٰ بوسکاون قرار دیا گیا۔ وہ بلحاظ درجے کے گریفن سے کم تھا مگر اُس کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ چار جنگی جہاز بوسکاون کے پاس چھوڑ کر بقیہ جہازوں کی حفاظت میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے جہازوں کو انگلستان لے آئے[6]۔ جدید امیرالبحر کو ایک ہدایت نامہ مجوزۂ کمپنی دیا گیا تھا جس میں بتایا گیا تھا کہ اس کو کس طرح کارروائی کرنی چاہیے۔

---

[1] درخواست خفیہ کمیٹی بنام نیوکاسل مورخہ ۲۴ر اپریل ۱۷۴۶ء (پی-آر-او کلونیل ۷۷-۸)۔

[2] احکام مورخہ ۱۵ر جولائی ۱۷۴۶ء (امیرالبحری ۲-۷۰) برنٹ کے بیڑے کی طرح ان جہازوں میں بھی "انگریزی مالٹ اسپرٹ" مہیا کی گئی تھی۔

[3] یعنی ایسی کمپنیاں جو مل کر ایک بٹلین نہ بناتی ہوں۔

[4] فاکس بنام کاریٹ جون ۳ر ۱۷۴۶ء و بنام میجر جرچل مورخہ ۶ر جولائی ۱۷۴۶ء و بنام کپتان جیمس اسٹورٹ مورخہ ۱۷ر جولائی ۱۷۴۶ء (پی-آر-او ہماراقس ۴-۴۳)۔

[5] فاکس بنام ڈیوک آف اریگل ۴ر اگست و بنام مہتمم قید خانہ چمسفورڈ ۷ر ستمبر و بنام کالرفٹ ۱۲ر ستمبر و بنام نیوکاسل ۶ر اکتوبر ۱۷۴۶ء (پی-آر-او-وار آفس ۴-۴۳-۴۴)۔

[6] ہدایت نامہ بنام گریفن ۱۴ر اکتوبر ۱۷۴۶ء (پی-آر-او امیرالبحری ۲-۷۰)۔

فصل اول

اس میں مارشیس۔ پانڈیچری۔ چندر نگر اور دوسری فرانسیسی نوآبادیوں کی تسخیر پیش نظر تھی اور یہ ہدایت کی گئی تھی کہ جو مقام فتح ہو وہاں کے قلعے اور دمدمے فوراً منہدم کردئے جائیں[۱]۔ بوسکاون نے شاہی اور کمپنی کے گیارہ جہازوں کے ساتھ ۲۲ر نومبر ۱۷۴۷ء کو لنگر اٹھایا[۲]۔

وہ غیر معمولی صحت بخش اور کامیاب دریائی سفر کے بعد ۷ر فروری کو کیپ پہنچ گیا[۳]۔ یہاں وہ چار مہینے تک قیام کرکے اپنے جدید بھرتی شدہ سپاہیوں کو قواعد سکھاتا رہا اور مئی میں چھ ڈچ کے دیسی جہازوں اور چھ سو اُن کے سپاہیوں کو لیکر مارشیس کی طرف بڑھا[۴]۔

بوسکاون مارشیس ۴ر جولائی کو پہنچ کر شب کو خلیج ٹرٹل میں لنگر انداز ہوا۔ دو دن ایسے مقام کی تلاش ہوتی رہی جو فوج کے اُتارنے کے لئے مناسب ہو۔ چونکہ کوئی ایسا مقام نہیں ملا اور نہ فرانسیسیوں کی قوت اور اُن کی فوج کی تقسیم کا حال معلوم ہوسکا اسلئے یہ قرار پایا کہ بعجلت ممکنہ سواحل کرومنڈل کا قصد کرنا چاہیئے۔ اس سے دشمن بیحد خوش ہوئے کیونکہ وہ جزیرے کی حفاظت پورے طور سے نہیں کرسکتے تھے[۵]۔ یہاں سے چھ ڈچ جہاز اُس تجویز کے مطابق جو پہلے قرار پا چکی تھی بٹیویا کی طرف چلے گئے اور جب

---

[۱] تجویز حملہ مورخہ ۷ر اکتوبر ۱۷۴۷ء (پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری ۲۔ ۷۰)

[۲] بوسکاون بنام کاربیٹ ۱۲ر نومبر ۱۷۴۷ء (پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری ۱۔ ۱۶۰)

[۳] بوسکاون اسکی بڑی وجہ یہ بتاتا ہے کہ جابجا جزائر میں تفریح کے لئے قیام ہوتا گیا اور راس میں ایک درجے تک پائپ کو بھی دخل تھا جو جہازوں میں ہوا کے لئے لگائے گئے تھے۔ مراسلہ بنام کاربٹ مورخہ ۴ر اپریل ۱۷۴۸ء (پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری)۔

[۴] ڈچ ۱۷۴۸ء میں شریک جنگ ہوئے۔ مالیسن کا یہ بیان کہ ڈچ کے ان دیسی جہازوں نے جو باسکاون کی ہمراہی میں مارشیس کو روانہ ہوئے تھے تاجرانہ شکل بنا کر جنگ کی تھی محض مہمل ہے۔ کیا فی الحقیقت اسکو نہیں معلوم تھا کہ ڈچ۔ فرانس اور انگلستان کی کمپنیوں نے اپنے جہازوں کو مسلح کرلیا تھا اور اُن سے وہ قومی کام لیتے تھے؟ اور کیا اسکو یہ نہ معلوم تھا کہ دریائے ہوگلی میں انگریزوں اور ڈچ کے دیسی جہازوں میں ۱۷۵۹ء میں لڑائی ہوئی تھی؟۔

[۵] باسکاون بنام کاربٹ ۱۷ر اکتوبر ۱۷۴۸ء (امیر البحری ۱۔ ۱۶۰)۔

فصل اول

بوسکاون سواحل کرومنڈل پر پہنچا تو اُس بیڑے سے جس کو لے کر وہ ماریشیس پر آیا تھا چھ جہاز کم ہو چکے تھے۔ اس بنیاد پر ڈوپلے نے یہ افسانہ بنا لیا کہ انگریزی بیڑے کو فرانسیسی جزائر پر سخت شکست ہوئی اور اس کو دور و نزدیک شائع کرنا چاہا[1]۔

آخر کار بوسکاون ۸ اگست ۱۸۴۸ء کو قلعۂ سینٹ ڈیوڈ میں پہنچ گیا[2]۔ اس کے آنے کی خبر فریقین کو بہت پہلے سے معلوم تھی۔ اور اگرچہ انگریزوں کا یہ دعویٰ تھا کہ انھوں نے پانڈیچری پر حملے کی پورے طور سے تیاری کر لی ہے مگر عمل میں یہ ثابت ہوا کہ فرانسیسیوں کی تیاریاں اُن سے بہتر تھیں۔ گریفن کا یہ خیال تھا کہ بوسکاون اس مقام کو آسانی کے ساتھ نہ لے سکیگا جیسا کہ بعض لوگ خیال کر رہے تھے کیونکہ فرانسیسی گزشتہ دسمبر سے برابر نئے دمدمے بنانے میں مصروف تھے[3]۔ لارنس کا خیال اس سے بالکل مختلف تھا۔ اُس کو اس بارے میں مطلق شک نہ تھا کہ پانڈیچری بیس دن میں کھلی ہوئی خندقوں کے ذریعے سے فتح ہو جائیگی اُس کا خیال تھا کہ خندقوں کی کھدائی ایسے مقام سے شروع کی جائے جو دیوار سے قریب سے قریب ہو مگر جو عمل کیا گیا وہ اس تجویز سے بالکل متضاد تھا جو اُسکے ذہن میں تھی۔

بوسکاون کے تحت میں فوج ۹ سے ۱۸ اگست تک قلعۂ سینٹ ڈیوڈ سے حدود سے باہر نکلتی رہی۔ وہ (۱۲۰۰) آزاد پلٹن کے سپاہیوں (۸۰۰) بحری سپاہیوں (۷۵۰) پلٹن کے پیدلوں (۱۰۰۰) ان ملاحوں سے جن کو بری قواعد کی تعلیم دی گئی تھی اور (۱۲۰) ہمارے ڈچ حلیفوں کے سپاہیوں سے جو ناگاپٹم سے آئے تھے مرکب تھی۔ ان کے علاوہ (۱۵۰) توپچی تھے۔ اس طور سے انگریزی فوج میں (۴۰۰۰) یورپین اور (۲۰۰۰) دیسی پیدل تھے۔ برخلاف اس کے پانڈیچری کی جمعیت صرف (۱۸۰۰) یورپین اور توپاسی اور (۳۰۰۰) سپاہیوں پر مشتمل تھی۔ اس غلبے کے ساتھ انگریزوں کے لئے ایک عمدہ مقام کا انتخاب کر لیتا اور خندقیں تیار کر کے دشمن کی گولہ باری کو روک دینا

[1] ڈوپلے بنام ڈیوڈ ۲۰ اگست ۱۸۴۸ء (نازل صفحہ ۳۲۳)۔
[2] باسکاون بنام کاربٹ ۲۴ اگست ۱۸۴۸ء (پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری ۱-۱۶۰) کارروائی قلعۂ سینٹ ڈیوڈ سے تاریخ جولائی ۲۶-۲۷-۶ و ۷ اگست ظاہر ہوتی ہے۔
[3] گریفن بنام کاربٹ ۱۵ اگست ۱۸۴۸ء (پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری ۱-۱۶۰)۔

حصہ اول

بہ آسانی ممکن تھا۔ لیکن جس قدر بدنظمی اس مہم میں ہوئی شاید ہی کسی مہم میں ہوئی ہو۔ اس بارے میں کلائیو آرمی کو لکھتا ہے کہ "اگر پانڈیچری کے تیرہ یا چودہ سال قبل کے محاصرے میں شریک رہنے والے عہدہ دار یا سپاہی ہندوستان میں اس وقت موجود ہوں گے تو ان کو معلوم ہوگا کہ ہم اس زمانے میں فن جنگ سے کس قدر ناواقف تھے بعض انجینیر اصول بغیر عمل کے جانتے تھے مگر کسی قسم کی جرأت نہیں کر سکتے تھے۔ بعض لوگ نہ اصول سے واقف تھے اور نہ عمل سے مگر ان میں کافی جرأت تھی کہ وہ کام کرلے جاتے اگر ان کو یہ معلوم ہوتا کہ اس کو کس طرح کرنا چاہیئے۔ مشکل سے کوئی ایسا افسر تھا جو یہ دریافت کرسکتا کہ جو کچھ انجینیر کر رہے ہیں وہ صحیح ہے یا غلط جب تک کہ اسکی اصلاح غیر ممکن نہ ہو جاتی تھی اور اس میں ہمارے اس قدر آدمی ضائع نہ ہو جاتے تھے کہ از سر نو اس کو شروع کرنا محال ہو جاتا تھا"[1]

پانڈیچری کے جنوب میں جو چھوٹا سا قلعہ دریائے آریانکپم پر واقع تھا اُس کی تسخیر میں گیارہ دن لگا دئے گئے اگرچہ وہ ایسا مقام تھا جس کے لینے کی کوئی خاص ضرورت نہ تھی۔ اس بے سود فتح میں بہت سے سپاہی ضائع ہوئے میجر گڈیر مارے گئے اور میجر لارنس گرفتار ہو گئے اور یہی دو افسر ایسے تھے جو ایک حد تک کام سے واقف تھے۔ کام اس قدر سستی سے چلتا تھا کہ بامعاون نے اس قلعے کو محفوظ حالت میں کر دینے کے لئے اور پانچ دن صرف کر دئے۔ اُس کو بظاہر یہ تک نہ معلوم تھا کہ اُس کو پانڈیچری پر حملہ کرنا ہے یا اُس کو صرف محصور کرنا منظور ہے۔ آخر کار وہ قلعے سے نکلا اور شہر کے شمالی اور مغربی جانب ایک بلند مقام پر خیمہ زن ہوا۔ اس مقام پر وس بارہ سال پہلے کوٹ نے اپنا مستقر قائم کیا تھا مگر کوٹ اس مقام کا محاصرہ کر رہا تھا اور اُس نے اپنی قیامگاہ فوج کے وسط میں قائم کی تھی۔ صف بندی کے ساتھ حملہ آوری کے لئے اس مقام سے بدتر کوئی دوسرا مقام نہیں ہو سکتا تھا۔ وہ سمندر سے فاصلے پر تھا اور تمام سامان کی حفاظت کے لئے قوی بدرقوں کی ضرورت پڑتی تھی اور سب سے بڑی قباحت یہ تھی کہ دلدلوں کی وجہ سے دمدمے شہر کی دیواروں کو توڑنے کے لئے آگے نہیں بڑھائے جا سکتے تھے تمیل زبان کا روزنامچہ نویس

[1] کلائیو۔ آرمی کی قلمی تاریخ جلد ۱ صفحہ ۱۱۱۔

فصل اول

لکھتا ہے کہ "خدا ہی کا حکم تھا کہ انگریزوں نے ایسی ناقص جگہ کو منتخب کیا تھا" ان سب خرابیوں پر طرہ یہ ہوا کہ انجنیر بھاری توپوں کی بیٹری ۲۵ ستمبر سے لے کر ۶ اکتوبر تک مکمل نہ کر سکے جبکہ موسمی بارش کے شروع ہونے میں صرف نو دن باقی رہ گئے تھے مہم کو بگڑتے ہوئے دیکھ کر باسکاون نے بیڑے کو حکم دیا کہ وہ کھینچ کر ساحل کے قریب لایا جائے اور پانڈیچری پر گولہ باری شروع کرے اور اس کے ساتھ ہی اس نے اپنے بیٹریوں سے بھی یہی عمل شروع کر دیا۔ لیکن جنگی جہاز ساحل سے ایک ہزار گز کے اندر نہیں آسکتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ غل اور ہنگامہ تو بیحد تھا مگر دشمن کا نقصان بہت تھوڑا تھا۔ یہ دیکھ کر باسکاون نے ۶-۷ اکو محاصرہ اٹھالیا۔[۹]

اس کی فوج کو سخت نقصان پہنچا خصوصاً بیماری سے۔ (۲۰۵۰) ملاحوں آزاد کمپنیوں کے سپاہیوں اور کمپنی کے پیدلوں میں سے (۸۱۶) آدمی ضائع ہو گئے تھے ان میں سے تقریباً ۳/۸ بیماریوں کی نذر ہوئے تھے۔ توپ خانے کے تقریباً ۱/۲ آدمی ضائع ہوئے نصف کے قریب بیماری سے۔ بحری فوج میں نقصان کی تعداد ۵ ۱/۲ فی صدی تھی۔ (۶۲) مارے گئے اور زخمی ہوئے اور (۹۸) مرے اور بیمار ہو گئے۔[۱۰] اس کے مقابلے میں فرانسیسیوں کے نقصان کی مقدار بہت تھوڑی تھی۔ تقریباً ایک سو آدمی اس دھاکے میں زخمی اور ضائع ہوئے جو انگریزوں کی آتشباری سے آریانکپم میں واقع ہوا تھا جو حملہ فرانسیسیوں نے شہر سے نکل کر انگریزی دمدموں پر کیا تھا اس میں پراڈس مارا گیا۔ اور تقریباً ایک سو سپاہی بقیہ محاصرے کے دوران میں ضائع ہوئے ہوں گے۔

ان واقعات کے تقریباً دو مہینے بعد خبر آئی کہ یورپ میں صلح کے ابتدائی مراتب پر دستخط ہو گئے ہیں اور مئی کے مہینے میں ایک ڈنمارک کے جہاز کے ذریعے سے معلوم ہوا کہ فریقین میں عام صلح ہو گئی ہے جہاں تک کہ اس صلح کا تعلق ہندوستان سے تھا وہ دو امور پر مشتمل تھی۔ اول یہ کہ مدراس انگریزوں کو واپس کر دیا جائے اور پانڈیچری پر جو انگریزوں کے حملے کا اندیشہ تھا وہ دور ہو جائے۔

---

[۹] باسکاون بنام کاربٹ مورخہ ۱۷ اکتوبر ۱۷۴۸ء (پی۔ آر۔ او۔ امیر البحری ۱-۱۶۰)۔
[۱۰] یہ تعداد فہرست امیر البحری میں موجود ہے۔

فصل دوم

ڈوپلے کی کامیابیاں

صلح کی خبر ایسے وقت میں پہنچی جبکہ ایک دوسرا سلسلہ واقعات کا پیش آرہا تھا اصولاً کرناٹک دکن کے تحت تھا اور یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہاں کے نوابوں کو مقرر کرنے کا حق صوبہ دار دکن کو حاصل ہے مگر نواب نظام الملک آصف جاہ اول سلطنت مغلیہ سے اپنی خودمختاری حاصل کرنے اور اس کو قائم رکھنے میں عرصے سے اس قدر مصروف تھے کہ اُن کو کرناٹک کی طرف توجہ کرنے کی فرصت نہ تھی اور یہی کیفیت کرناٹک کے نوابوں کی تھی۔ ایک ہی خاندان کے مسلسل تین نواب ہو چکے تھے اور وہاں کی نوابی موروثی ہو جانے کے قریب تھی کہ تیسرے نواب صفدر علی خاں کو اُن کے ایک رشتہ دار اور رقیب مرتضیٰ علی خاں نے مار ڈالا مگر وہ اپنے آپکو اس مسند پر قائم نہ رکھ سکے۔ اس بناء پر بد انتظامی ہو گئی اور نواب نظام الملک اول کو اسمیں مداخلت کرنی پڑی اور انھوں نے ایک جدید شخص انور الدین خاں کو جنھیں وہاں کے قدیم حکمران خاندان سے کوئی تعلق نہ تھا وہاں کا نواب مقرر کر دیا۔ یہ ۱۷۴۳ء کا واقعہ ہے لیکن تاریخ تقرر سے انور الدین خاں کی حیثیت ایسی مضبوط اور مستقل نہ تھی جیسی اُن کے جانشینان سابق کی تھی۔ انور الدین خاں کے تقرر کو زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا کہ کرناٹک کے آخری نواب کے چھوٹے فرزند کا قتل واقع ہوا۔ اسمیں انور الدین خاں اور مرتضیٰ علی خاں کی شرکت کا شبہہ کیا جاتا تھا اور ہر بازار میں سیکڑوں قسم کی افواہیں اور پیش گوئیاں شائع تھیں۔ مشہور تھا کہ عنقریب انور الدین خاں ہٹا دئے جائینگے اور نواب نظام الملک کرناٹک کیلئے بھی وہی مضر قاعدہ جاری فرمادیں گے جس کے ذریعے سے سب سے زیادہ رقم دینے والے کے نام ملک کا ٹھیکہ دے دیا جاتا تھا جس کو وہ دکن میں شائع کر چکے تھے۔ یورپ والوں کو بھی حکومت کی بدنظمی اور ضعف کا صریح احساس

ہوتا جاتا تھا اور آنند اجاری پلے کی تو پیشین گوئی تھی کہ نواب نظام الملک اول کے انتقال کے بعد تمام جنوبی ہندوستان کا نظم و نسق درہم و برہم ہو جائیگا۔[۱]

اُس کی یہ پیشین گوئی عنقریب صحیح ثابت ہونے والی تھی۔ ان الفاظ کی تحریر کے وقت نواب نظام الملک اول کا انتقال برہان پور کے قریب ہو چکا تھا اور اُن کے دوسرے فرزند ناصر جنگ مسند حکومت پر قائم ہو چکے تھے۔[۲] اس خبر نے اُن تمام بے جان سازشوں اور تجویزوں میں جن میں جدید نواب صاحب چار سال سے گھرے ہوئے تھے جان ڈال دی۔ انھوں نے فوراً جدید سواروں کی بھرتی کا حکم دیا اور اپنے قریب ترین اور سب سے زیادہ خوفناک دشمن مرتضیٰ علی خاں سے گفت و شنید شروع کی جو دو نوابوں کے قتل کی سزا سے بچ کر نکل گئے تھے اور جن کی نسبت یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ حکومت آرکاٹ کو چھین لینے کے لئے موقع کے منتظر ہیں۔ ملک کے جنوبی حصے میں جو ہندو راجہ باقی رہ گئے تھے وہ ترچناپلی میں دوبارہ ہندو حکومت قائم کرنے کی تجویزوں میں لگے ہوئے تھے۔[۳] اسی کے ساتھ یہ خبر پہنچی کہ چندا صاحب مرہٹوں کی فوج لیکر دریائے کرشنا تک پہنچ گیا ہے۔[۴]

یہ وہ شخص ہے جو کرناٹک کی سابق تاریخ میں بہت کچھ کارگزاری کر چکا تھا۔ گزشتہ حکمراں خاندان سے اُس کا نسبی اور نسبتی تعلق تھا اور وہ قدیم نوابوں کا دیوان اور فوج کا افسر اعلیٰ رہ چکا تھا۔ وہ شجاع جنگجو اور اولوالعزم تھا۔ اُس کا مقصد ترچناپلی، تنجور اور مدورا کی قدیم ہندو سلطنت کو فتح کرنے سے یہ تھا کہ وہ بظاہر نواب کے لئے مگر فی الحقیقت اپنے لئے ایک حکومت قائم کرلے۔ لیکن اُس کی فتوحات نے ہندوؤں کی بڑی حکومت یعنی مرہٹوں کو اُس کے خلاف کر دیا تھا اور اُس کی اولوالعزمیوں کی وجہ سے نواب کرناٹک کا فرزند اور جانشین بھی اُس کا دشمن ہو گیا تھا۔ اس لئے ۱۷۴۰ء میں مرہٹوں نے کرناٹک پر

---

[۱] مراسلۂ عام بمقام انگلستان مورخہ ۳۱ جنوری ۱۷۴۶ء در روزنامچۂ آنند ارنگاپلے جلد ۵ صفحہ ۱۴۰۔

[۲] نواب نظام الملک کا انتقال ۲ جون ۱۷۴۸ء کو ہوا۔ روزنامچۂ آنند ارنگاپلے جلد ۵ صفحہ ۱۳۰۔

[۳] ترچناپلی کو ۱۷۳۶ء میں چندا صاحب نے فتح کیا تھا جو کہ نواب دوست علی خاں کا نسبی بھائی تھا۔

[۴] روزنامچۂ آنند ارنگاپلے جلد ۵ صفحہ ۷، ۵، ۶، ۹، ۳۰، ۱۰، ۶، ۷، ۱۔ خط و کتابت ملک ۱۷۴۸ء صفحہ ۶۵۔

فصل دوم

حملہ کیا اور نواب کو لڑائی میں مار کر اُن کے فرزند صفدر علی سے چند شرائط قبول کرالیں اور چندا صاحب کو ترچناپلی میں محصور کرنے کے لئے آگے بڑھے۔ چندا صاحب نے بالآخر مجبور ہوکر اپنے آپ کو حوالے کردیا اور وہ بحیثیت قیدی کے ستارا بھیج دیا گیا جہاں وہ آٹھ سال رہا اور اس کی فکر اور سازش کرتا رہا کہ وہ رہا کرکے کرناٹک کا نواب بنا دیا جائے۔

اُس کی رہائی کے طریقے اور وقت کی نسبت مختلف روایتیں ہیں۔ آخر زمانے میں ڈوپلے کا ادعا تھا کہ اُس کی رہائی کا باعث وہ تھا اور اسی کا اعادہ ایسے مصنفین کرتے رہے ہیں جنھوں نے اس معاملے میں زیادہ تر عمیق نظر سے کام نہیں لیا۔ برخلاف اسکے ایم کلٹرو کی یہ رائے ہے کہ اُس کی رہائی ۱۷۴۸ء میں ہوئی اور اس میں فرانسیسیوں کا کوئی دخل نہ تھا[1]۔

میرے نزدیک یہ دونوں رائیں غلط ہیں۔ چندا صاحب کی قید جیسا کہ گرانٹ ڈف نے لکھا ہے بہت زیادہ سخت نہ تھی غالباً اس کی نوعیت اس سے زیادہ نہ تھی کہ اُسکو ایک قلعے کے حدود میں نظر بند کرکے اس پر ایک پہرہ قائم کردیا گیا تھا[2]۔ یہ امر یقینی ہے کہ اُس نے قید ہوتے ہی دکن کو واپس ہوجانے کی تدبیریں شروع کردی تھیں۔ اکتوبر ۱۷۴۴ء میں یہ خبر سننے میں آئی تھی کہ نوابوں کے اس خاندان نے جس کے جانشین انورالدین خاں بنائے گئے تھے مرہٹوں کو بلایا تھا۔ کرناٹک میں اس خاندان کے لوگ اکثر جاگیردار اور قلعدار تھے اور اُن کو یہ اندیشہ تھا کہ انورالدین خاں کی حکومت قائم ہوگئی تو وہ لوگ اپنی جائدادوں سے بیدخل کردئے جائیں گے۔ دوسرے سال خود چندا صاحب نے ڈوپلے کو لکھا[3] اور یہ بیان کیا کہ راگھوجی اور دوسرے مرہٹہ سرداروں نے مجھ سے

---

[1] کلٹرو کی کتاب "ڈوپلے" صفحہ ۲۳۰۔ مجھکو اس موقع پر اس کا اقرار کرنا چاہئیے کہ میں اس مفید تر مصنف کا بعید شکرگزار ہوں مگر مجھ کو اُس کے ایک بیان سے اختلاف ہے جس کے اظہار کی میں باوجود تامل جرأت کرتا ہوں۔

[2] تاریخ مرہٹہ جلد ۲ صفحہ ۵۔ طبع (۱۹۱۲)۔

[3] ڈوپلے بنام کمپنی ۳۰ اکتوبر ۱۷۴۵ء۔

[4] کلٹرو صفحہ ۲۲۶ تا ۲۲۸۔

فصل دوم

وعدہ کیا ہے کہ وہ میرے حقوق مجھ کو دلوا دیں گے اس لئے میں نے ارادہ کر لیا ہے کہ جو کچھ وہ مجھ سے طلب کریں گے میں اُن کو دے دوں گا"۔ چندا صاحب کے پاس کوئی سرمایہ نہ تھا بالاجی راؤ کے بھتیجے نے کئی لاکھ روپے اُس کی طرف سے راگھوجی کو دئیے اور وعدہ کیا کہ جو کچھ نواب نظام الملک کے نذرانے اور مصارف کے لئے درکار ہوگا اُس کو بھی وہ مہیا کرے گا۔ چندا صاحب نے یہ بھی لکھا تھا کہ راگھوجی راؤ نے مجھ کو جانے کی اجازت دے دی ہے اور میرا ارادہ ہے کہ میں خود جا کر بالاجی راؤ سے ملوں اور اپنے لڑکے کو نواب نظام الملک کے پاس بھیجوں جو میری مدد پر ایسے طاقتور لوگوں کو دیکھ کر ضرور بالضرور میرا حق مجھ کو دلوا دیں گے"۔

مگر باوجود رہائی کے اس صریح بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ معاملے کی گفت و شنید میں کسی پیچیدگی کی وجہ سے چندا صاحب بدستور نظربند رہا۔ ۱۷۴۷ء میں پانڈیچری کی کونسل نے اُس کے متعلق یہ لکھا کہ وہ اس وقت تک نظربند ہے اگرچہ اس کو بڑے درجے تک آزادی حاصل ہے[51] تو ۱۷۴۸ء میں رنگا پلے نے ان کارروائیوں کا ذکر کیا ہے جو اُس کی رہائی کے لئے ہو رہی تھیں۔ دوسرے سال کے آغاز میں وہ لکھتا ہے کہ پونہ سے ایک قاصد آیا "جہاں چندا صاحب نظربند ہے"۔ جولائی میں چندا صاحب نے ستارے سے پانڈیچری کو خط لکھا۔ اُس کے خاندان کے لوگوں کو اُس کی رہائی کی خبر ۱۷۴۸ء میں اسی وقت معلوم ہوئی جبکہ اُس کے بھائی نے اس واقعے کی اطلاع انگریزوں کو پہنچائی[52]۔ ان واقعات کی موجودگی میں یہ ماننا پڑے گا کہ ۱۷۴۵ء میں چندا صاحب کو یہ آزادی حاصل نہ تھی کہ وہ جہاں چاہتا چلا جاتا۔ غالباً اُس کو وعدوں پر ایسا وثوق تھا کہ وہ اُن کو بطور واقع شدہ واقعات کے لکھتا ہے اور غالباً تمام معاملے کا انحصار نواب نظام الملک کے طرزِ عمل پر تھا۔ یہ امر بعید از قیاس ہے کہ بالاجی کے بھتیجے نے کئی لاکھ روپے یوں ہی مفت

---

۵۱ پانڈیچری بنام کمپنی ۳۱ جنوری ۱۷۴۷ء (پی۔ آر۔ نمبر ۱) ایم کلٹرو کا یہ بیان ہے کہ کونسل کو جو خبر ملی وہ غلط تھی لیکن دوسری شہادتوں سے اس رائے کا قائم رہنا دشوار معلوم ہوتا ہے۔

۵۲ روزنامچۂ انند رنگا پلے جلد (۳) صفحہ (۱۸) و (۱۴۰) و (۲۷۴) و ج (۴) صفحہ ۱۴۴ و ج (۵) صفحہ ۷۹۔ خط کتابت ملک ۱۷۴۸ء صفحہ ۵۴۔

فصل دوم

دیدئے ہوں گے جو کچھ معلوم ہوتا ہے وہ یہی ہے کہ چندا صاحب بالاجی راؤ کی قید سے نکل کر راگھوجی بھونسلا کی قید میں آگیا تھا۔

بہر حال یہ امر معلوم ہے کہ مرہٹوں کی فیاضی کبھی ایسی نہیں ہوسکتی تھی کہ وہ چندا صاحب کو دوسری مالی امداد سے مستغنی کرسکے۔ ۴ مئی ۱۷۴۵ء میں پانڈیچری کی کونسل اس امر پر آمادہ ہوئی کہ اُس کو ایک لاکھ روپیہ بطور قرض کے اُس وقت دیا جائیگا جبکہ رقم فرانس سے آجائیگی[۵۱] یہ محض دل خوش کن وعدہ تھا۔ انگریزی جہازوں کی موجودگی کی وجہ سے پانڈیچری میں کوئی رقم نہیں آسکتی تھی۔ فرانسیسی ساکھ باقی نہ رہی تھی اور ڈوپلے کی یہ حالت تھی کہ وہ بجائے مدد دینے کے خود مدد کا محتاج تھا۔ لیکن ۱۷۴۶ء کے واقعات لابورڈانس کی آمد۔ مدراس کی تسخیر اور اڈیار پر پاڈس کی کامیابی نے اس تمام حالت کو مبدل کردیا تھا اور فرانسیسیوں کی شرکت قیمتی ہوگئی تھی۔ سال کے ختم پر ڈوپلے اور چندا صاحب کے رشتہ دار پانڈیچری میں چندا صاحب کی رہائی کی تدابیر سوچ رہے تھے۔ ڈوپلے نے چندا صاحب کی رقم رہائی کے ضامن ہونے سے انکار کردیا لیکن اس کے وصول کرنے میں مرہٹوں کی طرف سے بطور مختار کام کرنے پر آمادگی ظاہر کی اور چند روز بعد رضا صاحب[۵۲] کو یہ صلاح دی کہ وہ اپنے خاندان کی کل جمعیت کو یکجا کرکے انورالدینخاں پر حملہ کردے جو آرکاٹ میں بیمار پڑے ہوئے تھے۔ ڈوپلے نے وعدہ کیا کہ ایک لاکھ روپے کی رقم کا اُس نے سال گزشتہ جو وعدہ کیا تھا وہ چندا صاحب کے کرناٹک پہنچنے کے ساتھ ہی ادا کیا جائیگا[۵۳]

اس دوران میں ایک جدید تجویز پیش ہوگئی۔ نواب نظام الملک آصفجاہ کو نواب کی فوجوں کا فرانسیسیوں سے شکست کھاجانا اس قدر ناگوار ہوا تھا کہ چندا صاحب نے یہ ارادہ کیا کہ وہ اپنے بڑے لڑکے کو کرناٹک کے معاملے میں گفت و شنید کرنے کیلئے نواب نظام الملک کی خدمت میں بھیجے اور اُس نے ڈوپلے کو یہ بھی لکھا کہ بالاجی راؤ نے

---

۵۱ پانڈیچری بنام کمپنی ۱۱ جنوری ۱۷۴۶ء۔ بدقسمتی سے ڈوپلے کے عہد انتظام کی تمام روئدادیں مفقود ہیں۔

۵۲ چندا صاحب کا دوسرا لڑکا تھا۔ بڑا لڑکا عابد صاحب اپنے باپ کے ساتھ تھا۔

۵۳ روزنامچۂ انندا رنگا پلے جلد (۳) صفحہ ۱۴۰ و ۱۵۷۔

فصل اول

نواب نظام الملک کے انکار کی صورت میں تیس ہزار فوج سے مدد دینے کا وعدہ کیا ہے[51]۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جو خطوط فتح مدراس کی مبارکباد میں چندا صاحب اور رگھوجی نے ڈوپلے کے نام لکھے تھے انھیں میں یہ خبر درج تھی۔ رگھوجی نے یہ اطلاع دی تھی کہ وہ ان ممالک میں قدیم ہند و حکومتوں کو از سر نو قائم کرنے کے لئے آرہا ہے جن کو حال میں مغلوں نے فتح کرلیا ہے[52]۔ اس لئے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت ترچناپلی کی ہند و حکومت کا دوبارہ قیام چندا صاحب کی رہائی کی شرطوں میں سے ایک شرط تھی۔ اگر ایسا تھا تو اس سے نواب نظام الملک کی مخالفت کی پورے طور سے صراحت ہوجاتی ہے۔ اسی زمانے میں نواب نظام الملک کے ایک امیر نے ڈوپلے کو یہ اطلاع دی کہ ناصر جنگ کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ اُن مرہٹوں کا تعاقب کرکے سزا دیں جو کرناٹک کیطرف کوچ کرتے ہوئے پائے جائیں[53]۔

ڈوپلے نے دربار پونہ کے مختاروں سے مشورہ کرکے اپنی پیش کردہ رقم کی مقدار تین لاکھ کردی اس شرط کے ساتھ کہ ایک لاکھ اُس وقت جبکہ چندا صاحب ستارے سے روانہ ہو۔ دوسری قسط گڈپا اور تیسری قسط آرکاٹ پہنچنے پر دی جائے گی[54]۔ اسکا بصراحت پتا نہیں چلتا کہ آیا اس کے ساتھ فوجی امداد کا بھی وعدہ ہوا تھا لیکن چونکہ اس قسم کی امداد کا قبل ازیں وعدہ ہوچکا تھا اس لئے ایسے وعدے کا کیا جانا خلاف قیاس نہ تھا۔ چونکہ یہ سمجھا جاتا تھا کہ چندا صاحب کے ساتھ بے شمار فوج ہوگی اس لئے مالی امداد کا مسئلہ فوجی امداد سے زیادہ تر اہم تھا۔ جب ڈوپلے کے اس وعدے کی اطلاع چندا صاحب کو ہوئی تو بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُس نے فوج بھرتی کرلی مگر اُس کے کوچ کرنے میں اس وجہ سے مزاحمت ہورہی تھی کہ نواب نظام الملک اور ناصر جنگ کی

[51] روزنامچۂ انندا رنگا پلے جلد (۳) صفحہ ۲۷۴۔

[52] خط مطبوعۂ نازل صفحہ ۲۶۹۔

[53] " " " " ۲۶۸۔

[54] " " " " "

[55] روزنامچۂ انندا رنگا پلے جلد ۴ صفحہ ۱۲۴۔

فصل دوم

چھاؤنیاں ایسے مقامات پر تھیں جن سے ہو کر اُس کو گزرنا پڑتا تھا۔ جون ۱۷۴۷ء میں وہ اپنا کوچ شروع کرنے کے لئے ان چھاؤنیوں کے اُٹھ جانے کا منتظر تھا۔

مگر اس منصوبے کا بھی وہی حشر ہوا جو ۱۷۴۵ء کے منصوبے کا ہوا تھا ممکن ہے کہ اُس میں ناکامی کا سبب عدم ادائی رقم ہو اور یہ امر یقیناً ۱۷۴۷ء سے لے کر ۱۷۴۸ء تک ڈوپلے کے امکان سے باہر تھا۔ اگر مرہٹوں نے اس مہم کا ارادہ کر لیا ہوتا تو تین لاکھ کی رقم ایسی نہ تھی جس کی وجہ سے وہ اس سے باز رہتے۔ قیاس غالب یہ ہے کہ وہ یا تو نظام الملک کی دھمکی یا اُن اختلافات کی وجہ سے جو اُن میں متواتر ہوتے رہتے تھے اس سے باز رہے۔ بہر حال چند اصاحب اُن کی قید سے اور ایک سال تک رہا نہ ہو سکا۔

متواتر اور بے نتیجہ منصوبوں نے ڈوپلے کو بیزار کر دیا اور وہ یہ سمجھنے لگا کہ چندا صاحب کی واپسی کی کوئی امید نہیں رہی۔ یہ خیال اُس پر اس قدر غالب ہوا کہ اُس نے ایسے خاندان پر جس کی بیحد توقیر اور رعایت کی جاتی تھی جبر اور سختی کرنی شروع کر دی ۱۷۴۷ء میں جبکہ وہ رقم کے لئے تمام تدبیریں کر کے تھک گیا تھا یہ تجویز ہوئی کہ قلعہ دار وندیواش سے جو کہ چندا صاحب کا رشتہ دار تھا ایک لاکھ روپیہ قرض لیا جائے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قلعدار کے بیٹے نے اس رقم کے مہیا کر دینے کا وعدہ کیا تھا اور جب اُس سے اس کا سامان نہ ہو سکا تو وہ قلعۂ لوٹی میں قید کر دیا گیا۔[۵۸] چندا صاحب کی بی بی اور لڑکے کو جو ایک عرصۂ دراز سے پانڈیچری میں مقیم تھے جانے اور چندا صاحب کے خیر مقدم کرنے کی اجازت تھی بشرطیکہ وہ لوگ اپنے ذمے کا قرضہ ادا کر دیں۔[۵۹]

جس زمانے میں ڈوپلے اپنے عمل سے ظاہر کر رہا تھا کہ اب اسکو چندا صاحب کے حالات اور خیالات سے کوئی تعلق نہیں رہا اُس وقت چندا صاحب مرہٹوں کی قید سے فی الحقیقت رہائی پا چکا تھا۔ ۲ جولائی ۱۷۴۸ء کو اُس کے گھر والوں کو یہ خبر ملی (جو کہ چھ ہفتے پہلے کی تھی) کہ رقم رہائی دو کرور دس لاکھ قرار پائی ہے جو چالیس دن

---

۵۸ خط مطبوعہ جلد اول صفحہ ۲۶۸۔

۵۹ روزنامچہ آنندا رنگاپلے جلد ۴ صفحہ ۱۲۳

فصل دوم

کے اندر واجب الادا ہے۔ ترچناپلی کا مسئلہ بھی طے ہو گیا ہے اور چندا صاحب وہاں سے چل چکا ہے[1]۔ اس وقت کے اکثر واقعات پردۂ خفا میں ہیں یہ ہمیں معلوم ہوتا کہ رقم رہائی کی سربراہی کہاں سے ہوئی بظاہر اس کی سربراہی فرانسیسیوں کی طرف سے تو نہیں ہوئی جو خود اپنی ضرورتوں کے لئے نوایط[2] سے قرضے کے متعلق جھگڑا کر رہے تھے۔ آننداررنگا پلے کا بیان ہے کہ چندا صاحب کے پاس پانڈیچری سے جواہرات بھیجے گئے تھے جو غالباً اُس کی بی بی نے بھیجے ہوں گے۔ مگر ان کی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ وہ پوری رقم کی ادائی کے لئے کافی نہ تھے۔ یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ ترچناپلی کے متعلق کیا طے ہوا تھا۔ ہم کو یہ معلوم ہو چکا ہے کہ چندا صاحب اُس کی واپسی پر راضی ہو گیا تھا جسے نواب نظام الملک نے اُس کی مخالفت پر آمادہ کر دیا تھا۔ ہم کو اس کا مطلق علم نہیں کہ یہ مسئلہ دوبارہ کس بنا پر پیش ہوا اور کس طرح طے ہوا۔ چندا صاحب کا ایک خط اس واقعے سے دو ماہ کے بعد وصول ہوا جس میں وہ اُس زمانے کی طرف اشارہ کر کے لکھتا ہے کہ مجھ کو ڈوپلے کے اس پیام کا شکرگزار ہونا چاہیئے جو راگھوجی کے وکیل پنڈت جے رام کی زبانی بھیجا گیا تھا[3] اور جس سے میرا معاملہ طے ہو گیا۔ مگر یہ نہیں معلوم ہوتا کہ آیا اس سے مراد وہ تین لاکھ کا معاہدہ ہے جو ۱۷۴۸ء میں پنڈت جے رام سے ہوا تھا یا آنکہ جے رام نے کوئی دوسرا سفر پانڈیچری کا کیا تھا جو درج تاریخ نہیں ہے۔ اس خط کے ساتھ ہی یہ خبر بھی وصول ہوئی کہ چندا صاحب بارہ ہزار سواروں[4] کے ساتھ دریائے کرشنا کے جنوب میں پہنچ گیا ہے۔ غالباً ڈوپلے کا یہ خیال تھا کہ وہ جنوب کی طرف جا کر بوسکاون کو پانڈیچری کے سامنے سے ہٹا دے گا۔ اُس نے رضا صاحب سے بھی درخواست کی کہ وہ اس کی اطلاع اپنے والد کو کر دے۔ مگر اس تمام کارروائی کا ڈوپلے کے دل پر اس قدر

[1] روزنامچۂ آننداررنگا پلے جلد (۵) صفحہ ۹۷۔

[2] وہ فرقہ جس سے چندا صاحب کے خاندان کا تعلق تھا۔

[3] روزنامچۂ مذکور جلد (۵) صفحہ ۲۵۴۔

[4] آننداررنگا پلے جلد (۵) صفحہ ۲۴۵۔

۱۷۴۹ء کم اثر تھا کہ اُس نے (۲۴) گھنٹے کے اندر جو اجازت چندا صاحب کے بیٹے کو جانے کی دی تھی وہ منسوخ کردی اور اُس کی پی پی کو عین شاہراہ پر روک دیا اور اس طور سے اُس کی علانیہ ہتک اور بے عزتی کی تمثیل روزنامچہ نویس[1] اس واقعے کی نسبت لکھتا ہے کہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ آج کی کارروائی نے اُن تمام مہربانیوں کو مٹا دیا جو ۱۷۴۲ء سے کی جا رہی تھیں۔ یہ ایک عارضی حالت تھی کیونکہ اس کے بعد ہی ڈوپلے نے چندا صاحب کو لکھ کر اُس کے بیٹے کو روک لینے کی وجہ بیان کی[2] اور اپنے ایک ماتحت عہدہ دار سے ظاہر کیا کہ وہ فرانسیسیوں کو ایسے عروج پر پہنچا دیگا جو اُن کو اب تک کبھی ہندوستان میں نصیب نہیں ہوا تھا۔[3]

مگر چندا صاحب کی قسمت میں ابھی اور ایک سال تک کرناٹک کا داخلہ ممنوع تھا۔ اُس زمانے میں اُسکی نقل و حرکت کا حال یقینی طور سے معلوم نہیں ہے۔ آرمی[4] کا بیان ہے کہ کرشنا کے جنوب میں پہنچ کر وہ ایک مقامی نزاع میں پھنس گیا اور گرفتار ہو کر پھر رہا ہوا۔ بعدہٗ حاکم بدنور سے لڑا جس میں اُس کے ہاتھ چھ ہزار سوار اور لگ گئے اُن کو لیکر وہ مظفر جنگ نواب آدھونی کے ساتھ ہو گیا جو کہ نواب نظام الملک کے نواسے تھے۔ ولکس کا بیان اس سے بالکل مختلف ہے[5] اُس کے بیان کے لحاظ سے وہ فوراً بدنور کی لڑائی میں شریک ہو گیا اور اسی دن جس دن نواب نظام الملک نے انتقال فرمایا وہ

---

[1] آنندا رنگا پلے جلد (۵) صفحہ ۲۷۹ و ۲۸۵۔

[2] روزنامچہ آنندا رنگا پلے جلد (۶)۔

[3] ناول متذکرۂ بالا صفحہ ۳۵۹۔

[4] تاریخ آرمی جلد (۱) صفحہ ۱۱۸۔ یہ امر قابل بیان ہے کہ اُس زمانے کی چندا صاحب کی نقل و حرکت کے متعلق آرمی کی قلمی تاریخ میں کوئی امر قابل لحاظ نہیں ہے نہ وہ لوگ جن سے آرمی کو اطلاع مل سکتی تھی ایسے لوگ ہو سکتے تھے جن کو کچھ اُن خبروں کے جو عام طور سے مشہور تھیں کوئی اور ذریعہ اطلاع کا تھا۔

[5] جنوبی ہند کے تاریخی حالات۔ جلد (۱) صفحہ ۱۶۰-۱۵۹۔ اُن کی اطلاعات کے متعلق یہ خیال ہے کہ وہ خود چندا صاحب کی دی ہوئی ہیں لیکن ان کا اعتبار ان الفاظ کی صحت پر منحصر ہے جو اُس نے تقریباً (۳۰) سال پہلے سُنے تھے۔

فصل دوم

گرفتار ہو گیا تھا مگر جن مسلمان سواروں نے اُس کو گرفتار کیا تھا انھیں نے اُس کو رہا کر دیا اور خود اُس کی ملازمت اختیار کر لی۔

ان دونوں افسانوں میں سے کوئی بھی پورے طور سے قابل قبول نہیں ہے۔ اکتوبر ۱۷۴۸ء تک خود اُس کے خاندان کے لوگوں کو اس کا علم نہ تھا کہ وہ کسی مقامی لڑائی میں شریک ہو گیا تھا۔ اس زمانے میں بدنور کے معاملے کا تذکرہ پہلی مرتبہ اس خط میں ہوا تھا جو مارچ ۱۷۴۹ء میں بمقام قلعۂ سینٹ ڈیوڈ وصول ہوا تھا۔ علاوہ اس کے یہ امر ذہن نشین رکھنے کے قابل ہے کہ مظفر جنگ جن کو ساتھ لے کر چندا صاحب کرناٹک میں داخل ہونا چاہتا تھا نہ صرف آدھونی بلکہ تمام بیجاپور کے ملک کے نواب رہ چکے تھے بلکہ اُس وقت بھی تھے اور براجۂ بدنور انھیں ممالک کی حکومت کا برائے نام تابع تھا۔ قابل وثوق علم نہ ہونے کی صورت میں میرا قیاس یہ ہے کہ چندا صاحب اپنی رہائی کے بعد ہی مظفر جنگ کے ساتھ ہو گیا تھا اور بعد کے چند مہینے مظفر جنگ کو سمجھا بجھا کر پہلے تسخیر کرناٹک اور بعدہٗ تسخیر دکن پر آمادہ اور مستعد کرنے میں صرف ہوئے۔ ہم کو یہ معلوم ہے کہ ۱۷۴۹ء کے آغاز میں وہ گفت وشنید قطعی طور سے طے ہو چکی تھی جس کی رو سے فرانسیسی مدد کا وعدہ انورالدین کے خلاف حاصل کر لیا گیا تھا قیاس یہ ہے کہ اُس زمانے میں چندا صاحب، مظفر جنگ کے لئے صوبۂ بیجاپور میں فراہمی رقم کا انتظام کر رہا تھا جس کے ضمن میں بدنور کا معاملہ پیش آ گیا[۱]۔ یہ ایک بہت معمولی واقعہ تھا جیسا کہ اٹھارھویں صدی میں مغلوں کے ممالک میں وصول مالگزاری کے وقت اکثر پیش آتے رہتے تھے۔

چندا صاحب نے فرانسیسی کمپنی سے اُن کے (۱۸۰۰) سے لے کر (۲۰۰۰) سپاہیوں کی تنخواہ مارچ ۱۷۴۹ء سے ادا کرنے کا وعدہ کر لیا تھا لیکن اُس نے جولائی تک اُن سے کوئی مدد نہیں لی۔ اس مہینے کی پانچویں تاریخ رضا صاحب ان کو لیکر اپنے باپ کی طرف روانہ ہوا اس کے ساتھ اُن سپاہیوں کے علاوہ پانچسو یورپین اور کافریوں کی ایک جمعیت زیر حکم ڈی آتیل اور تھی۔ ۲۸ جولائی کو یہ جمعیت چندا صاحب کی

---

[۱] اس معرکے میں چاید صاحب اُس کے فرزند کا مارا جانا ظاہر ہوتا ہے۔

فصل دوم

فوج میں جا کر شامل ہو گئی۔ ۳ اگست کو آمبر پر انورالدین سخت جنگ کے بعد جس میں کارگزاری کا بڑا حصہ فرانسیسی فوج کا تھا شہید ہوئے[1] اور اُن کے بھائی اور اُن کا بڑا لڑکا گرفتار کر لیا گیا۔ اُن کا دوسرا لڑکا بچ کر ترچناپلی چلا گیا۔

جس سختی کے ساتھ اس لڑائی میں مقابلہ کیا گیا وہ حلیفوں کی توقع کے بالکل خلاف تھا۔ فرانسیسیوں کی جو امدادی جمعیت روانہ ہوئی تھی اُس کا مقصد لڑائی نہ تھا بلکہ وہ محض مظفر جنگ[2] سے چندا صاحب کو محفوظ رکھنے کے لئے تھی۔ اس زمانے میں مظفر جنگ نہایت مشتبہ نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ ڈوپلے نے چندا صاحب کو یہ صلاح دی کہ وہ فرانسیسی جمعیت کو بدستور اپنے پاس رکھے جب تک کہ اُس کا پیچھا اُس جونک سے نہ چھوٹ جائے جس کا پیٹ بھرنا مشکل ہو جائیگا[3]۔ اس موقع پر سب سے زیادہ اہم سوال نذرانوں۔ انعاموں اور آمدنی کے متعلق تھا جس کا تصفیہ پانا اُسی وقت ضرور تھا۔ اس فتح کی خبر پاکر ڈوپلے کا سب سے پہلا کام یہ تھا کہ اُس نے مالِ غنیمت سے فرانسیسی فوج اور نیز اپنے مناسب حصے کا دعویٰ پیش کر دیا۔ اور اُن قلعوں پر حملے کی صلاح دی جن کی نسبت سمجھا جاتا تھا کہ اُن میں بڑے بڑے خزانے محفوظ ہیں۔ ڈی اٹیل کو یہ سمجھا دیا گیا تھا کہ اُس کو اپنے قیدیوں کو اُس وقت تک نہ دینا چاہیئے جب تک کہ اُن کے فدیہ کی رقم سے اُس کا حصہ نہ متعین ہو جائے[4]۔ بگر فاتحوں کے فوجی خزانے خالی تھے ان سے جو کچھ مل سکا وہ صرف پچاس ہزار روپے کی ایک رقم فرانسیسی فوج کے لئے تھی اور ایک لاکھ چالیس ہزار کا وعدہ افسرانِ فوج کے انعام کے لئے تھا۔ ڈوپلے اُس کی بی بی اور اُس کے رشتہ داروں کو ایک ایک گاؤں دیا گیا تھا جیسا کہ مرہٹوں کے بڑے حملے کے بعد ڈوماس کے ساتھ عمل ہوا تھا۔

۲۰ اگست کو فاتح آرکاٹ میں داخل ہوئے اور وہاں پانچ ہفتے اپنے جدید مناصب

---

(۱) کہا جاتا ہے کہ اُن کو شیخ حسین نامی اس فرانسیسی فوج کے ایک جمعدار نے جو چندا صاحب کی ملازم تھی قتل کیا تھا۔

(۲) پانڈیچری خام کمپنی ۱۰ اگست ۱۷۴۹ء ۲۴ اگست ۱۷۴۹ء حسب سابق صفحہ ۲۳۰۔

(۳) ڈوپلے بنام ڈی اٹیل ۵ اگست ۱۷۴۹ء ؍؍ ؍؍ صفحہ ۲۳۹۔

(۴) ڈوپلے بنام ڈی اٹیل حسب حوالۂ سابق۔

فصل سوم

حظ اٹھاتے اور اپنی گزران کے ذرائع تلاش کرتے رہے۔ فرانسیسی جمعیت اُن کے ساتھ تھی مگر آرکاٹ اُن کے لئے (میرا خیال یہ ہے کہ کثرت شراب اور دیسی عورتوں کے میل جول سے) اس قدر مضر ثابت ہوا کہ وہ پانڈیچری کے حدود میں واپس بلالی گئی۔ ۱۴ ستمبر کو چند اصحاب اور مظفر جنگ آرکاٹ سے روانہ ہوئے اور یہ آسانی منزلیں طے کرتے ہوئے علی الترتیب ۲۷ اور ۲۹ کو فرانسیسی آبادی میں مشرقی شان و شوکت۔ ہاتھیوں جھنڈوں اور طوائفوں کے ساتھ داخل ہوئے اُن کے جلو میں وہ یورپین فوج بھی تھی جس کے بغیر آمبر کی فتح حاصل نہیں ہوسکتی تھی[۵۱]۔

یہ آمد اور ملاقات ایک سیاسی غلطی کی وجہ سے قابل یادگار ہے فرانسیسی امداد کی شرائط میں ایک شرط قریب کے اضلاع ویلیانلور اور دالکوداور کی عطا تھی مگر مظفر جنگ نے اظہار شکر گزاری میں اُس فیاضی سے جس کا اظہار دشمن کے ممالک کی تقسیم میں ہوا کرتا ہے اس عطا میں بندر مسولی پٹم اور ضلع باہور کو بھی شریک کر دیا[۵۲]۔ ضلع باہور میں ایسے مواضع شریک تھے جو قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کے گرد و پیش واقع تھے۔ ڈوپلے کے نزدیک تو یہ فرانسیسی ملک کی درستی حدود سے زیادہ کوئی اور امر نہ تھا[۵۳] مگر انگریزوں کی نظر میں یہ اس منصوبے کی تعمیل کی دھمکی تھی کہ اُن کا اور اُن کی تجارت کا تعلق اندرون ملک سے منقطع کر دیا جائیگا۔ ان کے اس اندیشے کی تائید بعض کردہ واقعات سے ہوئی جو مدراس کے گرد و نواح میں پیش آئے اور اس بنا پر انگریزی کونسل کو بمجبوری مخالفت کی حکمت عملی اختیار کرنی پڑی یعنی وہ لڑائی پھر چھیڑنی اور کامیابی کے ساتھ ختم کرنی پڑی جو خود انھوں نے ۱۷۴۹ء میں شروع کی تھی۔

جس زمانے میں یہ مہتم بالشان ارادہ کیا گیا اتفاقیہ طور سے چارلس فلویر انگریزی گورنری کی خدمت پر پہنچ گیا تھا۔ یہ شخص نہ سمجھدار تھا نہ محنتی۔ اُس نے پانڈیچری کے محاصرے کے لئے بھی کافی تیاری نہیں کی اور ناصر جنگ کے پاس سفارت بھیجنے میں

---

۵۱ کلکٹر کا بیان ہے کہ ڈوپلے کی ہدایت پر ڈی آٹیل نے ہر سپاہی کو چھ چھ روپے دئے اور باقی تقریباً (۴۲۰۰۰) ہزار روپے اپنے لئے رکھ لئے۔

۵۲ ڈوپلے بنام کمپنی ۱۵ اکتوبر ۱۷۴۹ء، سوانح ڈوپلے صفحہ ۴۴۔ ۵۳ کم سے کم خود اُس کا بیان ایسا تھا۔

فصل دوم

ایک کثیر رقم بیکار صرف کر ڈالی وہ آرام پسند تھا اور کونسل کے کمرے سے اُس کو تاش کی میز پر زیادہ لطف آتا تھا۔[1] اُس کی کونسل میں صرف ایک شخص اسٹرنجر لارنس قابل لحاظ تھا مگر وہ ۱۷۴۸ء ہی میں اس ساحل پر آیا تھا اور اُس کو ہندوستان کا بہت کم تجربہ تھا۔ وہ عمدہ سپاہی تھا مگر ایسا مغلوب الغضب۔ کوتاہ خیال اور غیر صحیح الرائے تھا کہ اُس میں سیاسی رہنما بننے اور نئے سیاسی راستے کھولنے کا مطلق مادہ نہ تھا۔ وہ ہر وقت فرانسیسیوں سے لڑنے کے لئے مستعد رہتا تھا اس میں شک نہیں کہ وہ ہر اُس تجویز کی تائید کرتا تھا جو فرانسیسیوں کی مخالفت میں ہوتی تھی مگر ۱۷۵۰ء میں جب تھوڑے عرصے کے لئے انگریزی حکمت عملی کی باگ اُس کے ہاتھ میں آگئی تو اُس کے طرز عمل نے ظاہر کر دیا کہ اُس کی سیاسی رائے بزدلانہ اور غیر مستقل تھی اگر ایسے رہنما افسروں کے تحت میں انگریزوں نے مزاحمت کا ارادہ کیا تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ اُس کی ضرورت یقینی طور سے مسلم تھی۔

فلوریر اس سے پہلے ہی پُرخطر حکمت عملی کے اختیار کرنے کی طرف اپنا میلان ظاہر کر چکا تھا ۱۷۴۷ء کے ختم پر ساہوجی جو تنجور کی حکومت سے بے دخل کر دیا گیا تھا اپنی ریاست پر دوبارہ قائم ہونے کے لئے انگریزوں سے مدد کا طالب ہوا اور بیان کیا کہ اگر وہ ایک مرتبہ انگریزی فوج کے ساتھ تنجور پہنچ گیا تو اُس کو ہر طرف سے کثیر مدد مل جائیگی۔ وہ فرانسیسیوں کی مدد حاصل کرنے کے لئے ایک یا دو مرتبہ کوشش کر چکا تھا لیکن اُس وقت ڈوپلے انگریزوں سے لڑائی اور چند اصاحب کی سازشوں میں اس قدر مصروف تھا کہ اُس نے اس معاملے سے انکار کر دیا۔[3] مگر انگریزوں کو کوئی ایسی مصروفیت نہ تھی۔ اسی زمانے میں اُن کو یہ خبر پہنچی کہ یورپ میں صلح ہو رہی ہے اس لئے انھوں نے ساہوجی کو ایک جمعیت سے اس شرط پر مدد دینے کا وعدہ کر لیا کہ دیوی کوٹہ اُن کو دیا جائے اور اُن کے جو مصارف ہوں وہ ادا کئے جائیں۔ دیوی کوٹہ کولیرون کے دہانے پر ایک چھوٹا سا قلعہ تھا اصولاً اس معاہدے

---

[1] ۱۷۵۰ء میں وہ جوا کھیلنے کی بنا پر موقوف کر دیا گیا۔ رنگا پلے کا بیان ہے کہ وہ آتشک میں مبتلا تھا۔

[2] لیرچ بنام ڈوپلے ۲۶ اپریل و ۲۹ اکتوبر ۱۷۴۷ء (پی۔ آر۔ نمبر ۸۳۔ و روزنامچہ انند رنگا پلے جلد (۴) صفحہ ۳۸۷)۔

[3] دیسی خط و کتابت بابت ۱۷۴۸ء صفحہ ۸۳۔ قلعہ سینٹ ڈیوڈ کی کونسل ۱۰ اپریل ۱۷۴۹ء۔

فصل دوم

اور اُس معاہدے میں جو ڈوپلے نے چند اصاحب کے ساتھ کیا تھا کوئی فرق نہ تھا۔ ہر ایک کا مقصد یہ تھا کہ ایک مدعی ریاست کو قبضہ دلا کر ایک ایسے رئیس کو جو بلا کسی خرخشے کے ریاست پر قابض اور متصرف تھا ملک غیر کے کرائے کی فوج کی مدد سے بے دخل کردیا جائے اور دونوں کی غرض یہ تھی کہ وہ جدید رئیس سے اپنے حق میں وہ رعایتیں حاصل کریں جو عموماً ایسے مواقع پر فائدہ پہنچانے والوں کے ساتھ کی جاتی ہیں۔ ڈوپلے کرناٹک پر اپنا سیاسی اثر قائم کرنا چاہتا تھا اور اسی طرح انگریزوں کا مقصد تنجور پر اپنا اثر قائم کرنا تھا۔ حقیقی فرق جو کچھ تھا وہ صرف یہ تھا کہ آیا ریاست کے مدعی کے ریاست پر قائم ہو جانے کے بعد اُس سے ان توقعات کی تکمیل کا امکان ہے جو اُس سے کی جاتی ہیں۔ اور انگریزوں کو قبل از قبل یہ سمجھ لینا کچھ دشوار نہ تھا کہ تنجور کے جدید راجہ سے انھیں کوئی ایسی حقیقی مدد نہیں پہنچ سکتی جو مہتم بالشان کہی جاسکے۔ علاوہ اسکے جہاں تک کہ ۱۷۴۹ء کے واقعات سے رائے قائم کیجاسکتی تھی دیوی کوٹہ کا قلعہ بیکار محض تھا وہ کوئی تجارتی مقام نہ تھا اور اگرچہ بعدہٗ اُس کے ذریعے سے ترچناپلی کا ایک محفوظ راستہ کھل گیا مگر اس کی ضرورت اُس وقت تک مستقبل کے پردے میں چھپی ہوئی تھی غرضکہ فلوریا اور ڈوپلے دونوں کے معاملات، ہر لحاظ سے ایک ہی نوعیت کے تھے اور اگر کوئی فرق تھا تو ان فوائد کے لحاظ سے تھا جو اُن سے حاصل ہو سکتے تھے۔

اس معاملے کا تصفیہ فلوریا اور ایک دوسرے رکن (ریچرڈ پرنس) کی رائے سے بمشورہ بوسکاون ہوا تھا۔ کونسل میں اس کا اعلان اُس وقت کیا گیا جبکہ فوج روانہ ہو چکی تھی اور کونسل نے اُس کی منظوری اسی بنا پر دیدی کہ فوج کو واپس بلانے میں جو بدنامی ہوتی وہ نہ ہونے پائے۔

خود اس مہم کے متعلق زیادہ صراحت کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔ وہ کولیرون پہنچنے سے پہلے ایک سخت طوفان میں گھر گئی۔ تنجور میں ایک شخص بھی ساہ جی کی مدد کیلئے آمادہ نہ پایا گیا۔ دیوی کوٹہ پر ایک ناکامیاب حملہ اور اس سے زیادہ ناکامیاب واپسی کے بعد دوسری فوج براہ دریا روانہ کی گئی یہ فوج لارنس کے زیر حکم تھی اُس نے دیوی کوٹہ کو بہ آسانی فتح کرلیا اور جب پرتاب سنگھ نے جو تنجور کا حقیقی راجہ تھا اپنے شرائط پیش کئے تو وہ منظور کر لئے گئے۔ ساہ جی کو وظیفہ دے کر گمنامی کے ایک ایسے غار میں ڈالدیا گیا

فصل دوم

جس سے اُس کا نکلنا محال تھا۔[1]

اس مہم کا خاتمہ جون تک ہوگیا تھا اور اس طور سے انگریزوں کو اُن کارروائیوں پر غور کرنے کی جو ڈوپلے کر رہا تھا پوری مہلت تھی۔ وہ ان کارروائیوں کو خوف زدہ نظر سے دیکھ رہے تھے اس لئے انھوں نے اُس یورپین رسالے کو قائم رکھنے کا فیصلہ کیا جو گزشتہ لڑائی میں بھرتی ہوا تھا اور اپنے سپاہیوں کی فوج میں کسی قسم کی کمی نہ ہونے دی۔[2] اس پر بھی اُن کی یورپین فوج ناقابل لحاظ تھی۔ ۱۲۰۰ خوش باشوں کی تعداد میں جن کو بوسکاون اپنے ساتھ لایا تھا لڑائی اور بیماریوں نے کمی کردی تھی ان میں سے (۵۰۰) اشخاص کو کمپنی کی ملازمت میں داخل ہوجانے کے بعد بھی کونسل کے زیر حکم (۸۰۰) سے زیادہ یورپین فوج نہ تھی۔[3]

بوسکاون مع اپنی بحری جمعیت کے اُس وقت تک ساحل پر موجود تھا اور اُس کی مدد سے انگریز یقیناً اتنی جمعیت بہم پہنچا سکتے تھے جو فرانسیسیوں کے منصوبوں کو درہم برہم کردینے کے لئے کافی ہوتی۔ آرمی کا تو یہ بیان ہے کہ خود بوسکاون وہاں ٹھہرنے کا خواستگار تھا اور کونسل کو اس کا الزام دیتا ہے کہ اُس نے بوسکاون کی درخواست کو نامنظور کیا۔[4]

بوسکاون نے اپنے جس مراسلے میں ساحل کی حالت اور فرانسیسیوں کی چیرہ دستی کا اندیشہ ظاہر کیا ہے اُس میں ایک حرف بھی اپنے مشرق میں رہنے کے متعلق نہیں لکھا ہے۔[5] ہمیں معلوم ہوگا کہ کونسل اس سے قبل فرانسیسیوں کے مقابلے کا ارادہ مصمم کرچکی تھی اس حالت میں اُس کا تھوڑی سی ذمہ داری کا بار اُٹھا کر بوسکاون کی درخواست قیام کو نہ منظور کرلینا معمولی انسانی عقل سے بعید تھا۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آرمی کو جو اطلاع

---

[1] کونسل قلعہ سینٹ ڈیوڈ ۲۶ اپریل ۲۲ مئی و جون ۱۷۴۹ء و آرمی کی قلمی انڈیا۔

[2] کونسل سینٹ ڈیوڈ ۲۹ جولائی ۱۷۴۹ء

[3] قلعہ بنام کمپنی ۳۰ اکتوبر ۱۷۴۹ء

[4] تاریخ جلد (۱) صفحہ ۱۳۳۔

[5] بوسکاون بنام بیڈفورڈ ۲۹ مئی سنہ ۱۷۵۰ء۔

فصل دوم

ملی وہ غلط تھی[1]

اپنی حفاظت کے انتظام کے بعد بھی انگریزوں نے یہ ارادہ کرلیا تھا کہ وہ کسی ایسے امر کے مرتکب نہ ہوں گے جو کرناٹک کے جدید نواب سے بگاڑ کا سبب ہوجائے۔ چندا صاحب نے اپنی کامیابی کی اطلاع فلوریر کو دی تھی۔ فلوریر نے فوراً اس کے جواب میں ایک مبارکباد کا خط بھیجا اور چند روز کے بعد اسی مضمون کا ایک خط مظفر جنگ کے نام بھی لکھا[2]

اس پر زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ رضا صاحب نے لکھا کہ اگر آپ چاہیں تو آپ کے لئے منصب اور جاگیر کے عطا کئے جانے کا انتظام ہو سکتا ہے اور اس امر کا وعدہ کیا جاتا ہے کہ بہ نسبت فرانسیسیوں کے انگریزوں کے ساتھ زیادہ تر رعایتیں مرعی رکھی جائیں گی[3]۔ یہ خطوط قابل لحاظ ہیں ممکن ہے کہ ان کا مقصد صرف اسی قدر ہو کہ انگریز اس وقت تک خاموش رہیں جب تک کہ چندا صاحب کا پورے طور سے عمل دخل ہوجائے مگر قیاس غالب یہ ہے کہ ان کا مقصد کچھ اس سے زیادہ تھا۔ اس کے ذریعے سے چندا صاحب چاہتا تھا کہ انگریزوں اور فرانسیسیوں میں مساوات اور توازن قائم رکھے۔ یہ امر یقینی ہے کہ اس نے فلوریر سے ملنے کی دو مرتبہ خواہش کی[4] اور کچھ تعجب نہیں کہ اسی خوف سے کہ کہیں انگریزوں اور نواب میں دوستی نہ ہوجائے ڈوپلے کو ایسی کارروائیوں پر مجبور کیا جس کا نتیجہ سوائے اس کے کچھ نہ ہو سکتا تھا کہ انگریزوں سے لڑائی چھڑ جائے۔

ہم کو قبل ازیں معلوم ہوچکا ہے کہ ستمبر ۱۷۴۹ء میں ڈوپلے نے مظفر جنگ سے

---

[1] ممکن ہے کہ ذاتی تعلقات کی بنا پر وہ رکے ہوں مگر مجھ کو برسٹاون اور کونسل میں کسی رنجش کا پتا نہیں معلوم ہوتا۔ انگلستان واپس جانے کے بعد اس نے فلوریر کے لئے ایک گاڑی بھیجی جس سے ذاتی تعلقات میں کسی قسم کی کشیدگی کا اظہار نہیں ہوتا۔

[2] دیسی خط و کتابت بابت ۱۷۴۹ء صفحہ ۲۷ - ۲۵۔

[3] " " " " صفحہ ۴۸، ۲۷ -

[4] " " " " " صفحہ ۲۹، ۳۵ -

۸۹۳۲

فصل دوم

وہ مواضع حاصل کر لئے جو قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کے گرد و پیش واقع تھے اور اس طور سے انگریزوں کا راستہ جلاہوں کی بستیوں سے منقطع ہوگیا جن پر اُن کی تجارت کا انحصار تھا۔ اس سے قبل ایک دوسری تجویز کی خبریں مشہور ہو رہی تھیں جس کا مقصد یہ تھا کہ مدراس کا قبضہ بیکار کر دیا جائے شہر مدکور کے سواد میں ایک چھوٹا سا پرتگالی گرجا واقع تھا جو اس وقت تک موجود ہے۔ یہ سینٹ تامی کی پرتگالی بستی کی ایک یادگار ہے اور "نوسا سنہورا ڈی لاز" کے نام پر تعمیر ہوا تھا۔ اس پر ایک پرتگالی پادری انٹونیو نور نہا نامی مقرر تھا جو میڈم ڈوپلے کا رشتہ دار تھا۔[۱] یہ شخص مدراس کی خبریں پانڈیچری کو دیتا رہتا تھا اور اپنے آپ کو فرانسیسیوں کے لئے بہت مفید ثابت کر چکا تھا۔ ڈوپلے نے یہ معلوم ہوتے ہی کہ اُسے یہ مقام مجبوراً انگریزوں کو واپس کر دینا پڑے گا گوا کے ویسرائے سے اُس شخص کو پرتگالیوں کا پادری سینٹ تامی میں مقرر کئے جانے کا حکم حاصل کر لیا۔ انورالدین کی بے دخلی کے بعد ڈوپلے نے چندا صاحب سے کہکر نور نہا کو اُس ضلع پر عملدار مقرر کرا دیا جس سے نور نہا کی حیثیت اور زیادہ باوقعت ہوگئی۔ اس طور سے اُس نے قلعۂ سینٹ جارج کے تین میل کے اندر ایک متوسل کو ایک بااختیار عہدے پر قائم کرا دیا۔[۵۲]

فرانسیسیوں کے جو منصوبے سینٹ تامی کے متعلق تھے اُس کی اطلاع بوسکاون نے ۱۳ ستمبر کو کونسل میں دی اور تین ہفتے بعد یہ صلاح دی کہ انگریزوں کو چاہیئے کہ اس مقام پر قبضہ کر کے اپنے آپ کو محفوظ کر لیں کیونکہ جو رسد مدراس کو جا رہی تھی اُسے روک کر نور نہا نے اپنے آئندہ طرزِ عمل کا پتا دے دیا ہے۔ بنا بر علیہ انگریزوں نے محمد علی سے اس مقام کی عطا کی درخواست کی اور ۲۲ اکتوبر کو بوسکاون نے اُس پر قبضہ کر کے انگریزی جھنڈا قائم کر دیا۔ نور نہا گرفتار کر لیا گیا اور اُس کے کاغذات سے یہ ثابت ہوا کہ وہ ایک مخفی دشمن

---

[۱] یہ شخص پھر بحیثیت اسقف اعظم "مالیکار ناسس" کے ظاہر ہوگا۔

[۵۲] یہ واقعات انگریزوں کے بیانات پر مبنی نہیں ہیں کہ ان کو فرانسیسیوں پر حملہ آور ہونے کے عذرات قرار دیا جا سکے بلکہ خود ویسرائے اور ڈوپلے کے بیانات پر مبنی ہیں۔ ڈی۔ ایلار ڈو بنام قلعۂ سینٹ ڈیوڈ ۵ فروری ۱۷۵۰ء (لوکی اسٹیج (جلد ۲) صفحہ ۴۰۰) ڈوپلے بنام ساﺅنڈرس ۱۸ فروری ۱۷۵۲ء (خط و کتابت فرانسیسی بابت ۱۷۵۲ء۔

فصل دوم

اور ہمارے اور فرانسیسیوں میں نزاع بڑھانے والا شخص تھا[۵۱]۔ چندا صاحب نے فوراً نور نہا کی رہائی کا مطالبہ کیا اور اگرچہ فلوریر نے صاف الفاظ میں اس مطالبے سے انکار نہیں کیا مگر فی الحقیقت سینٹ ٹامی پر قبضہ کر لینا باضابطہ فرانسیسیوں سے مقابلہ اور انگریزوں کا محمد علی کی طرفداری پر آمادہ ہو جانے کا اعلان تھا۔ اور ایسا ہی سمجھا جانا چاہیئے تھا۔

یہ تجویز قطعی طور سے ۱۳ر اکتوبر ۱۷۴۹ء کو قرار پا چکی تھی۔ چندا صاحب کو مبارکباد کا خط لکھتے وقت فلوریر نے محمد علی کو اُن کے والد کے انتقال کا تعزیت نامہ لکھا تھا اور اگست میں چار توپیں اور چند توپچی اُن کے پاس ترچناپلی روانہ کر دیئے گئے تھے ستمبر میں محمد علی کی مزید امداد کی طلب پر فلوریر نے اُن کو جواب دیا کہ ناصر جنگ کی مداخلت کی وجہ سے غالباً ترچناپلی پر کوئی حملہ نہ ہو۔ اگر باوجود اس کے کوئی حملہ ہوا تو وہ امکانی مدد روانہ کرے گا[۵۲]۔ ۱۴ر اکتوبر کو یہ تمام مراسلت کونسل کے سامنے پیش ہوئی۔ کونسل نے کچھ فوج کو ملازمت سے خارج کر دینے کا بہانہ کر کے یہ تجویز کی کہ اُس کی ملازمت میں جو بہترین سپاہی ہیں اُن میں سے ایک حصہ مع ایک مختصر یورپین جماعت کے ترچناپلی بھیج دیا جائے۔ اس کا سبب کچھ تو محمد علی کی اُس مدد کی شکرگزاری تھی جو انھوں نے ۱۷۴۹ء میں کی تھی اور کچھ یہ تصور تھا کہ ناصر جنگ کے آتے ہی چندا صاحب کی بغاوت کا خاتمہ ہو جائے گا[۵۳]۔

اس خیال سے کہ مبادا ناصر جنگ کے وہاں پہنچنے تک فرانسیسی سب کا قلع قمع کر دیں نومبر میں ایک اور یورپین کمپنی کپتان کوپ[۵۴] کے تحت میں روانہ کی گئی[۵۵]۔ اس کا مقابلہ

---

۵۱ قلعہ سینٹ ڈیوڈ کی کارروائی ۲ مورخہ ۲۵ر ستمبر و ۱۲ر اکتوبر ۱۷۴۹ء۔ و مراسلہ بنام انگلستان ۱۸ر اکتوبر ۱۷۴۹ء۔ بوسکاوان نور نہا کو اپنے ساتھ قید کر کے انگلستان لیگیا جہاں وہ پرتگال کے وزیر کی درخواست پر رہا کیا گیا۔

۵۲ دیسی خط و کتابت بابت ۱۷۴۹ء صفحہ ۴۶ - ۴۴ خطوں کی تاریخیں پریشان ہیں مگر سلسلۂ مضامین کافی طور سے مسلسل ہے۔

۵۳ 〃　〃　〃　صفحہ ۲۷ - ۲۸ - ۳۲ و ۳۴ -

۵۴ کارروائی قلعہ سینٹ ڈیوڈ ۲ر اکتوبر ۱۷۴۹ء۔

۵۵ 〃　〃　〃　۱۶ر نومبر ۱۷۴۹ء۔

فصل دوم

فرانسیسیوں سے کبھی نہیں ہوا لیکن اس سے محمد علی کے دل کو تقویت ہوگئی اور انھوں نے قلعہ سینٹ ڈیوڈ کے گردو پیش کا ملک انگریزوں کو عطا کردیا[1] جس کو مظفر جنگ اس سے پہلے فرانسیسیوں کو دے چکے تھے اس طور سے وہ حلقہ جو ڈوپلے نے انگریزوں کے گرد جنوب میں ڈالنا چاہا تھا ٹوٹ گیا جس طرح مدراس کے گرد کا حلقہ سینٹ تامی کے قبضے سے ٹوٹ چکا تھا۔

جس زمانے میں انگریز اس طور سے اپنی حیثیت کے متعین اور قائم کرنے میں مصروف تھے چندا صاحب اور ڈوپلے اپنی آئندہ کارروائیوں کی بحث و بیز میں لگے ہوئے فصل خزاں کی بارش کے ختم کا انتظار کر رہے تھے۔ سب سے اہم کام جو اُن کو درپیش تھا وہ ترچناپلی میں محمد علی پر غلبہ پانا تھا۔ فرانسیسی امدادی جمعیت بڑھاکر ۸۰۰ یورپین تک پہنچادی گئی تھی جس کے ساتھ (۳۰۰) کافری اور توپاسی اور ایک میدانی توپ خانہ تھا لیکن بڑی دقت رقم کی تھی جو ان بے شمار اور بیکار سواروں کی تنخواہ کے لئے مطلوب تھی جن کے بغیر کوئی ہندوستانی رئیس جنبش نہیں کرسکتا تھا[2]۔ ڈوپلے نے شہر کے باشندوں سے دو لاکھ روپے کا انتظام کیا اور ایک لاکھ روپیہ بعض اضلاع کی مالگزاری پر خود اپنے پاس سے دیا[3]۔ یہ ضمانت اُس زمانے کے لئے جبکہ اُس کی تائید پر کوئی غیر متنازعہ حکومت ہو بالکل کافی تھی لیکن لڑائی کے زمانے میں بہ آسانی ممکن تھا کہ وہ اضلاع لوٹ لئے جائیں اور جب انھیں اضلاع کے دو دعویدار ہوں تو وہی ارتھان اور خطا قابل قبول قرار پاسکتی ہے جو عقلمند شخص نے کی ہو۔ تمام مالی مشکلات کی بنیاد جن کا مقابلہ فرانسیسیوں کو کرنا پڑ رہا تھا یہی تھی۔

اس مدد کے مل جانے کے بعد بھی جو ڈوپلے اپنے دوستوں کے لئے حاصل کرسکتا تھا اُن لوگوں نے اپنا اصل کام شروع نہیں کیا بلکہ مغلوں کے قدیم دستور کے مطابق

---

[1] کارروائی قلعہ سینٹ ڈیوڈ ۲۶ فروری ۱۷۵۱ء۔

[2] عام طور سے ہندوستانی فوجوں کی تنخواہیں امن کے وقت چڑھی رہتی تھیں لیکن لڑائی کے میدان میں وہ لوگ دوسرے برتاؤ کی امید کرتے تھے مقابلہ کو ولاک کی یادداشت صفحہ ۲۹۔

[3] ڈوپلے بنام کمپنی مورخہ ۱۰ اکتوبر ۱۷۵۱ء۔

فصل دوم

فوج کشی کے ذریعے سے وصول مالگزاری کے کام میں مصروف ہو گئے۔ برسات کے ختم ہوتے ہی وہ پانڈیچری سے روانہ ہوئے مگر چند اصاحب ایک معتبر پولی گار رئیس کے جنگلوں کے محاصرہ کرنے اور اُس سے تین لاکھ روپے وصول کرنے کے لئے پیچھے رہ گیا۔ اس کام میں تقریباً یہ پورا مہینا ضائع ہو گیا[1]۔ اس عرصے میں مظفر جنگ کوچ کرتے رہے مگر اُسی قدر سکون و وقار کے ساتھ جو اُن کی عزت اور توقیر کے مناسب حال تھا۔ اُن کی مشترکہ فوجوں نے کولیرون ندی کو ۱۳؍ دسمبر[2] تک عبور نہیں کیا اور عبور کرنے کے بعد بھی وہ تنجور میں پھر وصول مالگزاری میں مصروف ہو گئے۔ اس ریاست کے صدر مقام کے محاذی فوج نے اپنے ڈیرے قائم کر دئے وہ معرکوں نے جس میں آگے آگے فرانسیسی تھے راجہ کو صلح کی طرف مائل کر دیا اور وہ ستر لاکھ روپے دینے پر راضی ہو گیا۔ مگر اُس کا ارادہ بشرط امکان اُس کی تعمیل کا نہ تھا اور وہ اس کا متوقع تھا کہ خوش قسمتی سے کوئی ایسا موقع مل جائے کہ اُس کو اس رقم کے ادا کرنے کی ضرورت نہ واقع ہو۔ مظفر جنگ راجہ کو اس معاملے میں ترغیب دے رہے تھے جو چند اصاحب کو اس خود مختارانہ طرز عمل سے جو معاہدہ کرنے میں اُس سے ظاہر ہوا تھا حاسدانہ نظر سے دیکھنے لگے تھے[3]۔ ۱۳؍ دسمبر کو شرائط طے ہو لئے تھے مگر اس سے ایک ماہ بعد اس رقم کا ایک خفیف جز ادا ہوا تھا اس لئے پھر جنگ چھڑ گئی۔ فرانسیسی فوج اس قسم کے سست اور غیر موثر طریقۂ جنگ سے تنگ آگئی تھی۔ سپاہیوں کو یہ شکایت تھی کہ اُن کو آغاز جنگ سے اس وقت تک ایک پیسہ بھی نہیں ملا تھا۔ پانچ سارجنٹوں کو باغیانہ طرز عمل کی بنا پر سزائیں دینا اور فوج کے افسروں کے احساس فرائض اور اعزاز کو عطیات کے ذریعے سے تیز کرنا پڑا[4]۔ اس میں وہ تمام رقم صرف ہو گئی جو چند اصاحب نے راجہ سے وصول کی تھی۔

---

[1] مراسلہ بنام انگلستان ۱۲؍ فروری ۱۷۵۱ء۔

[2] لی ریچی بنام ڈوپلے ۱۶؍ دسمبر ۱۷۴۹ء۔

[3] کالٹرو حسب سابق صفحہ ۲۴۵ و ۲۴۶۔

[4] لی ریچی بنام ڈوپلے ۱؍، ۶؍ و ۱۶؍ فروری ۱۷۵۰ء۔

اس خیال کی گنجائش تھی کہ فرانسیسی فوج کے سرکردہ کو اس امر کے تعین میں پورا اختیار ہوگا کہ آئندہ کیا کرنا چاہیئے کیونکہ یہی جماعت چند اصاحب کی فوج میں غالب اور کارآمد جماعت تھی۔ آمبر کی لڑائی کا بار اسی نے اٹھایا تھا اور اسی نے تنجور کے بیرونی مدمے لئے تھے اور ایک غیر متوقع حملہ کر کے شہر کے ایک دروازے پر قابض ہوگئی تھی اس عرصے میں دیسی فوج نے اپنی موجودگی سے کسی قسم کا فائدہ نہ پہنچایا تھا۔ لیکن باوجود ان تمام امور کے چند اصاحب نے دکسنی۔ گوپل اور رنبی سے کبھی کوئی مشورہ نہیں کیا دسمبر میں دکسنی کو یقین تھا کہ محمد علی کے ساتھ معاہدہ ہوگیا ہے۔ اس کی رائے تنجور کے متعلق نہیں لی گئی۔ ۱۹ فروری کو چند اصاحب نے شہر پر حملہ موقوف کر دینے کا حکم دیا اگرچہ گوپل حملہ کرنا چاہتا تھا[1] غرضکہ فرانسیسی اس وقت تک نہ آقا اور نہ شریک بلکہ بطور امدادی کرائے کی فوج کے کام کر رہے تھے۔ چند اصاحب اپنے منصوبے ڈوپلے کے مشورے کے بغیر خود قرار دینے کا مجاز تھا ڈوپلے رائے دیسکتا تھا مگر ابھی تک اس کی حیثیت ایسی نہ ہوئی تھی کہ اس کی رائے بمنزلہ حکم کے متصور ہو۔

فروری ۱۷۵۰ء کے ختم پر فرانسیسی اور ان کے خود سر ساتھی بغیر کسی مقصد کے تنجور کے محاذی پڑے ہوئے تھے۔ ناصر جنگ کی آمد آمد کی خبر عرصے سے مشہور ہو رہی تھی اس کی تصدیق کثیر تعداد مرہٹوں کے سواروں کے قریب آجانے سے ہوگئی۔ ڈوپلے کی رائے یہ تھی کہ تنجور فتح کر لیا جائے اس کے خیال میں یہ ایسا مقام تھا جہاں اس وقت تک قیام ممکن تھا جب تک کہ قحط ناصر جنگ کے انبوہ کثیر کو واپسی پر مجبور کر دے مگر کم ہمتی کی بنا پر یہ تجویز منظور نہیں کی گئی اس پر اس نے یہ صلاح دی کہ شمال کی طرف بڑھ کر جنجی کو فتح کر کے اپنا مستقر بنا لینا چاہیئے لیکن یہ بھی اتنا مشکل سمجھا گیا کہ اس پر عمل کرنے کی جرأت نہ ہوسکی۔ تنجور کا محاصرہ اٹھا لیا گیا اور فوج نے عجلت کے ساتھ پانڈیچری کا رخ کیا مرہٹوں نے اپنے حملے شروع کر دیئے۔ صرف فرانسیسی فوج کی ثابت قدمی اور ان کے توپخانے کی تیز آتش باری نے فوج کو متفرق ہوجانے سے روک لیا۔ خوف زدہ گروہ اور ان کے

---

[1] لی رچی بنام ڈوپلے (این۔ ڈی) ۱۲ دسمبر ۱۷۴۹ء و ۲۴ فروری ۱۷۵۰ء (بی۔ آر۔ نمبر ۹۴۔ الف۔ الف ۷۸ اور ۱۸۸ و ۲۰۵)۔

فصل ۲

پریشان خیال افسر چاہتے تھے کہ پانڈیچری میں داخل ہو کر پناہ لیں مگر فرانسیسیوں نے اس دھمکی
سے کہ اگر انھوں نے پانڈیچری کے حدود میں داخل ہونے کی کوشش کی تو ان پر آتشباری
کی جائیگی اُن کو اس ارادے سے باز رکھا اور انھوں نے مجبور ہو کر ولکی نیالور میں قیام
کیا۔ ان کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ تمام رقم جو ڈوپلے نے مہیا کی تھی اور جو کچھ وہ خود وصول
کر سکتے تھے فرانسیسی افسروں کے عطیات اور فوج کی بقایا تنخواہ کے ایک حصے کے
ادا کرنے میں صرف ہو گئی تھی مگر فوج کو اب بھی شکایت تھی اور وہ اپنے مزید مطالبات
کی بابت شور و غل مچا رہی تھی۔ ڈوپلے نے اور تین لاکھ روپے کا انتظام کیا[۱]۔ اس طور سے
چار مہینے کے دوران کارروائی میں فرانسیسیوں کو چھ لاکھ صرف کرنے پڑے تھے جس کا
کوئی نتیجہ بجز اس کے نہ تھا کہ چند مواضع کریکل کے گرد و نواح میں اُن کے نام کر دئے
گئے تھے۔

جس وقت آمبر کی لڑائی کی خبر ناصر جنگ کو پہنچی وہ دہلی اس غرض سے جا رہے تھے
کہ افغانوں کے اُس حملے کے اندفاع میں مدد دیں جو وہ لوگ شمال ہندوستان پر کرنیوالے
تھے[۲]۔ یہ خبر سُن کر انھوں نے فوراً کوچ موقوف کر دیا اور جنوب کی کُل فوج کو حکم دیا کہ وہ آکر
اُن کی فوج میں شریک ہو جائے اور رگھوجی بھونسلہ سے مرہٹوں کی ایک امدادی فوج
کے متعلق کارروائی کی اور بجائے شمال کے جنوب کی طرف روانگی کا انتظام کیا۔ یہ
سب انتظامات ایک عرصے میں تکمیل کو پہنچے اور وہ آخر کار ۱۷۵۰ء میں کرناٹک میں
داخل ہوئے[۳]۔ انھوں نے جنجی کو اپنا قیام گاہ قرار دیا اور وہاں سے ترو تی کی طرف

---

[۱] ڈوپلے بنام کمپنی ۳ر اکتوبر ۱۷۵۰ء۔

[۲] ولکس حسب صراحت سابق جلد (۱) صفحہ ۱۶۳۔

[۳] گرانٹ ڈف جلد (۲) صفحہ (۳۰)۔

[۴] ڈوپلے نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ناصر جنگ کو انگریز کرناٹک میں لائے تھے۔ اس خیال کی [illegible]
کی تردید ۱۷۴۹ء کی دیسی خط و کتابت سے ہوتی ہے۔ ناصر جنگ کی آمد کی خبر ۲ مارچ ۲۴ اگست [illegible]
محمد علی سے معلوم ہوئی تھی مگر یہ محض محمد علی کی گپ تھی اور اس کا مقصد یہ تھا کہ وہ انگریزوں کو اس کی طرفداری
کے لئے آمادہ کر دے۔ فلوئیر نے جو پہلا خط اس بارے میں ناصر جنگ کو لکھا ہے وہ مورخہ [illegible]

کوچ کیا جو قلعۂ سینٹ ڈیوڈ سے جانب مغرب (۲۵) میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ یہاں پہنچکر انھوں نے انگریزی امداد طلب کی جتنی فوج اُن کی مدد کے لئے بھیجی گئی وہ اُن کی امید سے بہت کم تھی اُس کی تعداد بظاہر (۳۰۰) سے زیادہ نہ ہوگی۔[1] دورِ دوم

اس عرصے میں چندا صاحب اور فرانسیسی امدادی فوج نے ڈی آٹیل کے تحت میں چدمبرم کی طرف پیشقدمی شروع کردی تھی۔ ۳ اپریل کو فرانسیسی کمانڈر نے کوپ کے نام ایک خط بھیجا جس سے اس معرکہ کی سیاسی پیچیدگیاں اور ڈوپلے کی اس سیاسی ترکیب کا اظہار ہوتا ہے جس کے ذریعے سے وہ انگریزوں کو اس جنگ سے علحدہ کرادینا چاہتا تھا۔ ڈی آٹیل کا یہ ادعا تھا کہ دیوی کوٹہ کے معاملے میں فرانسیسیوں نے محض اس وجہ سے دخل نہیں دیا کہ دونوں سلطنتوں میں صلح ہوگئی تھی اور اس لئے وہ چاہتا تھا کہ انگریز بھی فرانسیسیوں کی اس لڑائی میں شریک نہ ہوں جو وہ انورالدین کے خاندان کے مقابلے میں لڑ رہے تھے۔ اس کا کوپ نے صرف اس قدر جواب دیا کہ اُس نے یہ خط قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کو بھیج دیا ہے۔[2]

لارنس نے اس موقع پر ناصر جنگ کو یہ صلاح دی کہ اُن کو پانڈیچری کی طرف بڑھنا چاہیئے تاکہ غنیم مجبور ہوکر اُن پر حملہ کرے۔ بجائے اس کے انھوں نے براہ راست غنیم کیطرف رخ کیا اور اپریل کی چوتھی تاریخ دور سے گولہ باری میں ختم ہوگئی۔[3] اس شب کو فرانسیسی چندا صاحب کے ساتھ بہت جلد پیچھے ہٹ گئے دوسرے دن ناصر جنگ اُن کے تعاقب میں

بقیہ حاشیہ صفحۂ گزشتہ۔ اس کے چند روز بعد شاہنواز خاں کا خط مورخہ ۲۹ ستمبر / ۱۰ اکتوبر کو پہنچا جس میں فوج کے پہنچ جانے کی خبر دی گئی تھی۔

[1] آرم لکھتا ہے (تاریخ جلد (۱) صفحہ ۱۳۸) کہ لارنس ۲۲ مارچ کو کیمپ میں (۶۰۰) یورپین کے ساتھ پہنچا مگر حقیقت یہ ہے کہ کوپ اپنی ایک سو کی جمعیت کو لیکر ترچناپلی سے چلا اور لارنس سینٹ ڈیوڈ سے ۱۹ اور ۳۰ مارچ کو (۱۰۰) آدمیوں کیساتھ بھیجا گیا اور مزید (۱۰۰) آدمی ۲۸ مارچ اور ۴ اپریل کے درمیان بھیجے گئے (کارروائی قلعہ سینٹ ڈیوڈ ۱۹ - ۲۶ مارچ ۱۷۵۰ء)۔

[2] فرانسیسی خط وکتابت بابت ۱۷۵۰ء صفحہ ۷ - ۶ - لارنس کا بیان تھا کہ یہ خط ڈی آٹیل نے اس کے نام روانہ کیا تھا۔ اگر ایسا تھا تو کوپ نے اپنے نام سے کیوں جواب دیا۔

[3] انگریز اور فرانسیسی دونوں کا یہ بیان ہے کہ گولہ باری دوسرے فریق کیطرف سے شروع ہوئی (فرانسیسی خط وکتابت بابت ۱۷۵۰ء صفحہ ۸ - ۱۱)۔

فصل ۴

روانہ ہوئے اور اُن کے بھانجے مظفر جنگ نے اُن کی اطاعت قبول کر لی۔

ناصر جنگ نے اپنی نام آوری کی بنا پر اس کو فتح تصور کیا مگر حقیقت حال یہ ہے کہ اس کی بنیاد ایک بغاوت پر تھی جس کا مقابلہ اگر ہو سکتا ہے تو بنگال کے افسروں کی اس بغاوت سے ہو سکتا ہے جو انھوں نے ۱۷۶۶ء میں کی تھی۔ تنجور سے واپسی کے بعد اکثر افسروں نے بعذر بیماری اس کام سے علٰحدگی کی درخواست کی اور اُن کی جگہ پانڈیچری کی فوج سے دوسرے افسر بھیج دئے گئے جنھوں نے آتے ہی یہ شکایت شروع کر دی کہ رقمیں تو دوسروں نے اُڑائیں مگر مصائب اُن کو جھیلنے پڑیں گے۔

اس امر کا فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ ان دو جماعتوں میں سے یعنی افسروں کی وہ جماعت جس نے بمقام تنجور چندا صاحب سے بجبر عطیات حاصل کئے یا وہ جماعت جس نے ناصر جنگ اور انگریزوں کے مقابلے میں کام کرنے سے انکار کر دیا زیادہ تر قابل الزام کونسی جماعت ہے۔ جب انگریز ناصر جنگ کے شریک ہو گئے تو یہ شکایت اور زیادہ سخت ہو گئی۔ بریے نامی پانڈیچری کا اعلیٰ افسر فوج اس غرض سے بھیجا گیا کہ وہ افسروں کو سمجھا بجھا کر ان کے فرائض کے ادا کرنے کی ترغیب دے مگر اس میں کامیابی نہیں ہوئی۔ اُس سے یہ کہا گیا کہ اگر چوبیس گھنٹے کے اندر اُن کی درخواستیں منظور نہ ہوئیں[1] تو وہ کیمپ چھوڑ کر چلے جائیں گے۔ دوسرا دن ناصر جنگ کی گولہ باری میں صرف ہو گیا اسی شام کو (۱۳) سب الٹرن افسر کیمپ چھوڑ کر پانڈیچری چلے گئے۔ ڈی آٹیل بغیر افسروں کے اپنی فوج پر حکومت نہیں کر سکتا تھا اسلئے وہ رات کو پیچھے ہٹ آیا۔ یہ بغاوت اس بنا پر اور زیادہ شرمناک تھی کہ باغی اس پر بھی زور دے رہے تھے کہ جو امدادی رقم ماہوار چندا صاحب سے ملتی ہے وہ پیشگی ہونی چاہیے[2]۔ اس بدنما معاملے کی وجہ سے ڈوپلے کو وقت حاصل کرنے کے لئے ناصر جنگ کے

---

[1] یعنی اُسی قدر عطیہ جس قدر پہلے تنجور کے مقام میں مل چکا تھا۔

[2] ڈوپلے بنام کمپنی ۳ اکتوبر ۱۷۵۰ء ڈوپلے نے چاہا کہ باغیوں پر مقدمہ قائم کیا جائے مگر کمپنی کے ملازمین میں لوگ اُن کے ہمدرد موجود تھے (اس میں بھی بنگال کی بغاوت کی مشابہت موجود ہے) اس لئے مقدمہ چلانے کا خیال چھوڑ دیا گیا اور کونسل کی تجویز سے باغی علٰحدہ کر دئے گئے۔ باغیوں میں سرگروہ شونالی میڈم ڈوپلے کا داماد تھا۔

فصل دوم

کیمپ میں سازش کرنے کی ضرورت واقع ہوئی۔ ناصر جنگ کے آتے ہی فرانسیسی گورنر نے اُن کے دیوان سے سلسلۂ گفت وشنید شروع کردیا تھا مگر اس میں سخت مزاحمت پیش آئی۔[51] ناصر جنگ نے پہلے ہی یہ چاہا کہ فرانسیسی فوج میدان سے ہٹالی جائے اسکے چند روز بعد ناصر جنگ کے دیوان نے دو قاصد مع شرائط کے ڈوپلے کے پاس روانہ کئے اور وہ اُن شرائط کی منظوری پر آمادہ تھا مگر یہ معلوم کرکے کہ انگریزی فوج اُس کے دشمنوں کے پاس پہنچ چکی ہے اُس نے اس گفت وشنید کے سلسلے کو منقطع کردیا تھا مگر اب اپنے افسروں کی بغاوت کی وجہ سے پھر اُس نے اس بارے میں کوشش شروع کی اور ناصر جنگ کو لکھا۔[52] اس کے دوسرے ہی دن گولہ باری۔ بغاوت اور فرانسیسی فوج کی مراجعت واقع ہوئی۔ ۶ر اپریل کو براہ خیرہ چشمی ڈوپلے نے ناصر جنگ کو لکھا کہ صلح کے روبراہ ہونے کے خیال سے اُس نے اپنی فوج کو میدان سے ہٹالیا ہے اور اُس کو امید ہے کہ ناصر جنگ اپنے ناعاقبت اندیش صلاح کاروں کو اپنے پاس سے علٰحدہ کردیں گے۔[53] ناصر جنگ کے درباریوں میں جو لوگ یہ چاہتے تھے کہ مظفر جنگ اپنی پہلی حیثیت پر قائم کردئے جائیں[54] اُن سے اس موقع پر فرانسیسیوں کو بہت مدد ملی اور یہ طے پایا کہ فرانسیسیوں کی ایک سفارت کو ناصر جنگ کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت دی جائے۔ اس سفارت میں کمپنی کے دو عہدہ دار شریک تھے جن میں سے ایک شخص فارسی زبان روانی کے ساتھ بولتا تھا۔[55] بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت ڈوپلے اپنے ایک یا دونوں حلیفوں کو چھوڑ دینے پر رضامند تھا

---

[51] ڈوپلے بنام کمپنی حسب سابق۔

[52] اپنی سوانح میں صفحات ۴۸ ۔ ۴۵ پر ڈوپلے نے ایک خط نقل کیا ہے جو اُس نے اپنے بیان کے مطابق اس موقع پر ناصر جنگ کو لکھا تھا مگر میرا خیال ہے کہ وہ اُن خطوط میں سے ہے جو اُس نے اس سے قبل لکھے تھے۔

[53] خطوط (edi fiantes et curienses) ج ۲ صفحہ ۷۳۵۔

[54] ڈوپلے ان کو نواب نظام الملک کے قدیم ملازم کے نام سے یاد کرتا ہے۔

[55] ہنری ڈی لارچ دوسرا ڈویو تھے جس کا انتخاب اس بنا پر ہوا تھا کہ وہ نواب نظام الملک کی خدمت میں بمقام تنجور بطور سفیر کے بھیجا جاچکا تھا۔

فصل دوم

بشرطیکہ ناصر جنگ علٰحدہ ہو جائیں۔ جو ابتدائی ہدایتیں سفرا کو دی گئی تھیں اُن میں یہ شامل تھا کہ ادھونی کا مظفر جنگ کے لئے اور آرکاٹ کا چند اصاحب یا چھوٹے صاحبزادے[1] کے لئے مطالبہ کیا جائے۔ ۲۱ اپریل کو ڈوپلے نے لکھا کہ آرکاٹ مظفر جنگ کو ملنا چاہئے یہ ممکن ہے کہ دوسرے دن وہ قید کر لئے جائیں بشرطیکہ آرکاٹ انھیں کے خاندان میں رہے[2]۔ ایم کلٹرو نے اس سے جو نتیجہ نکالا ہے وہ قرین عقل ہے یعنی یہ کہ ڈوپلے کے پیش نظر اس وقت تک کوئی خاص مقصد اس کے سوا نہ تھا کہ وہ اپنی فوج سے اُس جماعت کو مدد دے جو اس کو سب سے زیادہ رقم دینے پر آمادہ ہو۔

اس غیر متعین مقصد کی حالت میں سفرا سے اس کے سوا اور کیا ہو سکتا تھا کہ وہ عام طور سے اُن جماعتوں سے واقف ہو جائیں جو اُس وقت دربار میں قائم تھیں۔ انھوں نے کڑپا۔ کرنول اور سوانور[3] کے افغان نوابوں سے بھی تعلقات قائم کرنے کی کوشش کی جو جنوب میں اتنی مدت تک روک رکھے جانے سے ناراض تھے۔ یہ سفارت چند روز کے قیام کے بعد پانڈیچری واپس ہوئی۔

اس عرصے میں ڈوپلے نے اپنی فوج کو قابو میں کر لیا اور ان کو اپنے حدود سے باہر مقام والودا ور کے قریب ٹھہرا دیا تھا۔ غالباً انھیں کی موجودگی نے ناصر جنگ کو اسکی ترغیب دی ہوگی کہ وہ فرانسیسی سفرا کی آمد کو منظور کریں۔ سفرا کی واپسی کے بعد ڈی آتیل نے لاٹوش کے تحت ایک جماعت مغلئی کیمپ پر شبخون کے لئے روانہ کی۔ غالباً اسکا مقصد یہ تھا کہ سپاہیوں میں جرأت اور اپنے اوپر اعتبار کرنے کا مادّہ عود کر آئے۔ یہ حملہ جس طرح ایسے حملے عام طور سے کامیاب ہوا کرتے ہیں کامیاب ثابت ہوا[4] اور ناصر جنگ کی فوج میں ایک تہلکۂ عظیم برپا ہو گیا[5]۔ اس تہلکے اور چارے اور رسد کی

[1] صفدر علی کے چھوٹے فرزند جو اپنے رشتہ داروں کے ساتھ ونڈی واش میں رہتے تھے اور وہاں کی اور دوسری جاگیروں پر قابض تھے۔

[2] کلٹرو صفحہ ۲۸۰۔

[3] ڈوپلے بنام اسٹوپن ڈی لاول ۱۵ فروری ۱۷۵۱ء جس کا حوالہ سوانح گاڈہیو میں صفحہ ۲۰۶ پر دیا گیا ہے۔

[4] دیکھو آرمی کی تاریخ جلد (۱) صفحہ ۱۴۵۔

[5] مقابلہ کرو اس حملے سے جو کلائیو نے سراج الدولہ کے کیمپ پر کیا تھا اور اس کے جو نتائج ہوئے تھے

فصل دوم

روز افزوں کمی نے ناصر جنگ کو اس پر مجبور کیا کہ وہ تمام معاملات کو اُسی طرح غیر منفصلہ اور چند اصاحب کو فرانسیسیوں کی مدد سے قوی چھوڑ کر گرمیوں کا موسم آرکاٹ میں جا کر بسر کریں۔

انگریزوں کو یہ امید تھی کہ صوبہ دار کے آتے ہی تمام معاملات کا اُسی طرح تصفیہ ہو جائیگا جس طرح وہ چاہتے تھے۔ اس بارے میں اُن کو جو ناامیدی ہوئی اُس کا اثر اس وجہ سے اور زیادہ ہوا کہ خود اُن کی سیاسی رائیں متزلزل ہوگئی تھیں ناصر جنگ کے قریب آجانے پر انگریزوں نے میجر لارنس اور کمپنی کے ایک ملازم فاسٹ ویسٹ کوٹ[۱] کو سفیر بنا کر ناصر جنگ کے پاس بھیجا تھا[۲] اور یہ ہدایت کی تھی کہ محمد علی نے جو عطیات قلعۂ سینٹ ڈیوڈ اور مدراس کو دئے تھے اُن کی توثیق کرالی جائے اور تعلقۂ پوناملی جو مدراس کے گرد پیش واقع ہے بطور عطیے کے حاصل کیا جائے تاکہ اُس کی آمدنی سے انگریز اس قدر فوج رکھ سکیں جو فرانسیسی فوج کے مقابل ہو اور جس طرح ڈوپلے کو ظفر جنگ کا خطاب دیا گیا ہے وہی یا اُس سے بالاتر خطاب مع اتنی جاگیر کے جو اس حیثیت کے قائم رکھنے کے لئے کافی ہو[۳] فلور کے لئے حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔ ان مراعات کے حاصل کرنے کے لئے اس کی تحویل میں قیمتی تحائف پیش کرنے کی غرض سے دئے گئے تھے۔ یہ سفارت ۷ اپریل کو پہنچی اور جس طرح اُس کی آؤ بھگت ہوئی اُس سے بہت خوش ہوئی۔ سفرا نے لکھا کہ تحائف میں جو فونٹین پن" تھا اس سے ناصر جنگ نے بادشاہِ انگلستان کے نام خط لکھا[۴]۔ ۱۰ اپریل کو وہ دلجمعی کے ساتھ لکھتے ہیں کہ ناصر جنگ نے فرانسیسیوں کا خط ہماری غیر موجودگی میں کھولنا

بقیۂ حاشیۂ صفحۂ گزشتہ۔ دونوں میں بہ نسبت حقیقی اثرات کے ظاہری اثرات نمایاں تر تھے۔ انگریزوں نے بظاہر ناصر جنگ کے ساتھ کچھ نہیں کیا۔ غالباً لا ٹوش نے ایسے موقع پر حملہ کیا تھا جہاں انگریز مدد کیلئے نہیں پہنچ سکتے تھے۔

[۱] ڈالٹن اُن کے ساتھ کر دیا گیا تھا تاکہ ان میں سے اگر کوئی مرجائے تو وہ اس کی قائم مقامی کر سکے۔

[۲] ان کی قیمت ۷۸۹۴ اہن یا سات ہزار پاؤنڈ تھی۔

[۳] کارروائی سفارت آرمی کی قلمی تاریخ ہند۔ ہدایات میں یہ بھی شامل تھا کہ جزائر دیوی پر قبضہ دیدیا جائے اور جو مظالم شمالی سرکار میں ہو رہے ہیں اُن کا انسداد کیا جائے۔

[۴] یہ خط فخریہ تھا جس میں یہ لکھا گیا تھا کہ ناصر جنگ چار دانگ عالم پر قابض ہو جائیں گے۔

فصل دوم

پسند نہیں کیا[۱]۔ اسی کے تیسرے دن وہ فلوری کو لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں صبر کی بے حد ضرورت ہوتی ہے۔ ہمارا معاملہ چل رہا ہے مگر نہایت سستی کے ساتھ مگر ہم کو قوی شبہہ ہے کہ فرانسیسی کچھ درباریوں کو اپنا جانبدار بنا رہے ہیں[۲] اس میں کوئی شبہہ نہیں ہو سکتا کہ انگریزوں کی خدمتیں ایسی نہ تھیں جو کسی بڑے انعام کی مستحق قرار دی جاتیں۔ انھوں نے جو فوجی مشورہ دیا تھا وہ قابل پسند نہ تھا۔ فرانسیسی فوج کی واپسی کے وقت بھی انھوں نے تعاقب سے انکار کر دیا تھا اور ناصر جنگ کو اطلاع دے دی تھی کہ وہ فرانسیسی حدود میں داخل ہونے سے مجبور ہیں[۳]۔ علاوہ اس کے ان سفرا کے ساتھ ایک دیسی مختار بھی تھا جو اگرچہ انگریزوں کا قدیم ملازم تھا مگر اُس کو انگریزوں کی تجاویز کے اظہار اور اُن کے خطوط فرانسیسیوں کو دکھا دینے میں کوئی تامل نہ ہوتا تھا[۴]۔ مزید براں انگریزوں نے ۲۰ر اپریل کو وانڈی واش کے حملے میں اپنی درخواستوں کی منظوری کے بغیر شرکت سے انکار کر دیا تھا[۵]۔ تنجور سے پیشکش کے وصول کرنے میں وہ ناصر جنگ کے شریک نہیں ہوئے تھے[۶]۔ یکم مئی کے روزنامچے میں سفرا لکھتے ہیں کہ اگرچہ ناصر جنگ نے ہماری درخواستوں کے ساتھ اتفاق کر لیا تھا مگر "آج اُن کی جملہ فوج ہم سے چھ میل جانب آرکاٹ کوچ کر گئی"۔ اس صورت میں انگریزی سفرا و اُن کی فوج کو بجز اس کے چارہ نہ تھا کہ قلعہ سینٹ ڈیوڈ کو واپس چلی جائے[۷]۔

ان واقعات کے بعد جو موسم گرما آیا اُس میں فرانسیسیوں نے بڑی کامیابیاں حاصل کیں

[۱] آرمی کی تاریخ ہند قلمی۔
[۲] " " "
[۳] " " "
[۴] حاجی ہادی۔
[۵] کارروائی قلعۂ سینٹ ڈیوڈ ۹ر اپریل ۱۷۵۰ء۔
[۶] " " " ۱۶ر " "
[۷] آرمی کی تاریخ ہند قلمی۔ انگریز اور فرانسیسی دونوں دیوان شاہ نواز خاں پر الزام رکھتے ہیں کہ وہ دوسرے فریق کو مدد دے رہے تھے۔

فصل دوم

ناصر جنگ نے فرانسیسیوں کی شمالی کوٹھیوں یعنی مسئولی پٹم اور یانم پر قبضہ کرنے کا حکم دیدیا تھا۔ چنانچہ اس کے مطابق عمل ہوا اور دونوں کوٹھیوں کے عملہ ار قید کر لئے گئے۔ یانم کی کوٹھی حملے سے پہلے ہی چھوڑ دی گئی تھی مگر (۳۰) آدمیوں کی مدد سے جو پانڈیچری سے بھیجے گئے تھے اس پر پھر قبضہ کر لیا گیا۔

مغلوں کی زیادہ جمعیت کے پہنچ جانے پر دوبارہ وہ چھوڑ دی گئی۔ ان واقعات کے بعد کرناٹک میں چند روز بالکل خاموشی رہی۔ ڈوپلے نے (۲۰۰) یورپین اور تقریباً اسی قدر سپاہی بذریعۂ جہاز مسئولی پٹم بھیج دئے جنھوں نے بغیر لڑے بھڑے اس پر قبضہ کر لیا[1]

جنوب کی کامیابیاں اس سے بھی نمایاں تھیں۔ ناصر جنگ کا آرکاٹ کی طرف کوچ کرنا تھا کہ ڈوپلے پھر والوداور اور تاہور پر قابض ہو گیا اس کے چند روز بعد اس نے اپنی فوج کو اور آگے بڑھا کر چدمبرم اور ترودی پر قبضہ کر لیا۔ جون میں محمد علی سواروں کی ایک جمعیت کے ساتھ ان کے مقابلے کے لئے جنوب کی جانب روانہ ہوا اور بوعدۂ ادائی جملہ مصارف (۶۰۰) آدمیوں اور ایک توپ خانے کی مدد انگریزوں سے حاصل کی۔ یہ جمعیت کوپ کے ماتحت تھی۔ فرانسیسی فوج میں ۵۰۰ یورپین لاٹوش کی ماتحتی میں تھے جو ان کا بہترین فوجی افسر تھا۔ چند چھوٹے چھوٹے معرکے ہوئے۔ یکم اگست کو کوپ نے حسب الحکم لارنس اس امر کی کوشش کی کہ فرانسیسیوں کو میدان جنگ میں لائے جو ایک باغ میں محفوظ خندقوں کی پناہ میں خیمہ زن تھے۔ دیر تک گولہ باری کر کے کوپ واپس چلا آیا۔[2] اس مہینے کے آخر پر وہ قلعۂ سینٹ ڈیوڈ میں واپس طلب کر لیا گیا کیونکہ فرانسیسی حملہ کرنا نہیں

---

[1] خطوط موصولہ قلعۂ سینٹ ڈیوڈ ۱۷۵۰ء نمبر ۴۳-۴۷-۶۲-۶۰-۶۸-۱۰۱-۸۱- ولی رجی بنام ڈوپلے و پانڈیچری بنام کمپنی ۲۰ ستمبر ۱۷۵۰ء۔ فرانسیسیوں کی طرف سے بارہا یہ کہا گیا ہے کہ انگریزوں نے اپنے قریب کی کوٹھی انگرام سے تانام کی کوٹھی پر قبضہ کرنے میں مغلوں کی مدد کی حتیٰ کہ ایم کلٹرو نے بھی اس کو بیان کیا ہے۔ (صفحہ ۲۹۲-۲۹۴) مگر انگریزی خط و کتابت مندرجۂ بالا سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا اس میں کوئی حصہ نہ تھا۔

[2] بیان جوزف اسمتھ تاریخ قلمی آرمی۔

فصل دوم

جا رہے تھے اور ہم اُن پر حملہ نہیں کر سکتے تھے[1] کوپ کے چلے جانے کے بعد ہی ڈوپلے نے بسر کردگی ڈی آتیل ایک امدادی فوج روانہ کر کے محمد علی پر حملے کا حکم دیا یہاں ستمبر کو محمد علی کو پورے طور سے شکست ہوگئی اور اُس کی کل توپیں اُس کے ہاتھ سے نکل گئیں شکست خوردہ فوج نے جنجی میں جمع ہونے کی کوشش کی مگر بسی فوراً ایک جمعیت کے ساتھ اُس طرف بھیج دیا گیا اور ڈی آتیل بھی اُس کے پیچھے وہاں پہنچ گیا۔ ۱۱ ستمبر کو یہ لوگ جنجی پہنچے۔ محمد علی کی شکست خوردہ فوج نے بسی پر حملہ کیا جسے بسی نے رد کر دیا اور ڈی آتیل کے آنے پر اُس نے وہاں کا قلعہ سیڑھیاں لگا کر فتح کر لیا۔ یہ قلعہ جنوب میں مضبوط ترین قلعہ سمجھا جاتا تھا[2]

اس عرصے میں ایک قوی سازش ناصر جنگ کے درباریوں اور پانڈیچری کے عہدہ داروں میں ہو رہی تھی۔ بظاہر ناصر جنگ سے بہ آہستگی گفت و شنید کا سلسلہ جاری تھا مگر خفیہ طور سے ناصر جنگ کے ان عہدہ داروں میں جو ناصر جنگ سے ناراض تھے اور فرانسیسیوں میں گہرے تعلقات قائم ہو چکے تھے۔ جنجی کی فتح نے ناصر جنگ کو پھر جنوب کی طرف رُخ کرنے پر مجبور کیا مگر اس سال بھی برسات غیر معمولی طور سے قبل از وقت اور نہایت شدت کے ساتھ شروع ہو گئی[3] جس نے نہ اُن کو آگے بڑھنے اور نہ پیچھے ہٹنے دیا اُلٹے اُن کو اپنی جگہ ٹھہر جانا پڑا۔ اس سے قبل ہی سازش کی بحث و پز ہو چکی تھی۔ اس سازش کے بانی تین افغان نواب تھے جن کے قاصد کو ڈوپلے نے ایک سفید جھنڈا دے دیا تھا تاکہ انکی جمعیت پر فرانسیسی گولہ باری نہ کریں[4]

ناصر جنگ کی بہ اس تکلیف دہ حالت نے کہ اُن کو خیمے میں رہنا پڑتا تھا۔ دریا چڑھے ہوئے تھے اور آسمان سے موسلا دھار مینھ برس رہا تھا اُن کو اس طرف مائل کیا کہ وہ پھر ڈوپلے سے گفت و شنید کی تحریک کریں۔ باغی عہدہ داروں سے یہ طے ہو چکا تھا کہ وہ

---

[1] مراسلہ بنام انگلستان ۲۴ اکتوبر ۱۷۵۰ء۔

[2] خطوط متفرق جلد ۲ صفحہ ۴۲۷۔ ڈوپلے بنام کمپنی ۳ اکتوبر ۱۷۵۰ء۔

[3] مراسلہ بنام انگلستان ۷ فروری ۱۷۵۱ء۔

[4] کلکٹڈ صفحہ ۲۵۱۔

فصل دوم

ڈی آتیل کو حملہ کرنے کا اشارہ دیں گے مگر بظاہر اس میں موسم کی خرابی کی وجہ سے تعویق ہوئی یہ اشارہ ایسے وقت میں دیا گیا جبکہ ڈوپلے ناصر جنگ کی پیش کردہ تجاویز پر راضی ہو گیا تھا۔ ڈی آتیل کو ایک خط کے ذریعے سے یہ اطلاع دی گئی کہ معاہدے کے شرائط طے ہو گئے ہیں اس لئے اب اُس کو مغلئی فوج پر حملہ کرنے کی ضرورت نہیں مگر لاٹوش اس سے پہلے ہی ناصر جنگ کی قیامگاہ کی طرف روانہ ہو چکا تھا۔ ۱۶ ر ڈسمبر کی صبح کو وہ دفعتہً کیمپ پر حملہ آور ہوا۔ باغیوں کی فوج علٰحدہ رہی اور باغی سرداروں میں سے ایک نے ناصر جنگ کو ایسی حالت میں کہ وہ قلب فوج میں قائم ہو کر جنگ شروع کرنے کی تیاری کر رہے تھے گولی مار کر شہید کر دیا۔ اور اسی وقت اُن کے بھانجے مظفر جنگ دکن کے صوبہ دار تسلیم کر لئے گئے[1]

یہ خبر پانڈیچری اسی دن پہنچ گئی۔ تمام آداب سے قطع نظر کر کے چند اصحاب عام شاہراہ پر دوڑتا ہوا ڈوپلے سے ملنے کے لئے نکل پڑا اور اُس کو اس قدر زور سے گلے لگایا کہ قریب تھا کہ اُس کا دم گھٹ جائے[2]۔ ۲۶ ر ڈسمبر کو مظفر جنگ فتحمندانہ طریقے سے فرانسیسی آبادی میں داخل ہوئے۔ ۲۱ ر ماہ مذکور کو انھوں نے اپنا پہلا دربار کیا جس میں ڈوپلے اور مغل سرداروں کی نذریں لیں۔

یہ فتح خالی اور بے نتیجہ نہ تھی۔ نظام الملک نے اپنے طویل عہد حکومت میں عہدہ داران دربار مغلیہ کے قدیم دستور کے مطابق ایک کثیر رقم جمع کر رکھی تھی ناصر جنگ اپنے والد کے انتقال کے بعد اُس پر قابض ہو گئے تھے اُن کی اس جنوبی مہم میں اس رقم کا بڑا حصہ اُن کے ساتھ تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اٹھارہ صندوق جواہرات کے۔ ایک کرور نقد علاوہ غیر مسکوک سونے اور چاندی کے پانڈیچری میں

[1] اگرچہ مورخوں نے ناصر جنگ کو بہ اتباع بیان ڈوپلے سست۔ بزدل اور عیش پسند لکھا ہے مگر اس کا مقابلہ گرانٹ ڈف کی تاریخ مرہٹہ جلد (۲) صفحہ ۴۴-۴۵۔ اور ولکس کی ہسٹاریکل اسکیچز آف سدرن انڈیا جلد (۱) صفحہ ۱۶۶ سے کرو۔ عام طور سے ناصر جنگ کا قتل عبد النبی خاں نواب کڑپا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔

[2] بیان کیا جاتا ہے کہ ڈوپلے نے اس مقام پر ایک یادگار قائم کی تھی اور ایک شہر آباد کیا تھا جسکا نام ڈوپلے فتح آباد رکھا تھا۔ لیکن کسی یادگار کا قائم ہونا ظاہر نہیں ہوتا اور جو شہر کہا جاتا ہے وہ ایک مختصر سا گاؤں اور ایک چوپال تھی (قومی خط و کتابت بابت ۵۲-۱۸۵۱ء صفحہ ۶۔

[3] آرمی کی قلمی تاریخ ہند

فصل دوم

لایا گیا[1]۔ اور تمام شہر میں روپیہ ہی روپیہ ہوگیا۔ سپاہیوں۔ اُن کے افسروں۔ کونسل کے ارکان اور ادنیٰ ملازم غرضکہ سب کو اپنا اپنا حصہ پہنچا۔ ڈوپلے کو جو کچھ ملا اُس کی مقدار معلوم نہیں لیکن بظاہر یہ فرض کرنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ ایسے حالات میں جو کچھ کلائیو نے کیا وہ ڈوپلے نے نہ کیا ہوگا۔ چند روز کے قیام کے بعد مظفر جنگ دکن پر قبضہ کرنے کے لئے روانہ ہوئے اور ڈوپلے کو دریائے کرشنا کے جنوبی ملک پر اپنا نائب مقرر کر گئے اور فرانسیسیوں کو اس قدر ملک عطا کیا جس سے ساڑھے تین لاکھ سالانہ آمدنی کے وصول ہونے کی امید کی جاتی تھی۔

---

[1] بنام کمپنی ۱۵ نومبر ۱۷۵۰ء۔ اگرچہ آ۔ ڈوپلے کے خلاف تھا مگر اس بناء پر اس کے بیان کو غلط سمجھنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔ اس کی تائید دوسرے لوگوں نے بھی کی ہے۔ مقابلہ کرو۔ کلائیو صفحہ ۲۵۸۔

فصل سوّم

ڈوپلے کی ناکامیاں

انگریز یہ سب تماشا بغیر دخل دئے دیکھ رہے تھے۔ اس سال کے وسط میں انگلستان سے ایک مراسلہ وصول ہوا جس کے ذریعے سے چارلس فلویر صدر نشین کونسل کی موقوفی عمل میں آئی بظاہر وہ قمار بازی کی علت میں موقوف کیا گیا تھا مگر اصلی وجہ اُس کے عہد حکومت کی فضول خرچی اور تجارتی رقم کے منافع کی طرف سے غفلت اور عدم توجہی تھی۔ اُس کی جگہ ٹامس سانڈرس کا تقرر ہوا جو ۳۰ ستمبر کو قلعۂ سینٹ ڈیوڈ میں آگیا۔[1] اس کی قابلیت معمولی قابلیتوں سے بہت بڑھی ہوئی تھی مگر اُس میں اپنے خیالات کے اظہار کا بہت کم مادہ تھا۔ اُس کی کوئی تصویر موجود نہیں ہے۔ اور نہ اُسکے خانگی خطوط باقی ہیں۔ جو مکان اُس نے اپنی واپسی کے بعد انگلستان میں بنوایا تھا وہ بھی عرصہ ہوا کہ منہدم ہو گیا۔ یہاں تک کہ اُس کا کُل خاندان نیست و نابود ہو گیا۔ مدراس میں بھی اُس کا کوئی نشان بجز اُن سرکاری کاغذات کے جو اُس نے خود لکھے یا منظور کئے باقی نہیں رہا ہے۔ وزیگاپٹم میں جہاں وہ ایک زمانے میں بطور اعلیٰ افسر کے رہا ہے اُس کے جانشینوں نے اُس کے خاندان کا طغرا (mors janua vital) اپنے قبرستان کے دروازے پر قائم کر کے نادانستہ طور سے اُس کی یاد کو زندہ رکھا ہے۔ آرمی اور ولکس نے اُس کی جس طرح تعریف کی ہے اُس کے اعادے کی

[1] مراسلہ بنام انگلستان مورخہ ۲۶ ستمبر ۱۷۵۰ء۔

فصل سوم

یہاں ضرورت نہیں۔ آرمی کا ایک فقرہ جو ایک خانگی خط میں اتفاقیہ طور سے اُس کے قلم سے نکل گیا ہے سانڈرس کے متعلق سب سے بہتر مخبر اور منکشف حالات ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ اگر دنیا میں کسی شخص سے مجھے کوئی توقع یا خوف ہو سکتا ہے تو وہ یہی شخص ہے۔ اسے میں اپنا دشمن بنانے سے ڈرتا ہوں[1] ٹھنڈا۔ خاموش غیر متاثر۔ ذکی الفہم غیر معمولی طور سے عاقل ایسے استقلال کے ساتھ جس کو ڈوپلے کی تجویزوں اور سازشوں کی ذکاوت اور فطانت جنبش تک نہ دے سکتی تھی۔ اُس کا نام ان لوگوں کی فہرست سے کبھی علحدہ نہیں کیا جا سکتا جنھوں نے ہندوستان میں انگریزی سلطنت کے قائم کرنے میں بڑا حصہ لیا ہے۔

حکومت میں اس تبدیلی کے چند روز بعد ہی اسٹرنجر لارنس جو انگلستان کی فوج میں ایک ہی تجربہ کار فوجی افسر تھا انگلستان واپس چلا گیا۔ اُس کی واپسی اس بنا پر نہ تھی جیسا کہ آرمی لکھتا ہے کہ کونسل نے سخت صلح آمیز حکمت عملی اختیار کر رکھی تھی[2] کیونکہ عین اُس کی روانگی کے وقت ناصر جنگ کو فوجی امداد دینے کی کارروائی جاری تھی[3]۔ اُس کی روانگی ایک ایسے خفیف افسوسناک سبب سے تھی جس کو آرمی نے بیان کرنا مناسب نہیں تصور کیا۔ لارنس جب ۱۷۴۸ء میں آیا اُس وقت اُس نے یہ کہا کہ کمپنی نے اُس سے زیادہ تنخواہ کا وعدہ کیا تھا جو اُنھوں نے اپنے مراسلے میں ظاہر کیا ہے۔ کونسل نے اُس کے ساتھ فیاضی کا برتاؤ کیا اور کمپنی نے پہلے اُس کو منظور کر لیا مگر جب فلوئیر علحدہ کیا گیا تو لارنس کی تنخواہ گھٹا کر اس قدر کر دی گئی جس کا حسب بیان کمپنی ابتداءً قرارداد ہوا تھا۔ اس پر لارنس نے فوراً اپنے عہدے سے دست برداری کر لی۔

ناصر جنگ کی شہادت پر محمد علی نے پھر ترچناپلی میں پناہ لی اور فرانسیسیوں سے گفت و شنید کا سلسلہ چھیڑا۔ چونکہ اُس نے اس کے ساتھ ہی انگریزوں سے بھی مدد مانگی تھی

---

[1] آرمی بنام پین ۱۱ مارچ ۱۷۵۰ء اور لو کی کتاب قدیم نشانات مدراس جلد (۲) صفحہ ۴۸۹۔

[2] تاریخ جلد (۱) صفحہ ۱۶۷۔

[3] مراسلہ بنام انگلستان مورخہ ۲۴ اکتوبر ۱۷۵۰ء (دیسی خط و کتابت بابت ۱۷۵۱ء صفحہ ۳)۔

فصل سوم

اس لئے اُس کی نسبت یہ فرزانہ مقولہ صادق آتا ہے کہ "ہم کو آج ہی وہ لڑائی کیوں نہ چھیڑ دینی چاہیئے جو کل بھی بہ آسانی شروع ہو سکتی ہے"۔ علاوہ ازیں یہ فصل کاٹنے اور وصول مالگزاری کا خاص وقت تھا اور جب تک وہ فرانسیسیوں کو ترغیب اور تحریص دے کر پانڈیچری میں مقیم رکھ سکتا تھا اسی قدر مالی لحاظ سے اُس کے لئے مفید تھا۔ یہ امور پیش نظر رکھ کر وہ ڈوپلے اور چندا صاحب کو چار مہینے تک ایسے مباحث سے خوش کرتا رہا جن کی اطلاع وہ متواتر انگریزوں کو دیتا رہتا تھا۔

انگریزوں نے بھی اپنے طرز عمل کے متعلق قطعی فیصلہ کر لیا تھا اگرچہ محمد علی نے اُن کو اطلاع دیدی تھی کہ اُس کے پاس اس قدر رقم نہیں ہے کہ وہ لڑائی جاری رکھ سکے مگر اُنھوں نے یہ تصفیہ کر لیا تھا کہ وہ فرانسیسیوں کو غالب نہ ہونے دیں گے اور محمد علی کی جو امکانی مدد ہوگی وہ کریں گے۔[1] اس لئے اُنھوں نے ایک فوج کپتان کوپ کے تحت ترچناپلی بھیج دی۔ مارچ سنہ ۱۷۵۱ء میں چندا صاحب اور فرانسیسی پانڈیچری سے نکلے اور کرناٹک میں دو ایک قلعوں کو فتح کر کے آرکاٹ کی طرف بڑھے۔ آرکاٹ کے قلعہ داروں اور وہاں کے دوسرے مقتدر عہدہ داروں نے اُن کی اطاعت قبول کر لی۔ اس میں تقریباً تین مہینے صرف ہو گئے۔ چندا صاحب جنوب کی طرف بڑھنے کے لئے مئی کے آخر تک بلکہ اس کے بعد تک بھی آمادہ نہ تھا۔ اس عرصے میں ایک انگریزی فوج کپتان ڈی گنجنز کے زیر حکم میدان میں اس غرض سے آچکی تھی کہ وہ ترچناپلی کے راستے کو بند کر دے۔[2] جولائی میں ایک قلعے کے پاس جو والیکنڈا[3] یا وورم کہلاتا تھا دونوں فوجوں کی مڈبھیڑ ہو گئی۔ فریقین یہ چاہتے تھے کہ وہاں کا قلعہ دار اُن کا طرفدار ہو جائے۔ مگر اُس نے اسی میں مصلحت دیکھی کہ کسی فریق کو قلعے میں داخل نہ ہونے دے۔ پندرہ دن کی گفت و شنید کے بعد گنجنز نے جھنجھلا کر اپنا مورچہ چندا صاحب اور شہر کے درمیان قائم کر کے شہر پر گولہ باری شروع کر دی اور اُسے فتح کر لیا مگر قلعے میں نہ داخل ہو سکا۔ دوسرے دن فرانسیسیوں نے پیشقدمی کی مگر انگریزی فوج کے

---

[1] دیسی خط و کتابت بابت سنہ ۱۷۵۱ء صفحہ ۲۴ و واقعات غیر معمولی جنوری ۱۷۔ بابت سنہ ۱۷۵۱ء۔

[2] غیر معمولی واقعات ۱۸ مارچ ۶ مئی سنہ ۱۷۵۱ء۔ اسکے ساتھ تقریباً (۶۰۰) یورپین تھے۔

[3] آرمی نے وولکنڈہ لکھا ہے۔

فصل سوم

عہدہ دار اس کا تصفیہ نہ کر سکے کہ آیا اُن کو حملہ کرنا یا ہٹ جانا چاہیئے۔ اُن کی اس کم جرأتی سے فوج بھی متاثر ہو گئی اور باوجود ابتدائی کامیابی کے ترچناپلی کی طرف ہٹ آئی اور اُسکے ساز و سامان کا بڑا حصہ ضائع ہو گیا۔[1] پیچھے ہٹنے کے بعد ایک مضبوط مقام اُس کے ہاتھ آگیا تھا مگر اس کو بھی اُس نے چھوڑ دیا۔ دو چھوٹی چھوٹی لڑائیوں کے بعد وہ پہلے دریائے کولیرون کے شمالی کنارے پر بعدہٗ جزیرہ سری رنگم میں اور آخر کار کاوری کے پار ترچناپلی کی دیواروں کے قریب جا کر ٹھہرا۔ اس فضیحت خیز جنگ نے انگریزی فوج کے کمانڈر کی ناقابلیت کو صاف طریقے سے ظاہر کر دیا۔ اس میں بھی شک نہیں کہ اس ناکامیابی میں اس کے ماتحت عہدہ داروں کے باہمی اختلاف اور جماعت بندی کو بڑا دخل تھا۔[2] مگر اصلی عذر وہی ہے جو کپتان ڈالٹن نے پیش کیا "سچ یہ ہے کہ ہم سب نوجوان سپاہی تھے اور اس ملک کی لڑائی کا بہت کم تجربہ رکھتے تھے"[3] بہر حال اگر انگریز وہ جرأت اور دانشمندی فرانسیسیوں کے مقابلے میں ظاہر نہ کرتے جو اُن سے ظاہر ہوئی تو وہ باوجود بحری غلبے کے ہندوستان پر فتح نہیں پا سکتے تھے۔

لیکن اب اس سے بہتر اوصاف کے اظہار کا موقع ہاتھ آگیا تھا۔ عرصے سے محمد علی کی یہ خواہش تھی کہ آرکاٹ کی جانب رخ کیا جائے[4] ابتداءً سانڈرس اور کونسل نے یہ خیال کیا کہ گنجینز اس کام کو اچھی طرح کر لیگا کہ ترچناپلی میں کافی جمعیت کو چھوڑ کر بقیہ جمعیت کیساتھ حدود آرکاٹ میں داخل ہو جائیگا۔ مگر گنجینز اس قدر سستی سے کام لے رہا تھا کہ اُس سے اس کی امید نہیں کی جا سکتی تھی۔ اسی زمانے میں کپتان کلائیو فوج کے ایک حصے کو ترچناپلی پہنچا کر واپس آیا تھا۔[5] کچھ تعجب نہیں کہ محمد علی نے آرکاٹ کی تجویز کے متعلق اس سے گفتگو

---

[1] غیر معمولی واقعات ۷ اور ۲۶ جون ۱۷۵۱ء و دیسی خط و کتابت ۱۷۵۱ء صفحہ ۱۴۔ "ہمارا ایک حوالدار اور پانچ یا چھ سپاہی لڑائی میں ضائع ہوئے مگر یہ کہنا شاید غلط نہ ہو کہ ہماری تمام جرأت ضائع ہو گئی۔" (آرمی قلمی تاریخ ۳۔ الف ۱۲۵)۔

[2] اس زمانے میں یہ لوگ کونسل سے بھی اپنے بھتہ زمانۂ جنگ کے متعلق لڑ رہے تھے۔

[3] آرمی تاریخ ہند قلمی (۳) الف ۱۵۲۔

[4] دیسی خط و کتابت بابت ۱۷۵۱ء صفحات ۴۲ - ۴۸۔

[5] کلائیو ۱۷۴۳ء میں بحیثیت ایک محرر کے مدراس آیا تھا۔ مدراس کے فتح ہو جانے کے بعد وہ قلعہ سینٹ ڈیوڈ میں

فصل سوم

کی ہو اور اسکو سمجھایا ہو۔ کلائیو اُن لوگوں میں تھا جو معاملات اور اُن کے نتائج کا اندازہ ایک لمحے میں کر لیتے ہیں"۔ اُس نے واپس آکر سانڈرس کو اس بات پر راضی کر لیا کہ وہ اُس قدر جمعیت کے ساتھ جو مہیا ہو سکتی ہو آرکاٹ بھیج دیا جائے۔ قلعۂ سینٹ ڈیوڈ میں صرف (۲۰۰) اشخاص دستیاب ہو سکے جو اُس کے زیر حکم جہاز کے ذریعے سے مدراس روانہ کر دئے گئے۔ وہاں اتنے ہی آدمی اور اُس کے شریک ہوئے۔ یہ جمعیت اور چند دوسرے سپاہی لے کر وہ آرکاٹ روانہ ہوا اور خلاف توقع اُس پر قابض ہو گیا۔ تین ہزار دیسی فوج اُس کے مقابلے سے روگرداں ہو گئی[۵۱]

اس سے اُس کا مقصد یہ تھا کہ اگر ممکن ہو تو محمد علی کے لئے رقم جمع کرے یا کم از کم چندا صاحب کی وصول مالگزاری میں کھنڈت ڈال دے۔ اُس کو پہلے مقصد میں مطلق کامیابی نہیں ہوئی۔ اُس نے آرکاٹ کے بعض نزدیک کے قلعوں پر بھی حملہ کیا مگر کسی مقام پر اتنا نہ ٹھہر سکا کہ کوئی معتدبہ اثر ڈال سکتا۔

اُسے اپنی حفاظت کا خیال بھی پیش نظر تھا۔ اگرچہ چندا صاحب کے وہ لوگ جنھیں کلائیو نے آرکاٹ سے بھگا دیا تھا اُس پر حملہ کرنے کی جرأت نہ کر سکے مگر سواروں کی مفرور ٹکڑیوں کی وجہ سے رسد کے پہنچنے میں دقت ہونے لگی[۵۲]۔ باوجود ان تمام دشواریوں کے کافی رسد جمع ہو گئی تھی

بقیۂ حاشیہ صفحۂ گزشتہ۔ بھاگ کر آگیا اور وہاں فوج میں ایک حوالداری کی خدمت قبول کر لی۔ اور اُس میں اُس وقت تک کام کرتا رہا جب تک کہ ۱۷۴۹ء میں صلح کی خبر موصول ہوئی اس کے بعد وہ سر رشتۂ دیوانی میں عود کر آیا۔ اُس کی خدمت مہتممی کی تھی جس کا کام یہ تھا کہ وہ گورنر کے دسترخوان اور نیز فوج کے لئے رسد کی بہم رسانی کا انتظام کرے۔ جب فوجیں میدان جنگ میں آئیں تو اُن کی رسد رسانی کا انتظام فطرتی طور سے کلائیو سے متعلق رہا۔ جوں جوں فوج کی تعداد بڑھتی گئی اُس کا کام زیادہ ترنفع بخش ہوتا گیا یہاں تک کہ کلائیو بڑا مالدار ہو گیا۔

[۵۱] مخصوص مراسلہ بنام انگلستان مورخہ ۳۰ ستمبر ۱۷۵۱ء۔ غیر معمولی واقعات وکارروائی قلعۂ سینٹ ڈیوڈ ۱۹ اگست ۱۷۵۱ء۔ دیسی خط و کتابت بابت ۱۷۵۱ء صفحہ ۲۶۔

[۵۲] غیر معمولی واقعات ۱۲ ستمبر ۱۷۵۱ء۔ کلائیو کے سپاہیوں کا صرف بھیج پر بسر کرنا محض مہمل قصہ ہے اگرچہ سر جارج فارسٹ نے اس کو تسلیم کر لیا ہے۔ اکتوبر میں کلائیو اطلاع دیتا ہے (غیر معمولی واقعات ۱۷ اکتوبر ۱۷۵۱ء) کہ اس کے پاس تین مہینے کی رسد موجود ہے۔ تھوڑی بہت اُس زمانے کے جس واقعے سے اس قصے کی تائید ہوتی ہے وہ صرف

فصل سوم

اور کلائیو نے ارادہ کیا کہ وہ قلعے کا قبضہ نہ چھوڑے اگرچہ قلعے کا دور بہت بڑا اور اُسکے بُرج بارے ٹوٹے پھوٹے ہوئے تھے۔

اپنے دارالریاست پر اس طرح کی دست بُرد کا حال سن کر چندا صاحب بہت بگڑا اور اُس نے انگریزوں سے اس کی شکایت کی جن کا اُنھوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اور اس کے ساتھ ہی چندا صاحب نے غاصبوں کو آرکاٹ سے خارج کر دینے کیلئے فوج روانہ کی۔ اُسے اس کے سوائے کوئی اور چارۂ کار بھی نہ تھا۔ آرکاٹ کو کلائیو کے قبضے میں چھوڑ دینے کے یہ معنی تھے کہ وہ وہاں کی آمدنی سے دست بردار ہو جائے جس کے لئے وہ مطلق آمادہ نہ تھا۔ عام طور سے ہندوستان کی تمام لڑائیوں میں یہی ہوتا تھا کہ جنگی مصالح مالی مصالح کے تابع رہتے تھے۔ اس خیال سے کہ ترچناپلی کی فوج ضرورت سے زیادہ کمزور نہ ہونے پائے۔ فوج کا بڑا حصہ پانڈیچری سے طلب کیا گیا۔ ڈوپلے نے اپنے معمول کے مطابق بجائے بری فوج کے (۲۰۰) بحری فوج مع کچھ سپاہیوں کے روانہ کی جنھیں سانڈرس "ترپالی بدمعاشوں" کے نام سے موسوم کرتا ہے۔ ان کی تائید میں کچھ چندا صاحب کے سوار بھی تھے۔ اس فرانسیسی فوج کا افسر شیو لیر موسے تھا۔ اسکے ساتھ چندا صاحب کا لڑکا رضا صاحب بھی کر دیا گیا تھا۔

اس فوج نے ۱۴ اکتوبر کو آرکاٹ پہنچ کر قلعے کا محاصرہ کر لیا۔ سانڈرس نے اس محاصرے کو اُٹھا دینے کے لئے گنجینز کو حکم دیا کہ وہ ترچناپلی کی حفاظت کے لئے کافی فوج چھوڑ کر بقیہ کے ساتھ شمال کی طرف کوچ کرے۔ مگر یہ امر نواب کو پسند نہ تھا اور نہ گنجینز کو اس لئے سانڈرس کے حکم کی تعمیل نہ ہوئی[۳] دوسری کوشش محاصرہ اُٹھانے کی مدراس سے

بقیۂ حاشیۂ صفحۂ گزشتہ۔ اس قدر ہے کہ محاصرہ کرنے والے محصورین کو طعنہ دیتے تھے کہ تم ارسنہ پاس رسد نہیں ہے (فرانسیسی خط و کتابت بابت ۱۷۵۲ء صفحہ ۱۱۱)۔

[۱] غیر معمولی واقعات ۷ اکتوبر ۱۷۵۱ء۔

[۲] سانڈرس بنام کلائیو ۲۵ اگست ۱۷۵۱ء۔

[۳] کانسوٹنٹ ڈبی فو سے صفحہ ۸ لیکن مقابلہ کرو آرمی کی قلمی تاریخ باب متفرقات ۱۵۔ الف ۱۶۳ جہاں یہ بیان کیا گیا ہے کہ ۱۹ اسے ۳۰ نومبر کو کوپ فوج کا افسر تھا۔

فصل سوم

گیگئی اور ایک فوج بغیر توپ خانے کے آرکاٹ کی طرف روانہ ہوئی۔ مگر دشمن کی ایک جمعیت سے مڈبھیڑ ہوگئی جس نے اُسے نقصان پہنچا کر پوناملی کے قلعے میں پناہ گزین ہونے پر مجبور کیا۔ اس فوج کو بعدہٗ مدد ملی مگر وہ آرکاٹ ایسے وقت پہنچی جبکہ محاصرہ دوسرے ذرائع سے اُٹھ چکا تھا[1]۔

اس عرصے میں کلائیو سختی کے ساتھ محصور کر لیا گیا جس کی توقع نہ ہو سکتی تھی۔ ایک سارجنٹ نے جو کہ آرکاٹ میں موجود تھا لکھا کہ "ہم کو فرانسیسیوں سے اس سے زیادہ ڈر نہیں ہے کہ وہ ہم کو محصور کر لیں گے"[2] لیکن واقعہ یہ ہے کہ دشمن نے محاصرے کیساتھ متواتر آتش باری جاری رکھی جو نہایت تکلیف دہ تھی۔ شہر کے مکانات قلعے کی دیوار سے اس قدر قریب تھے کہ کلائیو کے کئی آدمی اُن پتھروں سے زخمی ہو گئے جو قلعے میں پھینکے گئے تھے[3]۔ مزید براں قلعے کی وسعت نے محافظوں کے فرائض کو اس قدر بڑھا دیا کہ کلائیو کو یہ اندیشہ ہو گیا کہ محافظ محض تکان سے ضائع ہو جائیں گے[4]۔ جوں جوں پرانی اور خستہ دیواریں دشمن کی گولہ باری سے گرتی جاتی تھیں وہ ہر رخنے کے محاذی جبکہ ان کی مرمت محال ہو جاتی تھی جدید رکاوٹیں قائم کرتا جاتا تھا۔ رضا صاحب مقابلے کی سختی کو دیکھ کر متعجب ہوا اور اُس نے کلائیو کے سامنے عمدہ شرائط اور انعام پیش کیا مگر کلائیو نے انہیں منظور نہیں کیا۔ اس کے بعد ہی خبر پہنچی کہ کچھ مرہٹے اور جدید انگریزی فوج مدد کیلئے آرہی ہے۔ ۲۵ ر نومبر کو دشمن نے چاہا کہ حملہ کر کے اُن رخنوں کے ذریعے سے جو دیواروں میں پڑ گئے تھے قلعے میں داخل ہو جائے۔ یہ کوشش صرف اُن کے سپاہیوں نے کی تھی فرانسیسی فوج اس میں شریک نہیں ہوئی۔ اُس وقت کلائیو کے پاس صرف (۲۴۰) کارآمد آدمی تھے[5] مگر اُس نے خوب مقابلہ کیا اور حملے کو کامیاب نہ ہونے دیا۔ ایک گھنٹے کی

---

[1] آرمی تاریخ ہندوستان قلمی جلد (۲) الف ۹۳ و ۹۴ و (۵) الف ۱۰۶۶۔ غیر معمولی واقعات ۳۰ ر اکتوبر ۱۷۵۱ء۔

[2] آرمی متفرقات قلمی ۱۵۔ الف ۱۵۳۔

[3] غیر معمولی واقعات ۱۲ ر اکتوبر ۱۷۵۱ء۔

[4] آرمی متفرقات قلمی ۱۵۔ الف ۱۵۳۔

[5] غیر معمولی واقعات ۶ ر ۱۸ ر ۲۳ ر دسمبر ۱۷۵۱ء۔

فصل سوم

کوشش کے بعد دشمن واپس ہو گئے اور اسی رات وہ آرکاٹ سے مراجعت کر گئے۔ جس وقت سے انگریز فرانسیسیوں کے مقابلے میں میدان میں آئے تھے یہ اُن کی پہلی نمایاں کامیابی تھی۔

مرہٹوں کی بڑی جمعیت مُرآری راؤ کے تحت محمد علی کے ساتھ شریک ہونے کے لئے آگے بڑھی مگر ایک ہزار سوار رضا صاحب کے مقابلے کے لئے کلائیو کے ساتھ کام کرنے کے واسطے چھوڑ دئے گئے۔ آرکاٹ کے گرد و پیش جو چھوٹے چھوٹے قلعے تھے اور جنھوں نے کلائیو کی پہلی آمد پر اطاعت قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا وہ اب فوراً مطیع ہو گئے لیکن مرہٹے سرکش اور بے قابو دوست ثابت ہوئے۔ وہ تمام ملک میں لوٹ مار کے لئے منتشر ہو گئے اور اُن کی بعض جماعتوں کو رضا صاحب کے آدمیوں نے حملہ کر کے مار ڈالا۔ اس کے بعد وہ کلائیو کے ساتھ شریک ہو گئے جو ٦ دسمبر کو آرکاٹ سے چلا[1] ۱۴ کو اُس نے آرنی کے قریب فرانسیسیوں کو آلیا۔ جو معرکہ یہاں ہوا اس میں بھی فرانسیسی کوئی امتیاز حاصل نہ کر سکے۔ دوپہر سے پانچ بجے تک مقابلہ کر کے وہ پسپا ہو گئے[2] اور کلائیو نے وہاں سے بڑھ کر فوراً کنجیورم پر قبضہ کر لیا اور جو فوج وہاں تھی وہ بھاگ گئی اور اس طور سے صوبۂ آرکاٹ اس وقت دشمنوں سے بالکل پاک و صاف ہو گیا[3]۔

مگر انگریزوں کی فوجوں کے اپنے مستقر پہنچتے ہی دشمن پھر آرکاٹ میں داخل ہو گئے۔ انھوں نے ساحل کے کنارے کوچ شروع کیا۔ پوناملی اور ہونٹ[4] کو لوٹ لیا اور کنجیورم پر دوبارہ قابض ہو گئے۔ کلائیو اس شاقہ محنت کے بعد قلعہ سینٹ ڈیوڈ میں آرام لے رہا تھا مگر وہ بعجلت تمام مدراس بھیج دیا گیا۔ وہاں خوش قسمتی سے (۱۰۰) آدمیوں کی کمک بنگال سے بھی آ گئی۔ انھیں مع اُن سپاہیوں کے جو اُس نے بھرتی کئے تھے

۱؎ غیر معمولی واقعات ۲۲، ۲۵ نومبر، ۲۶ دسمبر ۱۷۵۱ء۔

۲؎ کلائیو نے کہا کہ اُس کے سپاہیوں نے بہت اچھا کام کیا۔

۳؎ غیر معمولی واقعات ۶، ۱۸، ۲۳ دسمبر ۱۷۵۱ء۔

۴؎ جہاں انگریزوں کے تفریحی مکانات تھے۔

فصل سوم

اور آرکاٹ اور مدراس کی فوجی ٹکڑیوں کو لے کر وہ پھر میدان جنگ میں آیا جو فوج اُسکے پاس تھی وہ پیدلوں کی تعداد کے لحاظ سے دشمن کی فوج سے کسی قدر گھٹی ہوئی تھی دشمن کے ساتھ (۲۵۰۰) سوار تھے۔ اس کے مقابل میں اس کے پاس کچھ نہ تھا۔ دشمن مدراس سے (۲۵) میل کے فاصلے پر بمقام ونڈلور خندقوں کی حفاظت میں پڑے تھے۔ مگر کلائیو کی آمد پر اُسے چھوڑ کر وہ بعجلت تمام آرکاٹ کی طرف روانہ ہو گئے اس خیال سے کہ اُس پر دفعتہً جا گریں گے اور اُس کو فتح کر لیں گے۔ کلائیو نے اُن کا پہلے گنجیوارم کی طرف تعاقب کیا کیونکہ وہ سمجھتا تھا کہ وہ پہلے اُسی طرف کا رخ کریں گے اور بعدہٗ آرکاٹ کی طرف گیا۔ کاویری پاک کے مقام پر دفعتہً شام کے وقت اُن کا مقابلہ ہو گیا دشمن نے (۲۵۰) گز کے فاصلے سے اُس کے مقدمتہ الجیش پر آتش باری شروع کر کے اپنی موجودگی کا اعلان کیا۔

کلائیو نے اپنی فوج کو ایک گہرے نالے میں جو سڑک کی بائیں جانب واقع تھا اُتار دیا اور وہیں سے چاندنی میں لڑائی جاری رکھی۔ ایک سارجنٹ کی رپورٹ سے جسے کلائیو نے خبر لینے کے لئے بھیجا تھا یہ معلوم ہوا کہ دشمن کی فوج کا پچھلا حصہ غیر محفوظ ہے اُس پر حملہ کرنے کے لئے اُس نے اپنی فوج کا نصف حصہ جدا کیا اور تھوڑی دور تک خود اُن کے ساتھ گیا۔ واپسی پر اُس نے دیکھا کہ سپاہی اپنی متعینہ جگہ چھوڑ رہے ہیں بڑی دقت سے اُن کو پھر اپنی جگہ پر واپس لایا۔ ایک گھنٹے کے سخت انتظار اور وقفے کے بعد دشمن کی فوج کے پیچھے سے بندوقوں کی آواز سنائی دی۔ یہ جمعیت بغیر اطلاع کے دشمن کی فوج کے پیچھے (۵۰) گز کے فاصلے تک پہنچ گئی وہاں سے اُس نے ایک باڑ ماری جس سے بہت سے لوگ مارے گئے دشمنوں پر خوف طاری ہو گیا اور وہ تمام سامان چھوڑ کر بھاگ گئے۔[1]

[1] کلائیو کا بیان مندرجۂ تاریخ ہند آرمی قلمی جلد ۲۔ ایف۔ ایف ۲۹۸۔ مقابلہ کرو فرانسیسی سارجنٹ کے خط کا جو اُس نے کاریکل سے ۱۰ دسمبر ۱۷۵۲ء کو لکھا تھا (فرانسیسی خط و کتابت بابت ۱۷۵۲ء)۔ سو خر الذکر کا بیان ہے کہ داری دی سینٹ روس بر نیر کی غیر حاضری میں فرانسیسیوں کی فوج کا کمانڈر تھا۔

فصل سوم

کلائیو کی ان متواتر کامیابیوں سے اُس کی بڑی شہرت ہو گئی اور حقیقت یہ ہے کہ انگریزوں کو جو کامیابیاں اُس زمانے میں ہوئیں وہ اسی کی بدولت تھیں۔ اگرچہ فوج کے افسروں کو اُس کی فوری ترقی اور اُس کی کارگزاریوں پر بمقابلہ اپنی کارگزاریوں کے ایک گونہ رشک تھا مگر یورپین اور دیسی سپاہی دونوں اُسے بےمثل افسر سمجھتے تھے۔ آرکاٹ کے محاصرے کے بعد ہی سانڈرس نے اُس کو لکھا کہ میں نے سنا ہے کہ مُلّا آرکاٹ کی لڑائیوں کی تاریخ لکھ رہے ہیں جس میں تمہارا نام آیندہ نسلوں تک پہنچا دیا جائے گا۔[۱] اس میں شک نہیں کہ خوش قسمتی میں اُس کا نام مشہور ہو گیا تھا جو آگے چل کر ہندوستان کے باشندوں کے دلوں پر اس کا بےحد اعتبار قائم کرنے میں مؤید ہوا۔ اسی زمانے میں محمد علی نے اُسے لکھا کہ آپ خداوند تعالیٰ کے فضل سے تمام لڑائیوں میں خوش قسمت ثابت ہوئے اور آپ نے ہر معرکے میں بےمثل کامیابی حاصل کی مجھے اس کا یقین ہے کہ قسمت آپکی تائید کر رہی ہے ....[۲]

اس زمانے میں ترچناپلی کے معاملات فریقین کی عدم توجہی کی وجہ سے اسی طرح اُلجھے پڑے ہوئے تھے جنجنس کے پاس اگرچہ یورپین سپاہیوں کی تعداد بمقابلہ فرانسیسیوں کے زیادہ تھی[۳] مگر وہ جیسا کہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں کاویری کو عبور کر کے ترچناپلی کے قریب پہنچ گیا تھا۔ یہ دیکھ کر چندا صاحب اور فرانسیسیوں نے دریائے کولیرون کو عبور کر کے جزیرہ سرینگم پر قبضہ کر لیا جو اُس شہر کے محاذی واقع ہے۔ مگر ڈی آتیل نے جو فرانسیسیوں کی فوج کا افسر تھا بجز اس کے کچھ نہیں کیا کہ وہ اپنی بڑی توپوں سے شہر پر گولے برساتا رہا۔ اس کے بعد ڈی آتیل واپس بلا لیا گیا اور اُس کی جگہ ایک نوجوان افسر لا نامی اس ہدایت کے ساتھ بھیجا گیا کہ وہ ترچناپلی کے معاملے کا جلد تصفیہ کر دے۔ اُس نے بغیر

---

[۱] آرمی قلمی متفرقات ۲۸۰-الف ۱۷۷۔

[۲] گریہام قلمی (۱۰۹۹-اس مجموعے میں جو نقل ہے اُس پر کوئی تاریخ نہیں ہے اس لئے میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ خط سرینگم کی نمایاں فتح کے بعد لکھا گیا تھا یا قبل۔

[۳] مراسلہ بنام انگلستان ۱۵ اگست ۱۷۵۱ء جس میں تعلقہ سینٹ ڈیوڈ کی کونسل بیان کرتی ہے کہ اُس کے پاس ۹۰۰ باقاعدہ فوج میدان میں ہے بمقابلہ ۲۰۰ فرانسیسیوں کے۔

فصل سوم

کسی روک ٹوک[1] کے دریائے کاویری کو عبور کیا مگر بعدہٗ اُسے معلوم ہوا کہ اُس کے پاس اسقدر فوج نہیں ہے کہ وہ شہر کا محاصرہ کر سکے اس لئے اُس نے معقول فاصلے پر جا بجا چوکیاں قائم کر دیں[2] جنجنس نے دشمن کو چھیڑنے کا بھی خیال نہیں کیا مگر اپنی سپاہ کو یہ حکم دے کر کہ ہر شخص کو مسلح سونا چاہیئے بیکار تھکا دیا اور فضول یہ خیال قائم کیا کہ وہ شہر میں داخل ہو جانے سے شہر پناہ کی حفاظت میں آجائیگا[3]۔ ختم سال کے قریب مرہٹے اور میسور کی وہ کثیر فوج آگئی جسے محمد علی نے بڑے وعدے کر کے بلایا تھا۔ اس سے انگریزوں کو دیسی سپاہ میں غلبہ ہو گیا اگرچہ ڈوپلے کے مدد بھیجنے کے بعد بھی وہ یورپین سپاہ کے لحاظ سے فرانسیسیوں کے برابر تھے مگر اس پر بھی جنجنس نے حملہ کرنے سے انکار کیا۔

اس طریقۂ جنگ سے آخر کار کونسل تنگ آگئی۔ فوج کو میدان جنگ میں رکھنے کے مصارف اُس کو برداشت کرنے پڑ رہے تھے[4] اور اس کا وہ مفید نتیجہ نہیں نکلتا تھا جس کی توقع کی جاتی تھی۔ جب کلائیو نے صوبۂ آرکاٹ میں فرانسیسی فوج کو شکست دے دی تو کونسل نے اُس کو مع فوج کے قلعۂ سینٹ ڈیوڈ میں بُلا لیا۔ اس عرصے میں (۲۰۰) آدمی بنگال سے بھی آگئے تھے اور یہ طے ہو چکا تھا کہ قبل اس کے کہ اُن کو یورپ سے مدد پہنچ سکے یہ کل فوج ترچناپلی بھیجکر فرانسیسیوں کا قلع قمع کر دیا جائے۔ کلائیو اس فوج کیساتھ روانہ ہونے والا ہی تھا کہ جہاز موسومۂ ڈورنگٹن اسٹرنجر لارنس کو لے کر آگیا اُسنے ڈائرکٹروں سے مل ملا کر انھیں اس پر رضامند کر لیا تھا کہ وہ اُس کے جزتنخواہ کو جاری کر دیں جو اُنھوں نے روک لیا تھا اور اس طور سے لارنس پھر اپنی فوج میں آگیا اور اپنے پہنچنے سے (۴۸) گھنٹے کے اندر[5] جنوب میں ترچناپلی کی طرف روانہ ہو گیا۔

---

[1] ایک کاردان افسر یقیناً دریا کے کناروں کی حفاظت کا انتظام کرتا ایسی حالت میں کہ دریا پر اور عمیق تھا۔

[2] لا نے شکایت کی کہ (۵۰۰) آدمی اُس کے پاس سے آرکاٹ بھیج دئے گئے اور اُس کے پاس صرف (۶۸۰۰) آدمی رہ گئے اس میں چند اصاحب کی کل فوج شریک ہے۔

[3] غیر معمولی خط و کتابت ۷ر اکتوبر ۱۷۵۱ء۔

[4] میدان جنگ میں فوج کا خرچ معمولی خرچ سے المضاعف ہوتا تھا۔

[5] جہاز ڈورنگٹن مارچ ۱۴ء ۲۵ کو پہنچا اور فوجیں قلعے سے ۱۶-۲۶ تک روانہ ہوئیں۔

فصل سوم

اُس وقت اس کا آجانا ایک بڑی خوش قسمتی تھی۔ اگر یہ مہم کلائیو کے زیر حکم ہوتی تو ترچناپلی میں اُس کے عہدے کے متعلق سخت مباحث پیش آتے اور نہ صرف قدیم کپتان اُس کے تحت کام کرنے سے انکار کرتے[1] بلکہ لفٹننٹوں کو بھی ایسے شخص کے احکام کی تعمیل میں عذر ہوتا جو کونسل کی طرفداری کی وجہ سے اُن پر حاکم کر دیا گیا تھا کلائیو اپنے ساتھی کپتانوں کی غفلت اور بے پروائی کو بمشکل برداشت کرتا۔ مزید براں خود کلائیو کی فوجی ناتجربہ کاری اُس کے سرکردہ فوج کئے جانے کے خلاف پیش ہو سکتی تھی مگر لارنس کے آجانے سے یہ سب مشکلیں حل ہوگئیں اور اُس کی حکومت نے بظاہر اس رشک اور حسد کی آگ کو بجھا دیا جو کلائیو کی طرف سے بعض کپتانوں کے سینوں میں شعلہ زن تھی۔[2]

۷ اپریل کو وہ ترچناپلی سے دس میل کے فاصلے پر پہنچ گیا۔ اس کے ساتھ چار سو یورپین اور دیسی سپاہیوں کی وہ جمعیت تھی جو کلائیو نے آرکاٹ کے محاصرے کے وقت بھرتی اور مرتب کی تھی۔ لارنس کی پیش قدمی کی خبر سُن کر لا کے ہاتھ پیر پھول گئے اُس کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ اُسے کیا کرنا چاہیئے۔ خود اُس کا رجحان اس طرف تھا کہ اُسے فوراً جزیرہ سریرنگم میں چلا جانا چاہیئے۔ ڈوپلے جو غالباً لارنس کی فوج کی صحیح تعداد سے واقف نہ تھا اس پر زور دے رہا تھا کہ اُس کو پیش قدمی کر کے دشمن کی اُس جمعیت کو جو بڑھتی چلی آتی ہے درہم برہم کر دینا چاہیئے[3] یہ امر صاف اور صریح تھا کہ لا کا ترچناپلی کے قریب جنگ کے انتظار میں ٹھہرا رہنا انگریزی فوج کے دونوں حصوں کو ایک ساتھ کام میں لانے کی شکل میں ہر طرح کی آسانیاں پیدا کر رہا تھا۔ قیاس غالب یہ ہے کہ لا کسی

---

[1] ڈالٹن بھی جو کہ کلائیو کا دلی دوست اور بربنائے مالی مدد کے اُس کا بے حد ممنون تھا صرف بحیثیت ایک رضاکار کے اُس کے تحت میں کام کرنے پر راضی تھا اُس وقت تک کلائیو کی کل فوجی ملازمت ایسی جمعیت میں گزری تھی جہاں اُس کے عہدے کے متعلق دوسرے کپتانوں کو کسی عذر کا موقع نہ تھا۔ یہ حالت بعینہ وہی تھی جو ڈوپلے کو ۱۷۴۶ء میں پیش آئی تھی جبکہ وہ پراڈس کو تمام فوج کا سرکردہ مقرر کرنا چاہتا تھا۔

[2] خاص کر جنجنر اور آسکرم سور۔

[3] دیکھو خط و کتابت مطبوعہ ہیمنٹ (ڈوپلے صفحات ۱۸۶-۱۸۸)۔

فصل سوم

صورت میں بھی لارنس کو شکست نہیں دے سکتا تھا کیونکہ اگر ضرورت ہوتی تو لڑائی کو بچا جانا بالکل لارنس کے اختیار میں تھا۔ یہ مسلم ہے کہ اگر لا اپنی تمام فوج کے ساتھ اُس وقت چل کھڑا ہوتا جبکہ لارنس کی امدادی فوج فاصلے پر تھی تو اسے اس مقصد میں کامیابی کا زیادہ تر موقع تھا کیونکہ یہ امر یقینی تھا کہ جنجنس اس کے پیچھے پیچھے چلنے کا ہرگز قصد نہ کرتا مگر بجائے اسکے اُس نے ترچناپلی کے میدان کو نہیں چھوڑا اور چھوٹی چھوٹی ٹکڑیاں بھیجتا رہا جو لارنس کو روکنے یا اُس کو راستے سے پھیر دینے کے لئے کافی نہ تھیں۔ ۹ مرکو لارنس کی فوج میں وہ کثیر جمعیت پہنچ گئی جو جنجنس نے اُس کی مدد کے لئے بھیجی تھی۔ فرانسیسیوں نے خوب گولہ باری کی مگر وہ لارنس کو ترچناپلی میں داخل ہونے سے نہ روک سکے۔ اُن کا نیک نتیجہ تفاخر یہی ہوسکتا تھا کہ انھوں نے میدان جنگ نہیں چھوڑا۔

دونوں انگریزی فوجوں کے یکجا ہونے کا نتیجہ اُن کو بہت جلد معلوم ہوگیا۔ لارنس کے پہنچنے کے دو دن بعد ایک جمعیت رات کے وقت چند اصاحب کے کیمپ پر حملہ کرنے کے لئے بھیجی گئی اس میں رہبر کی غلطی کی وجہ سے کامیابی نہ ہوئی مگر اس سے لا کی پریشانی میں ضرور اضافہ ہوگیا۔ دوسرے ناکام افسروں کی طرح اُس میں ذاتی جرأت کی نہیں بلکہ اخلاقی جرأت کی کمی تھی۔ اُس کا مقابلہ ایسی فوج سے تھا جو تعداد میں اُس کی فوج سے بڑھی ہوئی تھی اور وہ مغلوب ہو جانے سے بیحد مرعوب تھا۔ ایسی حالت میں اُسنے جزیرہ سری رنگم میں چلے جانے کا ارادہ کیا تاکہ دریائے کاویری اُس میں اور اُس کے دشمنوں کے درمیان حائل ہو جائے۔ جنگ کی مجلس شوریٰ نے اس رائے کو پسند کیا۔ ۱۷۴۶ء میں بیٹن کا ساحل کرومنڈل سے بھاگ جانا اور ۱۷۵۷ء میں کلائیو کا عاجلانہ فیصلہ کہ پلاسی کی طرف پیش قدمی نہ کرنی چاہیئے اسی نوع کا تھا۔

لا کی بزدلی نے انگریزوں کو ایک ایسی تجویز کی جرأت دلائی کہ اگر ایک جری دشمن کے مقابلے میں اختیار کی جاتی تو انگریزوں کی تباہی کا باعث ہو جاتی۔ انھوں نے اپنی فوج کو دو حصوں پر تقسیم کرنے کا ارادہ کیا۔ اس طور سے کہ ایک حصہ زیر حکم لارنس کاویری کے جنوب میں رہے اور باقی فوج زیر حکم کلائیو جاکر دریائے کالیرون کے شمالی حصے پر قائم ہو تاکہ لا کی فوج جزیرے میں محصور ہو جائے۔ اس کا مجوز جری کلائیو تھا۔ فوج میں ایسے عہدہ داروں کی بھی کمی نہ تھی جو لا کی قابلیت میں مبالغہ کرتے تھے اور اس تجویز کی ناکامی کی

فصل سوم

پیشین گوئی کے لئے آمادہ تھے۔[1] یہ تجویز ۱۵ اپریل کو پختہ ہوگئی اور اُسی رات کو[2] کلائیو (۴۰۰) یورپین اور (۱۲۰۰) سپاہیوں اور (۳۰۰۰) سواروں کے ساتھ[3] روانہ ہوکر سمیاوارم پر قائم ہوگیا۔

فرانسیسیوں کے قبضے میں کاویرون کے شمال میں لال گڈی اور چینرا کے دو دیسی قلعے تھے۔ لال گڈی میں غلے کا بڑا ذخیرہ تھا جو تھوڑے سے سپاہیوں کی حفاظت میں چھوڑ دیا گیا تھا جنھوں نے مقابلے کی صورت بنائی مگر کلائیو اس پر فوراً قابض ہوگیا چونکہ لا کو سری رنگم میں بہت کم غلہ دستیاب ہوا اس لئے لال گڈی کے ذخائر کا اُس کے ہاتھ سے نکل جانا اس کے لئے ایک سخت صدمے کا باعث تھا۔[4] مگر آئندہ پیش آنے والے واقعات اس سے سخت اور اہم تر تھے۔ پانڈیچری سے ایک جمعیت بسرکردگی ڈی آتیل آرہی تھی ڈوپلے نے ڈی آتیل کو اس غرض سے بھیجا تھا کہ وہ پھر فوج کی سرکردگی اپنے ہاتھ میں لے۔ اس کے ساتھ صرف (۴۰) یورپین تھے مگر اُن میں وہ جماعت شریک ہوگئی تھی جو لا نے اُن کو بحفاظت سری رنگم میں لے آنے کے واسطے بھیجی تھی[5] اس لئے کلائیو کو ہوشیاری کے ساتھ دو طرف نظر رکھنی پڑتی تھی اول جزیرے میں لا پر دوسرے شمال کی طرف ڈی آتیل پر۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُس نے لارنس سے مزید فوج دریا پار بھیجنے کی استدعا کی تھی مگر لارنس نے اس سے انکار کردیا تھا۔[6] اور اس لئے کلائیو کو بطور خاص

---

[1] مئی ۵۲ء ۱۵ ر کو ڈالٹن نے کلائیو کو لکھا میں تمکو میرے عزیز دوست تمہاری تجویز کی کامیابی پر مبارکباد دیتا ہوں جو میرے نزدیک دشمن کی فوج کی سخت تباہی کا باعث ہوگی چونکہ ہر شخص اس تجویز کے خلاف تھا لہذا اس کی کامیابی کا سہرا تمہارے ہی سر ہے۔ (آرمی قلمی۔ (۳) الف ۴ ۶۶)۔

[2] آرمی تاریخ ہند قلمی (۲) الف ۳۰۱ و (۵) الف ۱۰۷۲۔

[3] " " " ۲۔ الف ۴۷۶۔

[4] " " " متفرق ۲۸۷۔ الف ۲۹۔

[5] آرمی کی تاریخ (جلد ا صفحہ ۲۲۲) میں یہ غلط معلوم ہوتا ہے کہ ڈی آتیل اپنے ساتھ پانڈیچری سے ۱۲۰ یورپین لایا۔ مقابلہ کرو ڈوپلے کے خط کا جو لا کے نام ہے مورخہ ۲۴ر اپریل مندرجہ ہیمنٹ صفحہ ۵۰۴۔۱۹۔

[6] لارنس بنام کلائیو ۱۳ر اپریل ۱۷۵۲ء و آرمی قلمی جلد (۷) الف ۴۰۸۔

فصل سوم

جد و جہد اور مزید ہوشیاری کی ضرورت واقع ہوئی۔

یہ معلوم کر کے کہ فرانسیسی جمعیت کے ہمراہ سات لاکھ روپے کی ایک رقم ہے اور وہ اتاتوریں خیمہ زن ہے کلائیو نے دفعتہً راتوں رات اس طرف کوچ کیا مگر فرانسیسیوں کو اس کے آنے کی خبر معلوم ہو گئی تھی اور انھوں نے وہ مقام چھوڑ دیا تھا۔ اس خیال سے کہ کہیں اس کی غیر حاضری میں دشمن تمیاوارم پر قابض نہ ہو جائے وہ الٹے پاؤں واپس آگیا۔ لا نے موقع پاکر تمیاوارم پر قبضہ کرنے کی کوشش کی تھی مگر ایسی جمعیت سے جو اس کام کے لئے بالکل ناکافی تھی۔ اس نے تقریباً (۸۰) یورپین بھیجے جس میں نصف انگریزی فوج کے مفرورین تھے۔ وہ کلائیو کی واپسی کے بعد تمیاوارم پہنچے اور محافظوں کو یہ دھوکا دے کر کہ وہ لارنس کے پاس سے بطور امدادی فوج کے آئے ہیں کیمپ میں داخل ہو گئے اور ایک بے ترتیب کشمکش شروع ہوئی جس میں کلائیو بال بال موت سے بچ گیا فرانسیسی بہت جلد مغلوب کر لئے گئے اور ان کی کل جمعیت قتل یا گرفتار ہو گئی[1]

اس پر کلائیو نے پھر لارنس سے مدد کی درخواست کی اور اس مرتبہ فوج کو سرینگم میں لانے پر زور دیا تاکہ اگر لا کالیرون کو عبور کرے تو وہ فوراً اس کی مدد کیلئے پہنچ سکے مگر لارنس نے اس کو بتایا کہ اگر وہ ایسا کریگا تو ٹریکل کے جنوبی راستے کو غیر محفوظ حالت میں چھوڑ دینا پڑے گا[2] اور اس سے تمام تجویز معرض خطر میں آجائے گی مگر اس نے قریب تر عرصے میں ڈالٹن کے تحت میں ایک دستے کو ڈی آتیل پر حملہ کرنے کیلئے

[1] یہ ۲۶ اور ۲۷ اپریل کی رات کا واقعہ ہے۔ فرانسیسی سرگروہ زلو یگرنامی ایک شخص تھا اس کے ساتھ کلسے تھا جو انگریزی فوج کو چھوڑ کر بھاگ گیا تھا اور ڈوپلے نے اس کو کمیشن دے دیا تھا۔ اس کو حسب الحکم لارنس سرسری طور سے پھانسی دے دی گئی۔ دیکھو ڈوپلے بنام لا دنس ۱۸ مئی ۱۷۵۲ء و آرمی قلمی ہندوستان ج (۲) الف ۴۶۱۔

[2] کلائیو بنام لارنس آرمی قلمی ہندوستان ج (۳) الف ۲۶۶۔ اور لارنس کا جواب مورخہ ۲۰ اپریل جلد (۲) کتاب مذکورۂ بالا الف ۴۶۳ مسٹر ایس، سی، ہل نے بتایا ہے کہ آرمی نے کلائیو کے خط کی تاریخ مئی غلط بتائی ہے یہ خط اس سے پہلے کا ہونا چاہیئے۔

فصل سوم

بھیجا جو آتا تو واپس آگیا تھا[۵۱]۔ اس جمعیت نے فرانسیسیوں سے اسی مقام کے قریب مقابلہ کیا اور اُن کو اس قدر دبایا کہ شب آئندہ ڈی آتیل نے ہٹ کر اور زیادہ فاصلے پر کیمپ قائم کیا[۵۲]۔ لارنس نے ڈالٹن کو اپنے پاس بلا لیا مگر کاکیرون اس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ فوج کا عبور مشکل تھا اس لئے ڈالٹن نے اپنی فوج کو کلائیو کے تحت کر دیا[۵۳] تاکہ وہ پچنڈا کا محاصرہ کر سکے۔ کاکیرون کے شمال میں بھی ایک مقام لآ کے قبضے میں رہ گیا تھا مختصر سی گولہ باری کے بعد یہ مقام ۲۰ مئی کو فتح ہو گیا اسی عرصے میں لارنس نے فرانسیسیوں کی وہ چوکی جو کیولادی پر قائم تھی لے لی۔ اس طور سے لآ ہر طرف سے پوری طرح محصور ہو گیا۔ یہ عجیب بات ہے کہ اس نے اس محاصرے سے نکل جانے کی کوشش نہیں کی۔ اُس کے پاس (۸۰۰) یورپین تھے اور لارنس کے پاس صرف (۴۰۰) اور کاکیرون اس قدر چڑھی ہوئی تھی کہ جنگ کی حالت میں کلائیو یا ڈالٹن کا اُس کی مدد کے لئے پہنچنا محال تھا۔ اس لئے لا بہ آسانی اس محاصرے کو توڑ کر جنوب کی جانب چلا جا سکتا تھا۔ غالباً اُس کو چند اصحاب کی فوج پر اعتماد نہ تھا[۵۴] اور اُس کی قوت عمل اور عزیمت بالکل ضائع ہو گئی تھی اور اُس نے سمجھ لیا تھا کہ اُسکی رہائی کی تجویز صرف یہی ہو سکتی ہے وہ محمد علی سے صلح کرلے

[۵۱] اس کی تاریخ مشتبہ ہے آرمی (تاریخ (۱) صفحہ ۲۲۶) ۹-۲۰ مئی بیان کرتا ہے۔ اگرچہ اس کی تائید ڈالٹن کے بیان سے ہوتی ہے مگر آرمی قلمی (ہندوستان (۲) الف ۸۷۴ و ۳۔ الف ۳ ۶۶) میں ڈالٹن کے خطوط مورخۂ ۳ مئی و ۵ مئی شریک ہیں۔ آرمی کی بتائی ہوئی تاریخ بہ قاعدۂ جدید نہ بحساب قدیم۔

[۵۲] حسب حوالۂ سابق۔

[۵۳] ڈالٹن نے خود بحیثیت رضاکار کے کام کیا یہی ایک طریقہ تھا جس میں وہ اپنے ایک جونیر کے تحت میں کام کرسکتا تھا۔

[۵۴] دیکھو اعلان عہدہ داران فرانس جو ڈوپلے کے خط مورخۂ ۳۱ مئی کا ضمیمہ ہے (فرانسیسی خط وکتابت بابت ۱۷۵۲ء) آرمی کی فتح کی تاریخ ۱۶ مئی بتاتا ہے جو غلط ہے خواہ جدید قاعدے سے کیا جائے یا قدیم سے۔ اس خدمت کے صلے میں محمد علی نے کلائیو کو صلابت جنگ بہادر کا خطاب دیا (جیتھم کی قلمی کتاب جلد (۱) صفحہ ۹۹)۔

[۵۵] ڈالٹن کا بیان۔ آرمی کی قلمی تاریخ ہند جلد ۳۔ الف ۵۴۵۔

[۵۶] ڈوپلے بنام لا مورخۂ ۱۳ مئی ۱۷۵۲ء۔

فصل سوم

اس لئے وہ اُن مندروں میں جن پر وہ قابض ہوگیا تھا بغیر ہاتھ پیر ہلائے پڑا رہا۔

جو طرزِ عمل اُس نے اختیار کیا اُس کے بدترین ہونے میں کوئی شبہ نہیں کیا جا سکتا پیچھے ندی کی سمت سے کلائیو کو یہ موقع ملا کہ اُس نے اپنی توپوں سے چندا صاحب کے کیمپ پر گولے برسانے شروع کر دئے۔ اس پریشانی اور تنخواہ اور رسد کے نہ ملنے سے چندا صاحب کی فوج کا بڑا حصہ اُس کو چھوڑ کر چلے جانے پر آمادہ ہوگیا اور جب انگریزوں نے اُن سے بلا روک ٹوک راستہ دیدینے کا وعدہ کر لیا تو وہ لوگ بخوشی اس پر راضی ہوگئے اور اکثر کلائیو کے ساتھ ہو گئے۔

لاکو پورے طور سے محصور کرنے کے لئے ابھی ڈی آتیل کی فوج کو گرفتار یا ضائع کر دینے کی ضرورت تھی۔ اس لئے کلائیو اُسکی طرف بڑھا اُسے یہ امید تھی کہ وہ فرانسیسیوں کو کھلے میدان میں پالیگا جبکہ وہ سری رنگم کی طرف بڑھ رہے ہوں گے لیکن ڈی آتیل آگے بڑھتے بڑھتے والیکنڈاپورم کی طرف واپس آگیا۔ وہاں کے قلعہ دار کو انگریزوں نے اپنا طرفدار کر لیا تھا۔ جب اُس کی فوج شہر پناہ کے اندر آگئی تو قلعہ دار نے قلعے میں داخل کرنے سے انکار کر دیا اور ڈی آتیل کو بجز ہتھیار ڈال دینے کے کوئی چارہ باقی نہ رہا[1]

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لا نے یہ تجویز پیش کی کہ وہ اپنی ضعف بھاری توپیں یہاں چھوڑ کر خود پانڈیچری کی طرف چلا جائے لیکن انگریزوں نے اُس کا اتنے دن محاصرہ سری رنگم میں اس غرض سے نہ کیا تھا کہ وہ عین وقت پر اپنی تمام کامیابی کے نتائج سے دست بردار ہو جائیں۔ محمد علی نے یہ جواب دیا کہ اُس کو بلا کسی شرط کے اپنے آپ کو حوالے کر دینا چاہیئے۔ اس دوران میں تنجوریوں کی اس فوج کے سردار نے جو نواب کے ساتھ تھی چندا صاحب کو کاریکل کی طرف نکل جانے میں مدد دینے کا وعدہ کیا۔ چندا صاحب نے

[1] یہ ۹ جون کا واقعہ ہے۔ خزانے کا بڑا حصہ لٹ گیا تھا۔ ایک کپتان کا حصہ اس مال غنیمت میں سے تقریباً تین ہزار روپے تھا (آرمی کی تاریخ ہندوستان قلمی (۳) الیف ۸۸۸ ہ) حوالے کرنے کے وقت ڈی آتیل کے پاس (۰۰) یورپین (۴۰۰) سپاہی اور (۳۰۰) سوار تھے۔ (آرمی قلمی ۲۔ الیف ۴۷۷)۔

فصل سوم

اس بارے میں لاؔ سے مشورہ کیا۔ ۱۱ر جون کو ایک قاصد آیا اور چندا صاحب اور لاؔ کے نام خطوط لایا جن میں زیر بحث امر پر بیحد اصرار کیا گیا تھا۔ اُسی دن شام کے وقت لاؔ دشمن کی فوج میں جا کر تنجوری سردار سے ملا اور اُس سے چندا صاحب کی حفاظت کے متعلق اول (کفیل یا یرغمال) کا خواستگار ہوا جس کا جواب اُس نے یہ دیا کہ اگر وہ خلاف وعدہ عمل کرنے پر آمادہ ہوگا تو اول سے کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا علاوہ اس کے اول دینے سے یہ کل معاملہ طشت از بام ہو جائیگا۔ بہرحال اُس نے نہایت سخت قسمیں کھائیں کہ وہ چندا صاحب کے ساتھ دغا نہ کرے گا۔ بالآخر لاؔ اس پر راضی ہوا اور چندا صاحب دشمن کے کیمپ میں پہنچا دیا گیا[1]۔ یہ سمجھ میں آنا مشکل ہے کہ چندا صاحب کو کس بنا پر تنجوری سردار سے مدد کی امید ہو سکتی تھی۔ چندا صاحب اس چھوٹی سی ریاست کا جانی دشمن تھا۔ بارہا اُس نے ریاست مذکور پر حملے کرکے اُس کو تباہ کیا اور کم از کم دو مرتبہ اس کے دارالریاست کا محاصرہ کیا تھا۔ وہ جنوب کی ہندو ریاستوں کا سخت مخالف تھا۔ ایسے شخص سے جس کو اُس سے نفرت کرنے کے اس قدر قوی وجوہ موجود ہوں یہ امید کرنا کہ وہ اُس کو چھوڑ دیگا یا تو اُس کو بعید از قیاس کم جرأت یا ایسا فیاض فرض کرنا تھا جس کی مثال مشرق میں ملنی مشکل ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ تنجوری سردار کا مطلق یہ ارادہ نہ تھا کہ وہ اُس کو چھوڑ دے ایک ہزار سوار فرانسیسی کیمپ کے گرد و پیش اس غرض سے متعین کر دئے گئے تھے کہ اگر چندا صاحب بجائے تنجوری سردار کے کسی دوسری طرف بھاگ جانے کا قصد کرے تو وہ اُسے گرفتار کر لیں[2]۔ دشمن کے کیمپ میں پہنچ جانے کے بعد وہ وہاں روک لیا گیا۔ دوسرے دن ایک مجلس شوریٰ منعقد ہوئی جس میں ہر شریک اُس کو اپنی حفاظت میں رکھنے کا خواستگار تھا[3]۔ دو دن بعد چندا صاحب اُسی چوپال میں قتل کر دیا گیا جس میں

[1] یہ واقعات لاؔ کے بیان میں ہیں جن کو ڈوپلے نے اپنے خط مورخہ ۱۸ر جولائی کے ساتھ (فرانسیسی خط و کتابت ۱۷۵۲ء) انگریزوں کے پاس بھیجدیا تھا مجھ کو انہیں مشتبہ سمجھنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کیونکہ ان کی تائید دوسرے ذرائع سے بھی ہوتی ہے۔

[2] ڈالٹن کا بیان آرمی کی تاریخ ہندوستان قلمی (۳) الف۔ الف ۵۵۰ - ۵۴۹ -

[3] سانڈرس نے جو خط ڈوپلے کو ۲۲ر اگست کو لکھا (فرانسیسی خط و کتابت ۱۷۵۲ء) اس کے ساتھ جو بیان

فصل سوم

کہا جاتا ہے کہ سولہ سال قبل مٹیھ کراُس نے وہ جھوٹی قسم کھائی تھی جس کی بنا پر اُس کو شہر کا قبضہ مل گیا تھا۔[۵۱]

جس دن فرانسیسیوں کے منظور نظر چندا صاحب کی گرفتاری کی خبر معلوم ہوئی اُسی دن پھر لا سے بلاشرط اپنے آپ کو سپرد کر دینے کی تحریک کی گئی۔ ۱۳؍جون ۵۲ء کو وہ لارنس سے آکر ملا اور لارنس نے اسکو سمجھایا کہ مندر انگریزی بھاری توپوں کے مقابلے میں کسی طرح محفوظ نہیں رہ سکتے ہیں اور وہ جو کچھ رعایت کر سکتا ہے وہ صرف اس قدر ہے کہ وہ عہدہ داران فوج کو مع اُن کے اسلحہ اور سامان کے اس شرط پر چھوڑ دے کہ وہ آیندہ جنگ میں انگریزوں کے مقابلے میں نہ آئیں۔ لا نے ان شرائط کو بمجبوری منظور کیا۔ دوسرے دن صبح سویرے انگریزی فوج کی ایک ٹکڑی اُس مندر میں داخل ہوئی جس پر فرانسیسی قابض تھے۔ جب انگریزی فوج سنگین لگا کر اور علم کھول کر صف آرا ہوئی تو فرانسیسیوں نے "ہمارے سامنے اپنے ہتھیار بے ترتیب طور سے ڈھیر کرنے شروع کر دئے اور وہ سب حفاظت میں لے لئے گئے"[۵۲]

یہ کارروائی بڑی اہم اور نتیجہ خیز تھی۔ اس سے پانڈیچری کی حفاظت کا کوئی ذریعہ بجز چند جدید بھرتی شدہ سپاہیوں کے باقی نہ رہا۔ اگر انگلستان اور فرانس کی سلطنتوں میں صلح نہ ہو گئی ہوتی تو ڈوپلے اپنے مستقر کو ایک ہفتے تک بھی انگریزوں کے ہاتھ سے نہ بچا سکتا تھا۔ اور جب اس کی خبر فرانس پہنچی تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ڈوپلے ہندوستان سے

بقیۂ حاشیۂ صفحۂ گزشتہ۔ بطور ضمیمے کے شامل تھا۔ اس میں سانڈرس نے مجلس شوریٰ کے منعقد ہونے سے انکار کیا ہے۔ مگر میں اس کو زیادہ اہم نہیں قرار دیتا وہ اپنے بیان میں خود اس کے خلاف کہتا ہے۔ (کیمبرج صفحہ ۲۸)۔

[۵۱] ولکس جلد (۱) صفحۂ ۱۷۶۔ یہ بیان کہ تونا جی نے چندا صاحب کو بھاگ جانے کا موقع نہ دینے کی وجہ سے ایک انعام سے دست برداری کر لی محض مہمل ہے۔ چندا صاحب کے تمام ذرائع ختم ہو چکے تھے اُسکے پاس جو دولت تھی وہ اُس کے جسم پر تھی۔ اور اسوقت فرانسیسیوں کی کوئی ساکھ باقی نہیں رہی تھی۔ تاریخ قتل چندا صاحب ۱۲؍جون ہے (کیمبرج حسب سابق)۔

[۵۲] لا کا اعلان اور ڈالٹن کا بیان ڈارمی کی تاریخ ہند قلمی (۲) الف ۵۵۲۔

فصل سوم

واپس طلب کر لیا گیا۔

فرانسیسی گورنر خود اس صدمے سے بخوبی واقف تھا جو اس واقعے سے اُسکی تجاویز کو پہنچا تھا۔ ۱۳ جون کو قبل اس کے کہ چندا صاحب کے قتل یا آگے ہتھیار ڈال دینے کی خبر پہنچی[۵۱] اُس نے سانڈرس کو لکھا تھا کہ اُسے صوبہ دار دکن کی طرف سے اس امر کی اجازت عطا ہوئی ہے کہ وہ ترچناپلی محمد علی کے قبضے میں دیکر کرناٹک کے معاملے کا تصفیہ کر دے[۵۲]۔ انگریزوں نے ترچناپلی کے معاملے کے تصفیے کے انتظار میں اس کا کچھ جواب نہیں دیا۔ ۲۴ جون کو سانڈرس نے یہ لکھا کہ وہ قیام صلح میں تائید کرنے کے لئے آمادہ ہے "چونکہ چندا صاحب کا انتقال ہو چکا ہے اس لئے میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اب کیوں اس معاملے کا تصفیہ بہ آسانی نہیں ہو سکتا[۵۳]" لیکن ڈوپلے شرائط کے طے ہونے سے پہلے تمام قیدیوں کی رہائی چاہتا تھا جس کا مطلب یہ تھا کہ قبل اس کے کہ وہ اپنے آپ کو کسی شرط کا پابند کرے وہ انگریزوں سے یہ چاہتا تھا کہ جو غلبہ اُن کو حاصل ہو گیا ہے وہ اُس سے دست بردار ہو جائیں اور اُس کو فوجی لحاظ سے ویسا ہی قوی کر دیں جیسا کہ وہ پہلے تھا۔ سانڈرس نے ان شرائط پر گفتگو کرنے سے انکار کر دیا اور لڑائی جاری رہی۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ ڈوپلے کا طرز عمل اس علم کی بنا پر جرأت کے ساتھ تھا کہ عنقریب اُس کے پاس کافی امداد آجائیگی۔ چنانچہ ۲۸ جولائی کو (۵۰۰) یورپین سپاہیوں کو لے کر دو جہاز پانڈیچری پہنچ گئے[۵۴]۔

اس درمیان میں انگریزوں کو بڑی پریشانی اس وجہ سے لاحق ہوئی کہ محمد علی اور سلطان میسور سے تعلقات بگڑ گئے۔ دفعتہً یہ معلوم ہوا کہ محمد علی نے میسوری مدد اسی شرط پر لی تھی کہ وہ ترچناپلی اُن کے حوالے کر دیگا اور اب وہ اُسے مختلف حیلوں سے

---

[۵۱] ممکن ہے کہ اُس نے ڈی آتیل کے ہتھیار ڈال دینے کی کیفیت ۹ جون کو سنی ہو۔

[۵۲] فرانسیسی خط و کتابت ۵۲-۱۷۵۱ء

[۵۳] خط مورخہ ۱۲ جون۔

[۵۴] خط مورخہ ۷ جولائی۔

[۵۵] میمینٹ صفحہ ۲۱۶۔

فصل سوم

ٹالا جاتا تھا۔ انگریزوں سے اس معاملے میں کوئی مشورہ نہیں کیا گیا تھا اور اس لئے اسکی تعمیل کے وہ اخلاقی طور سے ذمہ دار نہیں قرار دئے جا سکتے تھے مگر سیاسی لحاظ سے یہ نزاع موجب زحمت تھی۔ اس کی وجہ سے ترچناپلی میں کثیر فوج کا رکھنا لازم آتا تھا علاوہ اسکے میسوری افواج کا علحدہ کر لیا جانا فوجی قوت میں ضعف کا سبب سمجھا جاتا تھا اگرچہ اس خیال کے لئے کافی وجہ نہ تھی کیونکہ میسوری فوج نہ ترچناپلی میں بمقابلہ فرانسیسیوں کے اور نہ جبکہ وہ فرانسیسیوں کے ساتھ ہوکر انگریزوں سے لڑی کار آمد ثابت ہوئی تھی۔ وہ صرف اسی کام کی تھی کہ غیر محفوظ بدرقوں کو ڈرائے اور غیر محفوظ ممالک کو لوٹ لے۔

تقریباً پندرہ دن اس انتظار میں ٹھہر کر کہ شاید یہ نزاع کسی طرح طے ہو جائے لارنس ترچناپلی میں کپتان ڈالٹن کو چھوڑ کر بقیہ فوج کے ساتھ تراونی کی طرف چلا گیا جہاں سے وہ فرانسیسیوں کی نقل و حرکت پر جو پانڈیچری سے ہو اچھی طرح نظر رکھ سکتا تھا۔

اسی زمانے میں مدراس میں میجر کنیر پہنچا۔ یہ شخص شاہی فوج میں کام کر چکا تھا اور لارنس کے بعد اس کا مرتبہ قرار پایا تھا۔ وہ فطری طور سے کلائیو اور اپنے افسر بالادست کی نمایاں کارگزاریوں کے مقابلے میں اپنی کارگزاریوں کے اظہار کا متمنی تھا۔ اسکی بدقسمتی تھی کہ اسی زمانے میں سانڈرس نے حسب تجویز محمد علی جنجی کے محاصرے کا قصد کر لیا تھا[1] اور باوجود لارنس کے سخت اختلاف کے اس نے کنیر کو تقریباً دو سو یوریپین اور کچھ سپاہیوں کے ساتھ اس طرف روانہ کر دیا۔ کنیر کی جمعیت فرانسیسیوں کی اس جمعیت سے بہت کم تھی جس نے دو سال قبل اس مقام کو بزور فتح کر لیا تھا۔ کنیر کو وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ اس پر حملہ کرنا محال ہے اس لئے وہ واپس ہوا اور واپسی میں ایک فرانسیسی جمعیت پر بغیر ان کی قیامگاہ کی قوت وغیرہ کا اندازہ کئے حملہ آور ہو گیا۔ اس حملے میں اسے نقصان اٹھانا پڑا اور وہ خود زخمی ہوا اور بہت عجلت کے ساتھ اس کو پیچھے ہٹنا پڑا۔ اس کے چند روز بعد وہ بخار میں جو اس ناکامی سے بڑھ گیا تھا مبتلا ہوکر مر گیا۔[2]

[1] یہی ایک صورت ہے جس میں سانڈرس نے صحیح عقل سے کام نہیں لیا۔

[2] اس سے چند روز قبل انگریزی فوج میں سخت بے اطمینانی جو تقریباً بغاوت کے مساوی تھی پھیلی ہوئی تھی (خطوط سوصولۂ مدراس ۱۷۵۲ء نمبر ۱۳۵) لیکن بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا کوئی اثر کنیر کی مہم پر نہ تھا۔ کم از کم مجھ کو کوئی حوالہ ایسا دستیاب نہیں ہوسکا جس سے اس کے فرض کرنے کی گنجائش ہو۔

فصل سوم

لارنس نے بعجلت تمام اس بدقسمت مہم کا معاوضہ کرلیا۔ اُس نے مدراس سے روانہ ہوکر جہاں وہ یہ سمجھانے کے لئے گیا تھا کہ جنجی کی فتح کی اس وقت کوشش کرنا بیکار محض ہے۔ ترا وتی کی فوج کی سرکردگی اپنے ہاتھ میں لی اور ۲۸ اگست کو فرانسیسیوں کی طرف بڑھا لیکن وہ پانڈیچری کی طرف ہٹ گئے اور صرف یہی کوشش کرتے رہے کہ اُن کے قلعہ جات وکوداور اور جنجی پر کوئی حملہ نہ ہونے پائے اگرچہ انگریز اُس ملک کو تباہ کرتے رہے جو حال میں فرانسیسیوں کے قبضے میں آیا تھا۔ یہ معلوم کرکے کہ وہ فرانسیسی کمانڈر کرجین کو لڑنے پر مجبور نہیں کرسکتا وہ باہور کی طرف ہٹ آیا۔ کرجین نے اُس کا تعاقب کیا۔ بظاہر اس غرض سے کہ فرانسیسی ملک کو اُن کی مزید لوٹ مار سے بچائے مگر اس کوشش میں وہ بہت زیادہ بڑھ آیا اور انگریزوں کی فوج سے بہت قریب ہوگیا اس لئے ۶ ستمبر کی صبح کو انگریزوں نے اُس پر حملہ کرکے بہت سے آدمیوں کو مار ڈالا اور اُن کے اعلیٰ افسر کو مع (۱۵) عہدہ داروں اور (۱۰۰) سپاہیوں کے گرفتار کرلیا اور اُن کے تمام سامان اور توپوں پر قابض ہوگئے۔ اس فتح سے فرانسیسی آئندہ چھ مہینے کے لئے فوجی لحاظ سے بالکل بے دست و پا ہوگئے[1] اور کرناٹک پر انگریزوں کی گرفت کلائیو کے دو فرانسیسی چوکیوں کوبلنگ اور چنگل پٹ پر قبضہ کرلینے سے اور زیادہ مضبوط ہوگئی۔

اگرچہ ڈوپلے اس وقت فوجی حیثیت سے کسی قابل نہیں رہا تھا مگر اُس نے

---

[1] اس لڑائی کی ذمہ داری کے متعلق مورخوں میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ڈوپلے نے کرجین کو حکم دیا تھا بعض کا خیال ہے کہ کرجین چاہتا تھا کہ قبل اس کے کہ اُس کا سینیر لاٹوش آکر فوج کی سرکردگی اپنے ہاتھوں میں لے جس کی خبر مشہور ہورہی تھی وہ نام پیدا کرلے۔ لیکن میرے نزدیک یہ دونوں رائیں صحیح نہیں ہیں۔ ڈوپلے کو اپنے جدید بھرتی شدہ سپاہیوں کی ثابت قدمی پر مطلق بھروسا نہ تھا کہ وہ لڑائی کی رائے دیتا (دیکھو اُس کا خط مورخہ ۲ اگست سندرجہ سینٹ صفحہ ۲۱۸-۲۱۹) اور کرجین اس موقع پر بجائے کسی فوجی نام آوری حاصل کرنے کی تمنا کے ڈوپلے سے بعجلت تمام اپنے واپس طلب کئے جانے کی درخواست کررہا تھا (دیکھو ڈوپلے کا خط اُس کے نام مورخہ ۳۰ اگست فرانسیسی خط کتابت ۲۷۵۲) ب۔ میں اس سے یہ نتیجہ نکالتا ہوں کہ وہ بے خیالی میں اتنا آگے بڑھ گیا کہ لارنس کے دست رس میں آگیا۔

فصل سوم

اس عرصے میں بہت سی سیاسی کارگزاریاں کیں۔ اُس نے اس نزاع کو جو میسوریوں اور محمد علی میں تھی خوب بڑھا دیا اور جو مرہٹے مراری راؤ کے تحت میں کام کر رہے تھے اُن کو اپنے دشمنوں سے علیحدہ کر لینے کی کوشش شروع کی۔ اس کی دونوں کوششیں کامیاب ثابت ہوئیں۔ مرہٹوں کا معاملہ صرف زرِ نقد یا ساکھ کا تھا۔ دسمبر میں مرہٹہ سردار جو فرانسیسیوں کی باہور کی شکست سے کسی قدر متردد تھا سوا لاکھ ماہوار کی شرط پر فرانسیسیوں کا شریک ہو گیا۔ آئندہ فروری میں میسوریوں کے ساتھ معاہدہ ہو گیا جو فی الحقیقت ایک بڑی سیاسی کامیابی تھی۔ اس شرط پر کہ ترچناپلی کے محاصرے کے لئے ڈوپلے فوج اور سامان جنگ مہیا کرے گا نندی راجہ جو کہ ریاست مذکور کا وزیر اعظم اور حقیقی حکمراں تھا اس پر راضی ہوا کہ وہ فوراً چار لاکھ روپے دیگا اور مزید گیارہ لاکھ مصارف فوج کی بابت اُس کی تسخیر کے بعد دئے جائیں گے اور تین لاکھ سالانہ فرانسیسی کمپنی کو ہمیشہ ملا کریں گے[۵۱]۔ ڈوپلے زور ڈال کر یہ حیرت انگیز شرائط اس وجہ سے حاصل کر سکا کہ فرانسیسی فوج دکن میں موجود تھی اور صوبہ دار صلابت جنگ کی کارروائیوں میں بسی کو بڑا دخل تھا اگر میسوری فرانسیسی شرائط پر راضی ہو گئے تو فبہا ورنہ صلابت جنگ اپنے سالانہ نذرانے کے دعوے کی بنا پر حملہ آور ہوں گے

ڈوپلے کی تیسری سیاسی کوشش البتہ ایسی کامیاب نہیں رہی۔ چندا صاحب کے انتقال کے بعد بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ڈوپلے چند روز اس خیال میں رہا کہ وہ خود کرناٹک کا نواب ہو جائے[۵۲]۔ مگر صرف روپے کی کمی کی وجہ سے یہ قرین مصلحت نہیں سمجھا گیا چندا صاحب کے فرزند رضا صاحب کے پاس بھی ایسے ذرائع موجود نہ تھے کہ وہ فرانسیسیوں کو انگریزوں کے ساتھ مقابلہ کرنے میں مدد دے سکے۔ اس لئے ڈوپلے مرتضیٰ علی خاں ویلور کے قلعہ دار کی طرف متوجہ ہوا جو کرناٹک کی گدی کے قدیم امیدوار تھے اور جنھوں نے نواب صفدر علیخاں کو قتل کر دیا تھا اور نواب صفدر علی خاں کے فرزند کے قاتل بھی سمجھے جاتے تھے

[۵۱] کلٹرو صفحۂ ۳۱۶۔

[۵۲] اُسکو ایسی سند ۱۷۵۰ء میں صلابت جنگ سے مل چکی تھی "لٹرس آف کانونشن" کے صفحہ ۲۵۶ پر وہ طبع ہو چکی ہے۔ نیز دیکھو خلاصہ خطابی مورخۂ ۱۳ جولائی ۱۷۵۲ء روزنامچہ گاڈہیو صفحۂ ۶۸۔

فصل ۴ وہ دولتمند مشہور تھے اور ڈوپلے نے سمجھ لیا تھا کہ اُن کی حکومت کی خواہش انھیں فرانسیسیوں کی امداد حاصل کرنے اور فیاضی کے ساتھ روپیہ صرف کرنے کی ترغیب دیگی اور اُن کا قلعۂ ویلور ایسا مقام ہوگا جہاں سے کرناٹک پر حملہ کرنا اور وہاں سے انگریزوں کے اثر کو کمزور کردینا آسان ہوجائیگا۔ مرتضیٰ علی خاں اس حد تک تو اُس کے دام میں آگئے کہ انھوں نے کرناٹک کی نوابی کا خطاب منظور کرلیا اور ۱۷۵۳ء کے ابتدائی حصے میں پانڈیچری آئے اور پانچ لاکھ روپے فرانسیسی خزانے میں داخل کردیا مگر اُن کی شکی اور پیچیدہ طبیعت ایسی نہ تھی کہ وہ فرانسیسیوں کے ہاتھ میں کھلونا بن جانے کے خطرات سے ناواقف ہو۔ بقول آرمی[1] وہ اس امر کے اعتراف کے ساتھ واپس گئے کہ اُن کو ایک ایسا شخص ملا ہے جو چالاکی میں اُن کا بھی اُستاد ہے۔ انھوں نے قلعے میں فرانسیسی فوج کو داخل کرنے سے انکار کردیا اور بجز آرکاٹ کے گردونواح کو لوٹنے کے کچھ نہ کیا۔ ایک سال کے بعد انھوں نے انگریزوں سے صلح کرلی۔

اس عرصٔ مدت میں فوجی کارروائی بالکل بند رہی۔ ڈوپلے کے پاس (۵۰۰) یورپین ضرور تھے مگر وہ ایسے نہ تھے کہ انگریزی فوج کے مقابلے میں لاکر اُن سے کامیابی کی امید کی جاسکے اگرچہ اس وقت فرانسیسیوں کی مدد کے لئے مراری راؤ کے سوار موجود تھے جو ان بیکار سواروں سے بدرجہا بہتر تھے جو محمد علی نے انگریزوں کو دئے تھے۔

جنوری میں فرانسیسیوں نے والکوداور سے نکل کر ترآوتی کے قریب ایک ایسا مقام منتخب کیا جہاں ان کا کیمپ خندق اور دمدموں سے محفوظ کرلیا گیا تھا اور اُسکے اندرونی گوشوں پر ڈھلواں پشتے اور نالے واقع تھے[2] لارنس کا کیمپ اُن کے قریب ہی تھا۔ مرہٹے سواروں کے ساتھ اکثر معرکے ہوئے جو رسمیت پر جو قلعۂ سینٹ ڈیوڈ سے خزانہ لاتی تھی حملہ آور ہوتے تھے۔ صرف ایک دفعہ دونوں فوجیں ایک دوسرے کے مقابل ہوئیں مگر اس وقت فرانسیسی پیچھے ہٹ گئے[3]۔ فرانسیسیوں کا کیمپ ایسا مضبوط تھا

---

[1] تاریخ جلد ۱ صفحۂ ۲۷۵-۲۷۶۔

[2] ل کی خط و کتابت بابت ۱۷۵۳ء صفحۂ ۵۶۔

[3] ״ ״ ״ ״ ״ ۵۳۔

فصل سوم

کولارنس کے ساتھ جتنی فوج تھی اُس سے بچ گئی فوج سے بھی اُس کا لینا مشکل تھا[۵۱]۔

اس دوران میں ترچناپلی کا محاصرہ میسوریوں نے کر لیا تھا وہاں کوئی امر قابل لحاظ عمل میں نہ آسکا کیونکہ انگریزوں کے کمانڈر کپتان ڈالٹن کی مختصر فوج کے بہت سے سپاہی اُس حملے میں جو اُس نے دشمن کو پریشان کرنے کے لئے جزیرۂ سرینگم پر کیا تھا ضائع ہو چکے تھے[۵۲]۔ یہ دیکھ کر میسوریوں کی ایک فوج ندی کے جانب جنوب ترچناپلی کے میدان میں اُتار دی گئی تھی تاکہ غلہ لے کر جمعیت شہر کے اندر نہ داخل ہو سکے۔ اس کام میں اُن کے گشتی سوار نہایت مستعد تھے وہ اپنے قدیم میسوری دستور کے مطابق اُن لوگوں کی ناکیں کاٹ لیتے تھے جو شہر میں غلہ لیجاتے ہوئے پکڑے جاتے تھے اس سے دیہاتیوں میں سخت خوف پھیل گیا تھا[۵۳]۔

اس محاصرے نے بہت جلد ان نقصانات کو ظاہر کر دیا جو ایک فوج پر دو مختلف اور منقسمہ حکومت سے پیدا ہو سکتے ہیں اُس وقت ترچناپلی کی یہی حالت تھی۔ ڈالٹن فوج کا افسر تھا مگر نواب کے نسبتی بھائی قلعہ دار تھے اور تمام امور کا انتظام اُن کے ہاتھ میں تھا۔ سانڈرس نے ڈالٹن کو لکھا کہ وہ قلعہ دار کو بہ تاکید سمجھائے کہ قلعے میں رسد کا فراہم کر لینا نہایت ضروری ہے مگر قلعہ دار نے اس کی پروا نہ کی اگرچہ فروری میں شہر میں بکثرت غلہ آیا اور بازاریں فروخت ہوا[۵۴]۔ جب محاصرہ زیادہ سخت ہو گیا تو اُس نے نواب کو لکھا کہ ذخیرے خالی ہو رہے ہیں مگر ڈالٹن سے اپنی پریشانی صرف کنایۃً بیان کی یہ بھی نہیں بتایا کہ کتنا غلّہ موجود ہے اور کتنے آدمیوں میں تقسیم ہوتا ہے[۵۵]۔ ۱۲ر اپریل کو اُس نے دفعۃً یہ اعلان کیا کہ اُس کے پاس صرف

---

۵۱ مل کی خط و کتابت بابت ۱۷۵۳ء صفحہ ۵۷۔

۵۲ یہ ۵ر جنوری ۱۷۵۳ء کا واقعہ ہے۔ حوالۂ سابق صفحہ ۱۵ و آرمی کی تاریخ جلد (۱) صفحہ ۲۶۸۔ اس معاملے کے بیان میں قدیم حساب سے تاریخ درج ہے یعنی ۲۵ر دسمبر۔

۵۳ مل کی خط و کتابت بابت ۱۷۵۳ء صفحات ۴۶ و ۴۷۔

۵۴ مل حوالہ حسب سابق صفحہ ۲۲ و ۲۷۔

۵۵ مل صفحہ ۵۷ و ۵۸۔

فصل سوم

(۱۵) یا (۲۰) دن کی رسد باقی رہ گئی ہے[1]۔

اس کی خبر لارنس کو ۲۰ر اپریل کو پہنچی اور وہ ۲۲ر اپریل کو تراوتی میں بہت تھوڑی سی فوج چھوڑ کر ترچناپلی کا محاصرہ اٹھانے کے لئے روانہ ہوا۔ یہ زمانہ گرمیوں کے آغاز کا تھا۔ گرم ہوائیں چلنے لگی تھیں راستے میں گرمی اور تھکن سے سپاہیوں کے گر گر کر مر جانے سے تیزی کے ساتھ کوچ نہیں ہو سکتا تھا[2]۔ بہرحال ۶ر مئی کو وہ ترچناپلی پہنچ گیا اور وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ اُس کی آمد کی خبر سن کر میسوری جزیرے میں چلے گئے ہیں۔ لارنس کے آنے کے ایک دن قبل میسوریوں کی امداد کے لئے فرانسیسیوں کی ایک مختصر سی جمعیت آگئی تھی۔ ۱۰ر مئی کو لارنس نے دریائے کاویری کو اس ارادے سے عبور کیا کہ اگر ممکن ہو تو دشمن کو لڑنے پر مجبور کرے مگر اس میں اُسے کامیابی نہیں ہوئی۔ اس لئے وہ پھر دریا کو عبور کر کے واپس آگیا اور ترچناپلی میں رسد فراہم کرنے کے انتظام میں مصروف ہوگیا۔ اس سلسلے میں دشمن کے ساتھ جون اور اگست[3] میں دو سخت مقابلے ہوئے۔ ان دونوں میں انگریز اگرچہ تعداد میں کم تھے مگر غلبہ اُنھیں کو رہا تیسرے مقابلے میں جو ستمبر میں ہوا لارنس کو بڑی کامیابی ہوئی۔ اُس نے دشمن سے (۱۱) توپیں چھین لیں اور (۱۰۰) قیدی گرفتار کئے جن میں فرانسیسی کمانڈر اور دوسرے (۱۰) افسر تھے۔ اس کامیابی نے اس ہنگامے میں بڑا سکون پیدا کر دیا اور ترچناپلی میں چھ مہینے کے واسطے رسد جمع ہوگئی۔

ڈوپلے نے جو فرانسیسی فوج میں متواتر اور امکانی بھرتی سے اضافہ کرتا رہا تھا ایک مرتبہ اور کوشش کا قصد کیا۔ لارنس برسات چھاؤنی میں گزارنے کے لئے تنجور کی سرحد پر چلا گیا تھا اس لئے ڈوپلے نے اپنی فوج کے سرکردہ کو بدل دیا[4]۔ جدید مدر روانہ کی اور

[1] ل صفحہ ۶۴-۶۵۔ مدراس کی کونسل نے ڈالٹن پر سخت الزام دیا کہ اُس نے فراہمی رسد پر کیوں نہ زور دیا۔ مگر یہ واقعہ مشترکہ حکومتوں کی خرابیوں کی ایک عمدہ مثال ہے۔

[2] ترچناپلی پہنچ کر (۱۰۰) سپاہی فوراً شفاخانے میں داخل کر دئے گئے۔

[3] یہ جنگ اُس وقت ہوئی جبکہ لارنس ایک قومی بدرقے کے ساتھ تنجور سے واپس ہو رہا تھا۔ پہنچنے پر معلوم ہوا کہ اُس میں صرف دس دن کی رسد تھی باقی بیلوں پر نواب کا فضول سامان تھا۔

[4] وسترک ستمبر میں فتح ہوا۔ نومبر میں ڈوپلے نے بجائے ایسن کے مینو لی کو بھیجا۔

فصل سوم

شہر پر شب کو حملہ کر کے فتح کر لینے کی کوشش کا حکم دیا۔ یہ کوشش کی گئی اور قریب تھا کہ شہر فتح ہو جائے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ فوج کے جو دو افسر اس غرض سے بھیجے گئے تھے کہ وہ حملے کی صورت بنا کر شہر کی فوج کو اپنی طرف متوجہ کر لیں انھوں نے حسب ہدایت عمل نہیں کیا۔[1] بہرحال ایک موقع پر حالت نہایت نازک ہو گئی تھی۔ "(۲۰۰) گورے فوجی باجے بجاتے ہوئے مع چار ڈھولوں اور ایک (۱۲) پونڈی توپ اور گولوں اور گراپ کے پہلی دیوار کے پار ہو گئے تھے اور مجھ پہ متواتر گولہ باری کر رہے تھے۔ اندرونی دیوار پر سیڑھیاں لگا دی گئی تھیں اور لوگوں نے اُن پر چڑھنا شروع کیا تھا۔[2] مگر خوش قسمتی سے سیڑھیاں گراپ سے ٹوٹ گئیں اور اکثر فرانسیسی دو دیواروں کے بیچ میں پھنس گئے نہ وہ حملہ کر سکتے تھے اور نہ بھاگ سکتے تھے۔ اس کوشش میں ڈوپلے کو تقریباً (۴۰۰) آدمیوں کا نقصان اُٹھانا پڑا۔ کچھ مارے گئے کچھ زخمی ہوئے اور کچھ گرفتار ہو گئے۔

ان متواتر ناکامیوں نے فرانسیسیوں کو بظاہر صلح کی طرف مائل کیا۔ گفت و شنید شروع ہوئی اور دونوں طرف کے منتخب لوگ شرائط طے کرنے کے لئے ڈنمارک کی تجارتی کوٹھی واقع سدراس میں ۴ رجنوری ۱۷۵۴ء کو جمع ہوئے جو مدراس اور پانڈیچری کے وسط میں واقع تھی۔ فرانسیسی اس امر پر راضی ہوئے کہ وہ اُس سند کو قبول کر لیں جو تعلقہ پوناملی کے متعلق انگریزوں کو دی گئی ہے اور محمد علی کے لئے انتظام کر دیں بشرطیکہ انگریز اُسکے مقابلے میں صوبہ دار دکن کو تسلیم کر لیں اور تمام فرانسیسی قیدیوں کو رہا کر دیں۔ برخلاف اسکے انگریز یہ چاہتے تھے کہ محمد علی آرکاٹ کے نواب تسلیم کر لئے جائیں۔

فرانسیسیوں نے جو شرائط پیش کئے تھے اُن کا اصلی مفہوم اُن اسناد سے کھلا جو اُن کے مختاروں نے پیش کئے جن کی رو سے ڈوپلے تمام ملک واقع جنوب کرشنا کا گورنر اور مرتضیٰ علی اُس کا نائب آرکاٹ میں مقرر کیا گیا تھا۔ انگریزوں نے فوراً ان اسناد کی صحت پر اعتراض کیا جو بظاہر بالکل درست تھا مگر فی الحقیقت اُن کی صحت یا عدم صحت سے زیادہ بحث نہ تھی کیونکہ اگر اُن کی صحت تسلیم بھی کر لی جائے تو وہ ایسی حکومت کے احکام تھے

---

[1] ڈوپلے کا جواب بنام گاڈھیو صفحہ ۱۴۷۔

[2] خط مرسلہ لفٹننٹ پی برکین دسمبر ۱۷۵۳ء (ذ) دارمی کی تاریخ ہندوستان قلمی جلد ۳۔ الف (۲۲)۔

فصل سوم

جواب باقی نہیں رہی تھی۔ اگر اس پر اصطلاحی طور سے اور تنگی کے ساتھ نظر ڈالی جائے تو اس میں شک نہیں کہ ڈوپلے کا دعویٰ قوی تر تھا۔ اُن کی طرف سے یہ بحث کی جاتی تھی کہ صوبہ دار دکن اُن کی تائید میں ہیں اور کرناٹک اسی صوبے کے تحت ہے انگریز اس سے انکار نہیں کر سکتے تھے۔ مگر اُن کا کہنا یہ تھا اور رہونا چاہیئے تھا کہ جس حکومت پر وہ استدلال کرتا ہے وہ خود اُس کی قائم کی ہوئی ہے اور سلطنت مغلیہ کے جس دستور کے مطابق وہ کرناٹک پر حکومت کا ادعا کرتا ہے وہ خود اُس کے افعال سے درہم برہم ہو چکا ہے۔ جس شخص کی فوج نے کرناٹک کے جائز نواب کو قتل کیا ہو اور جس کے ساتھیوں نے حقدار صوبۂ دار دکن کو مار ڈالا ہو اُس کو صحیح طریقے سے یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ دوسروں سے یہ خواہش کرے کہ وہ سلطنت کے قدیم رسم و رواج کے پابند رہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ڈوپلے کو خود یہ امید نہ تھی کہ انگریز اُس کی پیش کردہ شرائط کو منظور کرلیں گے مجلس مدراس کے قیام سے اُس کا اصل مقصد یہ تھا کہ اُسکے ہاتھ ایسا مواد لگ جائے کہ وہ بطرز معقول اُس کی شکایت یورپ بھیج سکے[۵۱] باوجود متواتر شکستوں کے وہ انگریزوں سے بدل صلح کرنے پر راضی نہ تھا۔ اگر وہ راضی ہوتا تو وہ یقیناً اپنا ادعا جنوبی ہند پر حکومت کا نہ پیش کرتا۔ اُس کی حقیقی رائے صاف طور سے اُس خط سے ظاہر ہوتی ہے جو اُس نے مجلس کے انعقاد سے کچھ پہلے تیبی کے نام لکھا تھا[۵۲] اس میں وہ لکھتا ہے کہ میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اس معاملے کا تصفیہ صوبہ دار صلابت جنگ کی رائے پر چھوڑ دیا جائے مگر مجھے امید نہیں کہ سانڈرس اس پر راضی ہوگا اور اُس کی نارضامندی سے الزام انگریزوں پر عائد ہو جائیگا علاوہ اس کے غالباً تمھاری رائے میں بھی اُن کے ساتھ صلح مناسب وقت نہیں ہے۔ میں تو ایسا ہی خیال کرتا ہوں جب تک اُن کو اس طرف کے معاملات میں الجھا رکھا جائیگا انھیں شمالی معاملات کی طرف متوجہ ہونے کی مہلت نہ ملیگی اور ہم وہاں آسانی اور بغیر زیادہ وقت کے

---

[۵۱] ملر کی خط وکتابت بابت ۱۷۵۴ء صفحہ ۲۷۔

[۵۲] ڈوپلے بنام تیبی ۳۱ دسمبر ۱۷۵۳ء مندرجہ ہیمنٹ صفحہ ۲۷۰۔

فصل سوم

اپنا تسلط قائم کرلیں گے۔ اگر وہ اس طرف مشغول نہ رکھے جائیں گے تو وہ تمہارے لئے ہر قسم کی دقتیں پیدا کردیں گے۔"

سنڈراس کی مجلس کے قیام سے یہ مقصد نہ تھا کہ باہم صلح ہوجائے۔ ڈوپلے کرناٹک میں لڑائی اس غرض سے جاری رکھنا چاہتا تھا کہ وہ اُن فرانسیسی کارروائیوں میں جو دکن میں ہورہی تھیں بطور سپر کے کام دے۔ اس لئے لارنس کی یہ تجویز کہ کرناٹک میں دونوں قوموں کو مساوی حقوق حاصل رہیں نامنظور کردی گئی اور لڑائی بدستور جاری رہی[1]

اس میں صرف ایک زک جو انگریزوں کو فروری میں اُٹھانی پڑی قابل ذکر ہے فوج کا ایک بڑا دستہ جس میں ایک چوتھائی سے زیادہ یورپین بطور بدرقے کے لارنس کی سرکردگی میں تھے ترچناپلی کے قریب دفعتہً حملہ کرکے تباہ کردیا گیا[2] یہ کمی اُس موسم کے جدید بھرتی شدہ لوگوں سے پوری کی گئی جس میں وہ لوگ بھی شامل تھے جو خاص بنگال کے لئے بھرتی کئے گئے تھے اور نیز اُس جمعیت سے جو بمبئی سے آئی تھی[3] اس فتح کے بعد بھی کوئی اور مفید کارروائی نہ ہوسکی۔ فرانسیسی ترچناپلی کا محاصرہ کرتے اور تنجور کے ملک کے ایک حصے کو لوٹتے اور تباہ کرتے رہے۔ میسور کی مالی حالت بگڑنے لگی۔ میر اسمٰعیل بددل ہوگیا اور تین لاکھ روپے لے کر اس پر راضی ہوگیا کہ وہ فرانس کی طرفداری سے دست کش ہوکر اس ملک سے چلا جائے۔ معاملات کی یہ صورت تھی کہ پہلی اگست کو دو فرانسیسی جہاز پانڈیچری میں آکر لنگر انداز ہوئے اُن کے ساتھ ڈوپلے کی واپسی کا حکم تھا۔

اس واقعے کی نسبت بہت کچھ بے سروپا اور ناواقفانہ مباحث ہوئے ہیں۔ جس کی محرک وہ عقل تھی جو وقوع واقعہ کے بعد آتی ہے۔ مگر ہم کو اُس زمانے کے اُن مقاصد اور اغراض کو نظر انداز نہ کرنا چاہئے جو مشرقی نوآبادیوں سے وابستہ تھے۔ یہ

---

[1] سنڈراس کی کارروائی بطور ضمیمہ نمبر ۲ کیمبرج کی تاریخ جنگ میں شریک ہے۔

[2] لارنس کے پاس ۵۵۰ یورپین یکم فروری کو تھے۔ ان میں سے (۲۴۸) اُس بدرقے کے واقعے میں ضائع ہوگئے۔ کتاب موسومہ "فرانسیسی ہندوستان میں" جلد ۳۔ الف (۵۰)۔

[3] مل کی خط و کتابت ۱۷۵۴ء صفحہ ۱۴۹۔

فصل سوم

نو آبادیاں محض تجارتی منڈیاں متصور ہوتی تھیں اور لندن اور فرانس دونوں جگہ ان کی کارگزاری کا معیار یہی تھا کہ ان سے تجارت میں ترقی اور افزائش ہوتی ہے یا نہیں۔ فرانس ہی میں یہ خیال نہ تھا ایسٹ انڈیا کمپنی اور فرانس کی مشرقی کمپنی تجارتی کمپنیاں تھیں اور ان کا منشا یہی تھا کہ وہ تجارتی کمپنیاں ہی رہیں۔

اسلئے جب ۱۷۴۹ء میں ڈوپلے نے چندا صاحب کی اس کامیابی کی جو اسے انورالدینخاں کے مقابلے میں حاصل ہوئی کمپنی کو اطلاع دی تو وہ لوگ خوش ہوئے کیونکہ اس کے معنی یہ تھے کہ جدید رئیس سے فرانسیسی تجارت کو جدید حقوق اور رعایتیں حاصل ہوں گی دوسرے سال ناصر جنگ کے مہم کی خبر پہنچی مگر ڈوپلے کے محتاط طرز عمل پر جو اعتبار تھا اُس میں کسی قسم کا فرق نہیں آیا۔ ڈوپلے نے انھیں جلد صلح ہو جانے کا یقین دلایا اور جو مدد انگریز ناصر جنگ کو دینے کے لئے تیار تھے اُس کو بھی پوشیدہ نہیں رکھا البتہ اُس کو بہت گھٹا کر دکھایا اور اس تمام معاملے کو انگریزوں کی بد طینتی پر محمول کیا۔ دوسرے سال اسنے ناصر جنگ کے انتقال اور فرانسیسی فوج کی مدد سے جدید صوبہ دار کے مقرر ہونے کی رپورٹ کی۔ اور جلد صلح ہو جانے کے وعدے کا اعادہ کیا جس کا انحصار اس پر تھا کہ بیچارے محمد علی پر غلبہ حاصل کرکے اُس کی عقل درست کر دی جائے مگر اس سے دوسرے ہی سال لاکو ترچناپلی میں سخت ناکامی ہوئی اور انگریزی مداخلت نہایت سختی اور کامیابی کے ساتھ شروع ہو گئی۔ چندا صاحب کی موت اور (۶۰۰) فرانسیسیوں کا اپنے آپ کو حوالے کر دینا ایسے سخت واقعات تھے کہ انھوں نے ڈوپلے کو کمپنی اور وزیر متعلقہ کی رائے میں سبک ثابت کرکے اُس کو تباہ و برباد کر دیا اور جو تذلیل اور تحقیر وہ اپنے حریف انگریزوں کی اپنے سرکاری مراسلات اور خانگی خطوط میں ۱۷۴۹ء سے لے کر ۱۷۵۱ء تک خوش ہو ہو کر کرتا رہا تھا اس کا خمیازہ اُس کو اٹھانا پڑا۔

اس میں کچھ شک نہیں کہ جب ڈوپلے چندا صاحب کو آرکاٹ کا نواب بنانے کی تدبیریں کر رہا تھا اُس کو مطلق یہ خیال نہ تھا کہ انگریز اس میں دخیل ہوں گے مگر جب اُسکی تجاویز کا دائرہ وسیع ہو گیا اُس وقت بھی اُس نے انگریزوں کا مطلق خیال نہیں کیا۔ وہ اپنی تجاویز میں حقیقی واقعات سے اس قدر دور ہو گیا کہ اُس نے یہ امید قائم کر لی کہ وہ سلطنت مغلیہ کی زائل شدہ حکومت کے ذریعے سے انگریزوں کو مداخلت سے

باز رکھ سکے گا۔ مگر فرانسیسی کمپنی اس امر پر آمادہ نہ تھی کہ وہ اپنی تجارت کو ایسے رقیبوں کے ایک سخت جنگی مقابلے کے نتائج پر منحصر کر کے معرض خطر میں ڈال دے۔ وہ اپنی مالی حالت کی تباہی سے بہت اچھی طرح واقف تھی[۵۱]۔ جب اُسے لا کے ہتھیار ڈالدینے کی خبر پہنچی تو اُس نے خفیہ طور سے اپنے نمایندے لندن صلح کے لئے روانہ کئے درانحالیکہ ڈوپلے فوج اور روپے کے لئے چلّا رہا تھا۔

ڈائرکٹر ڈیولار اور اُس کا بھائی کاونٹ ڈی لوڈ بطور نمایندوں کے بھیجے گئے تھے ڈیولار نے فی الحقیقت مشرق میں کام کیا تھا مگر وہ زیادہ تر کنٹین میں رہا تھا اور دوسرے ڈائرکٹروں کی طرح تجارت کو اصل مقصد سمجھتا تھا۔ مئی ۱۷۵۳ء میں لندن میں خفیہ کمیٹی کے کئی اجلاسوں میں وہ شریک رہا اور اس معاملے کے متعلق فرانس کے سفیر ڈی مائریو اور انگلستان کی وزارت میں بھی گفت وشنید رہی۔ فریقین قیام صلح کی ضرورت پر متفق تھے اُس کے حصول کے لئے فرانسیسی کمپنی اس امر پر رضامند تھی کہ وہ ان جدید عطیات سے دست بردار ہو جائے جو بجا طور پر انگریزوں کے مقاصد میں ہارج متصور ہوں[۵۲]۔ وہ اس پر بھی مستعد تھی کہ محمد علی کو آرکاٹ کا نواب تسلیم کرلے بشرطیکہ وہ اُس کے ترچنپلی کے قبضے کے متعلق کوئی زحمت نہ دے اور ڈوپلے کرشنا سے لے کر راس کماری تک کے ممالک کی حکومت کے دعوے سے بھی دست برداری کرلے[۵۳]۔ مگر اُس نے اقطاع مسولی پٹم اور گنداور سے دست برداری کو قطعاً نامنظور کر دیا جو ۱۷۵۰ء میں اُس کو ملے تھے اور انگریزی کمپنی اس پر جمی ہوئی تھی کہ وہ اُس کو ایسے وسیع اقطاع ملک کا مالک نہیں تسلیم کرسکتی۔ یہ ایک ایسا امر تھا جس پر اتفاق نہ ہوسکا۔ اس عرصے میں یہ معلوم ہوا کہ فرانسیسی ایک زبردست بیڑا مشرق کی طرف بھیجنے کے لئے تیار کر رہے ہیں۔ جب اس کے متعلق سوال کیا گیا تو مائریو نے نیوکاسل کو یقین دلایا کہ صرف معمولی مدد بھیجی جانے والی ہے[۵۴] مگر تیاریوں سے

۵۱ گفت وشنید ڈی آرگنسن دربارۂ کمپنی مشرقی مارچ ۱۷۵۲ء (یادداشت جلد ۷، صفحہ ۱۳۸) جس نے ان مشکلات کا اظہار کیا جو کمپنی کے حصص کے فروخت میں حائل ہو رہی تھیں۔

۵۲ فرانسیسی کمپنی بنام ڈیولار جون ۵ر ۱۷۵۳ء (پی۔ آر۔ او کلکشن ۷۷-۱۹)۔

۵۳ خط موصولہ از مائریو مورخہ ۱۳ر ستمبر ۱۷۵۳ء (پی۔ آ۔ او کلکشن ۱۹-۷۷)

۵۴ کارروائی گفت وشنید بمقام نیوکاسل ہاؤس ۲۷ر جولائی ۱۷۵۳ء (حوالۂ سابق)۔

فصل سوم

معلوم ہوتا تھا کہ انتظام اس سے بڑے پیمانے پر ہو رہا ہے[51]۔ ستمبر میں انگریزی کابینہ نے یہ فیصلہ کیا کہ "فوراً احکام دئے جائیں کہ مناسب تعداد میں جہاز ایسٹ انڈیا کی روانگی کے لئے تیار رکھے جائیں تاکہ اگر فرانس سے فوج کی روانگی کی بنا پر اُن کے بھیجنے کی ضرورت ہو تو وہ بھیجے جا سکیں[52]۔ ۳ر جنوری ۱۷۵۴ء کو یہ احکام جاری ہوئے کہ چار جہاز قسم چہارم ایسٹ انڈیا میں کام دینے کے لئے تیار کئے جائیں اور یہ مارچ کے آخر میں (۹۰۰) شاہی فوج لے کر روانہ ہو گئے[53]۔

صلح کی گفتگو میں ناکامی کی وجہ[54] بعض ممالک کا قبضہ تھا جہاں سے ہندوستان کے متعلق ایک جدید طرز عمل کے آغاز کا پتا چلتا ہے۔ اب تجارتی خیالات کے ساتھ سیاسی خیالات شامل ہو گئے۔ اس وقت تک فرانسیسی اور انگریزی دونوں کمپنیاں اپنی تجارت کو تجارتی ذرائع سے بڑھانا چاہتی تھیں مگر ڈوپلے کا شکرگزار ہونا چاہیے کہ اُس نے یہ بتا دیا کہ اس کام کے لئے سیاسی ذرائع بھی مستعمل ہو سکتے ہیں۔ مالگزاری کے حصول اور ممالک کے انتظام سے تجارتی اور مالی فوائد کا قطعاً امکان تھا مگر اب بھی تجارت کا پہلو غالب تھا۔ ملکی ذمہ داری کا مطلق تصور نہ تھا نہ ممالک محصلہ کے مقابلے میں اور نہ اُن ممالک کے مقابلے میں جن کی رعایا خود یہ دونوں کمپنیاں تھیں۔ اس کا اظہار اس عجیب واقعے سے ہوتا ہے کہ مصالحت کی شرائط میں اس خیال کی تجدید کی گئی تھی کہ زمانۂ جنگ میں دونوں کمپنیاں غیر جانبدار رہیں۔ فرانس کی تجویز یہ تھی کہ راس گڈ ہوپ کے مشرق میں تمام جہاز خواہ وہ حکومت کے ہوں یا کمپنی کے غیر جانبدار رہیں بلکہ ہندوستان

---

[51] گاڈ ہیو اپنے ساتھ دو ہزار فرانسیسی اور جرمنی سپاہ لے گیا۔

[52] کارروائی پریوی کاونسل ہوس ستمبر ۲۹ ۱۷۵۳ء بحوالۂ سابق۔

[53] ہولڈرنس بنام امیر البحر ۳ر جنوری ۱۷۵۴ء (حوالۂ سابق)۔

[54] یہ امر قابل لحاظ ہے کہ اگرچہ انگریزی بیڑے کا بھیجا جانا ابتداءً گاڈ ہیو کے بھیجے جانے کا جواب تھا مگر انگریزی امیر البحر نے اُس وقت لنگر اُٹھایا جبکہ فرانسیسیوں نے اُن حقوق سے دست بردار ہونے سے انکار کر دیا اور جبکہ [illegible] کی مطلق امید باقی نہیں رہی تھی۔ گفت و شنید اس کے بعد بھی جاری رہی اور اُسکا کسی وقت بھی باضابطہ خاتمہ نہیں ہوا۔

فصل سوم

کے جہاز یورپ کے سمندروں میں بھی گرفتار نہ کئے جا سکیں اور کمپنیوں کی تمام نوآبادیاں اس غیر جانبداری سے پوری طرح مستفید ہوتی رہیں[1]" انگریزی کمپنی ان شرائط کو بجنسہٖ اختیار کرنے پر آمادہ تھی مگر جس طرح امید کی جاتی تھی وزارت انگلستان ایسی تجویز کی منظوری دینے کے لئے تیار نہ تھی جو صریحاً اس سلطنت کے حق میں مفید تھی جس کی بحری قوت دوسری سلطنت کے مقابلے میں کمزور تھی[2]۔ اس سے دو مہینے بعد کمپنی نے پھر اس بارے میں محکمۂ وزارت پر زور ڈالا اور دو یلار کو اپنے دلی اتفاق سے اطلاع دی[3]۔ ستمبر میں فرانسیسیوں کی طرف سے ان تجاویز کی تجدید ہوئی اور صلح میں ڈچ کی ایسٹ انڈیا کمپنی کو بھی شریک کر لینا تجویز کیا گیا اور انگلستان کی کمپنی کے ڈائرکٹروں نے اس تجویز کے اختیار کئے جانے کے فوائد تقریباً نیوکاسل کے ذہن نشین کر دئے[4]۔ مگر محکمۂ وزارت نے براہ دانشمندی اپنی رائے کے تبدیل کر دینے سے انکار کر دیا[5]۔ اس طور سے کمپنی کو اپنی مرضی کے خلاف سلطنت کی سیاسی کارروائی میں شریک ہونا پڑا۔

ان مباحث میں فرانسیسی کمپنی کی یہ کوشش رہی کہ ڈوپلے کے طرز عمل سے جو فوائد ہندوستان میں اُسے حاصل ہوئے تھے وہ برقرار رہیں مگر اُس کی بنا پر جو زحمتیں عائد ہوتی ہوں اُن سے وہ محفوظ رہے۔

کمپنی مذکور نے ان رعایتوں سے دست بردار ہونے سے انکار کر دیا تھا۔ جن سے محاصل وصول ہوتا تھا اور جو اُس کی آمدنی میں اضافے کا باعث تھیں مگر انگریزوں کی

---

[1] شرائط متعلقہ غیر جانبداری جن کو کمپنی نے ہولڈرنس کے سامنے پیش کیا تھا۔ ۲۲۔ مئی ۱۷۵۳ء (دای۔ او۔ سوم مستغرق نمبر ۹۳)۔

[2] روئداد نیوکاسل ہاؤس مورخہ ۲۴ و ۳۰ مئی ۱۷۵۳ء (پی۔ آر۔ او۔ نوآبادیات ۷۷۔ ۱۹)۔

[3] کمپنی بنام ہولڈرنس ۱۸۔ جولائی ۱۷۵۳ء (آئی۔ او۔ سوم مستغرقات نمبر ۹۳) و روئداد کمیٹی خفیہ مورخہ جولائی ۱۷۵۳ء (پی۔ آر۔ او۔ ۷۷۔ ۱۹)۔

[4] نیوکاسل بنام جوزف یارک ۱۴ ستمبر ۱۷۵۳ء (پی۔ آر۔ او)۔

[5] روئداد مورخہ نیوکاسل ہاؤس ۲۷ ستمبر ۱۷۵۳ء۔

فصل سوم

مخالفت کی مضرتوں سے نہ صرف اُس وقت بلکہ آئندہ کی قومی لڑائیوں میں بھی محفوظ رہنے کی کوشش کرتی تھی۔ اگر انگریز اُس کی تجویز منظور کر لیتے تو جو کارروائی فرانسیسی دکن میں کر رہے تھے اُس میں انگریزوں کو مطلق دخل دہی کا موقع نہ رہتا۔ پس کمپنی مذکور کی حکمت عملی ایسی ناقابل فہم نہ تھی جیسا کہ حال کے مصنفین نے خیال کیا ہے اور نہ اس پر ڈوپلے کو واپس بلا لینے کا الزام عائد ہوتا ہے جو عام طور سے سب الزاموں سے اہم تر متصور ہوتا ہے۔ یہ تجویز محکمۂ وزارت فرانس کی تھی جس کی اطلاع فرانسیسی کمپنی کے ڈائرکٹروں کو بھی نہ تھی[1]۔

ڈوپلے کو ہندوستان سے واپس بلا لینے کے جو وجوہ ذمہ دار وزیر اشلٹ کے ذہن میں تھے اور جس سے آئندہ نسلیں بھی اختلاف نہیں کر سکتیں وہ معقول تھے۔ سب سے اول اور اہم وجہ یہ تھی کہ ڈوپلے نے اپنے طرز عمل سے کامل طور سے ثابت کر دیا تھا کہ وہ اپنی تجاویز کی تکمیل انگریزوں سے اختلاف کئے بغیر نہیں کر سکتا۔ جو فرمان اُس نے جنوبی ہند کی حکومت کے متعلق حاصل کر لیا تھا اُس سے اُس کی طمع کا صاف طور سے پتا چلتا تھا اور اُس کا تسلیم کر لیا جانا اندیشے سے خالی نہ تھا۔ انگریزوں سے ہرگز یہ امید نہیں کی جا سکتی تھی کہ وہ ایسے ملک کو جس میں اُن کا تمام سرمایہ لگا ہوا تھا اپنے قومی تجارتی رقیبوں کے ہاتھ میں دیکھنا پسند کریں گے۔ سانڈرس اور مدراس کی کونسل نے فرانسیسیوں کی تجاویز کے خطرناک نتایج پر بڑا زور دیا تھا مگر جا اعتراض انگریزوں نے ڈوپلے کے متعلق کئے اُس کا موقع خود ڈوپلے نے دیا۔ فروری ۱۷۵۳ء میں اُس نے ایک طویل خط سانڈرس کے نام لکھا جس کا منشا یہ تھا کہ وہ انگریزوں کے اختلاف کی ناانصافی کو

---

[1] کلٹرو صفحہ ۳۰۶۔ (اس افسانے کا جو ڈوپلے سے ماخوذ ہے) کہ انگریزوں نے یہ تجویز پیش کی کہ وہ سانڈرس کو ہندوستان سے واپس طلب کر لیں اور فرانسیسی مجھ کو (یعنی ڈوپلے کو) بار بار اعادہ کیا گیا ہے۔ مگر وہ محض بے بنیاد ہے۔ مسیو کلٹرو نے فرانسیسی سرکاری کاغذات میں کوئی ایسا مواد نہیں پایا اور نہ مجھ کو انگریزی کاغذات میں کوئی ایسا مواد ملا۔ سانڈرس کے طلب کئے جانے کی کوئی تجویز پیش نہیں ہوئی۔ یہ امر بھی قابل بیان ہے کہ آرمی اور کلٹرو دونوں نے اس بیان میں غلطی کی تھی کہ انگلستان کی وزارت نے ڈوپلے کی واپسی کا مطالبہ نہیں کیا۔ ایسا یقیناً ہوا ہے جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہوگا۔

فصل سوم

ظاہر کر دے[1]۔ اُس نے اِس مراسلے کا نسخہ فرانسیسی کمپنی کو دے کر یہ چاہا کہ اُس کی ایک نقل انگلستان کے ڈائرکٹروں کے پاس بھیج دی جائے۔ اس کی خواہش کے مطابق عمل ہوا مگر اس کا جو نتیجہ ہوا وہ بالکل اُس کی امید کے خلاف تھا۔ ڈائرکٹروں نے اُسے فوراً ہولڈرنس سکریٹری آف اسٹیٹ حصۂ جنوبی کے پاس بھیج کر یہ لکھا کہ اس کے ملاحظے سے جناب والا پر وہ دعاوی اور عذرات واضح ہو جائیں گے جو مسٹر ڈوپلے فرانسیسی قوم کی طرف سے پیش کر رہے ہیں۔ .... اگر مسٹر ڈوپلے وہاں رکھے گئے تو ملک کے اُس حصے میں کبھی امن قائم نہیں ہو سکتا۔ .... اگر فرانسیسی گورنمنٹ مسٹر ڈوپلے کی تجاویز کی تائید میں ہے یا اُن سے اپنی نارضامندی کا اظہار نہیں کرتی تو ہم کو یہ اندیشہ ہے کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کسی طور سے بھی اپنا کاروبار تجارت جاری نہ رکھ سکیگی بلکہ انگریزوں کو ساحل کرومنڈل پر جہاں اس وقت اُن کی سب سے اہم نوآبادی ہے[2] قدم رکھنا بھی دشوار ہو جائیگا۔" اس کی اطلاع لارڈ البیمارلے کو دی گئی جو اُس زمانے میں انگلستان کی طرف سے بحیثیت سفیر پیرس میں مقیم تھے۔ انھوں نے اثنائے گفتگو میں اس کا ذکر سینٹ کونٹسٹ سے کیا۔ اُن کا بیان ہے کہ "میں اس حد تک بڑھ گیا کہ میں نے یہ دریافت کیا کہ جو کچھ مسٹر ڈوپلے کر رہے ہیں وہ منظوری اعلیحضرت معین پناہ بادشاہ فرانس کے ہے؟ اس کے جواب میں سینٹ کونٹسٹ نے مجھ سے یہ کہا کہ مطلق نہیں بلکہ اُن کو (ڈوپلے کو) یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ وہی طرز عمل اختیار کریں جو تجارتی کمپنی کے افسر کو اختیار کرنا چاہیئے۔ نہ کہ وہ ناقابل فہم عمل جو اس عرصے میں اُن سے ظاہر ہوا[3]" مگر مسٹر ڈوپلے کی کارروائی سے یہ انکار کافی نہیں متصور ہوا۔ ڈویلہ سے جو گفتگو ہوئی اُس میں بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ انگریزی کمپنی کی طرف سے ڈوپلے کو واپس بلانے کی تحریک کی گئی۔ اگرچہ کوئی امر ضبط تحریر میں نہیں آیا کیونکہ گفتگوئے متذکرۂ بالا ۲۷ر جون میں جو نیو کاسل کے ساتھ ہوئی ایریو نے کہا کہ "اس امر کو ظاہر نہ کیجیئے مگر میں آپ کو بیسو ڈوپلے کے متعلق پورا یقین دلاتا ہوں۔ آپ

[1] دیکھو خط مورخہ ۱۰ر فروری ۱۷۵۲ء خط و کتابت زبان فرانسیسی ۱۷۵۲ء۔

[2] کمپنی بنام ہولڈرنس ۱۰ر جنوری ۱۷۵۳ء (آئی۔ او۔ فرانسیسی ہندوستان میں جلد ۲)۔

[3] البیمارلے بنام ہولڈرنس ۱۴ر مارچ ۱۷۵۳ء (پی۔ آر۔ او۔ سیریز فرانس نمبر ۲۴۶)۔

انگریزی کمپنی سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ جو شرط ڈوپلے کے متعلق ہے وہ خارج کردی جائے۔ فصل سوم
اس سے میں یہ نتیجہ نکالتا ہوں کہ ماشلٹ کے اس فیصلے میں کہ فرانسیسی گورنر ہندوستان سے بلا لیا جائے سیاسی اغراض کو دخل تھا مگر اس خیال سے کہ یہ نہ معلوم ہو کہ انگریزی دباؤ سے ایسا کیا جا رہا ہے وہ اُس کو علانیہ طور سے بیان کرنا نہیں چاہتا تھا۔

سیاسی اغراض کے علاوہ اور امور بھی اس فیصلے کے محرک تھے پانڈیچری کی حالت وہی ہو گئی تھی جو بعدہٗ بنگال کی ہوئی۔ چند اصاحب مظفر جنگ و صلابت جنگ سب نے اپنی شکر گزاری کا اظہار فرانسیسیوں سے بذریعہ تحفہ و تحائف کے کیا تھا۔ لیکن ان کے پاس کوئی ایسا سرمایہ نہ تھا جیسا کہ نواب بنگالہ کے پاس تھا۔ اس لئے اُن کے تحفہ و تحائف بشکل عطائے جاگیر و محاصل کے ہوتے تھے۔ لیکن عرصہ ہوا تھا کہ ایسے تحائف کا قبول کرنا فرانس کے قانون سے ممنوع قرار پا چکا تھا اور اس مضمون کو زیادہ تر واضح کر دینے کی غرض سے ۱۷۵۰ء اور ۱۷۵۱ء میں مزید احکام جاری ہوئے تھے۔ اس کے متعلق ڈوپلے نے صاف صاف نہایت عتاب آمیز مراسلات روانہ کئے تھے جس کی وجہ سے وہ کمپنی اور محکمۂ وزارت کی نگاہوں میں حقیر ہو گیا تھا اس واقعے سے ڈوپلے کے دشمنوں کی اس رائے کی تائید ہو گئی جو انھوں نے اُس کی نسبت قائم کی تھی اور اُس کے دوستوں کے لئے اُس کی طرفداری اور اُس کا بچاؤ دشوار ہو گیا تھا۔ عام طور سے یہ یقین کیا جانے لگا کہ کمپنی کے احکام پر نواب کے نذرانوں کو ترجیح دی جاتی اور ہر چیز بذریعہ رقم کے خریدی جا سکتی ہے اور کمپنی کا کوئی اختیار گورنر یا کونسل یا فوج پر باقی نہیں رہا ہے۔ منجملہ اور وجوہ کے ایک وجہ ڈوپلے کے واپس طلب کئے جانے کی یہ بھی تھی اور اسی بنا پر بعدہٗ لالی اصلاح کرنے کی ہدایات کے ساتھ بھیجا گیا تھا۔

اب ہم پھر ساحل کرومنڈل کے معاملات کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ گاڈہیو جس کو ماشلٹ نے ڈوپلے کی جگہ پر بھیجا تھا وہ اگست ۱۷۵۴ء میں پانڈیچری پہنچا۔ انگریزی بیڑا شاہی افواج کو لئے کر اُس وقت تک ہندوستان نہیں آیا تھا اور اس وجہ سے فرانسیسی بلحاظ تعداد کے بڑھے ہوئے تھے مگر گاڈہیو کو یہ ہدایت دی گئی تھی کہ اگر ممکن ہو تو معاملات بمصالحت طے کر لئے جائیں۔ اس لئے اُس نے سونڈرز لیڈ کی فوج کے

فصل سوم

ایک دستے کو جسے ڈوپلے نے ایسے وقت میں گرفتار کر لیا تھا کہ وہ ماسولا کی کشتیوں میں پانڈیچری کے ساحل کے قریب سے گزر رہی تھی چھوڑ دیا[51]۔ انگریزی کمپنی نے بھی ایک عارضی صلح کے لئے اس شرط کے ساتھ احکام دیے تھے کہ اس کی بنا پر ملک کے کسی حصے سے قبضہ نہ اٹھایا جائے جب تک کہ اس کی منظوری یورپ سے نہ ہو جائے[52]۔ ستمبر میں انگریزی بیڑے کے آجانے سے اگرچہ دونوں اقوام کی افواج میں بلحاظ تعداد کے مساوات نہ ہوئی مگر عام طور سے دونوں پلے برابر سمجھے جانے لگے اور صلح کی گفت و شنید میں بہت آسانی پیدا ہو گئی۔ گاڈ ہیو نے آتے ہی جنگ بند کرنے کی تجویز کی تھی مگر معلوم نہیں کہ اس صلاح کی بنا پر جو اس کو پانڈیچری میں دی گئی یا اپنی فوجی قوت کو زیادہ دیکھ کر وہ اگست میں اس خیال سے پھر گیا[53]۔ نہم ستمبر کو انگریزی مہم کا ایک حصہ قلعہ سینٹ ڈیوڈ میں پہنچ گیا اور ۲۳ ستمبر تک کل فوج آگئی[54]۔ اس مہینے کے وسط میں گاڈ ہیو پھر اپنے ابتدائی خیال پر آگیا اور تین مہینے کے وقفہ جنگ کی باضابطہ تحریک اس کی طرف سے پیش ہو گئی تھوڑے سے غور کے بعد انگریزوں نے اسے منظور کر لیا اور ۱۱ اکتوبر کو اس کا اعلان کر دیا گیا[55]۔

التوائے جنگ کا مقصد یہ تھا کہ عارضی صلحنامے کے متعلق گفت و شنید کا موقع مل جائے[56]۔ ابتداءً یہ معلوم ہوتا تھا کہ شاید صلح کسی صورت میں بھی نہ ہو سکے۔ گاڈ ہیو

---

[51] یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ سمندر میں جنگ کس بنا پر ناقض امن سمجھی جاتی تھی اور ساحل پر لڑائی ان حدود میں جو کمپنیوں کے قدیم حدود سے باہر تھے کیوں ناقض امن نہیں سمجھی جاتی تھی۔ ممکن ہے کہ یہ سمجھا گیا ہو کہ سمندر میں جنگ کی نسبت یہ کہنا مشکل ہوگا کہ وہ حلیفوں کے فوائد کے لئے تھی اور یہ عذر قابل قبول نہ قرار پائیگا اور نہایت آسانی کے ساتھ وہ عام جنگ قرار پا جائیگی۔

[52] مراسلۂ عام از انگلستان ۳ اپریل ۱۷۵۴ء۔

[53] فوجی کونسل ۴ ستمبر ۱۷۵۴ء صفحہ ۱۹۷۔

[54] پبلک کونسل ستمبر ۵ و ۲۶ ستمبر ۱۷۵۴ء۔

[55] فوجی کونسل ۱۶، ۲۶ و ۳۰ ستمبر ۱۷۵۴ء صفحات ۲۰۶ و ۲۱۴ و ۲۲۳ وغیرہ۔

[56] عارضی صلح کا حکم صرف انگلستان سے تھا۔ گاڈ ہیو کو ہندوستان میں قطعی صلح کر لینے کی اجازت دی گئی تھی۔

فصل ۵

چاہتا تھا کہ دکن میں جو علیات فرانسیسیوں کو دئیے گئے ہیں وہ بحال رکھے جائیں اس پر انگریزوں نے یہ تجویز کی کہ یہ تمام جلسے بیکار ہیں جب تک کہ پہلے یہ غیر محدود دعاوی مساوات کے درجے پر لاکر نہ قائم کئے جائیں[1] جب گاڈہیو سے دریافت کیا گیا کہ وہ فرانسیسی کمپنی کی طرف سے کن کن اضلاع کا دعویدار ہے تو اس نے یہ جواب دیا کہ میں ان سب اضلاع کو چاہتا ہوں جن کے متعلق انگریز نہ یہ ثابت کر سکیں کہ وہ ان کے مفاد کے خلاف ہیں[2]۔ یہ معاملہ ایک کانفرنس میں پیش ہونے والا تھا۔ جب کانفرنس کی تاریخ قریب آئی تو گاڈہیو نے دفعتہً رائے بدل دی اور یہ کہہ کر اس سے علیحدہ ہو گیا کہ اس کا قطعی فیصلہ ہندوستان میں نہیں ہو سکتا اور مناسب یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس بارے میں یورپ سے مزید ہدایات کا انتظار کیا جائے[3]۔ انگریز وقفۂ جنگ کو بڑھانے کے لئے آمادہ نہ تھے جب تک کہ فرانسیسی دعووں کا فیصلہ نہ ہو جائے[4]۔ چند روز کے وقفے کے بعد دو نمائندے پانڈیچری بھیجے گئے اور ظاہر یہ کیا گیا کہ وہ کسی کام کے لئے قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کو جا رہے ہیں۔ ان کو ہدایت یہ دی گئی تھی کہ وہ گاڈہیو سے قطعی جواب لے کر آئیں۔ گاڈہیو ان شرائط پر راضی ہو گیا جو انگریزوں کی طرف سے پیش ہوئے تھے اور دسمبر کے آخر میں ایک عارضی صلح تک کے لئے وقفۂ جنگ منظور کر لیا گیا جب تک صلح کی منظوری یا نامنظوری کی اطلاع یورپ سے نہ آ جائے۔

عارضی صلح نامے سے مساوی قبضے کا اصول نہ صرف کرناٹک بلکہ ان شمالی صوبہ جات کے لئے بھی قائم ہو گیا جہاں فرانسیسیوں کے بڑے لمبے چوڑے دعوے تھے[5] بظاہر یہ اس سے دست برداری تھی جس سے اب تک فرانسیسی کمپنی نہایت سختی کیساتھ انکار کرتی رہی تھی۔ جو مورخ ڈوپلے کی مختلف یادداشتوں سے متاثر تھے انھوں نے

[1] فوجی کونسل ۱۲ اکتوبر ۱۷۵۴ء صفحہ ۲۴۴۔

[2] گاڈہیو بنام سانڈرس ۲۷ اکتوبر ۱۷۵۴ء۔

[3] " " " ۷ نومبر ۱۷۵۴ء (مدراس اور جنل سیریز)

[4] فوجی کاؤنسل ۱۵ نومبر ۱۷۵۴ء صفحہ ۲۵۶۔

[5] صلحنامے کے لئے دیکھو کیمبرج صفحہ ۱۳۷ یا فوجی کونسل ۱۷۵۴ء صفحہ ۲۸۶۔

فصل سوم

اس معاملے کو بہت طول دیا ہے اور ان حقوق سے دست برداری کو فرانسیسیوں کے لئے موجب شرم اور صوبہ دار دکن کے شاہی حقوق کی تذلیل اور ڈوپلے نے جو منصوبے فرانسیسیوں کی فتوحات کے لئے قائم کئے تھے اُن کی بربادی کا موجب قرار دیا ہے۔ لیکن ان لوگوں نے غالباً اس پر غور نہیں کیا ہے کہ یہ معاہدہ ایک عارضی معاہدہ تھا اگر اسکی شرائط پر دستخط ہوتے ہی عمل ہوجاتا اور مراسن سے یہ چاہا جاتا کہ وہ فوراً مسولی پٹم۔ راجمندری ایلور اور چیکاکول خالی کردے اُس وقت البتہ یہ کہا جاسکتا تھا کہ انگریزی قوت اور حکمت عملی نے فرانسیسیوں کو مغلوب کردیا۔ مگر یہ کچھ نہیں ہوا۔ فرانسیسیوں کی ایک جمعیت بھی اپنی جگہ سے نہیں ہٹی۔ بسی اُسی طرح صلابت جنگ کے ساتھ رہا جس طرح کہ وہ پہلے تھا اور جو کچھ ڈوپلے نے حاصل کرلیا تھا وہ برقرار اور بحال رہا اور فرانسیسی اُن ممالک پر بدستور متصرف رہے جن کی آمدنی اسٹھ لاکھ بیان کی جاتی تھی مزید براں وہ اُن اخراجات کے بار سے سبکدوش ہوگئے جو انگریزوں سے برسر جنگ رہنے کی وجہ سے اُن پر عائد ہوتے تھے۔ اس طور سے گاڈہیو ان تمام اہم فوائد سے مستفید ہوگیا جو ڈوپلے نے حاصل کئے تھے اور اُن نقصانات سے محفوظ ہوگیا جو ڈوپلے کے طرز عمل کے لازمی نتائج تھے۔ اُس نے فرانسیسی کمپنی کو ایسی حالت میں کردیا کہ وہ بہ اطمینان تمام اس امر کا فیصلہ کرسکے کہ اُس کو اپنے مقبوضات سے دست بردار ہونا چاہیئے یا ایسی فوج بھیجنی چاہیئے جو کامل طور سے انگریزوں کی قوت کو توڑ دے۔ گاڈہیو نے صلح نامے پر دستخط کرنے سے ایک دن پہلے بسی کو لکھا کہ جو کچھ اس میں درج ہے اُس سے تم کو پریشان نہ ہونا چاہیئے کیونکہ اس کا مقصد صرف حصول مہلت ہے تاکہ کمپنی تمام حالات سے واقف ہونے کے بعد مناسب فیصلہ کرسکے بجائے اس کے کہ ہم کسی جز سے دست بردار ہوں ہم کو اپنی حالت ایسی کرلینی چاہیئے کہ ہمارے ہاتھ سے ایک انچ زمین بھی نہ جانے پائے[1] اس میں شک نہیں کہ گاڈہیو کا طرز عمل صاف دلی پر مبنی نہ تھا مگر وہ بالکل فرانسیسی مفاد کے مطابق تھا۔ ۱۷۵۶ء میں جس وقت جنگ چھڑی فرانسیسی اُن تمام ممالک پر قابض تھے جن پر ڈوپلے کے جائزہ دینے کے وقت اُن کا قبضہ تھا۔

[1] گاڈہیو بنام بسی ۲۵ دسمبر ۱۷۵۴ء (یادداشت بسی ۱۷۶۴ء صفحہ ۸۳)۔

فصل ۳ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ایسے معاہدہ کرنے کی جواب دہی جس سے الفاظ میں سب کچھ دیا گیا تھا مگر حقیقت میں کچھ نہیں دیا گیا تھا بہ نسبت گاڈہیو کے زیادہ تر انگریزی کونسل پر عائد ہوتی ہے۔ انگریزی کونسل نے جو کچھ کیا اُس کی اول وجہ تو یہ تھی کہ انھیں کمپنی کی طرف سے حکم ملا تھا جس کی پابندی اُن پر لازم تھی۔ کمپنی کا حکم یہ تھا کہ "ہم چاہتے ہیں کہ تم اس امر کے متعلق پوری کوشش کرو کہ فرانسیسی کمپنی کے ایجنٹ مقیم ہندوستان کے ساتھ ایک عارضی صلح ہو کر تاکہ جنگ ختم ہو جائے۔ شرائط یہ ہونے چاہییں کہ فریقین میں سے کسی کو تحویل واپسی یا تخلیے کی ضرورت نہ ہو اس کا تصفیہ قطعی صلح نامے کی ترتیب کے وقت............اور یہ منظوری دونوں سلطنتوں کے ہوگا[1]۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ دشمن کی قوت کو پورے طور سے توڑ دینے کی کوئی امید نہیں ہوسکتی تھی۔ فرانسیسی جیسا کہ سانڈرس نے آرنس سے شکایت کی ہمیشہ انگریزوں کے مقابلے میں المضاعف جمعیت بھرتی کرکے بھیجتے رہتے تھے[2]۔

چونکہ کہا جاتا ہے کہ ڈوپلے کی ناکامی کا باعث یہ تھا کہ اُس کو فرانس سے کافی فوجی مدد نہیں ملی۔ اس لئے یہ امر کسی قدر تفصیل کا محتاج ہے۔

سنہ ۱۷۵۰ء تا سنہ ۱۷۵۴ء یعنی اس چار سال کے عرصے میں فرانسیسی کمپنی نے ڈوپلے کے پاس کم سے کم (۲۶۴۵) جدید سپاہی بھرتی کرکے بھیجے جس میں سے (۲۵۰۰) ہندوستان پہنچے[3]۔ اسی عرصۂ مدت میں انگریزی کمپنی نے مدراس میں صرف (۱۵۰۸) سپاہی بھیجے تھے[4]۔ اس میں اُن (۲۰۰) بنگال کے بھرتی شدہ لوگوں کو بھی شریک کرلینا چاہیئے جو مدراس میں روک لئے گئے تھے[5]۔ اور نیز اُس مدد کو جو وقتاً فوقتاً بنگال اور بمبئی سے آتی رہی اور جو (۳۰۰) یورپین سے زیادہ نہ تھی۔ اس طور سے ڈوپلے کے پاس

[1] مراسلۂ انگلستان ۳ اپریل ۱۷۴۵ء۔

[2] فوجی کونسل ۳ جولائی ۱۷۵۰ء صفحہ ۱۲۹۔

[3] کلٹرو صفحہ ۲۰۰۔

[4] فہرست اشخاص جدید بھرتی شدہ مندرجہ مراسلۂ انگلستان۔

[5] فوجی کونسل ۳ جولائی ۱۷۵۴ء صفحہ ۱۲۹۔

فصل سوم

(۴۰۰) سپاہی انگریزوں کی بہ نسبت زیادہ پہنچے۔ اُس کے پاس پہلے سے (۱۲۰۰) یورپین تھے جس وقت انگریزوں کی جمعیت (۸۰۰) سے زیادہ نہ تھی۔ اس سے جو نتیجہ نکلتا ہے وہ یہ ہے کہ ڈوپلے نے بہ نسبت انگریزوں کے یورپین سپاہیوں کے لحاظ سے بہتر حالت میں تھا۔

یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ جو لوگ انگلستان سے بھرتی کر کے بھیجے گئے تھے وہ فرانس کے لوگوں سے بہتر تھے۔ ترچناپلی کے نواح میں جو لڑائیاں ہوئیں اُس میں اکثر فرانسیسیوں نے اپنے مساوی یا کم تعداد کی فوج سے شکست کھائی۔ اس سے بظاہر اس بیان کی تائید ہوتی ہے۔ اس میں کچھ کلام نہیں ہو سکتا کہ فرانس کے جدید بھرتی شدہ سپاہی نہایت ادنی درجے کے لوگ تھے وہ بدمعاش ہوتے تھے یا کم سن۔ ڈوپلے نے اُن کو دآبادی کی تلچھٹ" سے ملقب کیا تھا۔ فرانسیسیوں نے یہ کام ایک انجنیر کے سپرد کیا تھا جو قید خانے کو بھرتی کے لئے سب سے بہتر مقام تصور کرتا تھا اور کمپنی کی فوج کی کمی کو پورا کرنے کے لئے بدمعاش۔ مفرور سپاہی اور قاتل بھرتی کر کے بھیج دیتا تھا۔[۱]

اس کے خلاف بیان کیا جاتا ہے کہ انگریزوں کی بھرتی سوئیٹرزلینڈ کے سپاہیوں اور باضابطہ فوج کے جنگ آزمودہ سپاہیوں سے تھی۔[۲] ایک اور مورخ لارنس کے گران ڈیل سپاہیوں کو سوئیٹزرلینڈ کا بتاتا ہے اور ترچناپلی کے گرد و پیش کی لڑائیوں کی تمام نیکنامی انھیں کو دیتا ہے[۳] یہ کمپنی کی فوج کے ساتھ سخت بے انصافی ہے (۱۸۰۰) جدید بھرتی شدہ سپاہیوں میں سے جو مدراس میں اُترے صرف (۵۰۰) سوئیٹزرلینڈ کے باشندے تھے[۴] جو یقیناً اپنے سے پنجگونہ فرانسیسیوں کو شکست نہیں دے سکتے تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ انگریزی سپاہی بھی اُسی طرح بھرتی کئے گئے جسطرح فرانسیسی کئے گئے تھے۔

---

[۱] کلارڈ صفحہ ۳۰۱۔

[۲] بھینٹ صفحہ ۲۵۵۔

[۳] کلارڈ صفحہ ۱۴۱

[۴] ولسن مدراسی فوج جلد ۱ صفحہ ۶۳۔

فصل سوم

انگریزی کمپنی کا بھرتی کرنیوالا افسر بوسبی نامی مشہور بدچلن شخص تھا[1]۔ انگریزی سپاہیوں کو بمقابلہ فرانسیسی سپاہیوں کے جو تفوق تھا وہ غالباً قواعد اور ضوابط کی بنا پر تھا جو لارنس نے اپنے سپاہیوں اور اپنے ماتحت عہدہ داروں پر عائد کئے تھے۔ اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ انگریزی فوج کے افسر فرانسیسی افسروں سے بہتر تھے اور انگریزی فوج زیادہ تر فرماں بردار تھی۔

مفصلۂ بالا واقعات سے جو کچھ ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ڈوپلے بے سر و سامان نہیں چھوڑ دیا گیا تھا اور گاڈہیو نے ہندوستان میں فرانسیسی مفاد سے چشم پوشی نہیں کی۔ واقعہ یہ ہے کہ جس جنگ میں دونوں کمپنیاں پھنسی ہوئی تھیں اُس نے دونوں کو بیجان کر دیا تھا اور دونوں دم لینے کی مہلت چاہتی تھیں۔ یہ امر قابل لحاظ ہے کہ جب دوبارہ لڑائی کرناٹک میں شروع ہوئی اُس وقت انگریزوں کا پلہ بحری قوت کی بنا پر جس سے اُس زمانے میں جس کا ذکر ہم کر رہے ہیں کوئی کام نہیں لیا گیا تھا بھاری ہو گیا تھا اور زیادہ تر شاہی عہدہ داروں اور شاہی فوج سے کام لیا جانے لگا تھا کیونکہ کمپنی بغیر سلطنت کی مدد کے ایسی لڑائی جاری نہیں رکھ سکتی تھی اور اب اُس کے مقاصد نے قومی رنگ اختیار کر لیا تھا۔

اب ہم بسی کی اُس حیثیت پر غور کریں گے جو اُس نے اس عرصے میں دکن میں پیدا کر لی تھی اور اُن خیالات اور حکمت عملی کی نوعیت کی جانچ کریں گے جو ڈوپلے اور اُس کے قابل ترنائب بسی کے دماغ میں موجزن تھی۔

---

[1] آئی۔ او۔ متفرق خطوط (۵۹ - ۱۷۵۰) نمبر ۱۴۱ - ۱۴۲۔

فصل چہارم

بسی دکن میں

مورخوں میں یہ بات عام طور سے مشہور ہے کہ ہندوستان کی فتح میں انگریزوں نے وہی طریقے اختیار کئے جو فرانسیسیوں نے اختیار کئے تھے۔ البتہ خوش قسمتی سے اُن کے استعمال کے لئے انگریزوں کو بہتر مواقع مل گئے۔ یہ بہت کچھ صحیح ہے کہ بسی نے جو طرز عمل دکن میں اختیار کیا تھا تقریباً وہی طرز عمل کلائیو کا بنگال میں رہا۔ جو فوائد ان دونوں اشخاص نے حاصل کئے اور جو مشکلیں انھیں پیش آئیں اور جو طرز عمل انھوں نے اختیار کیا ان میں بہت زیادہ تشابہ پایا جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ ایسے واقعات پیش آئے جو فطری طور سے یکساں تھے اور دونوں اشخاص کا مزاج باوجود سطحی اختلاف کے ایک دوسرے سے مشابہ تھا۔

بسی کے حالات کا دکن میں مجملاً بیان کر دینا ہمارے موجودہ مقصد کے لئے بالکل کافی ہوگا۔ ۱۷۵۰ء میں ناصر جنگ کی شہادت کے بعد اُن کا خزانہ لوٹ لیا گیا۔ اُن کے بھائی گرفتار ہو گئے اور اُن کی فوج برخاست کر دی گئی۔ اُن کے رقیب اور بھانجے مظفر جنگ کو قید خانے سے نکال کر فتحمند فرانسیسیوں نے دکن کا صوبہ دار بنا دیا۔ اب نواب نظام الملک کے بڑے فرزند غازی الدین خاں کے سوائے کوئی اور خوفناک دعویدار باقی نہ رہا لیکن وہ اُس وقت دور دراز مقام یعنی دہلی میں تھے اس لئے ڈوپلے نے مظفر جنگ کو صلاح دی کہ وہ بلا تعویق آگے بڑھ کر حیدر آباد اور اورنگ آباد پر قابض ہو جائیں۔ اور یہ تجویز کی کہ فرانسیسی فوج اُن کے ساتھ رہے

فصل چہارم

تاکہ اگر کوئی مزاحمت پیش آئے تو اس کا اندفاع بہ آسانی ہو سکے۔ اس جمعیت کی سرکردگی کیلئے بسی کا انتخاب کیا گیا اور اس کے عذرات کا دفعیہ چار لاکھ روپے کے نذرانے سے کیا گیا[1]۔ اور جمعیت کے ہر شخص کو تین مہینے کی تنخواہ پیشگی دلائی گئی اور اس کے علاوہ ہر ایک کو حسب حیثیت تحفے بھی دئے گئے[2]۔ یہ مہم ان لوگوں کے لئے جو اس میں شریک تھے بیحد فائدہ مند متصور ہوتی تھی جس کا ثبوت اس سے ملتا ہے کہ اس میں ڈوپلے کے دو رشتہ دار بحیثیت دوم اور سوم کمانڈروں کے شریک کئے گئے تھے اول اس کا بھتیجا کرجین دوسرے ونسنس اس کی بیوی کا بیٹا۔ ان افسروں کے تحت میں (۳۰۰) یوروپین (۱۸۰۰) دیسی سپاہی اور (۱۰) میدانی توپیں تھیں۔ بسی کو جو ہدایت دی گئی تھی وہ صرف اس قدر تھی کہ وہ حیدرآباد تک مظفر جنگ کے ساتھ رہے۔ حیدرآباد پہنچ کر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ اس مدد کے معقول معاوضے کے ساتھ مسولی پٹم واپس آجائیگا۔

اس فرانسیسی جمعیت کی ضرورت کا ثبوت بہت جلد مل گیا۔ جن سرداروں نے سازش کر کے نواب ناصر جنگ مرحوم کو شہید کرا دیا تھا وہ اب ان کے جانشین اور بھانجے کے خلاف ہو گئے اور جوں ہی مظفر جنگ نواب کڑپہ کے علاقے میں داخل ہوئے ان پر حملہ کر دیا گیا[3]۔ اس معرکے میں مظفر جنگ مارے گئے اگرچہ فرانسیسی فوج بالآخر غالب آئی۔

اس خبر سے محمد علی اور انگریزوں کو بڑی خوشی ہوئی مگر ان کی یہ خوشی قبل از وقت تھی[4]۔

---

[1] کلکرڈو صفحہ ۲۶۱۔

[2] تنخواہوں کی جو شرح مقرر ہوئی تھی وہ صرف حیدرآباد تک کے لئے تھی وہاں پہنچ کر جدید شرائط کا ہونا قرار پایا تھا۔ پانڈیچری سے روانہ ہونے کے ساتھ ہی بسی کو بارہ سو۔ کرجین (نائب سرکردہ) کو ایک ہزار۔ لفٹنٹوں کو پانچ پانچ سو۔ انسائینوں کو تین سو روپے اور معمولی سپاہیوں کو بیس روپے ماہوار دینا قرار پایا تھا۔ کمپنی کی ملازمت میں رہنے کی حالت میں کپتانوں کی تنخواہ (۹۰) لیور (تقریباً ۳۶ روپے) لفٹنٹوں کی (۶۰) لیور۔ انسائینوں کی (۴۵) لیور مع بعض دوسرے مد خرچ کے ملتے تھے اور معمولی سپاہیوں کو دو پگوڈے (یعنی تقریباً سات روپے)۔

[3] بمقام رائی چوٹی جو اسی نام کا تعلقہ واقع ضلع کڑپہ ہے۔

[4] یہ خدا داد ہے اور میں اپنی مخلصانہ مبارکباد پیش کرتا ہوں (محمد علی بنام سانڈرس مدراس کی دیسی خط و کتابت بابتہ ۱۷۵۱ء صفحہ ۱۱۴

فصل چہارم

فوج کے سرداروں نے یہ تجویز پیش کی کہ ناصر جنگ کے بھائی صلابت جنگ کو صوبہ دار بنانا چاہیئے بسی نے اس سے اتفاق کیا اور پٹھانوں کی سازش کا نتیجہ صرف یہ ہوا کہ ایک مغلئی امیر کی جگہ دوسرا مغلئی امیر قائم ہوگیا۔ جدید نواب کو فرانسیسی فوج کی امداد کی ویسی ہی ضرورت اور محتاجی تھی جیسی مرحوم نواب کو تھی۔ جدید نواب سے چاہا گیا کہ وہ یہ ثابت کریں کہ وہ فرانسیسی قوم کے عموماً اور جو لوگ اس معاملے میں سربرآوردہ تھے ان کے خصوصیت کیساتھ ممنون ہیں۔ جو سند مسولی پٹم اور جزیرۂ دیوی کی دی گئی تھی نواب صاحب نے اُس کی تجدید کی اور مسولی پٹم کے گرد و نواح کے اور چند مواضع اس میں اضافہ کئے۔ ایک رقم بطور عطیے کے اپنی فوج کو دی اور فرانسیسی فوج کے ساتھ غیر معمولی فیاضی کا برتاؤ کیا گیا[1]۔ اس کے بعد فوج نے آگے بڑھ کر دریائے کرشنا کو عبور کیا یہاں انھیں معلوم ہوا کہ مرہٹے ایک بڑی جمعیت کے ساتھ مقابلے کے لئے موجود ہیں مگر صلابت جنگ نے اُن کو دو لاکھ روپے دے کر راضی کر لیا[2] اور نواب حیدرآباد پہنچ گئے۔ حیدرآباد میں ناصر جنگ بڑا خزانہ چھوڑ گئے تھے جو صلابت جنگ کے ہاتھ آیا اور اس روپے سے اُنھوں نے اپنی فوج کی تنخواہیں دیں اور پھر فرانسیسی افسروں اور فوج کو بڑے بڑے نذرانے دئے گئے[3]۔

یہ نذرانے آئندہ کی خدمات کے لئے بطور پیشگی رقم کے تھے جو معاہدہ ڈوپلے نے مظفر جنگ سے کیا تھا اس میں یہ شرط تھی کہ فرانسیسی حیدرآباد تک ساتھ رہیں گے مگر صلابت جنگ اپنے دربار کی سازشوں مرہٹوں کے اختلاف اور اپنے بھائی غازی الدین خاں کی رقابت کی وجہ سے یہ نہیں چاہتے تھے کہ وہ تنہا چھوڑ دئے جائیں اس لئے اُنھوں نے بسی اور اس کے افسروں[4] کو بہت کچھ دے دلاکر رضامند کر لیا

---

[1] ڈوپلے بنام وزارت ۔ ۱۰ جون ۱۷۵۱ء (صیغۂ نوآبادیات) مجھ کو اس رقم کی مقدار نہ معلوم ہوسکی جو فرانسیسی فوج کو دی گئی تھی۔ خود ڈوپلے کو ایک کثیر رقم ملنے کی امید تھی (کلٹرو صفحہ ۲۶۲)۔

[2] یادداشت ڈوپلے (۱۷۵۹) صفحہ ۷۰۔ مراسلۂ متذکرۂ بالا میں ڈوپلے نے اس واقعے کو غیر معمولی طور سے اہم کر کے دکھایا ہے اور دو لاکھ کی رقم کو تبادلۂ تحائف ظاہر کیا ہے۔ مقصد ظاہر ہے۔

[3] ڈوپلے بنام وزارت۔

[4] بسی کو صلابت جنگ سے اسی زمانے میں (۳۸۰۰۰) روپے ملے (کلٹرو صفحہ ۳۴۷)

فصل چہارم

اور ڈوپلے کو بہت زور دے کر لکھا کہ وہ بسی کو اُن کے ساتھ اورنگ آباد تک جانے کی اجازت دے جو حیدر آباد سے تقریباً تین سو میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ ڈوپلے اس امر پر رضامند ہوگیا اور اُس نے (۱۰۰) یورپین اس کمی کو پورا کرنے کے لئے بھیج دیئے جو بسی کے فرانسیسی سپاہیوں میں ہوگئی تھی[1]۔ اس کے معاوضے میں صلابت جنگ نے فرانسیسیوں کو مزید اسناد عطا کیئے۔

۱۷۵۲ء جون میں نواب صلابت جنگ اورنگ آباد پہنچے۔ یہاں پہنچ کر فرانسیسیوں نے پھر اپنی روانگی کی دھمکی دی جو قبل ازیں اس قدر نفع بخش ثابت ہو چکی تھی۔ اس مرتبہ بسی نے اس سے بجید مفید کام لیا۔ جب مظفر جنگ نے ڈوپلے کو دریائے کرشنا کے جنوبی ملک کا گورنر مقرر کیا تھا تو اُس کے اختیارات کی کوئی صراحت یا توضیح نہیں ہوئی تھی[2] اور نہ انھوں نے کوئی خاص صورت اختیار کی تھی۔ بعد کسی قدر بحث کے ڈوپلے نے یہ تجویز پیش کی کہ اُسے ایک لاکھ روپیہ ماہانہ دیا جایا کرے جس کے معاوضے میں وہ (۲۰۰۰) یورپین فوج رکھیگا اور جو کچھ اُس ملک کی آمدنی سے پس انداز ہوگا وہ اورنگ آباد کے خزانے میں داخل کرتا رہیگا۔ وہ اپنے آپ کو نواب کے خطاب سے مخاطب کرے گا اور اپنی طرف سے کسی شخص کو نائب مقرر کریگا جو تفصیلی کام اُس کی ہدایت کے مطابق انجام دیگا[3]۔ ڈوپلے کا یہ مراسلہ راستے ہی میں ہوگا کہ بسی کا مراسلہ آگیا جس سے معلوم ہوا کہ صوبہ دار دکن نے امداد اور دوستی کی شرط پر ممالک ارکاٹ ترچناپلی اور مدورا ڈوپلے کو بغیر کسی قسم کے پیشکش سالانہ کے عطا کر دئیے ہیں جو اُس کے انتقال کے بعد فرانسیسی قوم کی ملک متصور ہوں گے۔ اس طور سے تمام کرناٹک یا کم از کم اُس حصے کی آمدنی جو چند اصحاب سے وصول کی جا سکتی تھی فرانسیسیوں کے قبضۂ اقتدار میں آگئی۔ بسی کے خطوط کے انتخابات بھیج کر ڈوپلے لکھتا ہے کہ "ان خطوط سے آپ کو ایک ایسے واقعے کا پتا چلیگا جو میرے ذہن میں بھی نہ تھا اور جو محض

---

[1] ڈوپلے بنام وزارت (حوالہ حسب سابق) بسی (۳۰۰) یورپین ساتھ لیکر چلا تھا اور یہی تعداد اُنکی ۱۷۵۱ء میں تھی (کلکتہ صفحہ ۱۹)۔

[2] صلابت جنگ کی مجوزہ سند مورخہ ۸ مارچ ۱۷۵۱ء مراسلت متعلقہ معاہدات میں طبع ہو چکی ہے صفحہ ۲۵۶۔

[3] ڈوپلے بنام بسی ۲۸ اکتوبر ۱۷۵۱ء (کلکتہ صفحات ۹-۲۶۸)۔

فصل چہارم

میسو ڈی بسی کی کارگزاری کا نتیجہ ہے اس کے یہ معنی ہیں کہ آرکاٹ کی حکومت قوم کے ہاتھ آئی جاتی ہے۔ شاہی خزانے میں سالانہ رقم کا داخل کرنا بھی اُسی کے اختیار میں رہیگا۔ یہ معاملہ جو قومی مفاد کے لحاظ سے بیحد اہم ہے خاص توجہ کا محتاج ہے۔ کیونکہ اس کے ذریعے سے آپ لوگوں کو ہندوستان میں لگانے کے لئے رقم بھیجنے کی ضرورت باقی نہ رہیگی۔[۱]

اس نمایاں کامیابی کے بعد فرانسیسیوں کو ایک دشوار کام پیش آگیا۔ مرہٹوں نے بالاجی راؤ کے تحت میں دکن پر حملہ کیا اور یہ لڑائی چند روز جاری رہی اس میں بسی کے توپ خانے نے اس طرح کام دیا کہ دشمن کو صرف ایک لاکھ روپے کی حقیر رقم پر صلح کر لینے کے سوائے کچھ اور نہ بن پڑا۔ مگر ثابت ہوا کہ یہ صرف پہلا قدم تھا۔ اگرچہ ۱۷۵۲ء کے ابتدا میں صلح ہو گئی تھی مگر بالاجی راؤ پھر صلابت جنگ کے ممالک میں آ داخل ہوا یہ فرانسیسیوں کی امیدوں کے بالکل خلاف تھا جنھوں نے صلابت جنگ اور بالاجی کے درمیان دوستی کا خیال قائم کر لیا تھا جس کے ذریعے سے ڈوپلے کو یہ امید تھی کہ وہ مشرقی ہندوستان کے جلد جلد بدلنے والے سیاسی حالات میں ایک حد تک استقامت پیدا کر دیگا۔[۲] مگر بالاجی اپنا فائدہ اس میں سمجھتا تھا کہ وہ صلابت جنگ کے بھائی و رقیب غازی الدین خاں کی طرفداری کرے۔

اس کے ساتھ ہی بالاجی راؤ نے انگریزوں سے مدد طلب کی اور اپنے وکیل مدراس اور بمبئی دونوں جگہ بھیجے۔ مدراس والے اس موقع کی وقعت سے ناواقف نہ تھے لیکن وہ فوجی امداد نہیں دے سکتے تھے کیونکہ مرہٹوں اور اُنکے بیچ میں صلابت جنگ اور بسی کی فوجیں حائل تھیں۔[۳] مگر بمبئی کی کونسل نے سیاسی دور اندیشی سے مطلق کام نہیں لیا اور اپنے مقامی مفاد کو اس قومی مفاد پر ترجیح دی جسکے لئے

---

[۱] ڈوپلے بنام کمپنی ۱۹ فروری ۱۷۵۳ء (دفتر نو آبادیات) کلائیو نے بنگال میں جو عطیات لے تھے اُن کی نسبت تقریباً یہی الفاظ استعمال کئے تھے۔

[۲] دیکھو ڈوپلے بنام بسی مندرجہ تاریخ ہیمنٹ صفحہ ۱۱ — ۲۱۰۔

[۳] مراسلہ مدراس بنام انگلستان مورخہ ۲۰ ستمبر ۱۷۵۲ء۔

فصل چہارم

انگریز اور فرانسیسی لڑ رہے تھے اگر اُس وقت دکن کے معاملات میں انگریزوں کی مداخلت قوت اور انتظام کے ساتھ ہو جاتی تو اس سے اہم نتائج پیدا ہونے کی امید کی جا سکتی تھی مگر بمبئی صلح اور تجارت کی طرف اس قدر مائل تھی کہ اُس نے اس موقع سے فائدہ اُٹھانے کی طرف مطلق توجہ نہ کی اور جب تک وہاں کا صدر نشین مدراس کو لکھے اور اُسکا جواب آئے یہ موقع ہاتھ سے نکل چکا تھا۔

اُس وقت ایک کثیر جماعت صلابت جنگ کے خلاف جمع ہو گئی تھی کیونکہ مرہٹوں کے دو بڑے سردار بالاجی راؤ اور رگھوجی بھونسلہ غازی الدین خاں کے طرفدار تھے اور بسی بے حد پریشان تھا۔ اسی زمانے میں وہ ڈوپلے کو ایک خط میں لکھتا ہے کہ ممکن ہے کہ مجھ کو صلابت جنگ کو لے کر مسولی پٹم یا پانڈیچری تک ہٹ آنا پڑے۔ اس کے جواب میں ڈوپلے نے جو کچھ لکھا وہ یہ تھا کہ (۳۰۰) یورپین سپاہیوں کی مدد اور بھیجی جاتی ہے اور اگر کچھ نہ بن پڑے تو اس انتظام کا امکان تو ضرور ہے کہ صلابت جنگ غازی الدین خاں کے نائب شمار ہوں اور اگر صلابت جنگ کا معاملہ بگڑ جائے تو فرانسیسی مدد اُن کے رقیب کو اسی شرط کے ساتھ دی جائے کہ جو عطیات فرانسیسیوں کو دئے جا چکے ہیں وہ بحال خود برقرار رہیں[۱]۔ تھوڑے عرصے کے بعد بسی کی حالت اور زیادہ خوفناک ہو گئی اُس کے مراسلات کے جواب میں ڈوپلے لکھتا ہے کہ میں تمھاری خبروں سے لرز رہا ہوں اگر تم نے مجھے اپنی اس حالت سے اس سے قبل اطلاع دی ہوتی تو میں تمھیں واپس بلا لیتا[۲]۔

یہ خطرناک حالت صحیح مشرقی طریقے سے دفع ہو گئی۔ صلابت جنگ کی والدہ نے غازی الدین خاں کو اورنگ آباد میں زہر دیدیا[۳]۔ اب مقابلے میں صرف

[۱] یہ مراسلہ ہیمنٹ میں درج ہے صفحہ ۲۲۷۔

[۲] ڈوپلے بنام بسی ۱۶ر دسمبر ۱۷۵۲ء (ہیمنٹ صفحہ ۲۲۹) نیز دیکھو یادداشت بسی (۱۷۶۴ء) صفحہ ۱۹-۱۸۔

[۳] معلوم نہیں کہ مصنف نے یہ بیان اس قدر وثوق کے ساتھ کس بنا پر کیا ہے۔ تاریخ رشید الدین خانی وغیرہ میں جو کچھ لکھا گیا ہے وہ صرف اس قدر ہے کہ غازی الدین خاں نے اورنگ آباد میں ہیضہ کیا اور اسی میں اُنکا انتقال ہو گیا بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اُنکو زہر دیا گیا تھا مگر زہر دینے والے کا نام ہماری تاریخوں میں نہیں بتایا گیا ہے۔ مترجم

فصل چہارم

مرہٹے رہ گئے۔ اُس وقت صلابت جنگ اور فرانسیسی حیدرآباد سے شمال و مغرب کی جانب بیدر کے قریب تھے اور اُن کا کیمپ تقریباً بالاجی راؤ کے سواروں سے محصور تھا[1]۔ اگرچہ مرہٹوں کے براہ راست حملے کامیاب ثابت نہیں ہوئے مگر بسی نے اسی زمانے میں ایک مرتبہ یہ خیال کیا کہ اُسے مرہٹوں سے قابل قبول شرائط نہ حاصل ہونے تک صلابت جنگ کو لے کر بیدر میں قلعہ نشین ہوجانا چاہیئے مگر بالاجی راؤ نے جنگ کو اس حد تک طول دینا اپنے مصالح کے مطابق نہیں تصور کیا اور صلح کی گفتگو شروع ہوگئی۔ مرہٹوں نے اپنے وکیل اور بسی نے اپنے افسروں کو بھیجا۔ صلابت جنگ کے درباریوں کو یہ پسند نہ تھا کہ فرانسیسیوں کے ذریعے سے صلح ہو مگر بسی اس مخالفت کو مغلوب کر کے ۲۲ نومبر کو خود بالاجی راؤ سے جاکر ملا اور صلح ان شرائط پر ہوگئی کہ مرہٹوں کو وہ سب چیزیں حوالے کردی جائیں جن کا غازی الدین خاں نے وعدہ کیا تھا بجز ساٹھ لاکھ روپے کے جو صلابت جنگ کے امکان سے باہر تھا۔ اس لڑائی کا خاتمہ بھی دوسری لڑائیوں کی طرح جو بسی کو مرہٹوں سے لڑنی پڑیں یہ ثابت کر رہا ہے کہ مورخین نے جو کچھ بسی کی فتوحات کے متعلق لکھا ہے وہ قابل وثوق نہیں ہے بسی کی فوجیں اگرچہ مرہٹوں کے حملوں کو بہ آسانی روک سکتی تھیں مگر وہ کبھی اس تعداد میں نہیں ہوئیں کہ مرہٹوں کو کامل شکست دے سکتیں[2]۔ اس کے چند روز بعد ہی مرہٹوں کے دوسرے سردار راگھوجی بھونسلہ نے مختلف لڑائیوں کے بعد برار میں جاگیر عطا کئے جانے کی شرط پر صلح کرلی۔

اس صلح کے ہوجانے پر ضلع گندھور اور فرانسیسیوں کے نذر کیا گیا اگر شرائط صلح کے لحاظ سے اندازہ کیا جائے تو فرانسیسیوں نے ایسی فتوحات حاصل نہیں کی تھیں جس کا دعویٰ بعد کیا جانے لگا مگر اس میں شک نہیں کہ انھوں نے صلابت جنگ کو

---

[1] مقابلہ کرو بالاجی راؤ کا بیان مدراس کی دیسی خط و کتابت میں ۱۷۵۳ء صفحہ ۱۔

[2] دیکھو مراسلۂ بسی بنام ڈوپلے مورخہ ۲۰ نومبر ۱۷۵۲ء (یادداشت بسی ۱۷۶۲ء صفحہ ۱۲۲) صلح نامہ جہاں تک میں سمجھتا ہوں ۵ اگست ۱۷۵۲ء کی تاریخ غلط ہے) خطوط معاہدات میں درج ہیں۔ صفحہ ۶۳-۲۶۲۔

فصل چہا

صوبہ داریٔ دکن پر بہت کم مصارف سے قائم کردیا اگر اُن کی مدد شامل نہ ہوتی تو صلابت جنگ کو اس سے بہت زیادہ صرف کرنا اور دینا پڑتا ضلع گنٹور بسی کو عطا کیا گیا تھا مگر اس نے فوراً اُسے کمپنی کے حوالے کردیا۔ یہ ضلع بلحاظ دولتمندی کے مشہور تھا اور ان قطعات سے متصل تھا جو مسولی پٹم کے گرد و نواح میں اس سے قبل فرانسیسیوں کو دئیے جاچکے تھے۔ اس ضلع میں وہ مختلف قسم کے سوتی کپڑے تیار ہوتے تھے جن کا بڑا حصہ یورپ بھیجا جایا کرتا تھا اس لئے اُس کا قبضے میں آجانا بڑی بات تھی۔ جب ڈوپلے کو اس کی خبر ملی تو اُس نے کہا کہ کمپنی کو جس قدر ملک کی ضرورت تھی وہ اُس کو مل گیا۔ اور یہ لکھا کہ "شمال میں ہمیں جس قدر ملک اس وقت مل گیا ہے اُسی پر ہم کو قناعت کرنا چاہیئے"[1]

مگر بسی اُس کامیابی پر جو اُسے حاصل ہوچکی تھی قانع ہونے والا نہ تھا صلابت جنگ کی فوج کی تنخواہ بہت چڑھ گئی تھی۔ مہاجنوں نے مزید قرضہ دینے سے انکار کردیا تھا سپاہیوں نے ایکا کرکے قسم کھائی تھی اور قریب تھا کہ باغی ہوجائیں۔ یہی ایک مصیبت نہ تھی عام شورش یہ تھی کہ فرانسیسیوں نے تمام دکن کی دولت لوٹ لی ہے[2] بسی کی مایوسی کی کوئی انتہا نہ تھی۔ وہ لکھتا ہے کہ صلابت جنگ کو اس عہدے پر قائم رکھنا تقریباً ناممکن ہوگیا ہے .... موجودہ حالت میں اگر کوئی جدید دعویدار پیدا ہوجائیگا تو سب اُسی کی طرف مائل ہوجائیں گے" اس بنا پر اُس کی یہ تجویز تھی کہ وہ صلابت جنگ کو بحال خود چھوڑ کر اپنی تمام فوج کے ساتھ مسولی پٹم چلا جائے[3] "صلابت جنگ سے کبھی یہ امید نہیں کی جاسکتی کہ وہ اپنی مالی حالت کو درست کرسکیں گے مال کا انتظام نہایت خراب ہے .... ہر طرف لوٹ مچی ہوئی ہے۔ مال گزار رقم واجب الادا میں سے صرف نصف حصہ ادا کرتے ہیں .... میں نہیں سمجھتا کہ وہ کسی زمانے میں بھی اتنا خزانہ جمع کرسکیں گے جتنا نواب نظام الملک

---

[1] یادداشت خدمات بسی (۱۷۶۴) صفحات ۲۱-۲۰۔

[2] دیکھو محمد علی کے وکیل کی رپورٹ دیسی خط و کتابت ۱۷۵۳ صفحہ ۸۔

[3] بسی بنام ڈوپلے تسینٹ صفحہ ۲۲۹۔

فصل چہارم

چھوڑ گئے تھے[1] بسی نے راجمندری ۔ ایلور ۔ سیکاکول اور گنٹور کے اضلاع طلب کیے تھے مگر اس میں اُسے کامیابی نہیں ہوئی ۔ وجہ یہ تھی کہ امرائے دربار فرانسیسیوں کے سخت خلاف تھے ۔ ان حالات اور واقعات میں بسی نے ایک نیا منصوبہ باندھا اگرچہ اس میں بھی کامیابی نہیں ہوئی مگر اس سے اُس طرز عمل کا پتا چلتا ہے جو وہ اور ڈوپلے ایسے مواقع پر اختیار کرتے تھے ۔ صلابت جنگ ایک عرصے سے اس خیال کے درپے تھے کہ اپنے بھائیوں کو نظر بند کر دیں ۔ ایک زمانے میں اس کام کے لئے قلعۂ بیدر تجویز ہوا تھا مگر بسی نے کہا یہ امر یقینی ہے کہ انکے محافظ رشوت لے کر انھیں چھوڑ دیں گے ۔ وہ لکھتا ہے کہ "میں نے نواب صاحب کو سب لوگوں کی طرف سے مشتبہ کر کے یہ صلاح دی ہے کہ وہ پانڈیچری بھیج دیئے جائیں .... اس اوّل (یرغمال) کے ہمارے ہاتھ میں رہنے سے نواب صاحب ہمارے قابو سے نہ نکلنے پائیں گے "[2]

ڈوپلے اس کم ہمتی پر ایسے وقت میں کہ خوش قسمتی سے غازی الدین خاں باقی نہ رہے تھے اور مرہٹوں سے صلح ہو گئی تھی ۔ بیحد برہم ہوا اور اس نے جنوری ۱۷۵۳ء میں بسی کو لکھا کہ صلابت جنگ کو چھوڑ کر چلا آنا صرف اُسی وقت ممکن ہے جبکہ فوجی کونسل اس کی رائے دے ۔ دربار کے جو امیر ہمارے مخالف ہیں اُنھیں اور خصوصاً سید لشکر خاں کو کسی طرح راضی کر لینا چاہیئے معاملات کو اس نوبت تک پہنچانے اور اُن تمام مشکلات کا مقابلہ کرنے کے بعد جو نواب کو صوبہ دار بنانے اور قائم رکھنے میں پیش آئیں انتہائی کامیابی حاصل کئے بغیر اس طور سے چلے آنا عقل اور عزت دونوں کے خلاف ہے ۔ اگر ضرورت لاحق ہو تو سید لشکر خاں کا کام کیوں نہ تمام کر دیا جائے ۔ اس واپسی فعل سے نواب اور فرانسیسی دونوں محفوظ ہوتے جاتے ہیں ۔

اس عرصے میں بسی پریشانیوں اور بیماریوں میں مبتلا ہو کر پہلے حیدرآباد اور بعدہ اپنے معالج طبیب کے مشورے سے مسولی پٹم چلا گیا اور فرانسیسی فوج کی سرکردگی

---

[1] بسی بنام ڈوپلے ۲۸ نومبر ۱۷۵۲ء دیادداشت بسی ۱۷۶۴ء صفحہ ۱۳۶ ۔
[2] " " " " " " " " صفحہ ۱۳۸ ۔

فصل چہارم

گوپل کے سپرد کر گیا حقیقت یہ ہے کہ بسی کی دلی خواہش یہ تھی کہ وہ خدمت سے علحدہ ہو جائے۔ اُس نے کافی دولت جمع کر لی تھی وہ فطری طور سے اپنے وطن میں آرام سے بیٹھ کر حظ اُٹھانا چاہتا تھا لیکن ڈوپلے کا یہ کہنا کہ اُسے کوئی ایسا شخص دستیاب نہیں ہو سکتا جو دکن کی فوجوں کی سرکردگی کی خدمت بجا لا سکے۔ فوج کے افسروں نے اُس کی واپسی کی ضرورت پر زور دیا بالآخر مجبور ہو کر وہ طوعاً و کرہاً پھر ۱۷۵۳ء میں حیدر آباد واپس ہوا۔

وہاں اُس کی موجودگی کی بے حد ضرورت تھی۔ فرانسیسیوں کے مخالف اُسکے چلے جانے سے دلیر ہو گئے تھے۔ گوپل جو اُس کی عدم موجودگی میں فرانسیسی فوج کا سرکردہ تھا ایک بہادر افسر مگر کمزور سیاسی مدبر تھا۔ بالاجی راؤ پیشوا اور اس کے گرد و نواح کے علاقہ جات میں وصول مال گزاری کی مہم میں مصروف تھا ایسی حالت میں سید لشکر خاں نے یہ تجویز کی کہ یہ وقت بالاجی راؤ کے ملک پر حملہ کر دینے کے لئے بہت مناسب ہے اور صلابت جنگ کو ترغیب دی کہ وہ اورنگ آباد چل کر قیام کریں۔ اگرچہ نواب صاحب کو یہ تجویز کچھ زیادہ پسند نہ تھی۔ گوپل نے اس کے متعلق یہ عذر کیا کہ اورنگ آباد کی آب و ہوا یورپین سپاہیوں کے لئے موافق نہیں ہے ۱۷۵۲ء میں اُن کی ایک کثیر تعداد وہاں ضائع ہو چکی ہے۔ اس پر یہ قرار پایا کہ صلابت جنگ کی ہمراہی میں (۱۰۰) فرانسیسی بطور "باڈی گارڈ" کے اور سپاہیوں کی ایک پلٹن ساتھ جائے اور باقی (۸۰۰) یورپین اور دیسی سپاہیوں کی چار پلٹنیں حیدر آباد ہی میں قیام کریں [1]

اورنگ آباد پہنچ کر صلابت جنگ کو یہ صلاح دی گئی کہ وہ اپنے بھائیوں کو دولت آباد کے قلعے میں مقید کر دیں اور یہ قصے گھڑ لئے گئے کہ ان میں اور فرانسیسی عہدہ داروں میں ساز باز ہے۔ اگرچہ تمام واقعات صاف طور سے بتا رہے ہیں کہ فرانسیسی افسروں کا کوئی دخل بجز اس کے نہ تھا کہ وہ مبہوت ہو کر اس کل معاملے کو جو اُن کی آنکھوں کے سامنے ہو رہا تھا دیکھ رہے تھے۔ جو فوج حیدر آباد میں چھوڑ دی گئی تھی وہ تنخواہ ادا نہ ہونے سے

---

[1] انگریزوں نے صلابت جنگ کے کیمپ میں ایک برہمن کو بطور جاسوس کے مقرر کر رکھا تھا جس کے ذریعے سے اُن کو مفصل اور بظاہر صحیح خبریں ملتی رہتی تھیں۔ دیکھو خطوط واسدیو پنڈت مورخہ اپریل تا جون مندرجہ دیسی خط و کتابت بابت ۱۷۵۳ء۔

فصل چہارم

سے بے ضابطہ اور نافرمان ہوگئی۔ ڈوپلے نے ایسے زمانے میں بسی کو لکھا کہ جو خطوط میرے پاس آرہے ہیں اُنھیں پڑھ کر میرے بدن کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ ہر قسم کی بے اعتدالیاں انتہائی درجے کو پہنچ گئی ہیں اور قوم بیحد حقیر اور ذلیل ہوگئی ہے جس سے تم ہی اُسے نجات دلا سکتے ہو۔[له]

اُس زمانے میں حقیقی مشکل رقم کی تھی۔ فرانسیسی امدادی فوج کا خرچ ۲½ لاکھ روپے ماہانہ یا (۲۹) لاکھ سالانہ تھا۔[له] دکن کے ذرائع آمدنی غیر محدود سمجھے جاتے تھے۔ مگر ہم کو معلوم ہوچکا ہے کہ بسی نے ۱۷۵۲ء کے ختم ہونے سے پہلے ہی اس معاملے میں اپنی رائے بدل دی تھی۔ مزید براں اس قدر کثیر رقم کا خزانہ سے ماہانہ نکلنا عام طور سے نہایت ناپسندیدہ نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ تمام دربار کے امرا اور صوبہ دار کے تمام رسالوں کے سوار یہ سمجھتے تھے کہ یہ رقم اُن سے چھین کر فرانسیسیوں کو دی جارہی ہے۔ اسکے ساتھ یہ بھی تھا کہ خزانے میں تنخواہ کے لئے رقم موجود نہ ہوتی تھی۔ ۱۷۵۳ء کے جون میں فرانسیسی فوج کی تین یا چار مہینے کی تنخواہ چڑھ گئی تھی۔ جولائی میں بسی نے آکر مقامی مہاجنوں اور مسلمان دوستوں سے قرض لے لواکر تنخواہ کا ایک حصہ ادا کیا۔[۲له]

تنخواہ کے بروقت ادا ہونے کی صرف یہی ایک صورت ہوسکتی تھی کہ کسی مالگزاری کے علاقے کی سند لے کر خود فرانسیسی اُس کے وصول کا انتظام کریں۔ اس لئے بسی نے اپنی قدیم تحریک یعنی چار اضلاع سیکاکول۔ ایلور۔ راجمندری اور کنڈاپلی کے حصول کی کارروائی شروع کی۔ اُن کے مل جانے سے بشمول اُن عطیات کے جو اس سے قبل حاصل ہوچکے تھے فرانسیسی ساحل کے ایک طویل قطعہ اور دوآبۂ گوداوری اور کرشنا کی شاداب اراضی پیداوار اعلیٰ غیر سے قابض اور متصرف ہوئے جاتے تھے۔ مال گزاری کی رقم کا اندازہ (۳۱۰۵) لاکھ کیا گیا تھا اور قدیم عطیات کو ملا کر جملہ رقم (۴۲) لاکھ سالانہ سمجھی جاتی تھی۔ نومبر ۱۷۵۳ء میں بسی اپنی فوج مقیم حیدرآباد میں ترتیب اور انتظام قائم کرکے

[له] اس خط کا انتخاب ہمینٹ نے چھاپا ہے صفحہ ۲۴۹۔

[۲له] یادداشت بسی (۱۷۶۴) صفحہ ۳۱۔

[۳له] ،، صفحہ ۴۱۔۴۰۔

جلد چہارم

اورنگ آباد جا پہنچا۔ اس کے پہنچتے ہی اُس کے دشمن دب گئے اور جن اضلاع کے عطا سے پہلے انکار کیا جا چکا تھا وہ بلا تامل اُسے دیئے گئے۔ اس فوری تبدیلی کی کوئی صریح وجہ سمجھ میں نہیں آتی بجز اس کے کہ یہ کہا جائے کہ اٹھارھویں صدی میں ہندوستان کے لوگ عزم بالجزم کے سامنے گردن جھکا دینے کے عادی تھے۔ علاوہ اس کے صوبہ دار اور اُن کے وزرا بخوبی جانتے تھے کہ اُن کو مرہٹوں کے ہاتھ سے بچنے کے لئے فرانسیسی مدد کی ضرورت ہے لیکن پہلے بھی یہی دونوں وجوہ موجود تھے۔ بہرحال وجہ خواہ کچھ ہو اضلاع مذکورالصدر فرانسیسی فوج کی نگہداشت کیلئے ذاتی طور سے بسی کے نام کردیئے گئے۔[1]

باوجود بسی کی اصلاحوں کے جس سے فوج کا خرچ صرف ڈیڑھ لاکھ روپے ماہانہ رہ گیا تھا[2] جو مشکلیں درپیش تھیں وہ رفع نہ ہو سکیں۔ جدید اضلاع کے عطیے سے فوراً روپیہ ہاتھ نہ آسکتا تھا اور نہ صلابت جنگ کے احکام ایسے تھے کہ اُنکی فوراً تعمیل ہو سکتی تھی۔ اس کے ساتھ ہی صلابت جنگ اور راگھوجی بھونسلہ سے پھر لڑائی چھڑ گئی جو ۱۷۵۵ء تک قائم رہی۔ صلح اُس وقت ہوئی جبکہ صلابت جنگ اور بسی راگھوجی کے دارالحکومت ناگ پور پہنچ گئے۔ مئی میں فرانسیسی فوج حیدرآباد لوٹ آئی۔ بسی کا کام اُس قرضے سے چلتا رہا جو اُسے لوکن جی سے جو کہ جنوبی دکن کا سب سے بڑا مہاجن تھا ملتا تھا[3]۔

اس عرصۂ مدت میں فرانسیسیوں کو اضلاع مفوضہ میں عمل و دخل کرنے میں بعید دقتیں پیش آئیں۔ وہاں کا پہلا گورنر جعفر علی خاں نامی فوراً مقابلے کے لئے تیار ہو گیا اس میں فطری طور سے انگریزوں کی ترغیب شامل تھی۔ اُس نے اپنے اہل و عیال کو حفاظت کی غرض سے اُن کی نوآبادی ورنگا پٹم میں بھیج دیا اور درخواست کی کہ قلعۂ راجمندری میں انگریزی فوج بھیج دی جائے۔ ویسٹ کوٹ نے جو ان ایام میں

[1] یادداشت بسی (۱۷۶۷) صفحہ ۷۹۔

[2] " " " " " —

[3] ویسی خط و کتابت بابت ۱۷۵۵ء صفحات ۹۶ و ۱۲۰۔

فصل چہارم

انگریزوں کا ایجنٹ تھا یہ تجویز کی کہ جو مختصر فوج برہما کے سواحل پر ایک عارضی نوآبادی کو بھیجی جا رہی ہے اُسے روک کر جعفر علی خاں کی مدد کی جائے۔ لیکن شمال کی طرف انگریزی فوجیں اس قدر کم تھیں کہ کسی طرح یہ امید نہیں ہوسکتی تھی کہ بسی کے مقابلے میں کامیاب ہوسکیں گی اس لئے مدراس کی کونسل نے ویسٹ کوٹ کی تجویز نامنظور کردی۔[۵۱]

جعفر علی خاں کو مقامی سرداروں سے بھی زیادہ مدد نہیں ملی۔ دسمبر [۵۳] ۱۷۵۳ء میں جس وقت ان اضلاع کے فرانسیسیوں کو دئے جانے کی خبر وہاں پہنچی تھی سب زمینداروں نے جعفر علی خاں کو مدد دینے کا وعدہ کرلیا تھا۔ لیکن فروری میں موراسن نامی مسولی پٹم کے فرانسیسی افسر نے وزیانگرم کے راجہ کو جو اُس نواح میں سب سے بڑا زمیندار تھا یہ ترغیب دے کر کہ شمالی اضلاع کا نائب وہی مقرر کردیا جائیگا اُسے اپنی طرف کرلیا۔ البتہ رگھوجی بھونسلہ نے پندرہ ہزار سوار اپنے بیٹے کے تحت فرانسیسیوں کی مدافعت میں مدد دینے کے لئے بھیج دئے تھے۔ یہ اپنی عادت کے مطابق لوٹ مار کرتے ہوئے اُن اضلاع کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک پہنچ گئے اگرچہ اُن کی دوا دوش سے کوئی مستقل مزاحمت فرانسیسیوں کے قبضے میں نہیں ہوئی مگر اُن کے اس عمل نے اس سال کے محاصل کے وصول میں بے حد دقتیں پیدا کردیں اور اس سے بسی کی مالی مشکلات اور زیادہ ہوگئیں۔ مئی ۱۷۵۴ء میں مرہٹے ان اقطاع کو چھوڑ کر چلے گئے۔

اس عرصے میں موراسن نے ان اضلاع کو ٹھیکے پر دینے کا انتظام کرلیا۔ اضلاع راجمندری وچیکاکول کی نسبت یہ قرار پایا کہ وہ سولہ لاکھ روپے سالانہ پر وزیانگرم کے راجہ کے حوالے کردئے جائیں[۵۲] مگر اُس زمانے کے بندوبست کے مطابق اتنی رقم وصول نہ ہوسکی۔ بسی کا بیان ہے کہ پہلے سال صرف ساڑھے گیارہ لاکھ روپے وصول ہوئے[۵۳] ۱۷۵۵ء میں وہ لکھتا ہے کہ اُس کی فوج کو بھیک مانگنے کی نوبت

---

[۵۱] روئداد کونسل ۱۴ فروری ۱۷۵۴ء۔

[۵۲] یادداشت بسی (۱۷۶۷) صفحہ ۶۰ - ۱۲۰۔

[۵۳] " " " " " " ۔

فصل چہارم

آگئی ہے۔ اُسے اپنے جواہرات فروخت کردینے پڑے۔ روپیہ مسولی پٹم سے بھیجا جاتا چاہیئے خواہ وہ قدیم عطا شدہ اقطاع[1] کا ہی کیوں نہ ہو۔

جولائی میں وہ اپنی فوج کے بڑے حصے کے ساتھ اس غرض سے روانہ ہوا کہ اُن اضلاع میں خود جا کر فرانسیسی عمل و دخل قائم کرے۔ وہاں پہنچ کر اسے معلوم ہوا کہ بے حد بدنظمی پھیلی ہوئی ہے۔ زمینداروں سے جن کے ہاتھ میں یہ تمام اضلاع تھے معاملہ کرنے میں بے حد ہوشیاری کی ضرورت تھی۔ بہر حال اس نے مختلف مالگزاروں سے معاہدات کر کے یہ اندازہ کیا کہ ۱۷۵۴-۵۵ء[2] میں تقریباً ساڑھے اٹھارہ لاکھ روپیہ وصول ہوگا اور اگر یہ رقم پورے طور سے وصول ہوگئی تو دکن کی فوج کے اخراجات کے لئے کافی ہوگی۔ اس اہم معاملے کا انتظام کر کے ۱۷۵۴ء کے ختم پر بسی دکن لوٹ آیا۔

اگست ۱۷۵۴ء میں ڈوپلے کے واپس طلب کر لئے جانے اور بعدہٗ گادہیو کے سانڈرس کے ساتھ صلح کر لینے کا کوئی اثر بسی پر نہ پڑا تھا۔ گادہیو مطلق اس پر رضامند نہ تھا کہ جو ممالک دکن میں فرانسیسیوں کو مل چکے ہیں وہ چھوڑ دئے جائیں بشرطیکہ فرانسیسی کمپنی کی مالی حالت اُسے جنگ جاری رکھنے کی اجازت دے۔ دکن حدود صلح سے خارج تھا اور اس لئے صلح بسی کی کارروائیوں کی مانع نہ تھی۔ جو عارضی صلحنامہ

---

[1] یادداشت بسی (۱۷۶۷) صفحہ ۶۰-۱۲۰۔

[2] جو بندوبست اُس نے کیا اس کی روایت اُس کے خط موسومۂ ڈوپلے مورخۂ ۱۵ اکتوبر ۱۷۵۴ء میں دی گئی ہے۔ وزیانگرم کے راجہ کو صرف راجمندری کا ضلع تیرہ لاکھ سالانہ پر دیا گیا تھا۔ اور سیکاکول ابراہیم خاں کو ۹ لاکھ پر اور دوسرے دو اضلاع کا ٹھیکہ (۹) لاکھ کی مجموعی رقم پر ہوا۔ اس طور سے چاروں اضلاع کے متعلق یہ خیال کیا جاتا تھا کہ ۱۷۵۵ء میں (۳۱) لاکھ روپیہ وصول ہوگا۔ جس سے بعد اخراجات انتظام و تنخواہ فوج ساڑھے پانچ لاکھ سالانہ کی بچت ہوسکیگی۔ جو روایت ہم نے اوپر لکھی ہے اور جو بسی کی یادداشت (۱۷۶۴) صفحات ۶۲-۶۰ سے لی گئی ہے زیادہ قرین قیاس ہے۔ یہ امر پیش نظر رکھنا چاہیئے کہ بسی کا فائدہ اس میں تھا کہ وہ اُن اعداد کو گھٹا کر دکھائے اور ڈوپلے کا فائدہ اس میں تھا کہ وہ اُن کو بڑھا کر دکھائے۔

فصل چہارم

۱۷۵۴ء کے آخر میں مرتب ہوا اُس میں فرانس کے شمالی مقبوضات کی واپسی کی شرط تھی گر کمپنی کی منظوری تک ہر فریق کا موجودہ قبضہ بحال رکھا گیا تھا۔ اس صلح سے موجودہ منافع سے استفادہ جائز تھا اور انگریزوں سے لڑائی کے جو مصارف عائد ہوتے تھے وہ موقوف ہو گئے تھے اور ان فوائد سے دستبرداری کمپنی کی منظوری پر منحصر تھی۔ خلاصہ یہ ہے کہ گاڈ ہیو نے صرف مشروط وعدہ کر کے فوری صلح سے پورا فائدہ اُٹھایا۔ وہ فروری ۱۷۵۵ء میں فرانس واپس چلا گیا اور اُس کا جانشین ڈی لیرٹ بنگال سے دوسرے مہینے میں آکر پانڈیچری میں داخل ہوا۔ وہ بسی کی اسی طرح تائید کرتا رہا جیسا کہ اُس کے دو پہلے جانشین کرتے رہے تھے۔ ان تبدیلیوں کا سب سے بڑا نتیجہ یہ تھا کہ بسی ڈوپلے جیسے شخص کی ماتحتی کے فوائد سے محروم یا اُس کی مضرتوں سے محفوظ ہو گیا جس کا دماغ تدبیروں سے معمور مگر جلد بھڑک اُٹھنے والا اور معمولی صریح واقعات پر لحاظ نہ کرنے والا تھا۔

بسی صلابت جنگ کے پاس پہنچنے کے بہت تھوڑے عرصے کے بعد صلابت جنگ کے ساتھ میسور کی مہم پر روانہ ہو گیا جس کا مقصد حکمران میسور سے وصول خراج یا نذر رقم تھا جیسے ۱۷۵۴ء میں بالاجی راؤ اور اُس کے مرہٹوں کی کثیر جمعیت کا جبریہ میزبان بنتا پڑا تھا۔ میسوریوں نے پہلے مقابلے کا ارادہ کیا مگر یہ سن کر کہ مرہٹے پھر آرہے ہیں اُنھوں نے بسی کی پیش کردہ مصالحت کو قبول کر کے صلابت جنگ سے باون لاکھ پر صلح کر لی اس قرارداد کے ساتھ کہ ستائیس لاکھ نقد اور باقی بذریعہ ہنڈویوں کے ادا کئے جائیں[51]

اس کے چند روز بعد ہی بسی کے دماغ میں ایک نئی ہوا بھر گئی۔ ڈوپلے اور وہ ایک عرصے سے دہلی جانے کا خیال پکا رہے تھے۔ ۱۷۵۵ء کا آخر دن تھا کہ اُس نے ایک خط فرانس کے وزیر جنگ ڈی ارگنسن کو لکھا جو اتفاق سے یورپ جاتے ہوئے انگریزوں کے ہاتھ پڑ گیا[52]۔ اس خط میں اُس نے صلح کا ذکر کر کے جو اُس وقت

---

[51] فوجی کونسل ۵۵ ،، ۱ صفحہ ۹۲ وتاریخ قلمی تاریخ منفرقات ۵۵ صفحہ ۱۶-۱۸- یادداشت بسی (۱۷۶۴) صفحہ ۳۴ ۵-

[52] فوجی مراسلہ انگلستان سے مورخہ یکم فروری ۱۷۵۵ء مع ملفوفات۔ نیز ملاحظہ ہو انگریزی وکیل کی رپورٹ مورخہ یکم فروری ۱۷۵۶ء (دیسی خط وکتابت بابت ۱۷۵۶ء صفحہ ۲۶)۔

فصل چہارم

تھوڑے عرصے کے لئے دکن میں قائم ہوگئی تھی ہندوستان کے بادشاہ کے ساتھ مجوزہ اتحاد کا تذکرہ اس طور سے کیا تھا کہ بادشاہ اور نیز اُس کا وزیر اس کے متمنی ہیں کہ مرہٹوں کو نیچا دکھانے میں ہم اُن کے شریک ہو جائیں" اُس نے اس امر پر بہت زور دیا تھا کہ اس شرکت میں ہمارا سراسر فائدہ ہے اُس کی رائے میں اس شرکت کی شرائط یہ ہونی چاہئیں کہ پہلے ایک رقم فوراً ادا کی جائے۔ فرانسیسیوں کے قبضہ میں جو ممالک ہیں انکی توثیق کی جائے۔ آرکاٹ کامل طور سے صوبۂ دکن کے ماتحت رہے اور جن فوجوں سے کام لیا جائے اُن کی تنخواہ ادا کی جائے۔ یہ محض خیالی پلاؤ تھا فرانسیسیوں کے ان مقبوضات کی بیکار اور فضول توثیق سے قطع نظر کر کے جنھیں انھوں نے بزور شمشیر لیا تھا اور جنھیں وہ بزور شمشیر ہی قائم رکھ سکتے تھے اس تجویز میں جو فائدہ سوچا گیا تھا وہ رقم کا تھا جس کا سرانجام بادشاہ دہلی سے ناممکن تھا۔ ڈوپلے اور اُس زمانے کے دوسرے یورپینوں کی طرح بسی بھی اس شاندار نمود بے بود (یعنی شاہان مغلیہ) کی عظمت اور تمول میں مبالغے سے کام لے رہا تھا۔[1]

اُس زمانے میں جبکہ وہ یہ خیالی پلاؤ پکا رہا تھا ایسے اسباب جمع ہو رہے تھے جو اس کی بنیاد کو ہلا دینے والے تھے۔ دکن کے جنوبی مشرقی حصے کے پٹھان نوابوں میں سے ایک نواب نے صلابت جنگ کی حکومت کو پورے طور سے تسلیم نہیں کیا تھا مراری راؤ لٹیرا مرہٹہ اُس نواب کا پڑوسی تھا اور بالاجی راؤ سے مقابلہ کر رہا تھا ۱۷۵۶ء کے آغاز میں صلابت جنگ اور بالاجی راؤ نے متفق ہو کر ان باغیوں کو زیر کرنا چاہا اور پٹھان کے دار الریاست بنکاپور[2] کے محاذی خیمہ زن ہو گئے ۵۵-۱۷۵۴ء میں مراری راؤ نے جو کارگزاری کرناٹک میں کی تھی اُس کے متعلق اُسے فرانسیسیوں پر ایک کثیر رقم کا دعویٰ تھا بسی نے اس موقع سے فائدہ اٹھا کر باغیوں اور اُنکے آقاؤں کے درمیان صلح کرا دی اور اسکے معاوضے میں مراری راؤ اپنے مطالبے سے

[1] بعدہ کلکتے میں بھی ایسی تجویزیں پیش ہوئیں جن کی بنیاد اس تجویز سے بھی کمزور تھی۔ دیکھو آئندہ آنے والا بیان۔

[2] یا سانور

فصل چہارم

دست بردار ہوگیا[1]۔ یہ آخر اپریل کا واقعہ ہے۔ اور ۱۲ مئی کو بسی صلابت جنگ کی ملازمت سے علیحدہ ہوکر اپنا سفر شروع کرچکا تھا[2]۔

یہ اُن سازشوں کا نتیجہ تھا جو ایک عرصے سے ہو رہی تھیں ۱۷۵۵ء میں جب بسی پھر برسر اختیار ہوگیا تھا اُس نے سید لشکر خاں کو دیوانی کی خدمت سے علیحدہ کرا کے شاہ نواز خاں کو دوبارہ دیوان مقرر کرادیا تھا۔ مگر شاہ نواز خاں بھی فرانسیسیوں کے ویسے ہی مخالف تھے جیسے کہ سید لشکر خاں تھے۔ شاہ نواز خاں نے خاموشی کیساتھ بسی کو بزگاپورم میں صلح کی کارروائی کرنے دی اور جب وہ مکمل ہوگئی اس وقت یہ ظاہر کیا کہ اگر بسی نے فرانسیسیوں کے فائدے پر صوبہ دار کے فوائد کو قربان نہ کردیا ہوتا تو صلح ان سے بہت بہتر شرائط پر طے ہوسکتی تھی اور نیز یہ کہ صوبۂ کرناٹک کی کل آمدنی فرانسیسیوں نے حاصل کرلی اور صوبہ دار کو اُس کا کوئی حصہ نہیں ملا۔ اس کے ساتھ ہی جعفر علی خاں جنھوں نے اضلاع متذکرۂ بالا کے تصرف میں فرانسیسیوں کی مزاحمت کی تھی اور جو بعد میں صلابت جنگ کی خدمت میں حاضر ہوگئے تھے یہ بیان کیا کہ صوبہ دار کو جس قدر فوج کی ضرورت ہوگی وہ انگریز دینے کیلئے تیار ہیں۔ تمام دربار فرانسیسیوں کے خلاف تھا۔ بالاجی راؤ بھی اس سے متفق تھا کیونکہ اُسے یہ امید تھی کہ اگر بسی موقوف کردیا جائیگا تو وہ اپنے مرہٹوں کے ساتھ اس کی جگہ ملازمت اختیار کرلیگا۔ ایسی حالت میں بسی کو بجز اس کے کوئی چارہ نہ تھا کہ وہ اپنی علیحدگی کے حکم کی خاموشی کے ساتھ تعمیل کرے وہ اسی کو غنیمت سمجھتا تھا کہ اُسکے جانے میں کوئی مزاحمت نہیں کی جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ بالاجی راؤ کے رضامند ہوجانے کے پوشیدہ مقاصد اس امر کے مانع تھے کہ وہ اپنے مجوزہ حلیف کی تباہی کا خواہاں ہو۔

۱۴ جون ۱۷۵۶ء کو بسی حیدرآباد پہنچا۔ اُسے بہت کم امید تھی کہ وہ بلا کسی مزاحمت کے مسولی پٹم تک پہنچ سکے گا اس لئے اُس نے آنے کے ساتھ ہی شہر کے شمال مغرب میں

---

[1] پی۔ آر۔ نمبر ۱۵۔ الیف ۵۱۶۔

[2] دیسی خط و کتابت بابت ۱۷۵۶ء صفحہ ۷۰۔

فصل چہارم

اُس باغ میں جو چار محل کے نام سے مشہور ہے ایک محفوظ مقام منتخب کر لیا۔ یہاں اسکا نہایت کمزوری کے ساتھ محاصرہ کیا گیا جسے وہ نہایت آسانی کے ساتھ دفع کرتا رہا اگرچہ خود اُس کے دیسی سپاہیوں کی کثیر تعداد اُس کو چھوڑ کر بھاگ گئی تھی۔ ۱۶ اگست کو لا اُس فوج کے ساتھ جو اُس نے پانڈیچری اور مسولی پٹم سے جمع کر لی تھی اُس کی مدد کیلئے آ گیا۔ چار دن کے بعد اہل اسلام اس شرط کے ساتھ صلح پر راضی ہو گئے کہ ضلع کونڈاور جو بسی کو جاگیر حیاتی عطا کیا گیا تھا وہ دوامی کر دیا جائیگا اور بسی کی طرف سے یہ وعدہ کیا گیا کہ وہ ریاست کے اندرونی معاملات میں دخل نہ دیگا[1] اس کارروائی کی نہایت زور و شور کے ساتھ ثنا و صفت کی جاتی ہے اس سے بسی کی صلابت رائے اور صحت عمل کا ضرور اظہار ہوتا ہے مگر فی الحقیقت نہ کوئی سخت مقابلہ محاصرے کے زمانے میں ہوا اور نہ لا کی آمد پر۔ صلابت جنگ کی فوج میں غداری عام طور سے پھیلی ہوئی تھی۔ بسی نے صلابت جنگ کی فوج کے متعدد افسروں کو ملا رکھا تھا اور جب اس نے لا کو بعجلت تمام حیدرآباد کی طرف کوچ کرنے کا حکم دیا تھا اس وقت اس کو اُن افسروں کے نام تک بتا دئے تھے جو اُس کے روکنے کے لئے بھیجے گئے تھے اور جن کی نسبت معلوم تھا کہ وہ سختی کے ساتھ مزاحمت نہ کریں گے[2] اس کارروائی کی کامیابی بہ نسبت کسی دوسری سخت لڑائی کے کلائیو کی پلاسی کی کامیابی سے بہت زیادہ مشابہ ہے۔

یہ واقعات اُس وقت وقوع پذیر ہو رہے تھے جبکہ صورت معاملہ بڑھ کر اس حد تک پہنچ گئی تھی کہ کلائیو بجائے بنگال کا فاتح ہونے کے قریب تھا کہ دکن کا فاتح قرار پائے۔ ۱۷۵۶ء میں جبکہ یورپ میں دونوں کمپنیوں کے درمیان صلح کی گفت و شنید ہو رہی تھی اور فرانسیسی اپنے شمالی مقبوضات سے دست بردار ہونے پر کسی طرح راضی نہ ہوتے تھے یہ تجویز قرار پائی تھی کہ بالاجی راؤ کی شرکت میں بسی پر حملہ

[1] بسی بنام لیرٹ ۲۸ اگست ۱۷۵۶ء (آرمی کی قلمی تاریخ ہندوستان جلد ۶۔ الف۔ الف ۱۳۳۰ وغیرہ) نیز ایک مراسلہ لا کی فوج کے ایک افسر کا جو الحسب سابق اور دیسی خط و کتابت بابت ۱۷۵۶ء صفحہ ۳۳)۔

[2] اس کی تائید خود بسی کے بیان سے ہوتی ہے (آرمی کی تاریخ قلمی متفرقات نمبر ۵ صفحہ ۱-۲)۔

فصل چہارم

کیا جائے خواہ بمبئی کی طرف سے خواہ مشرقی ساحل سے یا دونوں طرف سے جیسا موقع ہو۔ کلائیو اُس زمانے میں قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کا نائب گورنر ہو کر اس شرط کے ساتھ کہ جگہ خالی ہوتے ہی وہ مدراس کا گورنر مقرر کر دیا جائیگا ہندوستان روانہ ہونے کے قریب تھا دربار انگلستان کی سرپرستی کی بنا پر کمپنی کو کرنل کارولائن اسکاٹ کو انجنیر جنرل بنا کر مجوزہ مہم کا افسر اعلیٰ مقرر کرنا پڑا اور یہ قرار دیا گیا کہ اگر کرنل کارولائن کسی وجہ سے کام نہ کر سکیں تو یہ مہم کلائیو کے تحت میں رہے گی۔ ۱۷۵۵ء میں کلائیو شاہی توپ خانے کی تین کمپنیاں اور تین چار سو شاہی پیدل ہمراہ لیکر بمبئی پہنچ گیا[۱]

جن مراسلات میں یہ تجویزیں درج تھیں وہ ستمبر ۱۷۵۵ء میں بمبئی پہنچ گئے تھے لیکن جہاز ڈاڈنگٹن نامی جو اسی قسم کے مراسلے لئے ہوئے مدراس جا رہا تھا راستے میں تباہ ہو گیا[۲]۔ مدراس میں براہ راست پہلی مرتبہ اس کی اطلاع بمبئی کی کونسل کے صدر نشین بورشمیر کے خط مورخہ ۲ ستمبر ۱۷۵۵ء کے ذریعے سے ہوئی مگر پگیٹ کے پاس اس سے قبل ایک خط خفیہ کمیٹی کا آچکا تھا جس سے اُس کو اس تجویز کی حقیقی نوعیت کا پتا لگ گیا تھا۔ بورشمیر نے لکھا کہ اُس کے خیال میں جو صلح گاڈہیو سے ہو چکی ہے وہ فرانسیسیوں کے مقابلے میں کارروائی کی مانع تھی اور اسلئے اُس نے بالاجی راؤ کو ہموار کرنے کے متعلق کوئی کارروائی نہیں کی۔ پگیٹ اور اُس کے مشیروں کی رائے بالکل اس کے خلاف تھی۔ صلح کی بنا پر کرناٹک میں کوئی حملہ نہ ہو سکتا تھا مگر دکن کا کہیں تذکرہ نہیں ہوا تھا اور خود گاڈہیو نے بالآخر یہ مان لیا تھا کہ یہ صلح دکن پر حاوی نہ تھی اس لئے پگیٹ اور اُس کے مشیروں نے اس پر زور دیا کہ مرہٹوں کے ساتھ فوراً معاہدہ کر لیا جائے اور ایک انگریزی جمعیت اُنکی فوج میں شریک ہونے کے لئے بھیج دی جائے اور اگر بالاجی راؤ و صلابت جنگ میں

---

[۱] خفیہ کمیٹی بنام پٹ ۱۲ جنوری ۱۷۵۵ء (چیتھم کے قلمی کاغذات) فوجی مراسلہ بنام مدراس ۲۶ مارچ ۱۷۵۵ء مع منسلکات۔ فوجی مراسلہ بنام بمبئی مورخہ حسب سابق۔ فوجی مراسلہ بنام بمبئی مورخہ ۲۵ اپریل ۱۷۵۵ء اور کلائیو کی شہادت (اول رپورٹ کمیٹی منتخبہ صفحہ ۱۴۳)

[۲] مدراس میں اُن کے نقلیں جات ۹ مئی ۱۷۵۶ء کو پہنچے۔

فصل چہارم

لڑائی چھڑ جائے تو انگریزوں کو اس کی مدد کرنے میں مطلق تامل نہ ہونا چاہیئے بشرطیکہ فرانسیسی صلابت جنگ کی مدد کریں[1]۔ یہ بین الاقوامی ذمہ داریوں کی ضرورت سے زیادہ باریک تعبیر خیال کی جا سکتی ہے مگر یہ تجویز صحیح اور عملی فوائد پر مبنی تھی۔ فرانسیسی اب تک اتنے نہیں دبے تھے کہ اپنے ایسے مقبوضات سے دست بردار ہو جائیں جن کے ذریعے سے وہ ایسی فوج قائم رکھ سکتے تھے جو انگریزوں کو اطمینان سے بیٹھنے نہیں دیتی تھی۔ یہ لڑائی خاتمے کی لڑائی تھی۔ مدراس کے مشیروں نے اس کی صحیح نوعیت کا اندازہ کر کے اُس کا انتظام کیا تھا۔ بظاہر اس معاملے میں بڑا حصہ رابرٹ آرمی کا تھا جس نے باوجود بعض لوگوں کے تردد اور تامل کے اُسے منظور کرالیا۔ نسبی کی میسور کی کارروائی اور پیگٹ اور ڈی لیرٹ کی خط و کتابت نے مدراس کی تجویز کو مستحکم کر دیا اور بمبئی کو پھر اس بارے میں لکھا گیا[2]۔

لیکن بمبئی کے حضرات ضدی واقع ہوئے تھے۔ اُن کے پاس جیسا کہ قبل ازیں بیان ہو چکا ہے فوج کی کافی مدد پہنچ چکی تھی مگر اُنھوں نے بجائے نسبی کے تعجب انگیز بے سمجھی سے کام لے کر ایک دریائی غارتگر (گھریا) نامی پر حملہ کرنا مناسب تصور کیا جو اُن دیسی کشتیوں کو لوٹ لیا کرتا تھا جو مغربی ساحل پر سفر کرتی رہتی تھیں۔ اس تجویز کی بنا پر واٹسن اور کلائیو اُن غارت گروں کے مقابلے میں بھیج دئے گئے جنھوں نے بہت تھوڑے عرصے میں اُن کا قلعہ فتح کر لیا۔ اس معاملے میں اصل غرض کی طرف سے اس قدر بے پروائی برتی گئی کہ اُن کے حلیف مرہٹوں کو یہ شکایت پیدا ہو گئی کہ مال غنیمت سے اُن کو فائدہ اُٹھانے کا موقع نہیں دیا گیا۔ یہ مقامی مفاد اور مقامی رقابتوں کا اثر تھا۔ آرمی کا یہ لکھنا غلط نہ تھا کہ "صلابت جنگ کی مہم میں لیڈن ہال کے سفید ریشوں کے نزدیک گورنر بمبئی کی صرف اتنی ہی نیک نامی ہوتی کہ اُس نے مدراس پریسیڈنسی کو

[1] بورچیر بنام پیگٹ ۲۵ ستمبر ۱۷۵۵ء اور پیگٹ کا جواب مورخہ ۳۰ نومبر مع مباحث کمیٹی منتخبہ مدراس (فوجی متفرقات کی کتاب نمبر ۹)۔

[2] آرمی بنام ہولڈرنس ا مارچ ۱۷۵۶ء (آرمی قلمی متفرقات نمبر ۱۔ الف۔ الف ۲۸)۔

[3] مدراس کی خانگی کمیٹی ۵ مارچ ۱۷۵۶ء۔

فصل چہارم

مدد دی گئی[1]۔

اس تعویق کے باوجود بسی کو دکن سے خارج کردینے کا موقع اب بھی باقی تھا۔ ۱۷۵۶ء کے آغاز میں فرانس کے ساتھ جنگ کے تمام آثار نمایاں ہوگئے تھے اور مصالحت اور معاہدات کی گفت و شنید تقریباً موقوف ہوچکی تھی۔

مارچ ۱۷۵۶ء کو بالاجی راؤ کی تحریک انگریزی فوجی مدد کے لئے وصول ہوئی اور مدراس کی کونسل نے (۲۰۰) یورپین ایک ہزار دیسی سپاہی اور توپ خانہ بھیجنے کا ارادہ کرلیا اور یہ سمجھا گیا کہ گھریا کے مغلوب ہوجانے سے بالاجی راؤ ہمارا مضبوط رفیق اور حلیف ہوجائیگا[2]۔ اس بارے میں بمبئی سے خط و کتابت ہورہی تھی کہ دکن میں ایک تعجب انگیز تبدیلی واقع ہوئی جس کی بنا پر بسی اپنی خدمت سے علیحدہ کردیا گیا۔ ۱۵ر جون کو صلابت جنگ کا ایک مراسلہ وصول ہوا جس میں ایک انگریزی جمعیت کے بھیجنے کی استدعا کی گئی تھی۔ اس پر یہ تجویز ہوئی کہ (۴۰۰) یورپین مع توپچیوں کی ایک جمعیت کے فوراً روانہ کئے جائیں۔ اس کے متعلق مباحث پیش تھے اور تیاریاں ہی ہورہی تھیں اور مہم ہنوز مکمل نہیں ہوئی تھی کہ ۱۳ر جولائی کو قاسم بازار کی تسخیر اور ۲۳ر اگست کو نواب بنگالہ کے طرز عمل کی خوفناک خبریں آئیں اور ۱۳ر اگست کو معلوم ہوا کہ کلکتہ فتح ہوگیا ہے۔ اس نے باوجود اختلاف کے جس کو آرمی خانگی خط و کتابت میں ذاتی اغراض کا نتیجہ قرار دیتا ہے[3] دکن میں انگریزی مہم کے بھیجے جانے کا خاتمہ کردیا۔

اس تمام کارروائی کا خلاصہ یہ ٹھہرا کہ بسی دکن میں بدستور قائم رہا اور انگریزوں کو بنگال میں اپنے قدم مضبوطی کیساتھ جمانے کا خوب موقع مل گیا۔ اگر ہم دکن کی مہم میں پھنس گئے ہوتے اور کلکتہ ہاتھ سے نکل جاچکا تھا تو کلائیو کسی طرح اس کو چھڑانے کے لئے بنگال نہیں جاسکتا تھا اور وہاں کے معاملات کی صورت بالکل دگرگوں ہوتی۔ اس لئے

[1] آرمی بنام ہولڈرنس (حوالہ حسب سابق)

[2] مدراس کی خانگی کمیٹیاں ۱۵ر مارچ و ۲۷-۱۸ر مئی ۱۷۵۶ء۔

[3] آرمی بنام آپین ۴ر نومبر ۱۷۵۶ء (آرمی کی قلمی تاریخ متفرق ۲۸-الف - الیف ۵۸)۔

فصل چہارم

یہ سمجھنا چاہیئے کہ ۱۷۵۶ء میں بمبئی کی کونسل نے جو مقامی مفاد کو پیش نظر رکھ کر گھریا پر حملہ کیا اور قومی مفاد کو نظر انداز کر کے بسی پر حملہ آور نہ ہوئی وہ ایک طرح کی خوش قسمتی تھی۔ مگر یہ اتفاقیہ امر تھا جس نے ایک سخت غلطی کو ایک دانشمندانہ احتیاط ثابت کر دکھایا دکن سے وہ منافع اور ذرائع نہیں ہاتھ آسکتے تھے جو بنگال سے ہاتھ آئے اور جو بالآخر ۱۷۶۱ء میں پانڈیچری کی فتح کے باعث ہوئے۔ ۱۷۵۶ء کی ابتدا میں ہوشیار سے ہوشیار مدبر بھی ان امور کا گمان بھی نہیں کر سکتا تھا جنھوں نے ہندوستان کے شاداب اور زرخیز ترین قطعۂ ملک پر ہمیں قابض کر دیا مگر بمبئی کا طرز عمل باوجود اس کے نتائج کے غلط تھا اور مدراس کا طرز عمل اگرچہ اس کی وجہ سے ہم بہت سی مشکلوں میں پھنس جاتے بالکل صحیح تھا۔ یہ ایک ایسی صورت تھی جس میں ایک خود غرضانہ بیوقوفی ایسی تعریف اور توصیف کی مستوجب قرار پائی جس کی وہ فی الحقیقت مستحق نہ تھی۔

چارمحل کے محاصرے سے کامیابی کے ساتھ نکلنے کے بعد بسی نومبر ۱۷۵۶ء میں اضلاع عطیہ کے انتظام کے لئے روانہ ہوا۔ وہاں کے مال گزاروں اور زمینداروں نے باستثنائے وزیارام راجو راجۂ وزیانگرم کے حیدرآباد میں بسی کی پریشانیوں اور موقع پر کسی قسم کی قوت موجود نہ ہونے کی وجہ سے مال گزاری کی واجب الوصول اقساط کے ادا کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ زمینداروں میں وزیارام کے بعد سب سے بڑا زمیندار رنگا راؤ بوبلی کا راجہ تھا۔ وزیارام کے مشورے کے مطابق پہلے بسی نے اسی کو مغلوب کرنے کا ارادہ کیا۔ ۲۴ جنوری ۱۷۵۷ء کو اسکے قلعے پر حملہ کیا گیا جس بہادری سے اس کی حفاظت کی گئی اور جو خون ریزی ہوئی اور جس طرح قلعے کے دو بچے ہوئے آدمیوں نے راجہ وزیارام کو قتل کر ڈالا دردناک واقعات ہیں جو آرمی نے نہایت تفصیل اور موثر طریقے سے بیان کئے ہیں۔ اسکے بعد بسی راجہ گمسر کے مغلوب کرنے کی طرف متوجہ ہوا جہاں گھنے جنگل میں راستہ بنانے میں اسے کئی ہفتے لگ گئے بالآخر اس نے راجہ کی پیش کردہ شرائط کو منظور کر لیا اور ان اضلاع سے انگریزوں کو خارج کر دینے کے لئے آگے بڑھا۔ اسکو اعلان جنگ کی خبر پہنچ چکی تھی۔ صرف وزیگاپٹم ایک ایسا مقام تھا جہاں برائے نام قلعہ تھا اور وہ نوآبادیات کے قلعوں میں بھی سب سے زیادہ کمزور تھا۔ ۲۴ جون کو بسی وہاں پہنچا۔ دوسرے دن

فصل چہارم

شہر والوں نے اپنے آپ کو اُس کے سپرد کر دیا اس شرط پر کہ اُن کے ذاتی مال پر کوئی دست اندازی نہ کی جائے جس کی تعمیل بسی نے نہایت فیاضی سے کی۔ سال کا بقیہ حصہ وصول مال گزاری کی چھوٹی چھوٹی مہموں میں گزر گیا۔ یہ امر قابل بیان ہے کہ اُس نے اس سال کے بند وبست میں مال گزاری کی رقم کو اکتالیس لاکھ تک پہنچا دیا جو بہ مقدار ایک ثلث کے اُس سے بڑھی ہوئی تھی جو ۱۷۵۵ء میں قرار پائی تھی[1]

اس عرصے میں دربار (حیدر آباد) میں ایک بغاوت کے سامان نہایت تیزی کے ساتھ جمع ہو رہے تھے۔ صلابت جنگ کے دو بھائی اور بھی تھے۔ نواب نظام علی خاں اور بسالت جنگ جو فطری طور سے اُن تمام سازشوں کے مرکز تھے جو فرانسیسیوں کے خلاف ہوتی تھیں۔ بسی نے ایک مرتبہ یہ کوشش کی تھی جیسا کہ ہمیں پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ یہ لوگ فرانسیسیوں کے زیر حفاظت پانڈیچری میں رکھے جائیں مگر وہ تجویز کامیاب نہ ہوئی مگر اس پر بھی اُس نے ایسا انتظام کیا تھا کہ ان لوگوں کو انتظامی معاملات میں کسی قسم کا دخل نہ تھا۔ چار محل کے محاصرے کے زمانے میں بسی کے دشمنوں نے اُن کو مغاک گمنامی سے نکال کر نواب نظام علی خاں کو برار اور بسالت جنگ کو ادھونی کی حکومت پر قائم کرا دیا تھا۔ ۱۷۵۶ء کے آغاز میں شاہنواز خاں نے بہت جد و جہد کر کے نواب نظام علی خاں کو معاملات ریاست میں پیش پیش کر دیا تھا اور بالآخر صلابت جنگ کو سمجھا بجھا کر اُس پر راضی کر لیا تھا کہ ریاست کی بڑی مہر اُن کے پاس رہا کرے۔ ۱۷۵۶ء میں جب بسی پھر دکن واپس آیا تو اُس نے یہ حالت دیکھ کر صلابت جنگ کو پھر برسر اقتدار کرنا چاہا۔ نواب نظام علیخاں سے صلابت جنگ اور بسی دونوں نے مہر واپس طلب کی مگر نواب نظام علی خاں نے دونوں سے انکار کر دیا۔ اس کے بعد ایک ہنگامہ یہ برپا ہوا کہ بسالت جنگ کو مار ڈالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ واقعہ غلط تھا مگر اس کے بعد ہی مہر نہایت نہایت گستاخانہ طریقے سے واپس کر دی گئی[2]

---

[1] یادداشت بسی (۱۷۶۴) صفحات ۹۳-۹۲۔

[2] دکن کی تاریخوں میں کسی گستاخی وغیرہ کا ذکر نہیں ہے۔ نواب نظام علی خاں کے جو الفاظ اس موقع پر

فصل چہارم

فرانسیسیوں کے خلاف جو جماعت تھی اُس کے سرِ آوردہ رکن یہی دونوں بھائی اور شاہنواز خاں تھے۔ ان کی قوت کا انحصار نواب نظام علی خاں کی فوج اور بسالت جنگ کی دولت پر تھا جو انھوں نے قلعۂ دولت آباد میں جمع کر رکھی تھی اس جماعت کو توڑ دینے کے لئے بسی قلعۂ دولت آباد پر وہاں کے حاکم کی چشم پوشی سے قابض ہو گیا اور ساتھ ہی اس کے شاہنواز خاں کو گرفتار کر کے نظربند کر دیا۔ اس نے اور بالاجی راؤ کی عدم مدد دہی نے نواب نظام علی خاں کو اس پر مجبور کیا کہ وہ بظاہر اطاعت قبول کر لیں مگر اس کے ساتھ ہی ایک دوسری تجویز پر عمل شروع ہو گیا بسی کا دیوان جو نواب نظام علی خاں کے پاس اُن کے خیمے میں آیا تھا تقریباً اُن کی آنکھوں کے سامنے مار ڈالا گیا۔ اس کی خبر پا کر بسی نے خیال کیا کہ عنقریب اُس پر بھی حملہ کیا جائیگا اس لئے اُس نے چاہا کہ شاہنواز خاں کو فرانسیسی کیمپ میں منتقل کر لے۔ اس میں مزاحمت کی گئی اور اس کشمکش میں شاہنواز خاں مارے گئے اور نواب نظام علی خاں تلوار کے فیصلے سے پہلوتہی کر کے تھوڑے سے سواروں کے ساتھ چلے گئے۔ بسی نے بسالت جنگ کو صوبۂ حیدر آباد کی حکومت دینے کے وعدے پر راضی کر لیا اور اس طور سے پھر صلابت جنگ کو اپنے منصب صوبہ داری پر قائم کر دیا۔ بسی دکن میں یہ کارروائیاں کر رہا تھا کہ دفعتہً لالی نے اُس کو مع اُس تمام فوج کے جو حفاظت مسولی پٹم سے بچ رہی تھی جنوب میں چلے آنے کا حکم دیا۔

ہمارے مقصد کے لئے اس سے زیادہ تاریخی واقعات کے بیان کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔ صرف ناظرین کو اتنا یاد دلا دینا کافی ہے کہ اسی سال کلائیو نے کرنل فورڈ کے تحت میں ایک فوج کلکتے سے روانہ کی جس نے فرانسیسیوں کو میدان جنگ میں شکست دے کر مسولی پٹم پر قبضہ کر لیا اور اُسے نہایت مشکل سے قائم رکھا اور صلابت جنگ سے جو اُس وقت بے یار و مددگار رہ گئے تھے معاوضے میں کسی خدمت کا اقرار

بقیہ حاشیہ صفحۂ گزشتہ۔ بیان کئے جاتے ہیں وہ یہ ہیں «جو مہر آپ کی عنایت کردہ میرے پاس مستعار تھی وہ حاضر ہے مجھ کو اس کی ضرورت نہیں۔ آپ کی محبت اور عقیدت کا نقش جو میرے دل پر کندہ ہے وہ کافی ہے» دیکھو در بار آصف وغیرہ ۔۱۲۔ (مترجم)۔

فصل چہارم

سکے بغیر وہ تمام ممالک حاصل کرلئے جو قبل ازیں فرانسیسیوں کو عطا کئے گئے تھے۔
اس عجیب واقعے کا تعلق معاملۂ زیر بحث سے دو طرح ہے۔ اس سے مطلق انکار نہیں کیا جا سکتا کہ بسی ایک غیر معمولی قابلیت کا شخص تھا اور اُس کو فوجی اور نیز سیاسی معاملات کی انجام دہی میں یدطولیٰ حاصل تھا مگر باوجود اس کے فرانسیسیوں کو دکن میں بجز اس کے کچھ حاصل نہ ہوا کہ ڈوپلے کو باضابطہ سند کے حصول کا ایک شائبہ ہاتھ آگیا۔ کرناٹک کا تعلق قدیم روایات کی بناپر صوبہ داری حیدرآباد سے تھا۔ فرانسیسیوں کا جو اثر صوبہ دار دکن پر قائم ہوگیا تھا اُس کی بنا پر ڈوپلے نے اپنے دعوے کو بظاہر ایسی مدلل صورت میں پیش کیا کہ انگریزوں کو اُس کے بطلان میں سخت دقتیں پیش آئیں حالانکہ وہ تمام عذرات حقیقی واقعات کے خلاف تھے۔ چونکہ انگریز ڈوپلے کے دعوے تسلیم کرنے کے لئے آمادہ نہ تھے اس لئے اُن کا معقول یا نامعقول ہونا قابل بحث نہ تھا اور فرانسیسیوں کو اس دعوے کی بنا پر کہ ڈوپلے کو باضابطہ طور سے شاہانِ مغلیہ نے جنوب ہند کا نائب اور نواب مقرر کیا تھا بہت کچھ نقصان اُٹھانا پڑا۔
عام طور سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ ۱۷۵۸ء میں لالی کا بسی کو ازراہ ناعاقبت اندیشی حیدرآباد سے بلالینا ڈوپلے کی حکمت عملی کے تمام محصلہ فوائد کو برباد کردینا تھا اسلئے ہم کو اس پر غور کرنے کی ضرورت ہے کہ وہ فوائد کیا تھے۔ اوّل یہ کہ جنوب کی مہم نے کرناٹک کے فیصلہ کن میدان جنگ سے فوج کے بڑے حصے اور اُسکے بہترین افسر کو ہٹا لیا اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ امر بہ آسانی ممکن تھا کہ انگریزوں سے جو عرصۂ دراز سے غیر منفصلہ طریقے سے کشمکش ہو رہی تھی بڑے درجے تک اُس میں تخفیف ہوجاتی اور فرانسیسی کمپنی فتوحات کے شاندار بیانات سے جن کا نتیجہ بجز مزید کشمکش کے کچھ اور نظر نہ آتا تھا متنفر نہ ہوتی۔ ڈوپلے پانڈیچری ہی میں رہتا اور آئندہ واقعات کی صورت دوسری ہوجاتی۔ دوسرے یہ کہ اس مہم سے اگرچہ وسیع اقطاع ملک فرانسیسیوں کے ہاتھ آگئے تھے مگر اُن کی آمدنی صرف اسی قدر تھی کہ وہ اپنے مصارف خود برداشت کرسکیں۔ البتہ ابتدائی زمانے میں بسی اور اُس کے ساتھیوں نے کچھ رقمیں جو صلابت جنگ کی فیاضی سے اُن کو ملی تھیں پانڈیچری بھیجیں۔ جس وقت سے حیدرآباد اور اورنگ آباد کے خزانے خالی ہوگئے تھے بسی خود

فصل چہارم

رقم کی طرف سے مصیبت میں مبتلا رہتا تھا۔ جب بسی دکن سے چلا ہے اُس نے کمپنی کے ذمے ایک کثیر رقم واجب الادا نکالی تھی جو افواج کی نگہداشت میں اُس نے اپنے پاس سے خرچ کی تھی۔ اس سے جو کچھ ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ بسی کی کارگزاریوں کے جو فوائد تھے وہ بجائے حقیقی کے محض نمائشی تھے اور جو طرز عمل اُنکے حصول کے لئے اختیار کیا گیا تھا وہ اصولاً غلط تھا۔ دکن فتح کرنے کے قابل ہی نہ تھا۔

تاہم یہ امر بطور خاص قابل لحاظ ہے۔ کیونکہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ چند یورپین ایک مشرقی دربار پر کس طرح حاوی ہو سکتے ہیں۔ اُن کو کیا کیا خطرات پیش آسکتے ہیں اور کیا کیا فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ کلائیو کے تعلقات جعفر علی کے ساتھ وہی تھے جو بسی کے صلابت جنگ کے ساتھ تھے۔ دونوں صورتوں میں صوبہ دار کمزور نا قابل اطمینان اور محض اُن یورپینوں کے زور پر قائم تھے جنھوں نے اُن کو تخت نشین کیا تھا۔ دونوں صورتوں میں مسلمان امرا اس یورپین غلبے کے خلاف تھے اور اُس کو توڑنے کے لئے دوسری یورپین قوموں سے سازشیں کرتے رہتے تھے۔ دونوں صورتوں میں مالی حالت اس قدر خراب تھی کہ صوبہ داروں کو کمی کی وجہ سے مشکلوں کا سامنا تھا اور ہر وقت ایسی فوج سے جس کی تنخواہ نہیں ادا ہوتی تھی خوف زدہ رہنا پڑتا تھا۔ دونوں صورتوں میں مالی مشکلات عطائے ممالک کی باعث ہوئیں اور اس پر بھی کافی رقم بقدر ضروریات عامہ وصول ہونا مشکل تھا۔ دونوں صورتوں میں یورپین افسروں نے اپنی خدمات کے حیرت انگیز صلے حاصل کئے تھے۔ دونوں صورتوں میں یورپینوں نے براہ راست اور علانیہ طور سے خود مختارانہ کارروائی سے احتراز کیا اور دیسی حکومت کے پردے میں حکومت کرتے رہے۔

یہ کہنا شائد غلط نہ ہو کہ کلکتے پر سراج الدولہ کا تسلط ہو جانے کے بعد اس حادثہ خیز اور متزلزل زمانے میں ڈوپلے کی مثال کلائیو کے پیش نظر رہی اگرچہ کلائیو بسی کی طرح خوش خلق اور مہذب نہ تھا مگر اُس کی زیادہ تر زور دار طبیعت اور حیثیت نے اس سے زیادہ رسوخ پیدا کر لیا جو بسی پیدا کر سکا تھا۔

فصل چہارم

بنگال کی بڑھی ہوئی دولتمندی سے نے بمقابلہ دکن کے خشک اور چٹیل میدانوں کے اُسکو اور زیادہ موقع دیا مگران خصوصیات اور حیثیات سے قطع نظر کر کے کلائیو کو اُنھیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جو بسی کو پیش آئی تھیں اور اُس نے اُن کو دور کرنے میں انھیں ترکیبوں سے کام لیا جو بسی نے ایجاد کی تھیں۔

فصل پنجم

ڈوپلے کی حکمتِ عملی

ڈوپلے اور بسی کی کارگزاریوں کے فطری نتائج کے ظہور پذیر ہونے سے قبل یورپین اقوام کی حیثیت ہندوستان میں بہت کچھ تبدیل ہوتی رہی تھی۔ شمال میں وہ لوگ صوبہ داروں کے غیر یقینی رحم و کرم پر منحصر تھے۔ تمثیلاً کلکتے ہی کی حالت کو لو۔ کونسل کسی مسلمان کو سزائے موت دیتے ہوئے ڈرتی تھی اور انگریزوں اور فرانسیسیوں میں سے کسی کو اجازت نہ تھی کہ وہ قلعوں کی مضبوطی یا توسیع کے متعلق کوئی کارروائی کرسکیں۔ بنگال کی حکومت الٰہ وردی خاں کے عہد میں ایک حد تک زوردار تھی اور ماتحت عہدہ داروں کی پوری نگرانی ہوتی تھی مگر جن حکومتوں کا تعلق صوبہ دارِ دکن سے تھا اُن پر نواب نظام الملک کے آخر عہد میں ایسی نگرانی باقی نہیں رہی تھی۔ اُنھوں نے مختلف عہدوں کو تھوڑے تھوڑے عرصے کے لئے سب سے زیادہ رقم دینے والوں کو ٹھیکے پر دینے کا قدیم قاعدہ اختیار کرلیا تھا جس سے مقامی نوابوں کو یہ اختیار حاصل ہوجاتا تھا کہ وہ جس طرح چاہیں اپنی رقم کا معاوضہ حاصل کریں۔ یورپین اقوام کی جو کوٹھیاں ان کے حدود میں واقع تھیں وہ اُن کی سختیوں کو پوری طرح سے محسوس کرتی تھیں۔ مسولی پٹم کی کوٹھیاں جو ایک زمانے میں بڑی تجارت گاہ تھیں اُن بھاری محصولوں کی وجہ سے جو اُن پر عائد کئے گئے بند ہوگئیں یا وہاں سے منتقل کرلی گئیں۔ فرانسیسیوں کی کوٹھی یانم میں تھی اور ڈچوں کی نرساپور اور انگریزوں کی

فصل پنجم

انگیرم اور بآدو پولم میں۔ یہ کوٹھیاں نذرانوں اور تحفوں یا خرید چوبینہ کے مطلوبہ جات سے پریشان کی جاتی تھیں اور اُن کو موقوفی تجارت کی دھمکی دی جاتی تھی۔ چند مرتبہ ان کوٹھیوں کو قطعی طور سے بند کر دینے کا خیال کیا گیا۔

جنوب میں دوسری حالت تھی۔ وہاں یورپین جن شہروں پر قابض تھے اُن میں قلعے اور فوجیں موجود تھیں۔ مدراس ایک دولتمند شہر اور تجارت اور مہاجنی لین دین کا مرکز تھا جس میں بہ آسانی مداخلت نہیں ہو سکتی تھی اور وہاں انگریزی حقوق کی پوری طرح حفاظت کی جاتی تھی۔ ۱۷۴۲ء میں ایک صراف نے ایک انگریز مدیوں پر بجائے انگریزی عدالت کے سینٹ نامی کے عملدار کے سامنے وصول قرضہ کے لئے دعویٰ دائر کر دیا۔ اس پر فوراً (۳۰۰) پیگوڈا کا جرمانہ کیا گیا اور عملدار کو اس طریقے سے لکھا گیا کہ اُسے فوراً معافی مانگنی پڑی اور یہ عذر پیش کیا کہ وہ حال ہی میں ہندوستان کے ایک دور دراز مقام سے تبدیل ہو کر آیا ہے اور وہ انگریزوں کے حقوق سے واقف نہ تھا[1]۔ مدراس اور پانڈیچری دونوں ایسے مقامات تھے جہاں نواب کی طرف سے کوئی خطرہ نہیں محسوس کیا جاتا تھا۔ وہ لوگ ایسے اعمال سے محترز رہتے تھے جو باعث فساد ہوں اور یہ ایسی جماعتوں کے لئے فطری بات تھی جن کا مقصد صرف تجارت ہو۔ ڈوپلے نے ۱۷۴۲ء میں جس وقت اپنی خدمت کا جائزہ لیا اُس وقت یورپین اقوام کی یہ حالت تھی جو اوپر بیان ہوئی ہے اور قبل اس کے کہ اُسکے خیالات تجارتی امور سے الگ ہو کر سیاسی امور کی طرف متوجہ ہوں وہ اس حالت سے برابر فائدہ اُٹھاتا رہا۔ یورپین اقوام کی اُس آزادانہ حالت سے جو کرناٹک میں تھی ڈوپلے کی حکمت عملی کا آغاز ہوتا ہے۔

آرکاٹ کے لینے میں چند اصاحب کی مدد کی یہی وجہ تھی کہ وہ موجودہ حیثیت کو زیادہ تر محفوظ اور مضبوط کرنا چاہتا تھا۔ اُس کے ذہن میں دو امور تھے۔ اول یہ کہ جدید نواب فرانسیسی تجارت کی مدد کریگا اور جو مال فرانسیسی نوآبادی میں آتا ہے اُسکے آنے میں ماتحت عہدہ داروں کی مزاحمت اور کم ہو جائیگی۔ دوسرے یہ کہ پانڈیچری کے

---

[1] پبلک کونسل ۸ مارچ ۱۷۴۲ء۔

فصل پنجم

گرد و نواح کے رقبے میں وسعت ہو جائے گی جس سے کمپنی کی مستقل آمدنی میں اضافہ ہوگا اور کپڑا بننے والوں کی کثیر آبادی کا مرکز خود اُس کے حدود ارضی میں قائم ہو جائیگا۔ گران خیالات میں کوئی نئی چیز نہ تھی۔ انگریز اس سے تیس سال قبل اسی مقصد کے لئے بعض گاؤں کے حصول کے لئے ایک سفارت دربار مغلیہ میں بھیج چکے تھے۔ ڈوپلے اپنے سیاسی خیالات کی آئندہ نشو و نما سے مطلق واقف نہ تھا جیسا کہ اس کے اس طرز عمل سے ظاہر ہوتا ہے جو اُس نے مظفر جنگ کے معاملے میں فتح آمبر کے بعد اختیار کیا۔ وہ لکھتا ہے کہ مظفر جنگ "ایک جونک ہے جسے جس قدر جلد ممکن ہو الگ کر دینا چاہیئے"۔ فرانسیسی امدادی فوج کا خاص مقصد یہ ہے کہ وہ چندا صاحب کو مظفر جنگ سے محفوظ رکھے۔ اس میں سیاسی قوت کے حصول کی کوئی علامت نظر نہیں آتی۔ چندا صاحب اب تک بالکل خود مختار ہے ۱۷۴۹ء میں اُس نے ترچناپلی کی بجائے جو حملہ تنجور پر کیا وہ خود اُس کا مجوزہ تھا۔ ۱۷۵۰ء میں ناصر جنگ کے قریب آجانے پر وہ پانڈیچری میں جاکر پناہ گزیں ہوتا ہے اور فرانسیسی فوج اُس کے پیچھے پیچھے آتی ہے۔

اسی حقیقی سیاسی خیال کی عدم موجودگی سے اس امر کی تشریح ہوتی ہے کہ انگریزوں نے محمد علی کی جو مدد کی اس پر ڈوپلے کو اس قدر تعجب اور غصہ کیوں تھا۔ جب انگریزوں نے تنجور پر حملہ کیا تو اُس نے کوئی دخل نہیں دیا۔ اس کے خلاف انگریزوں کو کیوں عمل کرنا چاہیئے۔

فلوئیر گورنر قلعۂ سینٹ ڈیوڈ کے نام اُس کے جو خطوط ہیں وہ اسی قسم کی شکایتوں سے مملو ہیں[1]۔ جب انگریزوں نے ترووندی پورم پر قبضہ کر لیا تو اُس نے اُن کے حق کے متعلق کوئی شکایت نہیں کی اُس کو جو کچھ شکایت تھی وہ صرف اس قدر تھی کہ انھیں بجائے فرانسیسی جھنڈا اُتار کر پھینک دینے کے اُسے قبل از قبل اطلاع کر دینی چاہیئے تھی۔ محمد علی کی مدد کے لئے فوج بھیجنے پر وہ لکھتا ہے کہ قدیم سے یورپین اقوام نے کبھی ان تنازعات میں دخل نہیں دیا ہے جو یورپین اور دیسی ریاستوں میں

[1] دیکھو مراسلت فرانسیسی ۱۷۵۱ء۔

فصل پنجم

پیش آئے ہیں اور اُن کا ہندوستان میں یہی طرز عمل ہونا چاہئیے مگر اُس کو یہ خبر نہ تھی کہ جو طرز عمل اُس نے شروع کیا تھا اُس سے تمام حالات کا بدل جانا لازم تھا اور قدیم طریقے کی پیروی ناممکن ہو گئی تھی۔ اس بارے میں اُس کے فوق مخالف انگریزوں نے اُن کے طرز عمل کے نتائج کا اندازہ بہ نسبت خود اُس کے زیادہ تر صحت کیساتھ کر لیا تھا جیسا کہ اُس کے ۱۷۴۹ء کے موسم خزاں کی مخالفت کی تیاریوں سے ظاہر ہوتا ہے۔ مگر اُس وقت اور اُس کے بعد بھی ایک عرصے تک اُن کے طرز عمل میں بجائے سیاسی خیال کے تجارتی خیال زیادہ ملحوظ رکھا جاتا تھا۔ وہ کمپنی کے تجارتی حقوق کی حفاظت کے لئے لڑ رہے تھے نہ کہ جنوبی ہند میں حصول غلبہ کیلئے ۱۷۵۵ء کے ختم پر جس معاہدے پر وہ رضامند ہو گئے اُس سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ اُنکے دماغ اُس وقت تک بھی ان سیاسی خیالات سے خالی تھے جو اُس اثنا میں ڈوپلے نے پختہ کر لئے تھے۔

اس پختگی کا آغاز ناصر جنگ کی شہادت سے سمجھنا چاہیئے جو ۱۷۵۰ء میں واقع ہوئی۔ اُس وقت تک ڈوپلے ناصر جنگ کی صوبہ داری سے رضامند تھا۔ مگر اُن کی شہادت اور مظفر جنگ کی مسند نشینی نے اُس کے مقاصد اور ارادوں میں لازمی طور سے تبدیلی کر دی۔ مظفر جنگ چندا صاحب کی طرح بالکل فرانسیسیوں کے دامختہ اور پرداختہ تھے۔ اُن کو اوروں پر اس قدر بے اعتباری تھی کہ اُنھوں نے بہ اصرار تمام ڈوپلے سے اپنی حفاظت کے لئے فرانسیسی باڈی گارڈ مقرر کرایا جس طرح اُن کی موت واقع ہوئی ہے اُس سے اس قسم کی مدد کی ضرورت کا اظہار ہوتا ہے۔ اُن کے جانشین صلابت جنگ کی بے دست و پائی کی وہی حالت تھی اور اُن کو بھی اسی قسم کی امداد کی ضرورت تھی۔ مغلوں کے مُندرس ضوابط کے لحاظ سے دکن کا صوبہ دار تمام جنوبی ہند کا حاکم تھا۔ آرکاٹ کے نوابوں کا تقرر اُسی کے ہاتھ میں تھا اور میسور اور تنجور کے راجہ اُس کے باجگزار تھے۔

اس حالت میں جو تبدیلی ہو گئی تھی اُس کا علانیہ اظہار اُن عطیات سے ہوتا ہے جو اُس وقت عمل میں آئے۔ مظفر جنگ نے پانڈیچری میں فرانسیسیوں کو مسولی پٹم عطا کیا اور دریائے کرشنا کے جنوب میں ڈوپلے کو اپنا نائب تسلیم کر لیا۔

فصل پنجم

مگر اب تک ڈوپلے ان عطیات سے بطور کامل منتفع ہونے کے لئے آمادہ نہ تھا۔ اسنے فوراً چندا صاحب کو آرکاٹ کا نواب مقرر کیا جس کے فی الحقیقت یہ معنی تھے کہ وہ اپنے ملکی اختیارات کے استعمال میں بہت سی مزاحمتیں پیدا کر رہا تھا۔ مظفر جنگ کے انتقال پر اُن کے جانشین نے فرانسیسیوں کے سابق عطیات کو بحال رکھا اور اس کے بعد ہی مزید مطالبہ جات کی خبریں وصول ہونے لگیں شہر اور ضلع مسولی پٹم کے ساتھ اس کے قریب کا ضلع کنڈور بھی شامل کر دیا گیا اور جب بسی نے صلابت جنگ پر اپنا پورا زور جمالیا اور چندا صاحب فرانسیسیوں کے روز افزوں دباؤ سے گھبرا اُٹھا اُس وقت اس موقع سے فائدہ اٹھانے کے خیالات میں وسعت پیدا ہوگئی ڈوپلے نے اپنی نیابت کو کام میں لانے کا خیال پیدا کیا اور اس مقصد کے حصول کیلئے ایک عجیب سازش کا آغاز ہوا۔

چندا صاحب کے متعلق شکایت کا پیدا ہونا اُسی طرح یقینی تھا جیسا کہ دن کے بعد رات کا ہونا۔ وہ ڈوپلے کمپنی اور تقریباً نصف پانڈیچری کے لوگوں کا مقروض تھا۔ مشرقی حکمراں ہمیشہ نادہند رہے ہیں ۱۷۵۱ء میں جو رقم مالگزاری اُس کو وصول ہوئی وہ زیادہ نہ تھی اور نہ اس سے زیادہ وصول ہونے کی امید کی جا سکتی تھی۔ یہی حلیفوں میں مالی اختلاف کی بنیاد ہوگئی۔ اس کے علاوہ خود جنگ کا معاملہ تھا۔ امیر مجبور اور ناصر جنگ کے مقابلے میں چندا صاحب نے کوئی ایسی کارگزاری نہیں کی جس سے اُس کی فوجی قابلیت کا اظہار ہوتا بلکہ ایسے اسباب موجود تھے جس سے اُس کی ذاتی بہادری بھی مشتبہ ہوگئی تھی۔ اس لئے ترچناپلی پر محمد علی کے مقابلے میں فرانسیسیوں نے مہم میں بڑا حصہ لیا اور بجائے صلاح دینے کے خود احکام دینے لگے۔ اُس نے جیسا کہ لازمی طور سے ہونا چاہیئے تھا چندا صاحب کو اور زیادہ ناخوش کر دیا۔ بیان کیا جاتا ہے اور یہ قرین قیاس بھی ہے کہ اُس نے دہلی کو مراسلہ بھیج کر شکایت کی کہ صلابت جنگ تمام ملک عیسائیوں کے ہاتھ میں دئے دیتے ہیں اگر بادشاہ کی طرف سے آرکاٹ کی حکومت کا فرمان اُس کے نام نہ بھیجا جائیگا تو اسلام تباہ ہو جائیگا۔[1]

---

[1] بسی بنام ڈوپلے ۱۷ ستمبر ۱۷۵۱ء (یادداشت گلادیہ صفحہ ۱۲۲)۔

فصل پنجم

ہمیں معلوم ہو چکا ہے کہ ڈوپلے کے اختیار کو قائم رکھنے کے لئے اس تجویز کا توڑ کس طرح کیا گیا تھا۔[1] کمپنی کے مراسلے میں ڈوپلے اُسے بسی کی طرف منسوب کرتا ہے[2] لیکن یہ امر مطلق قرین قیاس نہیں کہ بسی نے ایسے معاملے میں جو ڈوپلے اور چندا صاحب کے تعلقات پر اس قدر موثر تھا بغیر اپنے اعلیٰ افسر کی کامل ہدایت کے کوئی کارروائی کی ہو۔ اس کارروائی سے اظہار برأت کی غالباً یہ وجہ تھی کہ ڈوپلے یہ نہیں چاہتا تھا کہ اس طرز عمل سے جس زیادتی کا اظہار ہوتا ہے اُس کی ذمہ داری خود اس پر عائد ہو۔ اگرچہ اُس نے اس تجویز کی منظوری کی ایسی حجت سے سفارش کی جس سے اختلاف مشکل تھا یعنی یہ کہ اس عطیے سے کمپنی کو ہندوستان میں لگانے کے لئے سرمایہ بھیجنے کی ضرورت باقی نہ رہیگی اور اس سے یقین ہے کہ فرانسیسیوں کو کرناٹک میں اطمینان کلی حاصل ہو جائیگا۔

اس تمام کارروائی کا اصل مقصد یہ تھا کہ چندا صاحب کو بے دخل کر دیا جائے۔ بسی لکھتا ہے کہ "پروانہ وصول ہونے پر میرے نزدیک آپ کو چندا صاحب اور اُس کے فرزند کو بلا کر یہ کہنا چاہیئے کہ وہ خاموش بیٹھے رہیں کیونکہ کرناٹک کے نواب آپ ہیں اور تمام فوج کو اپنی طرف منتقل کر لینا چاہیئے[3]۔ مگر ڈوپلے نے اُس وقت تک انتظار کرنا مناسب خیال کیا جب تک کہ صلابت جنگ کے پروانے کی توثیق دہلی سے ہو جائے۔ اس معاملے کو چندا صاحب سے پوشیدہ رکھنے میں بڑی احتیاط برتی گئی۔ مارچ ۱۷۵۲ء میں کہا جاتا ہے کہ ایک توثیقی پروانہ اُس کے شبہات دور کرنے کے لئے بھیجا گیا[4] اور ایک ایسے خط کا حوالہ دیا گیا ہے جو اگرچہ مشتبہ ہو مگر بالکل قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔ بسی کی نسبت کہا جاتا ہے کہ اس نے لکھا کہ "مجھے اس امر کا یقین دلایا گیا ہے کہ چندا صاحب نے محمد علی کو لکھا ہے کہ مجھ کو بھی

[1] دیکھو صفحہ ۸۶ گزشتہ۔

[2] ڈوپلے بنام کمپنی ۱۹ر فروری ۱۷۵۲ء۔

[3] بسی بنام ڈوپلے ۱۳ر اکتوبر ۱۷۵۱ء ہیمنٹ صفحہ ۱۶۲۔

[4] گاگھو کی [illegible] صفحہ ۷۵۔

فصل پنجم

لگتا ہے کہ میں برائے نام نواب مگر حقیقت میں گورنر کا غلام رہوں گا اس لئے میں ترچناپلی آپ کے قبضے میں چھوڑ کر خود آرکاٹ چلا جانا چاہتا ہوں ہم کو اپنے مخالفین کے مقابلے میں گو وہ فرانسیسی ہی کیوں نہ ہوں ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیئے[51]

چندا صاحب کا معاملہ تو اُس کی موت کے ساتھ ختم ہوگیا اور ڈوپلے کے نام کا پروانہ اُس کے دعوے کی تائید میں انگریزوں کے مقابلے میں پیش ہوا اور جب مرتضیٰ علی خاں نواب ہوئے تو وہ صرف ڈوپلے کے نائب تھے[52]

کرناٹک کی حکومت کے مسئلے کو ڈوپلے نے اس طور سے حل کرنے کی کوشش کی۔ چندا صاحب پر قابو رکھنے میں جو دشواریاں پیش آرہی تھیں انھوں نے ایک تغیر کو لازم اور ضروری کردیا تھا لیکن جب ڈوپلے نے نواب ہونے کا فیصلہ کیا تو اُس کا ارادہ یہ نہ تھا کہ وہ بذات خود وہاں کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے۔ "میں فوراً اپنی طرف سے ایک نائب مقرر کروں گا جو اس ملک کا تفصیلی کام انجام دیگا...... اور وہی مجھ کو مالگزاری کا حساب دیا کریگا[53]" لیکن حقیقت یہ ہے کہ ڈوپلے کی یہ تجویز عملی طور سے کامیاب نہ ثابت ہوئی کیونکہ لالی حماقت اور ۱۷۵۲ء اور ۱۷۵۳ء کی دوسری فرانسیسی شکستوں نے کرناٹک کا ایک بہت تھوڑا سا حصہ اُس کے قبضے میں چھوڑا تھا۔ مرتضیٰ علی خاں کو نائب مقرر کرتے وقت بھی وہ اس بے احتیاطی سے مجتنب رہا کہ کل ملک کی مالگزاری کے وصول کا کام اُس کے ہاتھ میں دیدے۔ یہ کام پاپیا پلے کے سپرد کیا گیا تھا جو میڈم ڈوپلے کا آدمی تھا اور وہ مظالم اور بدنظمیوں میں کسی دیسی مالگزاری وصول کرنے والے عہدہ دار سے پیچھے نہیں رہا۔

جو طریقہ اس طور سے کرناٹک کے اُس حصے میں جاری ہوگیا تھا جو فرانسیسیوں کے زیر اثر تھا وہ کسی ملکی مصلحت پر مبنی نہ تھا بلکہ بلحاظ حالات وقت کے تھا اور اٹھارھویں صدی کے ہر منتظم کو بنا چاری وہی طریقہ اختیار کرنا پڑتا تھا۔ اس طریقے کا

۵۱ بسی بنام ڈوپلے ۷ مارچ ۱۷۵۲ء۔

۵۲ دیکھو پروانہ مورخہ ۱۰ جمادی الثانی ۱۱۶۶ھ۔

۵۳ ڈوپلے بنام بسی ۲۸ اکتوبر ۱۷۵۱ء۔

ل ہیجم

پہلا اختیار کرنے والا ڈوپلے ہی نہ تھا۔ جس وقت ڈچوں کی حکومت جاوا پر قائم ہوئی انھیں بھی یہی تمام مشکلیں پیش آئیں اور انھوں نے بھی کثیر رعایا کے پیچیدہ انتظامات میں دخل دینے سے پہلوتہی کی۔ وہ بھی دیسی قوانین اور وہاں کے رسم و رواج سے ناواقف تھے۔ اُن کے عہدہ دار بہ نسبت ملکی اور قانونی مسائل حل کرنے کے مسالوں کے جانچنے اور کپڑوں کے ناپنے میں زیادہ تر مشاق تھے۔ اس لئے انھوں نے دیسی انتظامات کو بحال خود رہنے دیا اور صرف دیسی رؤسا کو قابو میں رکھنے پر اکتفا کیا کیونکہ وہ بالکل اس سے واقف نہ تھے کہ اُن کو ہٹا کر دوسرا کیا انتظام کرنا چاہیئے۔

یہی حالت ڈوپلے کی کرناٹک میں تھی۔ اگر وہ چاہتا بھی تو انتظام وہاں ممکن نہ تھا جس واقفیت کی ضرورت تھی وہ اُس سے بالکل بے بہرہ تھا۔ پانڈیچری میں اُس کے جو ماتحت تھے وہ بھی ملک کی زبان اور رعایا کے رسم و رواج سے ناواقف تھے۔ اور اُس کو بجز اس کے کوئی چارہ نہ تھا کہ وہ دیسی حکومت کی شکل مع اُس کے تمام عیوب کے قائم رکھے۔ تمام انتظامی کاموں میں جس امر سے اُس کو دلچسپی تھی وہ صرف وصول مال گزاری کا معاملہ تھا اور اس معاملے میں اُس نے جو تبدیلی کی وہ صرف اس قدر تھی کہ جو کچھ وصول ہو وہ بجائے آرکاٹ کے پانڈیچری بھیجا جائے۔ بسی نے دکن میں جیسا کہ ہمیں معلوم ہو چکا ہے دیسی درباروں کو قابو میں رکھنے اور اُن پر حاوی ہو جانے کا راستہ بتا دیا تھا اور ڈوپلے کرناٹک کے معاملات میں ایک قدم اُس سے آگے بڑھ گیا تھا۔ بسی کا طرز عمل کلائیو کی پہلی حکومت کے مشابہ ہے اور ڈوپلے نے جنوب ہند کی حکومت کے متعلق جو خیالات قائم کئے وہ اُن خیالات کے مماثل ہیں جو انگریزوں نے بنگال میں کلائیو کے چلے جانے کے بعد اور کمپنی کے دیوانی لینے پر آمادہ ہو جانے تک قائم کئے تھے۔

انگریزوں نے فرانسیسیوں کی قائم کردہ مثالوں اور تنبیہوں سے انھیں معاملات میں فائدہ نہیں اُٹھایا بلکہ ذاتی نذرانوں کا معاملہ بھی اسی ضمن میں داخل ہوتا ہے۔ گاڈیہو کی عارضی صلح کی شرائط کو سُن کر بسی نے فوراً اُن امور کی طرف اشارہ کیا جو اُس کے خیال میں اس صلح کی تکمیل میں سخت مانع اور مزاحم تھے۔ اس شرط پر کہ آئندہ کوئی فریق کسی دیسی رئیس کی نزاع میں شریک نہ ہوگا۔ اُس نے کہا کہ "اس کی مطلق امید نہیں کیجا سکتی کہ

فصل پنجم

کوئی فریق بھی اس کا پابند رہیگا کیونکہ سب کو معلوم ہے کہ ایشیائی لوگوں پر کس آسانی سے غلبہ حاصل ہو جاتا ہے اور جو قابل احساس فوائد اس سے حاصل ہوئے ہیں وہ بڑے قومی محرک ہیں[۱] ذاتی فوائد ڈوپلے کی حکمت عملی کے اجزائے لاینفک تھے مگر اس کا اندازہ کرنا کہ اُن کی وقعت ڈوپلے اور بسی کے ذہن میں کس حد تک تھی مشکل ہے۔ غالباً آخری زمانے میں اُن کی زیادہ وقعت نہ رہی ہوگی کیونکہ اس وقت اُن میں اولوالعزمی کے خیالات پیدا ہو گئے تھے۔ خواہ وہ پہلے کچھ ہوں مگر اس وقت وہ بڑے لوگوں میں تھے اور عظیم الشان کام کر رہے تھے اور اپنے منصوبوں کی تکمیل میں اس قدر مستغرق اور کام کے نشہ میں اس قدر سرشار تھے کہ حصول دولت کا خیال اگر آتا بھی ہوگا تو بہت کمزور ہوگا۔ ڈوپلے نے وہی دولت جو اُس کی حکمت عملی سے حاصل ہوئی تھی اُسی حکمت عملی کی کامیابی کے داؤں پر لگا دی تھی اگر وہ جیت جاتا تو اُس سے نہ حساب و کتاب لینے کی ضرورت پیش آتی اور نہ کوئی قرضہ کمپنی سے واجب الوصول ہوتا اور ان سب کا تصفیہ وہ خود کر دیتا۔ لیکن فرانسیسیوں کی اس کارروائی میں بڑے سے بڑے لوگوں میں بھی ہم کو قومی اور ذاتی محرک اور قومی اور ذاتی منافع ملے جلے نظر آتے ہیں۔ بنگال میں انگریزوں نے بعدہٗ جو کارروائی کی اُس کا بھی یہی حال تھا۔ جب بڑے آدمیوں کا یہ حال ہو تو دونوں اقوام کے چھوٹے آدمیوں میں صرف ذاتی منافع کا خیال ہونا کچھ تعجب انگیز نہیں ہو سکتا۔ حکمت عملی کے علاوہ اس راستے میں بھی ہمارے رہبر فرانسیسی ہی تھے۔

ہمیں اُن رقوم سے بحث کرنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی جو اعلیٰ عہدہ داروں کو ملی تھیں بسی کی دولت کا حال کسی کو معلوم نہ تھا مگر وہ اس قدر تھی کہ اُس نے اُس کو ایک جائداد کے خریدنے اور ڈیوک آف روہن کی لڑکی سے شادی کرنے کے قابل کر دیا تھا جس زمانے میں ڈوپلے ہندوستان سے بلایا گیا ہے اُسی زمانے میں وہ ایک جائداد کی خرید کے متعلق کارروائی کر رہا تھا۔ ڈی ارگنسن نے جو کچھ ڈوپلے کی واپسی کے بعد اُس کے متعلق کہا اُس سے والپول کا بیان جو کلائیو کی نسبت تھا فوراً یاد آ جاتا ہے

---

[۱] بسی بنام گاڈہیو ۲۳ر اکتوبر ۱۷۵۴ء۔

فصل پنجم

یعنی "ہر طرف جائداد ہی جائداد اور جواہرات ہی جواہرات ہیں[1]۔ عہدہ داران تحت بھی ان فوائد سے محروم نہ تھے۔ ہم اُس رقم کا ذکر کر چکے ہیں جو فرانسیسی عہدہ داروں نے تنخواہ میں طلب اور وصول کر لی اور اس کے بعد کس طرح تیرہ عہدہ داروں نے بغاوت کی جن کو دوسروں کی طرح لڑائی سے فوائد نہیں حاصل ہوئے تھے۔ اس قسم کی فتوحات کا سب سے بڑا میدان دکن تھا۔ ایک فرانسیسی سرجن ۱۷۵۲ء میں پانڈیچری سے لکھتا ہے کہ "جو لوگ جاتے ہیں وہ دولتمند ہو جاتے ہیں کوئی شخص خالی ہاتھ نہیں آتا۔ ایم ونسنس میڈم ڈوپلے کا بیٹا چالیس ہزار اشرفیاں جو ہر ایک سولہ روپے کی ہے اور بے شمار پیکوڈے روپے اور جواہرات لے کر جو وہاں جانے والوں کو نہایت کثرت سے ملتے ہیں واپس آیا ہے۔ ایم کرجین ڈوپلے کا بھتیجا بھی اسی قدر رقم لے کر آیا ہے گولکنڈہ جانے کا ہر شخص آرزومند ہے مگر یہ رعایت اُنھیں لوگوں کے ساتھ ہوتی ہے جو دربار کے منھ چڑھے ہیں ...."[2]

ابتدا ابتدا میں ڈوپلے ان تمام امور سے کمپنی کو اطلاع دیتا رہا اس خیال سے کہ اس سے لوگوں کو کمپنی کی ملازمت اختیار کرنے کی ترغیب ہوگی۔ مگر کمپنی نے اس معاملے پر دوسری طرح نظر ڈالی ابتدا ہی سے ذاتی تحفوں کے لینے کی ممانعت ہو چکی تھی[3]۔ جب ۱۷۴۲ء میں صفدر علی نے اپنی بیوی اور ماں کی حفاظت کے متعلق ڈوماس کو تین گاؤں بطور جاگیر کے عطا کئے تھے تو ڈوماس کمپنی کی اجازت لے کر اُن پر متصرف ہوا تھا۔ اب کمپنی نے خود تحریک کر کے محکمۂ وزارت کے ذریعے سے ایک حکم کونسل آف اسٹیٹ کا حاصل کیا[4] جس میں کمپنی کے ملکی اور فوجی عہدہ داروں کو تحفہ جات اور

---

[1] ڈوپلے کو ضلع ولور اور بطور جاگیر کے دیا گیا تھا (یہ کلائیو سے مزید مشابہت ہے) اور فرانسیسی کمپنی نے اسکو ضلع مذکور کی آمدنی سے اُسوقت تک منتفع ہونے دیا جب تک کہ ضلع مذکور اُن کے قبضے میں رہا۔ ڈوپلے کے افلاس کا باعث کمپنی کی ناانصافی نہیں بلکہ انگریزوں کی کامیابی تھی۔

[2] فرانسیسی خط وکتابت بابت ۱۷۵۲ء۔

[3] حکم مورخہ ۳۱ جنوری ۱۷۲۶ء مندرجہ یادداشت کمپنی بمقابلہ ڈوپلے صفحہ (۹) این۔

[4] ڈگری مورخہ ۶ جون ۱۷۵۰ء و نیز دوسری ڈگری مورخہ ۳۰ دسمبر ۱۷۵۱ء۔

فصل پنجم

ہدایا کے قبول کرنے کی ممانعت کی گئی تھی۔ اس کے متعلق ڈوپلے کا جواب قابل لحاظ ہے وہ لکھتا ہے کہ کمپنی جو احتیاط کام میں لا رہی ہے اُس کا صریح مقصد یہی معلوم ہوتا ہے کہ جو معاوضہ بہادری اور حسن کارگزاری کا ہو وہ کمپنی خود حاصل کرے بلا لحاظ اس کے کہ آیا یہ طرز عمل قرین انصاف ہے یا نہیں [۱]

کمپنی کی کارروائی کا صرف یہ نتیجہ ہوا کہ جو تحفہ و تحائف دیسی ریاستوں سے ملتے تھے وہ بجائے علانیہ اور مقبولہ ہونے کے خفیہ اور خانگی ہو گئے ڈوپلے کو جو جاگیر مظفر جنگ نے دی تھی اُس پر متصرف ہونے کی اُس کو اجازت دیدی گئی۔ باقی لوگوں نے ایسی چیزوں کو جن کی واجبیت وہ ثابت نہیں کر سکتے تھے چھپا دیا لیکن ایسی دولت کی مثال کا اثر جو اس قدر جلد اور اس قدر آسانی سے ہاتھ لگ جاتی تھی فطری طور سے دوسرے عہدہ داروں پر بھی پڑا۔ اور وہ اس مثال کے اتباع سے بچنے اور احتراز کرنے کے لئے بالکل آمادہ نہ تھے۔ یہ رواج کہ عہدہ داروں کی تنخواہیں اُن رقوم سے ادا کی جائیں جو عامۂ خلائق سے وصول ہوں کمپنی ابتدائی زمانے میں یورپ سے اپنے ساتھ لائی تھی اور ہندوستان میں اگر اس رواج نے اس ملک کی خصوصیات سے نیا رنگ اختیار کیا جہاں کہ نذرانہ ادائے فرائض منصبی کا معمولی، جائز اور معززانہ انعام تصور ہوتا تھا۔ اس طور سے ڈوپلے کے کل عہدہ دار اس بلا میں مبتلا تھے جسے آجکل کے لحاظ سے رشوت ستانی کے نام سے موسوم کیا جا سکتا ہے۔ مقدمۂ توریث میں موافق فیصلہ صادر کرنا۔ موقوف شدہ عہدہ دار کو بحال کر دینا۔ کسی دیسی شخص کے یہاں شادی کی تقریب میں شریک ہونا معزز اشخاص کی تعظیم اور تکریم کرنا ایسے امور تھے جس کی بابت تحائف کا دیا جانا ایک معمولی اور روزمرہ کا عمل تھا[۲]

ڈوپلے کے ماتحت عہدہ داروں پر فطری طور سے اس کا گہرا اثر پڑتا ہوگا

---

[۱] کلکٹر صفحہ ۳۴۹۔

[۲] روزنامچۂ انندا رنگا پلے جلد (۱) صفحہ ۲۸۳ و جلد ۲ - ۳ - ۵ [illegible] ۴۰ - ۱ - ۲۰ - ۲ - ۴ - ۳ - ۲۱ - ۲۳۱ - ۳۳۹

[illegible] کرنا چاہیئے کہ روزنامچہ نویس نے [illegible] واقعات [illegible] لکھے ہیں۔

فصل پنجم

جبکہ وہ دیکھتے ہوں گے کہ بعض لوگ دیسی ریاستوں کی خدمات کرکے کس قدر جلد دولتمند ہو گئے ہیں۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ اُن کے اخلاق بگڑ جائیں اور بگڑ گئے روپیہ پیدا کرنے کا ہر امکانی ذریعہ تلاش کیا جاتا اور اُس سے فائدہ اُٹھایا جاتا تھا۔ سنہ ۱۷۵۳ء میں جو ہدایات گاڈہیو کو اور سنہ ۱۷۵۷ء میں لالی کو دیئے گئے اُن سے ظاہر ہوتا ہے کہ فرانس کے لوگ ان خبروں کو سُن کر جو اُن کو پہنچتی رہتی تھیں کسقدر خوفزدہ تھے[1]۔ سنہ ۱۷۵۰ء میں ڈوپلے کو یہ شکایت تھی کہ کمپنی کے ملازم ذاتی منافع کے خیال سے اپنے فرائض منصبی ادا نہیں کرتے[2]۔ لیرٹ اپنے افسروں کی نسبت لکھتا ہے کہ وہ خود مختارانہ کارروائی کرتے کرتے ایسے بگڑ گئے ہیں کہ کوچ پر اُس وقت تک رضامند نہیں ہوتے جب تک اُن کو پورا معاوضہ نہ دیا جائے[3]۔ بیچارے لالی کو معلوم ہوا کہ ہر انتظامی صیغے میں تغلب و تصرف ہو رہا ہے۔ توپخانے کے بیلوں کا خرچہ لہ عہ ماہوار سے عہ ہو گیا اس شرط کے ساتھ کہ کمانڈنگ افسر کو کچھ نہ دینا پڑے گا۔ کمپنی کی اراضی ہمیشہ کم مالگزاری پر دی جاتی اور مال گزار حسب خواہش بدل دیئے جاتے ہیں اُن کو زمین سے بے دخل نہ ہونے کے لئے رقمیں دینی پڑتی ہیں۔ لالی بیان کرتا ہے کہ ایک ناریل کا باغ جو صرف چار سو پچاس لیور کو ٹھیکے پر دیا جاتا تھا اُس کا ٹھیکہ نو ہزار لیور پر دیا گیا ہے[4]۔ ایک جگہ آرمی لکھتا ہے کہ ہندوستان میں لڑائیاں ہمیشہ بعض لوگوں کو دولتمند بنا دیتی ہیں[5]۔ یہ فقرہ کس طرح لالی کی ہدایتوں سے ملتا جلتا معلوم ہوتا ہے کہ "ہندوستان کی بدامنی دفعتہً بہت سی جدید جائدادیں پیدا کر دیتی ہے۔ پانڈیچری میں اب تک یہی طریقہ جاری ہے۔ جن لوگوں کو اب تک دولت نہیں ملی ہے وہ انھیں ذرائع سے ایک دن دولتمند ہو جانے کی امید کر رہے ہیں اور

---

[1] لالی کو یہ بھی ہدایت دی گئی تھی کہ کمپنی کی فوج کسی مہم پر تنہا نہ بھیجی جائے۔

[2] ڈوپلے بنام کمپنی ۳ اکتوبر سنہ ۱۷۵۰ء۔

[3] گاڈہیو کی یادداشت صفحہ ۱۱۔ مراسلہ بنام ہولڈرنس (آرمی کی تاریخ ہندوستان قلمی جلد ۲۔ الف۔ الف ۲۴۸)۔

[4] یادداشت لالی صفحہ ۲۔

[5] مراسلہ بنام ہولڈرنس (آرمی کی قلمی تاریخ ہندوستان جلد ۲۔ الف ۲۴۸۔

فصل پنجم

جن لوگوں نے اپنی دولت اُڑادی ہے وہ پھر اُس کے حصول کے امید وار ہیں"[۱]
ڈوپلے کی حکومت کے رجحان سے گو وہ اس وقت ایسا قوی نہ ہو جیسا کہ لیرٹ کے زمانے میں ہوگیا تھا فرانس اچھی طرح واقف تھا اور جن امور نے ڈوپلے کی حکومت کو بے اعتبار کردیا اُن میں سے ایک وجہ یہ بھی شمار کرنا چاہیئے مگر اُس کی اصل ناکامی مالی ناکامی تھی جس نے بدنظمی اور بددیانتی کی خبروں کو فرانس میں زیادہ ترقرین قیاس کردیا تھا یہ امر بڑے شدومد سے بیان کیا جاتا ہے کہ ڈوپلے نے اپنی کُل لڑائیوں کا خرچ خود اُنھیں لڑائیوں سے نکال لیا تھا مگر یہ خیال محض ایک بے بنیاد خیال تھا کرناٹک سے اُسے جو کچھ وصول ہوا اُس کا علم کسی کو نہیں ہے۔ اُس کی لڑائیوں کے خرچ کی بھی یہی کیفیت ہے اس نے ان دونوں کو بجد وجہد نہایت احتیاط کے ساتھ پوشیدہ رکھا۔ باوجود اس کمی علم کے ہمارے پاس اس امر کی کافی شہادت موجود ہے کہ اُسکے طرزعمل سے کثیر مصارف عائد ہوئے اور اُن کا بار ایسی رقموں پر پڑا جو فرانسیسی کمپنی نے دوسرے مقاصد کے لئے دی تھیں۔ وہ اعداد جن پر اس نتیجے کا انحصار ہے معرض بحث میں ہیں اگر وہ غیر صحیح بھی تسلیم کرلئے جائیں تب بھی وہ اُسی کے مفید متصور ہوں گے کیونکہ اُن کا بتانے والا خود وہی ہے۔ اُس کے حساب آمد وخرچ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ۳۰ جون ۱۸۴۸ء سے لے کر ۲۵ اپریل ۱۸۵۴ء تک اس نے ۶۳ لاکھ روپیہ نقد پانڈیچری میں روک رکھا تھا اور اُس کے پاس یورپ اور دوسرے کارخانوں سے ۴۱ ½ لاکھ کا سامان تجارت آیا تھا اور اسی اثنا میں اُس نے یورپ کو صرف ۶۲ ۱/۳ لاکھ روپے کا مال بھیجا تھا۔ اس لحاظ سے یہ سمجھنا چاہیئے کہ اُس نے پانڈیچری میں کمپنی کی رقم سے (۴۲) لاکھ روپے صرف کئے منجملہ اس کے اُس نے سات لاکھ روپے سے زیادہ پہلی لڑائی کے قرضے کی بابت ادا کئے گویا کہ موجودہ معاملات پر ۳۴ ½ لاکھ صرف ہوئے[۲] اگرچہ پانڈیچری اور کرناٹک کا معمولی اور منظورہ خرچ ۲ ½ لاکھ سالانہ تھا۔

---

[۱] لالی کی یادداشت صفحہ ۲۱۔

[۲] یہ اعداد اس بیان سے لئے گئے ہیں جو گاڈہیو کے خط کے جواب میں ڈوپلے نے کیا ہے۔

فصل پنجم

یہ فرض کرکے کہ ۳۰ جون ۱۷۴۸ء سے لیکر ۲۵ اپریل ۱۷۴۹ء تک ڈوپلے نے محاصرے کے اخراجات اور مرمت میں المضاعف خرچ کیا جو کسیطرح کم نہیں سمجھا جاسکتا تب بھی یہ سمجھنا پڑتا ہے کہ ڈوپلے نے اس پانچسال کے عرصے میں علاوہ قدیم محاصل کے (۳۰) لاکھ روپیہ کمپنی کا صرف کیا۔ قدیم محاصل کی تعداد اُس زمانے میں پانچ لاکھ سے زیادہ سمجھی جاتی تھی۔ اس حساب سے منجملہ کمپنی کی رقم اور قدیم محصول کے (۷) لاکھ سالانہ کا اوسط خرچ پڑتا ہے جو معمولی سالانہ خرچ سے سہ گونہ ہے اسی کو دوسرے الفاظ میں اسطرح کہہ سکتے ہیں کہ کمپنی کو جنگ کے متعلق ۴ ۱/۲ لاکھ سالانہ خرچ اُٹھانا پڑتا تھا۔ اگر یہ مصارف عائد نہ ہوتے تو اس سے ڈوپلے کمپنی کی تجارتی رقم میں پچاس فیصدی کا اضافہ کرسکتا تھا۔ اسطور سے کمپنی کو اپنی معمولی سالانہ درآمد کے مقابلے میں ڈوپلے کی لڑائیوں کی وجہ سے ایک کثیر رقم ادا کرنی پڑتی تھی درانحالیکہ وہ کمپنی کو برابر یہ یقین دلاتا جاتا تھا کہ لڑائی کا کوئی خرچ اُس پر نہیں پڑتا ہے۔

جو امور اوپر بیان ہوئے ہیں وہ بظاہر یقینی ہیں۔ مصارف کا جو حصہ کمپنی کی رقم سے ادا کیا جاتا تھا وہ بمقابلہ اُس رقم کے جو تجارت میں لگی ہوئی تھی زیادہ اور بمقابلہ معمولی سالانہ مصارف کے بہت زیادہ اور لڑائی کے جملہ مصارف کا قلیل جز نہ تھا۔ انگریزوں کے مصارف ان تین سالوں میں جنمیں اُنھوں نے مستعدی کیساتھ لڑائی میں شرکت کی گیارہ سے بارہ لاکھ سالانہ تک تھا۔ اس سے قیاس یہی ہوتا ہے کہ فرانسیسی مصارف کا ایک ربع حصہ کمپنی کے ذمے پڑتا تھا یہ خیال کرکے کہ ڈوپلے اور چند اصاحب کرناٹک کے محاصل پر باطمینان تمام ایکسال سے کچھ کم ہی متصرف رہے یہ امر مشتبہ ہوجاتا ہے کہ اس ملک سے جملہ مصارف جنگ کے ایک ربع سے زیادہ وصول ہوا ہو کچھ میسور اور مرتضیٰ علی سے ملا اور کچھ ناصر جنگ کے خزانے سے ہاتھ لگا اسکا بڑا حصہ مجبوراً ڈوپلے کو جنگ کے بقیہ مصارف کے ادا کرنے میں لگا دینا پڑا بعض اوقات خود اُسے اپنی جیب خاص اور بعض اوقات دوسرے شرکاء سے قرض لینے کی ضرورت واقع ہوتی تھی اس سے ظاہر ہے کہ فرانسیسی کمپنی کی رقم کا بڑا حصہ ڈوپلے صرف کرتا تھا اور انگریزوں کیطرح نہ اُسوقت اور نہ اسکے بعد وہ کرناٹک کی لڑائی کے مصارف خود اُس ملک کی آمدنی سے چلانے میں کامیاب ہوا۔ کرناٹک دکن کیطرح غیر زرخیز ملک تھا۔ اسکے قبضے کے لئے دوسری قوم سے مقابلہ کرنا بیکار محض اور تباہ کن تھا۔ ڈوپلے کی تجاویز اور حکمت عملی کی تکمیل کیلئے دکن اور کرناٹک سے بہتر ممالک کی ضرورت تھی۔

تمت

صحت نامہ

ڈوپلے وکلائیو

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۲	۱۲	سیپیسر	سیفیر	۵۹	۱۴	ہولئے	ہوگئے
۲۵	۱	گراب	گراپ	۶۶	۱۲	فلور	فلویر
۳۰	۴	میں	ہیں	۱۰۱	۱۱	محول	محمول
۳۰	۴	جاتا ہے	جانا ہے	۱۰۲	۲۰	ہائرپو	ہائریو
۴۴	۹	پڑادس	پیراڈس	۱۰۶	۱۹	ایضاً	ایضاً
۴۵	۱۳	گڈپا	گڑپہ	۱۱۷	۱۷	سالانہ کہ	سالانہ کے

*